Great progress has lately been made with regard to providing *wireless telephones on trains*, and according to the *Scientific American* one of the most successful efforts in this direction is, the recent installation for the above purpose on the line between Berlin aad Hamburg Previous attempts to establish telephonic communication between a fixed station and the moving train had failed either because a large amount of energy was required in the sending station, or because in the alternative a very high antenna had to be fixed to the train. In the one case the cost was prohibitive, while in the other, conditions did not permit of the employment of the necessary apparatus. The difficulty was finally got over by using high-frequency currents, with wave lengths of between 3,000 and 4,000 metres emitted from a station near the main line and carried by a wire alongside the track. it is claimed that by this arrangement energies of only 5 to 50 watts were required to establish perfect speech—*Statesman.*

Literary smokers.

Most Victorian men of letters were smokers even if less devoted than Buckle to "my Lady Nicotine" Thackeray was a great cigar smoker, whilst Tennyson was a devotee of the pipe ("The earliest pipe of half-awakened bards," Sir William Harcourt playfully misquoted to him when the poet spoke of smoking before breakfast) Thackeray and Tennyson were smoking together when the former's little daughter "looked up suddenly from the book over which she had been absorbed, saying in her sweet childish voice, 'Papa, why do you not write books like "Nicholas Nickleby"?'" Charles Kingsley, as rector of Everley, was walking with the future Archbishop Benson (as Mr A. C Benson) on a common in a lonely part of the parish, when the novelist suddenly said, "I must smoke a pipe," went behind a furze-bush, and after feeling for some time produced a pipe It turned out that he had a cache of pipes in various parts of the parish for such exigencies Morris and Rossetti loved pipes, Browning cigars, but Swinburne hated tobacco "James I," he once remarked vehemently, "was a knave, a tyrant, a fool, a liar, a coward But I love him, I worship him, because he slit the throat of that blackguard Raleigh who invented this filthy smoking!"—"*Manchester Guardian*"

Yoke of discipline at Oxford

THE VICE-CHANCELLOR.

There was once in the bad old days an Oxford cabman who haunted the High, and who in moments of intoxication, rather habitual than exceptional, wore a very conspicuous blue ribbon on his coat wrote a special correspondent of the *Morning Post* from Oxford in mail week A worthy teetotaller protested with him rather pathetically that their was inconsistency in his attitude He replied, more or less coherently, "I always wear blue ribbon, sir, because when the young gentlemen sees it they wants to tempt me, and I like to be tempted" This anecdote was quoted by an old Oxford man as illustrating, with more or less accuracy the inevitable attitude of youth towards discipline Youth is not anxious to be spared a temptation, and is inclined to become restive when the Vice-Chancellor takes steps to reduce the many opportunities offered to the under-graduate of most pleasantly wasting time.

Old Oxford men know that Oxford is a privileged place The University is a law unto itself to a certain extent. The Vice-Chancellor has powers that are an exception to ordinary law, and this exceptional jurisdiction has in the past been admirably used, giving a certain liberty to harmless high spirits which the law of the land could scarcely allow Occasionally there has been mild revolt against the Vice-Chancellor but on the whole his yoke has been an easy one There was an occasion, not yet quite forgotten, known as Mafeking Day, when some wise man drafted a number of London policemen into Oxford, and the result was not satisfactory It is annoying for policemen to lose their helmets and their tempers owing to a mistaken psychology Perhaps it would be better for Oxford not to throw aside too lightly its special privileges owing to a few temporary inconveniences

A DIFFICULT PERIOD

Unquestionably the University authorities have been passing through a very difficult period Immediately after the war a relaxation of discipline was more or less necessary. It would have been absurd to insist on an ex-brigadier-general under-graduate being in his room before mid-night It was clearly no easy matter to tighten discipline during the transition period, and great tact was needed It may be suggested that certain measures recently taken were better intended than tactful. Particularly unfortunate was the banning, and, it may be added, the "unbanning," of Mr. Fagan's suggested repertory theatre A question of form, it is argued in many quarters, should not have been allowed to interfere with a serious effort to improve the level of the drama offered to Oxford.

The town of Oxford after all, depends utterly and entirely on the University, and it profits infinitely more than it suffers through the University's jurisdiction Otherwise it is evident that inhabitants would move elsewere as quickly as they would if the Unversity left or disappeared. It may have been an idea of this that kept the great majority of Union members away from the first debate of Term. That majority cannot be blamed because the river on such an evening is very tempting It was only a thin House that attended the debate on the motion. That the existing powers of the Vice-Chancellor seriously imperil the welfare of the University," and it showed none of that excitement usually connected with mutiny. In an atmosphere of peace and

dulness Mr A C. Collingridge (B N C) opened the debate, and he was singularly mild in his denunciation of the powers that be An agreeable smile made up the deficiency in his elocution

The second speaker, Mr [illegible] C Carrigan (Trinity), suggested that everyone should mind his own business He was more lively than the previous speaker and far more audible Mr A A Lloyd Jones (Jesus), speaking third, considered that the carrying of the motion would be in the interests of the Vice Chancellor himself [illegible] the audience seemed to be wrapt in contemplation of the spring evening outside which it was missing Mr R J Woodward (Lincoln) spoke fourth

On a division there voted [illegible] for the motion, 119 against, [illegible] The motion was, therefore, carried by 30 votes

Printed by F. Bodycot, at the Mafasilite Electric Printing Works
Mussoorie, U P, India

چترال سے ایک فارسی خط کا ترجمہ
بخدمت شریف جناب منیجر صاحب امرت دھارا سلامت باشند!
تسلیم! میں ۲ اکتوبر ۱۹۱۶ء کو پنڈت صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا تھا اور عرض کی تھی کہ بوجہ افیون کھانے کے میں بالکل نامرد ہو چکا ہوں اور قابل اولاد نہیں ہوں۔ آپ نے ترک افیون اکسیر نمبر ۴۸ اور سلاجیت و آرام جان کھانے کے واسطے دیں۔ بفضل خداوند کریم میں ان سے تندرست ہوا اور اس وقت تک
تین لڑکے پیدا ہوئے
جن میں سے دو زندہ ہیں اور اب امیدواری بھی ہے۔ دوائی کا استعمال اس وقت سے لیکر برابر وقتاً فوقتاً کرتا رہتا ہوں۔ سلاجیت اکسیر نمبر ۴۸ - آرام جان کے علاوہ گاہے گاہے دوائی سوزاک نمبر ۲ کا بھی استعمال کیا ہے۔ آپکی ادویات کی تعریف علاقہ چترال میں پھیل گئی ہے اب براہ مہربانی ۲ تولہ سلاجیت ایک پاؤ معجون نمبر ۴۔ ایک ڈبیہ گولی جلاب اور ایک بکس امرت دھارا بذریعہ پارسل روانہ فرما دیں! (... علیخان صوبیدار پولیس چترال)
صحت یابہ مریضوں کے ایسے بیسیوں خطوط موجود ہیں کارخانہ امرت دھارا کے مالک جناب
کوی و نود وید بھوشن پنڈت ٹھاکر دت شرما وید
جو تیس برس سے زیادہ طبی کتب کے مصنف ہیں اور تین طبی اخباروں کے ایڈیٹر ہیں اور امرت دھارا جیسی نایاب دوائی کے موجد ہیں۔ وہ
امراض مخصوصہ مرداں و زناں کے بھی خاص معالج ہیں
ہزاروں بیچ ... حالات دیکھنے کے واسطے رسالہ امراض مخصوصہ مرداں مفت منگوا دیں!
امرت دھارا ۵ لاہور
خط و کتابت و تار کا پتہ اتنا کافی ہے۔
امرت دھارا بھون امرت دھارا روڈ امرت دھارا ڈاکخانہ

نمبر پرچہ	نام کتاب	[illegible]	[illegible]
٦	غیر نامیاتی کیمیا کاغذ اول		
	" کاغذ دوم		
	ریاضی برائے بی اے		
١	علم مثلث تحلیلی حصہ دوم کاغذ اول		
	" " کاغذ دوم		
٢	سکون و سیالات کاغذ اول		
	" کاغذ دوم		
٣	ہندسہ تحلیلی کاغذ اول		
	" کاغذ دوم		
۴	جبر و مقابلہ حصہ دوم کاغذ اول		
	" کاغذ دوم		
	فلسفہ برائے بی اے		
١	حکمت الاشراق کاغذ اول		
	" کاغذ دوم		
٢	مفتاح المنطق کاغذ اول		

نمبر پرچہ	نام کتاب	[illegible]	[illegible]
	مفتاح المنطق کاغذ دوم		
٢	علم الاخلاق کاغذ اول		
	" کاغذ دوم		
	معاشیات برائے بی اے		
١	معیشت الہند کاغذ اول		
	" کاغذ دوم		
٢	اصول معاشیات کاغذ اول		
	" کاغذ دوم		
	قانون برائے بی اے		
١	دہرم شاستر کاغذ اول		
	" کاغذ دوم		
٢	قانون تارث کاغذ اول		
	" کاغذ دوم		
٣	شرح محمدی کاغذ اول		
	کاغذ دوم		

ناظم شعبہ تالیف و ترجمہ جامعہ عثمانیہ سرکار عالی حیدرآباد دکن

[illegible]	نام کتاب	[illegible]	[illegible]
	تاریخ برائے بی اے		
۱	تاریخ دستور انگلستان کاغذ اول		
	" " کاغذ دوم	۹پر	۸پر
۲	پرک لیز کاغذ اول		
	" کاغذ دوم		
۳	ہندی مملکت برطانیہ کاغذ اول		
	" " کاغذ دوم		
۴	رنجیت سنگھ کاغذ اول		
	" کاغذ دوم		
۵	تاریخ عہد برطانیہ کاغذ اول		
	" " کاغذ دوم		
۶	قدیم تاریخ ہند کاغذ اول		
	" " کاغذ دوم		
۷	یورپ جدید کاغذ اول		
	" کاغذ دوم		
۸	ویلزلی کاغذ اول		
	" کاغذ دوم		
۹	یونانی شہنشاہی کاغذ اول		
	" کاغذ دوم		
۱۰	تاریخ یونان جلد دوم کاغذ اول		
	" " کاغذ دوم		
۱۱	عروج فرانس کاغذ اول		
	" کاغذ دوم		
۱۲	ڈلہاؤزی کاغذ اول		

[illegible]	نام کتاب	[illegible]	[illegible]
	ڈلہاوزی کاغذ دوم		
۱۳	ماہوجی سندھیا کاغذ اول		
	" کاغذ دوم		
۱۴	تنبیہ والاشراف کاغذ اول		
	" کاغذ دوم		
۱۵	تاریخ فرشتہ جلد اول کاغذ اول		
	" " کاغذ دوم		
۱۶	کامل ابن اثیر جلد اول کاغذ اول		
	" " " کاغذ دوم		
۱۷	" " جلد دوم کاغذ اول		
	" " " کاغذ دوم		
۱۸	" " جلد سوم کاغذ اول		
	" " " کاغذ دوم		
	سائنس برائے بی اے		
۱	طبیعیات نور کاغذ اول		
۲	" " کاغذ دوم		
۲	" آواز کاغذ اول		
	" " کاغذ دوم		
۳	طبیعیات عملی مقناطیس و برق کاغذ اول		
	" " کاغذ دوم		
۴	عملی کیمیا کاغذ اول		
	" کاغذ دوم		
۵	نظری نامیاتی کیمیا کاغذ اول		
	" " کاغذ دوم		

نمبر شمار	نام کتاب	[illegible]	[illegible]
۴	طبیعات حصہ چہارم آواز	۵ر	۱۲ر
۵	″ حصہ پنجم مقناطیس	ار	۱۲ر
۶	″ حصہ ششم برق	۱۹ر	۱۲ر
۷	طبیعات عملی حصہ اول	ے ر	۱۲ر
۸	″ حصہ دوم	۱۲ر	۱۲ر
۹	″ حصہ سوم	۲ر	۱۲ر
۱۰	کیمیا حصہ اول کاغذ اول	۸ر	۱۱ر
	″ کاغذ دوم	ار	۸ر
۱۱	″ حصہ دوم کاغذ اول		
	″ ″ کاغذ دوم		
۱۲	″ حصہ سوم کاغذ اول		
	″ ″ کاغذ دوم		
	تاریخ برائے ایف اے		
۱	تاریخ ہند حصہ اول	۲ر	۹ر
۲	″ حصہ دوم کاغذ اول	۲ر	۱۲ر
	″ ″ کاغذ دوم	۱۰ر	۱۳ر
۳	″ حصہ سوم کاغذ اول	۸ر	۱۳ر
	″ ″	۱۲ر	۹ر
۴	″ حصہ چہارم کاغذ اول	۶ر	ے
	″ ″ کاغذ دوم	۲ر	۱۲ر
۵	برطانوی حکومت ہند	۱۳ر	۱۲ر
۶	تاریخ یونان	۳ر	۶ر
۷	تاریخ اہل انگلستان حصہ اول	۳ر	۱۵ر
۸	تاریخ اہل انگلستان حصہ دوم	۱۲ر	ار

نمبر شمار	نام کتاب	[illegible]	[illegible]
۹	تاریخ اہل انگلستان حصہ سوم کاغذ اول	۱۲ر	۱۵ر
	″ ″ ″ کاغذ دوم	۱۲ر	۸ر
۱۰	″ حصہ چہارم کاغذ اول	۶ر	ے
	″ ″ ″ کاغذ دوم	۱۲ر	۱۲ر
۱۱	″ ″ حصہ پنجم کاغذ اول		
	″ ″ ″ کاغذ دوم		
۱۲	تاریخ روما کاغذ اول	ار	۱۵ر
	″ کاغذ دوم	۵ر	۵ر
۱۳	تاریخ دستور انگلستان	ے	۹ر
۱۴	تاریخ یورپ حصہ اول کاغذ اول		
	″ ″ کاغذ دوم		
۱۵	″ حصہ دوم کاغذ اول		
	″ ″ کاغذ دوم		
۱۶	تاریخ اسلام کاغذ اول		
	″ کاغذ دوم		
	معاشیات برائے ایف اے		
۱	مقدمہ معاشیات کاغذ اول	۸ر	۱۲ر
	″ کاغذ دوم		
۲	معاشیات ہند	۸ر	۱۲ر
	منطق برائے ایف اے		
۱	منطق	۱۱ر	۱۳ر
	نفسیات برائے ایف اے		
۱	مبادی علم نفس کاغذ اول		
	″ کاغذ دوم		

فہرست کتب

ترکانِ احرار۔ اس نادر الوجود تذکرہ میں ترکی جانبازوں اور حریت پسندوں کے جرأت آفرین محیّر العقول صداقت اور اسلامی ادب و اخلاق کے زرّیں واقعات مہیّا کرنے میں جس محنت و شوق ریزی سے کام لیا گیا ہی اس کا اندازہ کچھ کتاب پڑھنے سے ہو سکتا ہی اس تاریخ کا مطالعہ ارادوں میں حرکت۔ جوش اور استقلال پیدا کرتی ہی یہ کتاب بتائیگی کہ ترکانِ احرار حق پر تھے۔ ایثار قربانی پاکیزہ نفسی اور راست گوئی میں کس جرأت سے کام لیتے تھے یہ تاریخ بتائے گی کہ جب ترکوں کا پرچم یورپ کے قلب و جگر پر یورپ کے قلب و جگر پر لہراتا تھا اور جب ترکی شوکت و سطوت سے شاہانِ یورپ کانپتے تھے جب ترک دنیاوی فانی عزتوں کو مذہب کے نام پر ٹھکرا دیتے تھے۔ اس وقت ان میں کیا خصوصیت تھی غرض کہ ترکانِ احرار ترکی کی سیاسی تاریخ کا روشن باب ہی۔ جنگ طرابلس جنگ بلقان جنگ فرنگ میں ترکوں کے شجاعانہ کارناموں کا ایک مجلا آئینہ ہی۔

ترکانِ احرار میں انور پاشا مصطفےٰ کمال پاشا عثمان پاشا۔ محمود مختار پاشا۔ عبداللہ پاشا۔ محمود شوکت پاشا۔ احمد مختار پاشا۔ طلعت پاشا۔ شکری پاشا۔ رؤف بے۔ فتحی بے۔ اور شوکت خانم بلقیس خانم۔ خالدہ خانم کے علاوہ احرارِ مصر مثلاً زاغلول پاشا عزیز بے وغیرہ جیسے فداکارانِ ملت کے حیرت خیز جرأت آفریں اور ولولہ انگیز حالات نیز انجمن اتحاد و ترقی کے تعجب خیز اور دل ہلا دینے والے کارنامے بھی درج ہیں از عبد المجید صاحب حبشی۔ قیمت (عہ)

قیصی شاعر جذبات میر یعنی ملک کے مشہور قومی شاعر فطرت قلم نثار الملک شیخ محمد علی صاحب میر اسعدی اجمیری کا وہ کلام جو رسالوں اور اخباروں میں شائع ہوتا رہا ہی۔ معہ دیباچہ مصور فطرت خواجہ حسن نظامی دہلوی مدظلہ قیمت (۸ا)

لکشمی۔ ایک محبت الفت کی دیوی عفت عصمت کی ملکہ نیکی اور پاکبازی کی سنہری مورت اخلاق و مروت کی مجسم تصویر۔ شوہر پر قربان ہونے والی دھرم پتنی اور پتی برتھا کو دل سے پالنے والی نیک استری کی درد بھری داستان نہایت دلکش اور رقت انگیز پیرایے میں بیان کی گئی ہی۔ قیمت (۵/)

اسرارِ مصر۔ شرافت طبعی۔ خباثت باطنی۔ نکوکاری بداطواری عفت و وفاداری۔ سادہ لوحی۔ ذلیل الکاسی الغرض فلسفۂ طبائع انسانی کے متعلق ایک نہایت دلچسپ درد انگیز اور نتیجہ خیز ناول جس میں امرائے مصر کے طرزِ معاشرت میاں بیوی کی سچی اور بے انتہا محبت بدباطن حریفوں کی درانداز۔ بدکاری عیاری اور جعلسازی زن۔ زمین اور زن کا معاملہ نیکی اور بدی کا مقابلہ شرافت و وفاداری کا امتحان آخرکار نیکی کی فتح اور بدی کا نتیجہ بہ نہایت دل مؤثر پیرائے میں بیان کیا گیا ہی۔ قیمت (۱۲ا)

پتہ: انسٹی ٹیوٹ پریس علی گڑھ

(۵) مشاہیر جلد ۱ نمبر ۲

یہ ماہوار رسالہ حال ہی میں محمد ظہور الحق صاحب مقتدری نے بدایوں سے نکالا ہے۔ بجز مولانا شرر کے مضمون "مقنع اور برقع" کے دیگر مضامین معمولی قسم کے ہیں اور رسالہ کی ترتیب میں کوئی اصول اڈیٹر صاحب کے پیش نظر نہیں معلوم ہوتا۔ ہم حیران ہیں کہ آخر اس قسم کے رسائل کے اجراء سے زبان یا ملک کو کیا ممکن فائدہ پہونچ سکتا ہے۔ اُمید ہے مقتدری صاحب رسالہ کو زیادہ معقول دلچسپ اور مفید بنانے کی کوشش فرمائیں گے۔

کاغذ طباعت معمولی۔ سالانہ چندہ (عہ) مینجر صاحب "مشاہیر" بدایوں سے منگاؤ۔

(۶) استانی - اس نام کا ایک نسوانی رسالہ بیگم خواجہ حسن نظامی کی ادارت، خواجہ حسن نظامی صاحب کی سرپرستی اور مُلا محمد واحدی صاحب کے زیر اہتمام دہلی سے شائع ہوتا تھا۔ کچھ عرصہ سے بعض مجبوریوں کی وجہ سے خواجہ صاحب اور اُن کی اہلیہ محترمہ اس کی تہذیب و ترتیب کے لئے کافی وقت نہیں نکال سکے اس لئے ملا واحدی صاحب نے احمد وجودی صاحب کو اس کے نکالنے کی اجازت دے دی۔ وجودی صاحب نے نظامیہ بک ڈپو بٹالہ (پنجاب) سے دورِ جدید کا پہلا پرچہ ریویو کے لئے بھیجا ہے۔ دہلی میں رسالہ جس ظاہری و باطنی اہتمام سے شائع ہوتا تھا، افسوس ہے وہ بات اس نئے دَور میں بالکل نہیں پائی جاتی۔ ممکن ہے خواجہ صاحب کی توجہ اس کی حالت کو سنوارنے میں اڈیٹر صاحب کو مدد دے سکے۔ حجم ۴۰ صفحہ لکھائی چھپائی کاغذ بہت معمولی قیمت سالانہ دو روپیہ ششماہی (عمر)

---

(۷) آئینہ - یہ ماہوار علمی و ادبی رسالہ مولوی ابوالمعالی وحید الدین احمد صاحب کرلوی کی اڈیٹری میں الہ آباد سے حال ہی میں نکلا ہے۔ اس کے دو نمبر ہماری نظر سے گزر چکے ہیں۔ وحید صاحب اس کو دلچسپ اور مفید بنانے سے زیادہ ہمہ گیر بنانے کی کوشش میں منہمک نظر آتے ہیں۔ رسالہ کے دوسرے نمبر میں کلام جگر پر مرزا احسان احمد صاحب کی تنقید کے جواب میں جو مضمون شائع ہوا ہے ہم اس کے لب و لہجہ کو پسندیدگی کی نظر سے نہیں دیکھ سکتے۔ اس قسم کے مضامین میں معاندانہ پہلو سے بچکر ادبی پہلو کو ملحوظ رکھنے کی کوشش ہونی چاہیئے۔ لکھائی چھپائی یونہی سی، سالانہ چندہ (صہ) مینجر آئینہ الہ آباد سے ملے گا۔

(اڈیٹر)

مذکورۂ بالا نصب العین پر کسی طرح پوری نہیں اترتی۔ حیرت ہے کہ رسالہ کا حصۂ نظم بہت معمولی اور فرسودہ رنگ کا ہے کیوں کہ مضامین صاحب خود طرزِ قدیم کے ایک کہنہ مشق صاحب دیوان ہونے کے علاوہ جدید طرز کی شاعری میں بھی کافی دستگاہ اور مہارت رکھتے ہیں جیسا کہ ان کے مجموعۂ نظم "ارمغانِ رنگ" سے ظاہر ہے۔ لکھائی چھپائی معقول، ضخامت ۴۴ صفحہ، سالانہ چندہ ۹ (عہ ر)
مینجر لسان الملک، دلاور گنج، حیدر آباد (دکن) سے دستیاب ہو سکتا ہے۔

---

(۳) القریش جلد ۹ نمبر ۶

اس نام کا ایک "اسلامی، تعلیمی، قومی اور اصلاحی رسالہ "افرادِ قوم میں اتحاد و اتفاق اور محبت و مودت کا رشتہ قایم کرنے اور نوجوانانِ قوم کو صبر و استقلال، فیاضی و ثابت قدمی، صلہ رحمی و ایثار نفسی، محنت و جفاکشی، احسان و مروت، خاندان کی عزت و مہمان نوازی کا سبق دینے اور رسوماتِ بد اور قبیحات سے بچنے کی تلقین کرنے کے لئے" مولوی محمد علی صاحب رونق کی زیر ادارت مہینے میں دو بار رونق منزل امرت سر سے شائع ہوتا ہے اور "آوان دکھو کر قریشی نہیں" کی قسم کے محققانہ مضامین سے لے کر قریشی "برادری کی باتوں" تک ہر قسم کی خبریں اور مضامین مہیا کرتا ہے۔ لکھائی چھپائی کاغذ معمولی سالانہ چندہ (للعہ) متوسط احباب سے (سے ۳ر) طلبا سے (۲ر) فی پرچہ (۸ر)

---

(۴) الہلال بابت مئی ۱۹۲۳ء

یہ مذہبی، علمی، سیاسی، اخلاقی اور ادبی رسالہ دہلی سے مولوی زاہد القادری صاحب کی اڈیٹری میں نکلتا ہے۔ اشاعت زیرِ نظر رسالہ کا عید نمبر ہے اور ایک خاص ضمیمے موسوم بہ "اسوۂ النبی" سے مزین ہے جس میں پیغمبر اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شخصیت اور تبلیغ و تلقین کے متعلق معتدد یورپین مصنفین مثلاً گاڈ فری ہگنز، کارلائل، لین پول، لیبان وغیرہ اور بعض ہندو مذہبی رہنماؤں کے خیالات و آرا کا ملخص شائع کیا گیا ہے۔ ایک مضمون "التارنی الاسلام" پر درج ہے۔ بحیثیت مجموعی رسالہ میں بصیرت و دلچسپی کا کافی سامان موجود ہے۔
چندہ سالانہ صرف (عہ) مینجر "الہلال" دہلی سے طلب فرمائیے۔

قولہ: جناب ۔۔۔ ایک نامور شاعر ہی نہیں، بلکہ آپ کا اُردو انشا پردازی پر بھی ایک خاص احسان ہے۔
اقولہ: بے شک۔ اگر اس میں آپ کو شک ہو تو کم از کم ۔ ۔ ۔ اور ۔ ۔ ۔ ہی کے ما بانہ پرچے اُٹھا کر دیکھ لیجئے۔

قولہ: ایسے مضامین کے لئے تو صرف ایک ہی جگہ مناسب ہے، یعنی ردّی کی ٹوکری۔
اقولہ: میں نے بیسیوں مضمون لکھے، اسی وقت تک میرا کوئی مضمون کسی اڈیٹر نے ردّی کی ٹوکری میں نہیں ڈالا۔ یہ آپ کا پہلا مضمون تھا جو بالکل ابتدائی اور نو مشقی کی حالت ہے۔ اگر اڈیٹر صاحب آپ کے اسکول کے طلباء میں نہ ہوتے، تو ضرور اس کو ردّی کی ٹوکری میں ڈال دیتے۔ اگر آپ کو میرے کہنے کا یقین نہ ہو، تو کسی دوسرے پرچہ کے اڈیٹر صاحب کے پاس اس کو بھیجکر دیکھ لیجئے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

اس طبع تحریر پر ایک لفظ کا بھی اضافہ ناظرین کے ذوقِ تفنن کی اہانت ہوگا، لیکن ہم ہرگز یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتے کہ گو اس کا ایک ایک جملہ یہ جانے کی حد تک، سامان ظرافت سے لبریز ہو لیکن علمی حیثیت سے یہ اتنی مضحکہ انگیز نہیں، جتنی ندامت افزا اور ماندوہناک ہے۔ ہمیں اُمید ہے کہ اڈیٹر صاحب اس قسم کی مرصع و بے پناہ تحریروں سے آیندہ اپنے رسالہ کو آلودہ نہ ہونے دیں گے۔ لکھائی چھپائی اچھی کاغذ ولایتی تقطیع ۲۰×۲۶، چندہ سالانہ (صہ/)

ملنے کا پتہ :۔ دفتر رسالہ ترقی۔ اندرون چادرگھاٹ۔ حیدرآباد (دکن)

---

(۲) لسان الملک: جلد ا نمبر ا

جامعہ عثمانیہ، اور بالخصوص دارالترجمہ کے قیام نے حیدرآباد میں ایک گونہ علمی و ادبی فضا پیدا کردی ہے جس کا عملی ثبوت یہ ہے کہ آئے دن وہاں سے رسائل جاری ہو رہے ہیں۔ اس سلسلہ میں ہمیں سخت افسوس و حیرت ہے کہ ہندوستان کی پہلی اُردو یونیورسٹی ابھی تک اپنا کوئی رسالہ نہیں نکال سکی، حالانکہ اُسے مولانا سلیم جیسے کہنہ مشق انشا پرداز کے تجربۂ صحافت کا فیض حاصل ہے۔

رسالہ زیر تنقید جولائی سنہ حال سے مولوی سید ضامن صاحب کنتوری کی اڈیٹری میں حیدرآباد سے نکلنا شروع ہوا ہے۔ اس کے اجراء کا مقصد، اڈیٹر صاحب کے الفاظ میں "صرف اسی قدر ہے کہ جہاں تک ہو سکے، ملک کی مشترکہ زبان کو علمی اور اخلاقی مضامین کا سرمایہ دار بنایا جائے اور ایسا لٹریچر ملک کے سامنے پیش کیا جائے جو سلامتِ ذوق کے معیار سے گرا ہوا نہ ہو۔" پہلے نمبر میں کئی چھوٹے چھوٹے علمی مضامین کے علاوہ سُراغ رسانی سے متعلق ایک کہانی بھی درج ہے جو

معارضہ برغزل غالب کے متعلق جو مٹی چھاپی گئی ہے اُس میں نہ صرف کوئی ممکن علمی وادبی پہلو نہیں پیدا ہوتا، بلکہ وہ بدمذاقی پر آخری لفظ کی ناقابلِ رشک حیثیت رکھتی ہے۔ ذرا ملاحظہ فرمائیے کہ آج تک ہماری زبان میں تنقید اور نقد التنقید کا پایہ، متانت علاوہ معقولیت سے کس قدر گرا ہوا ہے :-

قولہ : رسالہ ترقی کے چوتھے نمبر میں معارضہ برغزل غالب کے عنوان سے کچھ شعر دکھائی دیئے۔

اقولہ : اسی غرض سے چھاپے گئے تھے کہ لوگ اُن کو دیکھیں۔

. . . .

قولہ : اس کے بعد ہم نے اُن اشعار کو بغور مطالعہ کیا۔

اقولہ : آپ نے بیجا زحمت گوارا فرمائی، یہ کام آپ کا نہ تھا۔

قولہ : یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ صاحب معارضہ کا ناظرین کرام سے تعارف کرایا جائے۔

اقولہ : تعارف کرانے کی ضرورت نہیں۔ ۔ ۔ اِن سے پہلے اپنا تعارف کرائے۔ دکن سے ہند تک، مجھکو اکثر اہلِ علم جانتے ہیں۔ متفرق ماہانہ پرچوں میں میرے مضامین برسوں بالالتزام چھاپے گئے ہیں متعدد تالیفات و تصنیفات مطبوعہ اس وقت ملک میں موجود ہیں۔ میں عربی و فارسی کا ماہر ہوں[1]۔ آبائی منصبدار ہوں، ضلع کا محاسب ہوں، آپ کے سوا یہاں مجھکو سب لوگ جانتے ہیں۔ مہینے دو مہینے سے تو آپ بھی مجھے جاننے لگے ہیں۔

قولہ : مگر افسوس ہے کہ ہم آپ کی عظیم الشان اور مشہور و معروف شخصیت سے اس سے زیادہ واقف نہیں کہ آپ کا اسم گرامی ۔ ۔ ۔ ہے۔

اقول : گر نہ بیند بروز شپرہ چشم — چشمۂ آفتاب را چہ گناہ ؟

ممکن نہیں کہ یہاں کا کوئی شاعر میرے نام یا تخلص سے واقف نہ ہو۔ اگر خاندانی حالات معلوم کرنے کی ضرورت ہے، ملاحظہ ہو۔ ۔ ۔ مطبوعہ منشی نول کشور۔ ۔ ۔ میں اعزہ، فخر، نثر و نظم وغیرہ نہیں لکھا جو مجھکو کوئی نہ جانے ۔ ۔ ۔ ،

قولہ : اس تعارف کے بعد اب ہم معارضہ کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔

اقولہ : بسم اللہ ! ہو جایئے۔

. . . .

---

[1] یہ قوی رانیت ہمارے دل میں بے ساختہ مجدد الف شرقیہ حضرت شوکت میرٹھی مرحوم کی یاد تازہ کرتی ہے جن کے بلند بانگ شاعرانہ دعوے اب تک ہمارے کانوں میں گونج رہے ہیں۔

جوہر حلیۂ فطرت ہوتے ہیں، مشاقی و پرگوئی بکسب اکتساب سے اس محرومی کی تلافی نہیں ہوسکتی۔ بہ حیثیت مجموعی اُن کا نام اساتذۂ شعرا اُردو کی فہرست میں عرصۂ دراز تک زندہ رہیگا۔"

اس سلسلہ میں مولانا حسرت موہانی کی رائے بھی لائق توجہ ہے:-

"میر تقی کے رنگ میں مصحفی، میرحسن کے ہم پلہ، سودا کے انداز میں انشا کے ہم پایہ اور جعفر علی حسرت کے طرز میں جرأت کے ہم نوا ہیں، لیکن بہ حیثیت مجموعی ان سب ہم عصروں سے بہ اعتبار کمالِ فن سخندانی و مشاقی برتر ہیں اور یہیں سے ہے کہ راقم کی نگاہ میں میر اور مرزا کے بعد اور کوئی اُستاد اُن کے مقابلہ میں نہیں جچتا۔"

تصحیح و تحشیہ میں ماجد صاحب نے بہت کاوش اور عرق ریزی کی ہے، لیکن ہماری رائے میں اکثر حواشی غیر ضروری ہیں۔ کتابت و طباعت دیدہ زیب، کاغذ متوسط، ضخامت ۰ ۸ صفحہ قیمت (۱۲ر)

درسِ عمل۔ ہم کسی گزشتہ موقعہ پر دائرہ ادبیہ لکھنؤ کی ادبی خدمتوں کا تذکرہ کر چکے ہیں۔ درسِ عمل جو مولوی محمد حسین صاحب محوی صدیقی لکھنوی کی دس منتخب، دلگداز، پُرجوش قومی نظموں کا مجموعہ ہے اسی دائرہ کے زیرِ اہتمام شائع ہوا ہے۔ مولوی محوی صاحب کا کلام اُردو کے مختلف رسائل میں اکثر چھپتا رہتا ہے اور عام طور پر پسندیدگی کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ ہمیں اُمید ہے کہ قومیات سے دلچسپی رکھنے والے حضرات میں یہ مختصر مجموعہ بھی مقبول ہوگا۔ لکھائی چھپائی معقول، تقطیع چھوٹی قیمت (۴ر) دائرہ ادبیہ لکھنؤ سے مل سکتا ہے۔

۲۔ رسائل

(۱) ترقی جلد اول نمبر ۱

یہ اُدبی، تاریخی، معاشی، تعلیمی ماہوار رسالہ حیدرآباد سے زیرِ ادارت مولوی ابوالمکارم محمد انوار اللہ صاحب صدیقی شائع ہونا شروع ہوا ہے۔ رسالہ کا جو نمبر ہمارے زیرِ نظر ہے اس میں مصرحہ الصدر مضمونوں میں سے ہر ایک پر سنجیدہ اور دلچسپ مضامین موجود ہیں۔ نطشے کے فلسفۂ معاشرت پر مولوی سید وہاج الدین احمد صاحب بی اے کا مضمون خاص طور پر پُرمغز اور عالمانہ ہے۔ حصۂ نظم نسبتاً پست اور پھیکا ہے۔ سب سے زیادہ قابلِ افسوس یہ امر ہے کہ اس علمی پرچہ کا دامن ذاتی تو تو میں میں سے داغدار ہے

تنقید و تبصرہ

۱- ادب

بحر المحبت - یہ مصحفی مرحوم کی ایک غیر مطبوعہ مثنوی ہے جو مولوی عبدالماجد صاحب بی اے کی تصحیح و تحشیہ، مقدمہ و تبصرہ کے ساتھ مطبع معارف اعظم گڈھ سے بہ سلسلۂ آصفیہ شائع ہوئی ہے۔ یہ مثنوی موجودہ حواشی کے ساتھ رسالہ اُردو کے کسی گزشتہ نمبر میں چھپ چکی ہے۔ اب کتابی صورت میں مصحفی کی زندگی اور شاعری کے متعلق ایک دلچسپ اور پُر از معلومات مقدمے اور میر تقی میر کی مثنوی دریائے عشق کے ساتھ ایک فاضلانہ موازنے کا اضافہ کیا گیا ہے۔ میر کی مثنوی، مصحفی کی مثنوی سے قبل شائع ہو چکی تھی اور مصحفی نے اسی نمونہ کو سامنے رکھکر بحرِ سخن میں شناوری کی ہے۔ چنانچہ خود فرماتے ہیں ؎

گرچہ ہے کلکِ میر نادرہ کار
تو بھی ندرت کو اپنی کر اظہار

دونوں مثنویوں کے متحد مضامین کے مقابلہ و موازنہ کے بعد ماجد صاحب اس نتیجہ پر پہونچے ہیں، کہ گو

"میر کی افضلیت و اولیت تمام اُردو شاعروں کے مقابلہ میں مسلّم ہے۔ لیکن اس مخصوص میدان میں مصحفی کا پلہ جھکتا ہوا نظر آتا ہے۔ اس کا سبب خواہ یہ ہو کہ اُن کے سامنے ایک نمونہ پیشتر سے موجود تھا، اور نقشِ ثانی ہمیشہ نقشِ اوّل کے مقابلہ میں آسان تر و بہتر ہوتا ہے، خواہ کچھ اور ہو، واقعہ بہرصورت یہ ہے کہ مصحفی کی مصوّری مقتضائے حال سے قریب تر اور جذباتِ بشری کے زیادہ مطابق ثابت ہوئی"

مصحفی کے کلام اور شعراء اُردو میں اُن کی حیثیت کے متعلق ماجد صاحب کی رائے ہمارے نزدیک نہایت منصفانہ اور حرف بحرف صحیح ہے:-

"مصحفی میں زبان دانی، مشاقی و پختگیِ کلام کے اوصاف بہ وجہ اتم موجود ہیں لیکن طبیعت شاعرانہ نہیں پائی تھی۔ قواعدِ فن کے لحاظ سے ہر شعر کانٹے میں جچا تلا ہوتا تھا، لیکن سوز و گداز، جوش و خروش، نزاکت و لطافتِ تخیل، برجستگی و بے ساختگی کے

اس طور پر وہاں داخل ہوں گویا سارا ساز و سامان محض انھیں کے لئے ہوا ہو اور ان کا وجود سے وہ مخصوص طبقہ ارض آسمان بن جائے گا اور یہ کوئی وجہ ہے، مثلاً ہنسنے یا اعضا کو حرکت دینے میں اس طفلانہ بے اختیاری سے کام لیں گے جو ان سے کم سے کم چوتھائی صدی پیچھے جا چکی ہو بات چیت کرنے میں بھی ان کا احساس تناسب قابل غور ہو۔ علم و حکمت کا مسئلہ چھیڑا جائے تو معلوم ہوگا کہ سقراط اور افلاطون کی تردید ان کا اور اپنا دونوں کا سر دھن رہی ہیں۔ انتظام و حکومت پر بحث ہو تو معلوم ہو کہ نپولین اور سفاولین دونوں کا فی وقت تک ان کا گلا گھونٹ چکے ہیں! شعر و شاعری یا ادبیات اور فنون لطیفہ کا تذکرہ ہو تو معلوم ہوگا کہ دنیا کے تمام شاعر، ادیب، مصور اور نقاش ہی نہیں بلکہ زہرہ اور مشتری بھی ان کا اور اپنا دونوں کا کان پکڑنے کے لئے طیار ہیں۔ آواز میں لوچ پیدا کرنے کے لئے کسی قدر عجیب کر خندہ فرمانا اور اس کے بعد ہی ہاتھ پاؤں کو اس طور پر بھینچنا کہ فرط بے اختیاری میں ممکن ہو کسی کے قلب کی حرکت رک جائے ان کا وہ شیوہ ہو جس پر وہ بجا طور پر اپنے بساط عقل و تمیز سے زیادہ ناز کرتے ہیں مشاہیر اور اکابر کی مشایعت حاصل ہو تو ان کے جملہ حرکات و سکنات کے انڈکس بن جائیں گے اگر وہ تیز قدم ہوں تو یہ دلکی جائیں، وہ مسکرانے پر آمادہ ہوں تو ان کے پورے دندان مبارک کی زبردستی زیارت ہو جائے، وہ آمادہ عتاب ہوں تو یہ غصہ میں غلط انگریزی بولنے لگیں ؛

مضمون ختم کر دینے کی آخری مہلت بھی تمام ہو چکی اور منظور صاحب کا ملازم تھوڑی ہی دیر میں نازل ہونے والا ہو اس لئے یک بیک سلسلہ ٹوٹتا ہے اور مضمون بے ربط رہ جاتا ہے ناظرین معاف فرمائیں، ابھی بہت دنیا دیکھنی ہے، یار زندہ صحبت باقی۔

رشید احمد صدیقی (علیگ)

ڈاڑھیوں کی صفائی محض اس لئے نہ کیجائے کہ داغِ جوانی پر کہولت کی نمک پاشی ناقابلِ برداشت ہونے لگی تھی۔ لیکن اگر اس کا یکہ زکھاؤ مدِ نظر ہو تو اعتدال کا سر رشتہ ہاتھ سے نہ دیا جائے دورانِ عاشقی میں معشوق بننے سے قطعاً اجتناب کرنا پڑے گا اور چوں کہ عشاق کا مرض بالعموم موروثی ہوتا ہے اس لئے انھیں "سفر حضر میں" ہمیشہ امرت دھارا کی ایک شیشی ساتھ رکھنی پڑے گی اور ان کے پاس بطور لٹریچر صرف اس دوا کا پرچہ ترکیب استعمال ہوگا۔ صحراؤں میں تو تنہا پھرنا گلیوں کی خاکروبی کرنا، پہاڑ کاٹنا، ٹھنڈی ہوا میں رقص کرنا، راتوں کو خوفناک آوازیں لگانا، جنازہ بننا یا بنانا، قبروں میں اترنا، قیامت مچانا، ملک الموت کو دعوت یا مہلت دینا اور ساتھ ہی ساتھ محبوب کو عیادت میں طلب کرنا، فلسفیت کا دم بھرنا اور خودکشی سے اغماض کرنا، ان تمام خرخشوں سے اجتناب کرنا لازمی ہوگا۔ پوشاک میں صرف ایک شلوار کی اجازت ہوگی۔ سر پر پٹہ ایک ہاتھ میں ریل بیگ اور حقہ کی نگالی دوسرے میں ٹن کا لوٹا اور حقہ کا بقیہ حصہ بغل میں لپٹی ہوئی ددی اور زبان پر۔۔۔"

صدقے اپنی درازیٔ قد کے
سب ہمیں بیوقوف کہتے ہیں
یہ دنیا حسینوں اور ان کی تمتی الف عشاق کی تھی!

دوسری قسم کے عشاق اس لئے قابلِ معافی ہیں کہ ان کی حماقتیں عامۃ الناس کی عافیت میں مخل نہیں ہوتیں اور وہ مجھ سے جائز طور پر مواخذہ کر سکتے ہیں۔ ع۔

محتسب اندرونِ خانہ چہ کار

تیسری قسم البتہ قابلِ توجہ ہے۔ ان کے کرکٹر کا جائزہ لینے سے پہلے یہ حقیقت ذہن نشین کر لینی چاہیے ان کی جماعت کافی بڑی ہے اس لئے کہ کم و بیش ہر شخص اس مغالطہ کو اپنا عزیز ترین سرمایہ سمجھتا ہے کہ وہ اگر حسین نہیں بھی ہے تو دنیا میں ایسے حمقا کی کمی نہیں ہے جو ان پر عمداً یا سہواً ملتجی نگاہیں ڈالنے سے باز رہیں گے۔

ماشاء اللہ صورت ایسی کہ انسان چالیس روز دیکھے تو خوش مذاقی سے ہمیشہ کے لئے سبکدوش ہو جائے اور بدقسمتی سے ہم نشینی پر مجبور ہو تو پہلے انھیں کو دیکھ کر گریباں پھاڑنے لگے۔ یہ لوگ ہمیشہ اسی جستجو میں رہتے ہیں کہ کبھی کوئی ایسا موقع آئے جس میں [illegible] تو یہ

ہے جو قابل دست اندازیٔ پولیس ہیں اور جہاں سائل یا مدعی دستیاب نہ ہو تو قیصر ہند بنام فلاں ابن فلاں" خانہ پری کے لئے موجود ہو اور کاغذی ثبوت کے لئے شعرا کا دیوان پیش کیا جا سکے۔ لیکن خوش قسمتی سے بہت سے واقعات اور حادثات ایسے پیش آئے جن میں گورنمنٹ فریق مقدمہ نہ تھی۔ اس لئے اس نے تفتیش اور تحقیق کے لئے ایک کمیشن مقرر کیا جس کے جملہ اراکین چالیس سال سے زیادہ عمر کے تھے یا "ڈائننگ ہال" کے کھانوں پر بسر اوقات کرتے تھے۔ ایک مدت کی کاوش اور جستجو کے بعد جس میں حسینوں نے انتہائی بے ساختگی اور خندہ روئی کے ساتھ اراکین کمیشن کو ہر ممکن طریقہ سے جو زیقین کے نازک تعلقات کو نازک تر نہ بنا سکتا تھا، مدد دی یہ طے پایا کہ: ع

کہتے ہیں جس کو عشق خلل ہے دماغ کا

بعض اراکین کا خیال تھا کہ نتیجہ ہے (Bad livelihood) بدمظنگیت یا سوء ہضمی کا عشاق بالعموم مفلس ہوتے ہیں۔ بعض کو تو یہ سعادت وصیت نامہ کے ساتھ ہی مل جاتی ہے، دوسرے اسے بزور بازو حاصل کرتے ہیں مفلسی اور شدت اشتہا اسی طور پر لازم ملزوم ہیں جس طور پر کہ نااہلی اور خوش نصیبی اور چوں کہ شدت اشتہا کا رد عمل گرانی معدہ ہوتا ہے اس لئے ہر مفلس عاشق کا سوء ہضمی میں مبتلا ہونا لازمی ہے۔ غذا پر ہضم سوم کا عمل ہونے کے قبل ہی انجرات دماغ کی طرف صعود کرنے لگتے ہیں۔ نتائج ظاہر ہیں۔ نزلہ، جنون، مراق، صرع، مالیخولیا، غرض کہ باستثنار فلسفیت ہر وہ مرض جس میں امرت دھارا مفید بتایا گیا ہے ظاہر ہونے لگتے ہیں عشاق کی بدمظنگی دفعہ ۵ ہ تعزیرات ہند کی زد میں آسکتی تھی لیکن ازراہ "ترحم شاہی" یہ طے پایا کہ اس قسم کے لوگوں کا چالان دفعہ ۴ ہ میں کیا جائے اور مقدمہ کسی ایسے آنریری مجسٹریٹ کے سامنے پیش کیا جائے جو تعدد ازدواج کا قائل فلسفۂ ازدواج کا منکر اور قوی الجثہ بیوی کی درازدستیوں کا خوگر ہو۔ دوران بحث میں ایک جگہ ممبران کمیشن اپنے خیالات کا اظہار یوں کرتے ہیں۔

"بسلسلہ تحقیقات ہم کو بعض ایسے لوگوں سے ملنے کا اتفاق ہوا جو فی الواقع حسین تھے۔ ان کا بیان ہے کہ جس طور پر گداگری کا انسداد کیا گیا ہے اسی طور پر اگر ان بے تکے عشاق کا تدارک نہ کیا گیا تو ملک میں ان کی تعداد گرہ کٹوں سے زیادہ ہو جائے گی۔ اس لئے ضروری ہے کہ ہر وہ شخص جس کی عمر پچیس سال سے زیادہ ہو گئی ہو اور گورنمنٹ کی ملازمت نہ ہونے کی وجہ سے وکالت پر اتر آیا ہو اور عاشق بننے کی تمنا رکھتا ہو ایک لائسنس حاصل کرے لیکن یہ لائسنس ایام تعطیل میں کالعدم تصور کیا جائیگا۔ عشق و عاشقی کی پوری کارروائی آئینی طور پر ہوگی یعنی خضاب ممنوع قرار دیا جائے

یہاں کا فلسفۂ اخلاق صرف ایک مظاہرۂ اشتداد و قوت ہے ضیق جوع الارض سے عہدہ برآ ہونے کے لئے ان کی گرسنہ نگاہیں دنیا کے چپہ چپہ پر پڑتی ہیں اور ذرہ ذرہ کانپ اٹھتا ہے۔ لیکن لوگ انھیں اصحاب جرأت و عمل کہتے ہیں! ان کا تمدن ان کا مذہب ہے اور ان کا مذہب طمانچہ زنی کا عذر لنگ۔ کمزور کو کبھی نہ بخشنے والے اور مضبوط کے سامنے سرنگونی کو عافیت جوئی اور صلح پسندی کی ایک شان ایثار تصور کرنے والے، ان کی تیغ محض ان لوگوں کے لئے بے نیام ہوتی ہے جو عالم بیکسی میں صرف اپنے سینہ و سینہ کو سپر بنا سکتے ہیں۔ ان کے افکار و کردار کا منکر، وحشی اور ان کی دراز دستیوں پر لعنت بھیجنے والا ایک بزدل باغی، ان کا خدا صرف ستار عیوب، اور قاضی الحاجات، اور دوسروں کا خدا ان کے نزدیک پست خیالیوں اور توہمات کا ایک عذر نامقبول!

مغرب کو اس دنیا پہ فخر ہے!

حسینوں کی تین اقسام ہیں۔ ایک وہ جو مسلّمہ طور پر حسین ہیں، دوسرے وہ جو لیلیٰ بچشم مجنوں باید دید کے زمرہ میں آتے ہیں، تیسرے وہ جو ان دونوں حیثیتوں سے بے نیاز۔ ع

خود کوزہ و خود کوزہ گر و خود گلِ کوزہ

کے مصداق یا بالفاظ دیگر سلف سپورٹنگ (self supporting) ہیں یعنی ان کے حسن و رعنائی کو کوئی نہ بھی تسلیم کرے تو وہ فی سبیل اللہ تنہا کوشش کی غلطی ہونے میں کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھیں گے یہ فرقہ شاید اس امر کا معتقد ہے کہ ناقدرشناسی کا وہ رویہ جو موجودہ دنیا ان کی طرف سے اختیار کئے ہوئے ہے کہیں کرۂ مریخ والوں کو ناگوار نہ گذرے اور وہ دنیا والوں کو بدمذاقی کا مجرم نہ ٹھہرا دیں اس لئے ہر ممکن طور پر بھگوان کا نام لے کر شتر غمزہ پر طیار ہو جانا چاہیئے۔

یہ تقسیم باعتبار ذات تھی۔ اگر صفات کا اندازہ لگایا جائے تو یہ تقسیم بغایت طویل ہوگی۔ پہلی اور دوسری قسم کے متعلق تو بے اختیار لیکن صدق دل سے ان واعظوں اور مولویوں کی تقلید کرنے کو دل چاہتا ہے جو وعظ و پند شروع کرنے سے پہلے

اعوذ باللہ من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا۔۔۔۔ کا ورد کر لیتے ہیں۔

قسم اوّل کے متعلق اتنا کہہ دینا کافی ہوگا کہ یہ جماعت فطرتاً معذور بنائی گئی ہے۔ توبہ۔ لاحول۔ اسے کوئی پشت فلسفی وغیرہ وغیرہ کے خلاف "نوٹس بنا بہ دکھانے وجہ کہ۔۔" شائع کرنا ایک ایسا فعل عبث ہے۔ ایک حسین کے لئے یہ کیا کم آفت ہے کہ ایک دنیا اسے اپنے جرائم کا مرتکب گردانتی

کر کے خوصلح و عافیت کے دیوتاؤں کو اپنے اوپر رشک آنے لگے۔ فی الحقیقت وہ محرومیاں ہیں جن کو ایک آسودہ قلب و دماغ ان بدبختوں کے لئے وضع کرتا ہے جو آسودگی کے مفہوم سے اتنے ہی نا آشنا ہیں جتنے اس کی لذّت سے بے خبر۔ کارگاہوں اور کارخانوں کے وہ خورد سال بچے جن کی معصوم اور طفلانہ جست و خیز دوالیب دیو پیکر کے گردش پیہم اور ان کے دود و غبار میں ضم ہو جاتی ہے۔ نوخیز نوجوانوں کی وہ جوانمرگ تمنائیں جن پر اس محشر تیرگی میں نجات کے تمام دروازے بند ہوتے ہیں۔ نامراد لڑکیاں جن کی نسوانی کیف و مسرّت کا پورا فانوس کدہ اس حیاسوز اور عافیت کش فضا میں فنا ہو جاتا ہے۔ مظلوم اور نفتیہ داماندگانِ حیات جن کی تنہا اُمید صرف موت کی انتظار کشی ہے، زندگی کے اُس بار سے تحلیل ہو رہے ہیں جس کے صرف تخیل سے قلب و جگر کے پُرزے اُڑنے لگتے ہیں۔

سرمایہ داروں کا ساز و ثروت اور ان کے وہ بیش بہا ملبوسات جن کی تکمیل اور تزئین پر ہزاروں بیکس بے نواؤں کا خونِ جگر صرف ہو چکا ہے جن کے ہر تار سے فاقہ کش ہستیوں کی وہ اُمیدیں وابستہ رہی ہوں گی جن کو ٹوٹتے دیکھ کر انھوں نے اپنے مجروح قلب کی انتہائی خون آلود گہرائیوں سے ایک ایسی آہ کھینچی ہوگی جس کی تاب شاید صرف خدا کی بے نیازی لا سکی ہو۔ اہلِ جاہ کی وہ نخوت جو کسی زمانہ میں رودِ نیل کے لحدِ آب میں دفن کر دی گئی تھی، ان کے شبستانِ عشرت کے وہ حیاسوز مناظر جہاں کو نین عصمت کی پوری قیمت صرف وہ لغزش تھی جب ایک لقمۂ طعام کے مقابلہ میں موت زیادہ رُوح فرسا نظر آنے لگی۔ ایسے سنگین حادثات ہیں جو خون کو منجمد کر سکتے ہیں۔

یہاں حرب و ضرب کے وہ جہنم کدے ہیں جہاں ذہن و فکر کا پورا سرمایہ صرف اس تحقیق پر صرف ہوتا ہے کہ انسان کے عضلات اور استخواں کس طور پر جلد سے جلد دود و غبار میں تبدیل کئے جا سکتے ہیں، ایک انسان دوسرے انسان کو کتنی دُور سے موت کا پیغام سُنا سکتا ہے اور چند ہی دقیقوں میں زیادہ سے زیادہ کتنے یتیم اور بیواؤں کے شمار میں اضافہ کیا جا سکتا ہے اور سکرات کی گھڑیاں کس طور پر طویل بنائی جا سکتی ہیں۔ قصرِ حکومت کے سب سے بڑے وظیفہ خوار کا آذوقۂ حیات صرف اس پر ہے کہ وہ کس طرح کس عافیت زار کو محشرِ جدال و قتال بنا سکتا ہے۔ امیر الحرب کی پوری زندگی اس انکشاف کی نذر ہو جاتی ہے کہ کس مقام پر انسانی گوشت و پوست کا کتنا بڑا انبار لگایا جا سکتا ہے اور اس اسکیم کو عمل پذیر بنانے کے لئے کیسے حیلے تراشے جائیں اور کتنے خون آشاموں کو [illegible] چاہیئے۔

اس کی تمام تر مساعی اس کلیہ کے نشر و تبلیغ پر صرف ہوتی ہے کہ حقیقی ترقی نام ہے اس ملکۂ نہی کا جس کے تصرف سے انسان دو بیروں پر غلبہ پانے سے قبل اپنی بہیمیت یا جہالت پر غلبہ پاتا ہے وہ اس غلطی کا کبھی مرتکب نہیں ہوتا کہ روحانیت کے خلاف مادی ذرائع اور وسائل کامیابی کے ساتھ برسرکار لائے جا سکتے ہیں۔ وہ صرف ظاہری اسباب وعلل کو کامیابی کا ذریعہ نہیں تصور کرتا۔ اس کا عقیدہ ہے کہ ہر انسانی کوشش کے ساتھ ایک پوشیدہ قوت بھی جس پر اسے بالکل قدرت نہیں حاصل ہوتی۔ اس کی کامیابی ناکامیابی کے لئے برسرعمل رہتی ہے۔ اس حقیقت کا احساس اس کی کمزوری کا نہیں بلکہ اس کی قوت کا ثبوت ہے۔ انسان کی انتہائی طاقت یہ ہے کہ وہ اپنی خفیف ترین کمزوریوں پر بھی وقوف رکھتا ہو۔ زندگی ایک بیش بہا ودیعت ہے اس لئے اس کا مصرف بھی اتنا ہی گرانقدر ہونا چاہیئے۔ دولت محض ایک اضافی اور اکتسابی شے ہے اور انتہائی ذلت اور شقاوت کے ساتھ بھی حاصل کیجا سکتی ہے اس لئے ایسی چیز کے لئے اُن نعمتوں کو قربان کر دینا جو مروجہ اور مسلمہ قوانین انسانیت کی روسے احسن و اشرف تسلیم کر لی گئی ہیں، ایک خسران مبین ہے۔ خدا ترسی اور خدا پرستی صرف اپنی بے بسی اور کمزوری (جس سے چارہ نہیں) کا اعتراف ہے۔ ہر انفرادی یا اجتماعی زندگی ہر دوسری انفرادی یا اجتماعی زندگی کا سرمایہ ضمانت ہے جس کا کسی وقت مبادلہ کیا جا سکتا ہے۔ اس کلیہ کے ماتحت بعض نفوس قدسی اپنا پورا سرمایۂ حیات پہاڑوں کی برف زار فضاؤں میں جنگلوں کے سنسان حصوں میں ریگستان کے آتش زاروں میں معابد یا مقابر کے خلوت کدوں میں، متکبرین کے درباروں میں زندان کے تاریک اور نمناک آشوب کدوں میں، دار و رسن کی گلوگیریوں میں، تلواروں کے چھاؤں اور گولیوں کی بوچھاڑوں میں، ہتھیلی پر لئے پھرتے ہیں اور زندۂ جاوید کہلاتے ہیں۔

یہ بھی مشرق کی دُنیا!

دُنیا کیا ہے؟ مادہ، مشین اور محنت کی وہ آشوب گاہ جہاں جسم اور رُوح کو ایکجا رکھنے کے لئے جسم اور رُوح کو ہمیشہ کے لئے ایک دوسرے سے جُدا ہونے کے علاوہ کوئی چارہ نہیں، جہاں کا پورا مجموعۂ اخلاق حکمرانوں اور سرمایہ داروں کا وہ ضابطۂ قانون ہے جس کی روسے دنیا کی تمام فرماروائیاں ان کی طمع و آز کے لئے سند جواز کی حیثیت رکھتی ہیں، صلح و مخاصمت کے وہ نظریات جن کو معلوم

عالمِ فانی؛ اس کے نقوش باطل، حیاتِ انسانی ایک درسِ بصیرت و عالمِ حیات ایک آزمائشِ سخت اور صبر آزما!

انسان کی محرومی و کامرانی خود اس کی ذات میں مضمر ہے اور اس کی ذات ایک ایسی ہستی کے تصرف میں ہی جس کے وجود کی سب سے بڑی دلیل یہ ہی کہ دنیا جب دنیا نہیں کہی جاتی تھی یا جب جب کچھ کہی جانے لگی، اس وقت بھی لوگوں کا قلب و دماغ، باوجود انتہائی کوششوں کے اسے فراموش نہ کر سکا۔ تکمیلِ حیات نام ہی اس حقیقت کا جہاں پہنچ کر انسان عبد و معبود کی تفریق فنا کر دیتا ہے اور حقائق اور معرفت کے رموز اس پر منکشف ہو جاتے ہیں۔ زندگی ابدی اور اس کے مظاہر فانی۔ ہر ذی حیات یا غیر ذی حیات وجود جس کا ہمیں علم ہے اپنی فطرت اور نوعیت کے اعتبار سے اُس ہستی کا ثبوت دیتے ہیں جو بظاہر مستور اور مخفی ہے۔ لیکن عالم تمام کرشمہ کاریوں کی ذمہ دار بھی ہی۔ ہم جب اُن موجودات ارضی اور سماوی پر، جن کی ہم کو خبر ہے، ایک معائر نظر ڈالتے ہیں اور ان کی اہلیت اور جبلیت کا مطالعہ کرتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ ان کی تکمیل کسی نہ کسی پہلو سے ناقص ہی۔ معاً ہمارا ذہن ایک ایسے واقعہ یا حقیقت کی طرف منتقل ہوتا ہی جو بظاہر موجود نہیں ہوتا لیکن ہم اس کے وجود کے متلاشی اور متمنی ہوتے ہیں۔ فطرتِ انسان کی یہی خلش وجودِ باری کا ثبوت ہی۔

دُنیا چند روزہ اور اس کے علائق نقش برآب! اس حقیقت کی بنیاد علاوہ اُس قدیم اور وسیع تجربۂ نوعی کے جو انسان کو حاصل ہو چکا ہے۔ خود ذاتِ باری کے تخیل پر ہی۔ اس امر کو تسلیم کرنے کے بعد انسان کے سامنے افکار اور کردار کی شاہراہیں کھل جاتی ہیں۔ وہ سمجھتا ہے کہ یا تو ہر انسانی فطرت کے انتقام یا معدلت کے سامنے محض ایک مورِ بے مایہ ہی یا اس کی فیاضیوں اور جزاؤں میں برابر کا شریک ہی۔ اس لئے زندگی کو کسی ایسی نہج پر ڈالنا جس میں صرف ذاتی منفعت یا آسودگی ہو یا دوسروں کی پامالی ہوتی ہو، عصیانِ محض ہی۔ وہ عبودیت کو دنیا کی سب سے بڑی طاقت اس بنا پر سمجھتا ہے کہ یہ انسان کی صفت خصوصی ہے۔ تکبر و تمرد اس کے نزدیک ایک بیکار شے ہی، اس لئے کہ احساسِ انسانیت جس پر اس کے ہر جارحانہ یا مدافعانہ اقدام کا مدار ہے۔ عجز و نیاز ہی اور انھیں خصوصیتِ انسانی کو وہ ہر ظلم و ناحق کوشی کے خلاف صف آرا کرتا ہی۔ وہ ہر انسان کو فراغت و وسعت سے بسر کرنے کا حقدار سمجھتا ہے۔ اُس کے نزدیک ہر وہ استعداد یا قوت جو کسی فرد یا جماعت میں پائی جاتی ہو محض اس لئے ودیعت کی گئی ہے کہ معاشرت کے ہر طغیان و عصیان کا انسداد کرے

بیداری کا اطلاق نہیں ہو سکتا۔ ہر ذی حیات ایک غیر ذی حیات وجود کا محتاج ہے جس کے بغیر اس کی تکمیل اور سالمیت ناقص ہے۔ مٹی یا پتھر کا ایک تودہ جسے ہم ساکت و جامد محض سمجھتے ہیں۔ فی الحقیقت ثقل و جاذبیت کا ہی نہیں بلکہ ایک مخصوص اہلیت تامہ کا حامل ہے۔ وسیع معنوں میں حیات صرف حرکت و شعور ہی کا نام نہیں ہے۔ حیات نام ہے صرف تغیرات کا اور تغیر صرف ایک مسلسل حرکت ہے جو میرے نزدیک بیداری کا مرادف ہے۔ لیکن یہ نظریہ اُن حضرات کا ہو سکتا ہے جو ؏

شاد باید زیستن ناشاد باید زیستن

کے قائل ہیں۔ وہ زندگی کو مجبوری تصور کرتے ہیں، لیکن ایک شاعر کے نزدیک مجبوری بھی دلکشی اور دل آویزی کی محض ایک شانِ بے اختیاری ہے۔ شاعر بیداری کائنات کے ہر پہلو کو پیام مسرت و عافیت تصور کرتا ہے، موسموں کا وہ انقلاب جس کا نقشہ اوپر کھینچا گیا ہے، تنوعات شعری کا ایک مرقع ہے۔ شاعر کی دنیا خیالات کی دُنیا ہے۔ وہ اسے مادیات کا عارضی اور کثیف جامہ نہیں پہناتا۔ وہ محض تصورات کو ابدی و غیر فانی قرار دیتا ہے۔ ان کی کثیف اثر اندوزیوں کو ہیچ قرار دیتا ہے اور جس وقت وہ کہتا ہے ؎

شبِ اُمید بہتر از روزِ عید میگزرد
کہ آشنا بہ تمنائے آشنا خفتست

وہ اسی کلیہ کی ترجمانی کرتا ہے۔ وہ تمنائیں جو صرف ناز پروردہ تصورات ہیں، اُن کامرانیوں سے زیادہ بیش بہا ہیں جو وقوع پذیر ہو چکی ہیں۔ مسرت اور عافیت نام ہے اس تناسب تامہ کا جو انسان کے داخلی اور خارجی ماحول میں پایا جائے۔ جس شے کا نام حقیقی عافیت رکھا گیا ہے اس وقت تک صحیح اور مکمل نہیں ہو سکتی جب تک انسان یہ نہ محسوس کرے کہ اس کی جسمانیت اور جذبات صرف ایک جنس واحد میں تبدیل ہو چکے ہیں۔ فطرت کی نیرنگی شاعر کے نزدیک ایک دعوت وصال و اتصال ہے۔ لیل و نہار کی گردشیں، موسموں کا تغیر و تبدل، مناظر کی بوقلمونی، حتیٰ کہ ہر جزو و واقعہ اس کے نزدیک سازِ حیات کی ہم آہنگی کے لئے بنایا گیا ہے۔ فطرت کی پرستاری اس کی زندگی کا اصلی راز ہے وہ محض اس لئے زندہ ہے کہ وہ مسرور رہ سکتا ہے اور وہ مسرور رہتا ہے اس لئے کہ فطرت اسے اپنا معتمد علیہ سمجھتی ہے:

یہ تھا نقشہ شاعر کی دُنیا کا!

کی بیوی" لکھے ہیں۔

افقِ مشرق کے ایک گوشہ اور درختوں کے زمردین حجابات میں بر شگال کا وہ منظر برنائی جسے دیکھکر قاآنی بے اختیار پکار اُٹھا تھا۔ ع

جواہر خیز و گوہر بیز و گوہر ریز و گوہر زا

بے نقاب ہو رہا ہے۔ آفتاب نے بساطِ آتشیں تہ کی۔ پہنائے کو د ابر پیراہن ہونے لگا جس کی متاعِ آبدار کو ہوا تاراج کر کے دامنِ ارض کو الماس گوں بنا رہی تھی اور دیکھتے دیکھتے ساری کائنات نکھر کر اُس پیکرِ حیا و حُسن کا منظر پیش کرنے لگی جو عینِ عالمِ اشک ریزی میں دفعتاً متبسم نظر آنے لگے۔

زمستان کی وہ فضائے زمہریر جس کے سکون و سکوت میں صرف ستاروں کی تُنک تابی اور قمر کی سنگ سیری محمل ہو سکتی ہے! ہنگامِ صبح دوشیزہ کرنیں اپنی بیباک ثبات ارغوانی نذریں لیکر کنشتِ مشرق میں نمودار ہونے کے لیے آمادہ ہی ہو رہی تھیں کہ پنبہ زار سحر زدہ ہونے لگا اور کائنات کا ذرہ ذرہ فطرت کی بیدریغ بخششی پر سر بسجود ہو گیا۔

عروسِ بہار بند نقاب کھولتی ہے، فطرت رُونمائی میں دُنیائے رنگ و بو نثار کرتی ہے۔ لوحِ وجود پر خطِ گلزار نمایاں ہوتا ہے، چپہ چپہ "دامانِ باغبان و کفِ گلفروش" بنجاتا ہے۔ رندانِ خود فراموش ساغر کی گردش اور ساقیِ مہوش کی ہر جنبشِ ابرو اور خرامِ ناز پر پاکوبی و دست افشانی کرتے جاتے ہیں اور ہیجانِ کیف و کم سے مغلوب ہو کر پکار اُٹھتے ہیں۔ ع

فردوس ایک پھول ہے دستِ بہار میں!

نگارستانِ وجود کا نقشہ بدلتا ہے، عالمِ حیات پر تابستان کا تسلط ہوتا ہے، مشاطۂ فطرت، ع

اِک نگارِ آتشیں رُخ، سر کھُلا

کا جلوہ پیش کرتی ہے۔ دنیائے آب و گِل شعلہ زار بنجاتی ہے اور قدرت کا سارا سرمایۂ برگ و بار نذرِ التہاب!

فطرت کی یہ دعوتِ تلون ظاہر بیں نظروں کے نزدیک محض اِک دفترِ بے معنی ہے۔ لیکن ایک شاعر کے نزدیک یہی نیرنگیاں سرمایۂ صد حیات ہیں۔ وہ اپنی زندگی کو عینِ مظہرِ فطرت تصور کرتا ہے وہ اس کا معتقد نہیں ہے کہ عالمِ حوادث کے مختلف فطری اور تمدنی تغیرات خود حیاتِ انسانی سے مختلف نہیں۔ ذاتِ انسانی خود جزوِ کائنات ہے اور چونکہ کائنات خود ایک مسلسل اور ابدی بیداری ہے اس لیے اس کا ہر جز بھی بیدار ہے۔ مجھے اس کلیہ سے اختلاف ہے کہ دنیا میں کوئی وجود ایسا بھی ہے جس پر

دُنیا

کسی گاؤں میں ایک اونٹ آیا لوگوں نے کہا "بھگوان آئے"!

ندرت خیال کے اعتبار سے یہ انکشاف ہر طرح سے قابل ستایش ہے، صرف یہ سوال البتہ رہ جاتا ہے کہ اس کا دریافت کرنے والا النباتات کا عالم تھا یا علم الحیوانات کا ماہر، یا پھر ان دونوں کا مجموعہ فلسفی!

بھگوان اور اونٹ کو ہم سطح کر دینا کوئی معمولی کام نہیں ہے اور ایک ایسے بیان کا ذمہ دار ہونا جو دنیا کے تمام مفروضات کو باطل کر دیتا ہو آسان نہیں ہے۔ لیکن بایں ہمہ اس سے انکار بھی نہیں کیا جا سکتا کہ شان نزول کے اعتبار سے دنیا کا یہ واقعہ اتنا اہم اور دقیع ہے جتنا سیب کا گرنا اور نیوٹن کا ایک عالم کو کشش ثقل میں مبتلا کر دینا۔

دُنیا کی جامع اور مانع تعریف یا تو وہ شخص کر سکتا ہے جو اپنی پیدایش کے لئے خدا سے زیادہ اپنے اور اپنے والدین کا رہین منت ہو یا یہ مسئلہ اس ہستی سے حل ہو سکتا ہے جو اپنا اور اپنے خدا دونوں کا باوا آدم خود ہی ہو۔ ایسے لوگوں کی دُنیا میں کمی نہیں ہے ورنہ اس مسئلہ کو بے نقاب کرنا نہایت آسان ہو جاتا۔ بہرحال اس وقت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے میں اس نتیجہ پر پہونچ سکا ہوں کہ دنیا کی حقیقت اور اس کے اسباب وعلل پر دیدہ و دانستہ غور کرنا کچھ زیادہ ثمر آفریں ثابت نہ ہوگا۔ یہ ممکن ہے کہ اس ہنگامۂ ہزیان میں کوئی بات ایسی نکل آئے جو خوش اعتقادی سے "معقولیت" پر محمول کیجائے یا دوسرے ایسے فلسفہ طرازی تصور کریں تو میرے ایک "موپلا" دوست اسے "مہمل" ثابت کرنے کے لئے محققہ کی کوشش جلد جلد لینے لگیں۔

اونٹ بھگوان کے فلسفہ میں فطرت انسانی کا ایک زبردست لیکن عُریاں راز مضمر ہے اس "حلیم وخوشخصال" ہستی کا بھگوان سے جیسا کچھ رشتہ ہے وہ اپنے مختلف نوعیتوں کے اعتبار سے اتنا ہی معنی خیز ہے جتنا حضرت موسیٰ اور اس گلہ بان کا واقعہ جو انتہائے محبت اور گرویدگی سے مغلوب ہو کر خدا کو اپنے سے زیادہ قابل ہمدردی خیال کرتا تھا۔ دُنیا کی ہر ہستی جسے فطرت نے پیراہن حیات سے گرانبار کیا ہے ایک مخصوص دُنیا کی حامل ہے۔ اس لئے دُنیا کو صرف ایک ہی نقطہ نگاہ سے دیکھنا ایک ایسی غلطی ہے جس کا تصور کر کے مصنف لغات المجاہلین نے "شخصیت" کے معنی "کسی شخص

طلوعِ قمر

[از جناب سید قمر حسن صاحب بی اے (علیگ)]

دسویں شہر نے قمر صاحب کو تعارف سے بے نیاز کر دیا۔
(اڈیٹر)

لالۂ داغدار کی صورت — ہے خزاں میں بہار کی صورت

آمدِ یار ہے بہار کے ساتھ — نغمہ زن ہوں ہزار کی صورت

بیکسوں پر ہے دل مرا جلتا — سوزِ شمعِ مزار کی صورت

اُس کی آنکھوں کو دیکھتا ہوں میں — دیکھنی ہے خمار کی صورت

اُس کے ہونٹوں پر اک تبسم ہے — غنچۂ نوبہار کی صورت

اُس کے آتے ہی مٹ گئی کیسی — خردِ ہرزہ کار کی صورت!

اُس کے جاتے ہی ہو گئی کیسی — میرے صبر و قرار کی صورت!

نقشِ معنیٰ کہاں زمانے میں؟ — دیکھتے ہیں نگار کی صورت

بہ فسونِ تغافلِ بے جا — ہائے رے بیقرار کی صورت!

اُٹھ رہی ہے نقاب چہرے سے — کھنچ رہی ہے بہار کی صورت

داستانِ عشق کی قمر یہ ہے
جل بجھے ہم شرار کی صورت

کلامِ شاد

(از نتیجۂ فکر ہز ایکسیلنسی یمین السلطنت مہاراجہ سرکشن پرشاد بہادر شادؔ جی، سی، آئی، ای)

(۱)

تو گوئی عشق را، واعظ جنون است ۔۔۔ غلط گوئی، کہ ایں ذوقِ درون است
زِ رمزِ معرفت آگہ نماید ۔۔۔ بہ راہِ حق ہمیں یک رہنمون است
زِ داغِ او دلم گردید روشن ۔۔۔ ازو نورِ درون و ہم برون است
کسے گر عیب پندارد، خطا کرد ۔۔۔ زبون است زبون است زبون است
بہ نیرنگی درونِ پردہ ذاتیست ۔۔۔ کہ تیرنگش بہ عشقش رہنمون است

بشر گردد شناسائے حق، اے شادؔ!
بحرفِ عشق صد دریں فسون است

(۲)

کیوں عمر صرفِ عشقِ بُتِ خوبرو کریں؟ ۔۔۔ دُنیا میں آئے ہیں کہ تری جستجو کریں
ہیں پاک بازِ عشق، ادا جب کریں نماز ۔۔۔ پہلے ہم اپنے خونِ جگر سے وضو کریں
ہے دید میں جو لطف، نہیں اس نماز میں ۔۔۔ ہے وہ نماز، دید تری دو بدو کریں
اے بخیہ سازِ زخمِ جگر! یا ترے ہاتھ سے ۔۔۔ فرصت نہیں جو جیب و گریباں رفو کریں
سنبل جھکائے شرم سے سر اپنا کیا کریں ۔۔۔ کاکل کا اُن کے وصف جو ہم مو بمو کریں
اپنے سوا نہ دیکھیں کبھی شکل غیر کی ۔۔۔ آئینۂ دل اُن کے جو ہم روبرو کریں
ملتا ہے سننے والوں کو ذکرِ جلی کا لطف ۔۔۔ محفل میں اُس کے مست اگر ہائے ہو کریں

منظور ہے جو شادؔ نہیں آپ مستِ عشق
پیرِ مغاں سے بیعتِ دستِ سبو کریں

نجات حاصل کرنا اس جماعت کا اولین فرض ہے جو دنیائے تعلیم میں اک نئے آسمان اور
اِک نئی زمین کی تعمیر کی دعویدار ہو۔"

یہ امر ہمارے لئے باعثِ اطمینان و مسرت ہے کہ "میگزین" کے دورِ جدید کے متعلق ہماری علمی و ادبی معاصرین نے غیر معمولی طور پر پُرتحسین اور حوصلہ افزا انداز میں رائے دنی کی ہیں سب سے زیادہ تقویت جس رائے سے ہوئی، وہ ہمارے کالج کے قرونِ اولیٰ کے نامور اولڈ بوائے اُردو کے محسن اور ہمارے محترم مولوی عبدالحق صاحب سکرٹری انجمن ترقی اُردو کی ہے، جو انجمن کے سہ ماہی رسالہ اُردو کے تازہ نمبر میں "میگزین" کے متعلق یوں اظہار رائے فرماتے ہیں :-

"یہ کوئی جدید رسالہ نہیں۔ علی گڑھ کالج سے یہ پہلے پہل جیسے غالباً تیس سال ہوتے ہیں علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ کے ضمیمے کے طور پر نکلا تھا۔ کچھ دنوں بعد الگ شائع ہونے لگا۔ ایک حصہ اُردو، دوسرا انگریزی ہوتا تھا۔ اس کی ترتیب میں اُستاد، شاگرد دونوں کا ہاتھ ہوتا تھا، مگر اس کی حالت کبھی اچھی نہ تھی، اور شرم معلوم ہوتی تھی کہ علی گڑھ کالج سے ایسا رسالہ نکلتا ہے۔ چند سال ہوئے دفعتہً اس نے کینچلی بدلی اور نئے رنگ روپ کے ساتھ نکلا۔ اس کی ترقی و تجدید کا سہرا رشید احمد صاحب صدیقی ایم اے کے سر ہے۔ انھوں نے اسے بنایا بڑھایا خود لکھا، دوسروں سے لکھوایا، اپنی ظرافت نگار قلم سے کام لیا۔ اور صاحب ذوق احباب سے مضمون بہم پہنچائے۔ چند ہی روز میں اس کا شمار اُردو کے بہترین رسالوں میں ہونے لگا۔ جب صدیقی صاحب طالب علمی کے حلقے سے نکل کر پروفیسری کے طبقہ میں پہنچے (خوشی کی بات ہے کہ وہ آج کل یونیورسٹی میں اُردو کے پروفیسر ہیں) تو یہ امانت ...... خواجہ منظور حسین صاحب کے تفویض ہوئی۔ خواجہ صاحب نے اسے اور چمکایا اور اس کی ترقی و تربیت میں ایسی مستعدی اور محنت سے کام لیا کہ ماشاء اللہ اب اسے نظر لگتی ہے اور ہر مہینے اس کا ظاہری و باطنی جمال عروج پر نظر آتا ہے۔ خواجہ صاحب کی محنت لایق داد ہے اور اُن کا تقاضا قابلِ رشک ہے۔ مضمون کے لئے وہ اس طرح پنجے جھاڑ کر پیچھے پڑتے ہیں کہ بغیر جھوٹے سچے وعدہ کے اُن سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو جاتا ہے اور وعدے کے بعد اُن کے ہاتھوں سے صحیح سلامت بچ کر نکل آنا محال ہے۔ مجھے کالج میگزین کی ایسی اچھی حالت دیکھ کر حقیقی مسرت ہوتی ہے اور جب کبھی میں اپنے زمانے اور اس زمانہ کے میگزین کا مقابلہ کرتا ہوں، تو بے اختیار دل میں خیال آتا ہے کہ شاید یہی فرق اُس زمانے اور اس زمانہ کے طالب علموں میں بھی ہے۔"

(اڈیٹر)

ہمارے ایک معتمد نامہ نگار مسلم یونیورسٹی کے اُردو امتحانات کے متعلق حسب ذیل شکایت نامہ ارسال فرماتے ہیں۔ ہم اس کے ایک ایک لفظ سے اظہار اتفاق کرتے ہیں اور متوقع ہیں کہ عنقریب اس مہمل قاعدے میں مناسب ترمیم کی جا سکے گی:۔

"ہماری یونیورسٹی کے قوانین جن ستم ظریفیوں کے رہین منت ہیں، اُن میں اک نمایاں درجہ اُس عجیب قانون کو حاصل ہے جس کی رو سے امتحانات میں پرچۂ اُردو کے بڑے حصّہ کا جواب انگریزی میں دینا پڑتا ہے۔ قطع نظر اس بات کے کہ یہ قانون بدیہی طور پر مہمل ہے، اس سے بعض عملی قباحتیں پیدا ہوتے ہیں۔ اگر ذوقِ ظرافت کی پاسداری ملحوظ نہیں، تو یونیورسٹی کے ارباب حل وعقد کو چاہیئے کہ اس قاعدہ کو صرف اس بنا پر مسترد کردیں کہ اس کی وجہ سے طالب علموں کو اپنے ادائے مطلب میں دشواری پیش آتی ہے۔

ہر زبان میں الفاظ اور محاورات کا اک مخصوص استعمال ہوتا ہے جو ترجمے میں باحسن وجوہ ظاہر نہیں کیا جا سکتا۔ اور خصوصاً اُردو شاعری جس کی عمارت تشبیہات واستعارات پر اُٹھائی گئی ہے۔ بغیر اپنی نزاکتوں کو کھوئے ہوئے اک غیر زبان میں منتقل نہیں ہو سکتی۔ اس پر جناب ممتحن کی یہ ہدایت کہ زیادہ تر اشعار کا مطلب انگریزی میں ادا کیا جائے۔ اگر عملاً اُردو فہمی کا خون نہیں کرنا چاہتی تو اس کا اور کیا مطلب ہو سکتا ہے؟ غالباً محترمی سید سجاد حیدر صاحب کو پرچوں کو جانچتے وقت خود اندازہ ہوا ہوگا کہ طلبا اُردو اشعار کو کوٹ پتلون پہنانے میں کس قدر باریکیاں اور جدتیں پیدا کر سکتے ہیں اور غریب غالب کی رُوح کے لئے اگر ساز کا نہیں، تو سوز کا کس قدر سامان پیدا کر سکتے ہیں!

اگر غلطی سے اک مرتبہ بعض مہمل اور لغو قاعدے راہ پا گئے ہیں، تو کوئی وجہ نہیں کہ وہ ہمیشہ قانون کو ہدفِ تضحیک بناتے رہیں۔ ہم میں اتنی اخلاقی جرأت ہونی چاہیئے کہ ہر اُس خود ساختہ نقش کو جو ہمارے صفحۂ تصویر کو بدنما اور مضحکہ انگیز بنائے بلا پس و پیش محو کردیں، کیوں کہ قوانین انتظامی سہولت کی غرض سے بنائے جاتے ہیں، اس لئے نہیں کہ ان کا ہر ہر لفظ ہمارا مطلق العنان حاکم بن کر ہمیں اپنی عقلِ سلیم سے مستفید ہونے سے روک دے۔ اس قدر قانون دوستی اک قسم کی آذر پرستی ہے جس سے

یہ الزام صرف ناظم فلسفیوں کے کلام پر عائد کیا جا سکتا ہے جو فلسفہ یا اخلاقیات کی خشکی اور ثقالت کو تخیل کی شگفتگی و رنگینی میں تحلیل کرنے سے قاصر رہتے ہیں اور اپنے خیالات کو حقیقی شاعرانہ لباس میں جلوہ گر نہیں کر سکتے۔ اس اعتراض سے وہ شاعر بلند اور بری ہیں جو معنی و اظہار کو مکمل حسن و رنگینی و ترنم کے ساتھ ایک دوسرے میں پیوست کر سکتے ہیں، مثلاً گوئٹے، غالب، اقبال۔ اقبال ہی کو لیجئے ورڈس ورتھ کی طرح اقبال کی بھی یہ خواہش ہے کہ وہ شاعر سے زیادہ معلم اور فلسفی سمجھے جائیں کیوں کہ کیٹس، شیلی وغیرہ پرستارانِ حسن کے مسلک ("حسن آئینۂ حق") کے خلاف، اُن کے نزدیک "حق آئینۂ حسن" ہے اور شعر آئینہ دارِ حسن ہونے کی بجائے آئینہ دارِ حق[1] ہے۔ چنانچہ اُن لوگوں سے بگڑ کر جو اُن کے کلام کو محض شاعری کے نقطۂ نگاہ سے دیکھتے ہیں لکھتے ہیں ؎

من شکوہِ خسروی او را دہم | تختِ کسریٰ زیر پائے او نہم
او حدیثِ دلبری خواہد ز من | آب و رنگِ شاعری خواہد ز من
کم نظر بیتابیِ جانم ندید | آشکارم دید و پنہانم ندید

(پیامِ مشرق: پیشکش)

لیکن کیا کوئی کہہ سکتا ہے کہ اس معلّم اور فلسفی کی حقایق آموز شاعری (جس کا ایک بڑا مقصد "فرسودہ سست رگ اور زندگی کی دشواریوں سے گریز کرنے والی عجمیت" کے خلاف فلسفیانہ جہاد ہے) مذہبی، اخلاقی اور ملی حقایق کو مبلغِ محض کے روکھے پھیکے انداز میں پیش کرتی ہے؟ اگر ہم سے پوچھا جائے تو ہم کہیں گے کہ اقبال کا ہر شعر ایک اہلِ نظر نقاد کے جامع الفاظ میں "اپنے علم کی لطافت میں قرآن کی ایک آیت اور اپنے عمل کی وسعتوں میں حدیث کے ایک ٹکڑے" کی حیثیت رکھتا ہے۔ "پیامِ مشرق" کو پڑھئے۔ کیا اس کے "لالۂ طور" کی ایک ایک پتی، عطر و رنگ میں بسی ہوئی ہونے کے علاوہ، رازِ ہست و بود کی ترجمان نہیں؟ کیا "مئے باقی" کا ایک ایک قطرہ "فروزد چو نورے، بسوزد چو نارے" کا حکم نہیں رکھتا؟ کیا "افکار" کا ایک ایک جگر پارہ اقبال کے "آفاق گیر سیمین تخیل" کی آئینہ داری نہیں کرتا؟ کیا "نقشِ فرنگ" کی ایک ایک تحریر حکیمانِ فرنگ کے افکار و دماغ کو صاحب نظرانِ مشرق کے جذباتِ قلب سے متمیز کرنے میں حکیمانہ ژرف نگاہی کو شاعرانہ لطافت سے رنگین نہیں کرتی؟

---

[1] خود اقبال کہتے ہیں:-

حق اگر سوزے ندارد حکمت است | شعر می گردد چو سوز از دل گرفت

ہیں یہ جیسے ہوں گے کہ شاعری سے کسی قسم کے تلقین و تعلیم کا کام لینا، اُسے آلودہ کرنے کے مرادف ہے
یہ حضرات فنونِ لطیفہ کے (جن میں شاعری کو بھی شمار کیا جا سکتا ہے) حق "آزادی" کی تائید میں یہ قول
پیش کرتے ہیں کہ آرٹ کو آرٹ کی نظر سے جانچنا چاہیئے۔ کاش اُنہیں معلوم ہوتا کہ اس فرسودہ اور مبہم
نظریہ کا انگریزی ادب پر آخری صدی کے ربعۂ آخر میں بالخصوص کیسا زہریلا اور مہلک اثر پڑا ہے اور
اور وہ محسوس کر سکتے کہ تمام تخلیقی فنون نظام و پابندی کے طلبگار ہیں۔ شاعری در اصل تخیل و احساسات
کے ذریعہ زندگی کی ترجمانی کا نام ہے اس لئے اُس کی عظمت کا اندازہ اُس قدرت و قوت سے
کرنا چاہیئے جو وہ زندگی کے اُن مہتم بالشان اور ابدی مسائل پر روشنی ڈالنے میں صرف کرتی ہے جن کا
تعلق انسان کے ارفع ترین محسوسات اور مفاد سے ہے۔ اس میں کلام نہیں کہ شاعری چونکہ ایک
آرٹ ہے اس لئے اُس کو محض فن کے اعتبار سے جانچنا بھی ضروری ہے، لیکن ہمیں یہ حقیقت بھی
نظر انداز نہیں کرنی چاہیئے کہ آخر فنِ شاعری رُوح کا مظہر اور جذبات و احساسات کے اظہار کا ایک
ذریعہ ہے اور بدیہی طور پر اُس کی اہمیت کا انحصار اُس رُوح اور اُن احساسات و جذبات پر ہے جن کا
یہ فنِ شریف مظہر و ترجمان ہے۔ اس سے ہمارا یہ منشا ہرگز نہیں کہ شاعری کی عظمت کسی مخصوص
پیغام یا مسلک کی اشاعت پر منحصر ہے۔ یقیناً براہِ راست وعظ و تلقین، رشد و ہدایت کا تعلق مبلغین
سے ہے۔ شاعری کا فرض اور غایت محض خوابیدہ کرنا، رُوح پھونکنا اور محظوظ کرنا ہے، لیکن اس کے
باوجود ہم شاعری کے "آزاد" ہونے کی بزور مخالفت کرتے ہیں۔ کیونکہ ہمارے نزدیک مشہور
شاعر و نقاد میتھیو آرنلڈ کے الفاظ میں "شاعری زندگی کی ایک تنقید ہے اور کسی شاعر کی عظمت کا
مدار اس امر پر ہے کہ وہ کس طرح قوی اور خوبصورت پیرایہ میں حیات پر خیالات کی روشنی ڈالتا اور
اس سوال کا جواب دیتا ہے کہ زندگی کس طرح بسر کی جائے ... جو شاعری اخلاقی خیالات سے بغاوت
کرتی ہے، وہ زندگی سے بغاوت کرتی ہے۔ جو شاعری اخلاقی خیالات سے بے اعتنائی برتتی ہے وہ
زندگی سے بے اعتنائی برتتی ہے۔" یہاں بھی ضروری کہ یہ حقیقت زیرِ نظر رکھی جائے کہ اخلاقی
خیالات کا تعلق سوال مذکور الصدر کے جواب سے ہے نہ کہ کسی خاص مذہب یا فرقہ کے مخصوص و
محدود معتقدات سے۔

بعض حضرات کو معلمانہ شاعری کی طرح فلسفیانہ شاعری پر بھی اصولی اعتراض ہوتا ہے۔ وہ کہتے ہیں
کہ مسائلِ فلسفہ کو شاعری میں داخل کرنا، شاعری کو خشک، ٹھوس اور ثقیل بنانا ہے۔ ہماری رائے میں

ہمارے نزدیک ٹالسٹائے کے نظریۂ آرٹ میں من حیث المجموع، صحیح و پختہ نصب العین کے عناصر موجود ہیں، کیوں کہ فی الحقیقت آرٹ عوام سے بے التفات و بے نیاز ہو کر اپنے وجود کو بجا و حق بجانب نہیں ثابت کر سکتا۔ مگر کم از کم ہندوستان میں جہاں طبقۂ عوام جہل و نادانی کی گہری ظلمتوں میں گھرا ہوا ہے۔ ملک کے علمی و ادبی ضمیر کا نازک اور مقدس فرض اس نا اہل اور غیر ذمہ دار طبقہ کو تفویض نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن ہم پھر کہتے ہیں کہ اس کے باوجود ہندوستان کے ادیب و شاعر محض اس عذر پر اُن سے بے توجہی برتنے میں حق بجانب نہیں ہو سکتے کہ ملک کے عوام جاہل اور بد مذاق ہیں۔ ایسے ممالک میں جن کی تمام تر جد و جہد وسیع و مکمل تر زندگی کی راہیں تلاش کرنے کے لئے وقف ہو آزاد ممالک سے کہیں زیادہ اشد ضرورت اس امر کی ہے کہ عوام کو اس جد و جہد کے مقاصد سے پہلے آگاہ اور پھر متاثر کیا جائے تاکہ وہ محسوس کر سکیں کہ اُن کے گرد و پیش جو ذہنی، معاشرتی اور سیاسی ہلچل بپا ہے، اُس کا اُن کے مفاد و اغراض سے براہِ راست یا بالواسطہ کیا تعلق اور رشتہ ہے یہ لابدی ہے کہ عامۃ الناس ان باتوں کو بخوبی سمجھ سکیں کیوں کہ جیسا کہ حکیم حیات علامہ اقبال "پیامِ مشرق" کے دیباچہ میں فرماتے ہیں "زندگی اپنے حوالی میں کسی قسم کا انقلاب پیدا نہیں کر سکتی، جب تک کہ پہلے اُس کی اندرونی گہرائیوں میں انقلاب نہ ہو اور کوئی نئی دنیا خارجی وجود اختیار نہیں کر سکتی، جب تک کہ اُس کا وجود پہلے انسانوں کے ضمیر میں متشکل نہ ہو۔" تغیر و تبدل، تعمیر و انہدام کے اس طوفانی و پرآشوب زمانہ میں علم ادب (بالخصوص شاعری) کا سب سے بڑا فرض عوام کی ضمیر میں اس نئی دنیا کا مفہوم اور اہمیت واضح اور روشن کرنا ہے جو بقول علامۂ موصوف "فطرت زندگی کی گہرائیوں میں ایک نئے آدم کے رہنے کے لئے تعمیر کر رہی ہے۔"

اقبال کی شاعری چوں کہ اس نصب العین پر پوری اُترتی ہے۔ اس لئے ہماری نظروں میں اقبال اسی طرح حقیقی معنوں میں شاعر ہیں جس طرح گوئٹے نپولین کی نظروں میں "انسان"[1] تھا۔ اس پر بعض اصحاب

---

[1] ۲ اکتوبر ۱۸۰۸ء کو شہنشاہ نپولین نے ارفرٹ میں مشہور جرمن حکیم و شاعر جان ولفگانگ فان گوئٹے کو شرفِ باریابی بخشا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ شاعر کو بغور دیکھ کر شہنشاہ نے انتہائی حیرت سے کہا "یہ تو واقعی انسان ہے!" یہ وہ زمانہ ہے کہ جرمن قوم کا انحطاط ہر پہلو سے انتہا تک پہونچ چکا تھا۔ اِس لئے اگر نپولین کو اُس پست و درماندہ قوم کے ایک شاعر کے انسان ہونے پر استعجاب ہوا تو یہ کوئی حیرت کا مقام نہیں، حیرت ہے تو اس امر پر کہ آج جب ہندوستان کی حالت جرمنی کے اُس دَورِ انحطاط سے بہت کچھ مماثلت رکھتی ہے۔ یہاں کا حکمران طبقہ (جس کی علم ادب سے بے اعتنائی ضرب المثل ہو چکی ہے)، اقبال کی عظمت سے بظاہر نا آشنا نہیں نظر آتا۔ خیر، یہ تو ایک جملہ معترضہ تھا۔

نمایاں کردیں گے۔" انصاف یہ کیجیے جب انواع کا یہ ہنگامہ ہو صحیح تنقید کیوں کر وجود میں آسکتی ہے؟ ہر شخص کوئی چیز بیں بازار میں لاتا ہے۔ پھر یہ جرأت کہاں کہ دوسروں پر اعتراض کرے! ایسی صورت میں جس کا جو جی چاہتا ہے لکھتا ہے کوئی باز پرس کرنے والا نہیں، پھر بدمذاقیاں کس طرح نہ بڑھیں؟ میں بفضلہ نہ مصنف ہوں اور نہ مؤلف، اور نہ میرا مکان شیشہ کا ہے، پھر کوئی وجہ نہیں کہ دوسروں پر پتھر نہ پھینکوں اگر بفرضِ محال اپنی بدقسمتی سے مجھ سے کبھی تصنیف و تالیف کی حماقتیں بھی سرزد ہو جائیں، میں عوام کو اپنا مخاطب سمجھتا ہی نہیں۔ اگر وہ کوئی اعتراض کرتے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ میں نے صحیح لکھا، ورنہ عوام اُس کی داد دیتے ۔۔۔"

سجاد صاحب کی باتیں تند و تلخ ضرور ہیں، لیکن اُن کی واقعیت اور ضرورت سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ ہماری زبان میں علم ادب کی جو کساد بازی اور فنِ تنقید کی جو حالت ہے اُس پر جس قدر ماتم و ملامت کی جائے کم ہے۔ لیکن اس وقت ہم جس چیز کی طرف توجہ مبذول کرانا چاہتے ہیں وہ تنقید کی افسوس ناک حالت یا علمِ ادب کی بے قدری نہیں، بلکہ سجاد صاحب کا یہ قول ہے:-

"میں عوام کو اپنا مخاطب نہیں سمجھتا۔"

یہ خیال اُس گروہ کے زاویۂ نظر کی ترجمانی کرتا ہے جس کے نزدیک علم ادب کا مخاطب طبقہ مخصوص اہلیت و صلاحیت کا ایک محدود و متعین دائرہ ہے اور جس کی رائے میں صرف اسی محدود طبقہ کو حقِ تنقید حاصل ہے۔ اس خیال میں دیانت دارانہ اختلاف رائے کی بیحد گنجائش ہے۔ چنانچہ ایک دوسرا گروہ، ٹالسٹائے کی مقتدر سرگردگی میں کہتا ہے کہ آرٹ کی حقیقی غائت مسخ ہو جاتی ہے۔ اگر اُس کی پہونچ جیسا کہ مولوی محمد عظمت اللہ خاں صاحب نے اپنے پرغور اور غور انگیز مضمون میں لکھا ہے، جھونپڑی، کھیت، اور دکان تک نہ ہو اور اگر وہ "بتیا میں" گلی اور گاؤں کے آدمی کا "غمگسار وہمدرد، شادمانی میں دوست، سوجھ میں رہبر اور سچ کی جستجو میں چراغِ ہدایت" نہ بن سکے۔ یہ گروہ ایسے آرٹ کو (خواہ وہ ادبی ہو، یا نقاشی، موسیقی وغیرہ فنونِ لطیفہ میں سے) نفرین کی نگاہ سے دیکھتا ہے جو طبقہ عوام کو اپنا مخاطب بنانے میں ذلت محسوس کرے اور اس طبقہ کے روحانی و اخلاقی سود و مسرت سے بے اعتنائی برتے۔ نہ صرف یہ بلکہ اس گروہ کا عقیدہ ہے کہ علم ادب اور آرٹ کی عظمت و پائداری کا آخری معیار یہ ہے کہ عامۃ الناس اُس سے کس حد تک محظوظ و متاثر ہوتے ہیں۔

اِشارات

ہمارے پاس یہ باور کرنے کے کافی وجوہ ہیں کہ سجاد انصاری صاحب کے لطفِ انتقاد پر (جو میگزین کے مارچ اپریل نمبر میں شائع ہوا تھا) بہت کچھ چہ میگوئیاں ہوئیں اور بعض حلقوں میں نقد التنقید کی چنگاریاں ابھی تک افسردہ نہیں ہوئیں۔ ہم سجاد صاحب کے خیالات کے متعلق اپنی رائے کا اظہار کر چکے ہیں، لیکن ناانصافی ہوگی اگر خود اُن کا نقطۂ نظر ہم ناظرین کے سامنے اُنھیں کے الفاظ میں پیش نہ کریں۔

سجاد صاحب اپنے تنقیدی خط کی اشاعت کے سلسلہ میں تحریر فرماتے ہیں:-

"آخری خط میں آپ نے اندیشہ ظاہر کیا تھا، کہ کہیں میں تنقید کی اشاعت سے ناخوش تو نہیں ہوا۔ یہ صحیح نہیں۔ . . . جو کچھ خیال ہے وہ یہ کہ لوگ اپنی لغزشوں کی رسوائیوں پر نادم ہوں گے، ورنہ کوئی افسوس نہیں۔ اگر میں نے اُسے اشاعت کے لئے لکھا ہوتا، لفظ بلفظ اسی طرح لکھتا، البتہ جہاں اشخاص کا کھلا ہوا تذکرہ تھا اُسے نرم کر دیتا . . . بہرحال، یہ بھی اچھا ہوا۔ اگر غیر محتاط لکھنے والے آیندہ میگزین سے احتراز کرتے رہیں، میں سمجھوں گا کہ میں اور آپ دونوں غازی ہیں۔ اگر کبھی کبھی ہرزہ سرائی کی داروگیر ہو جایا کرے، بدمذاقیوں کی کچھ نہ کچھ اصلاح ہو جائے گی۔ . . .

ایک عجیب بات ہے۔ بعض "اربابِ قلم" جن کو اپنی ذمہ داریوں پر نازاں ہونا چاہیے، خود غرضی کے باعث اس قدر بزدل ہو گئے ہیں کہ ایک لمحہ کے لئے بھی اُن کے دل و دماغ میں صحیح طور پر تنقید کرنے کی جرأت پیدا نہیں ہوتی۔ عرصہ ہوا میں نے ایک رسالہ کے ایک ذمہ دار "اہلِ قلم" سے باصرار کہا کہ "لوگوں کی تالیف و تصنیف پر آپ کھلی ہوئی تنقید کیوں نہیں کرتے؟ خلوت میں تو آپ یہ خیال کرتے ہیں کہ فلاں تصنیف سرتاپا لغو ہے، لیکن جب آپ اخبارات کے کالموں میں نظر آتے ہیں، یہ کہتے ہوئے کہ تصنیف بہت غنیمت ہے۔" ذرا جواب کی منطق کو ملاحظہ فرمائیے: "شیشے کے مکان میں رہنے والے دوسروں پر پتھر نہیں پھینکتے۔" دوسرے الفاظ میں "ہم تو خود مصنف ہیں، اگر ہم دوسروں کے عیوب کو نمایاں کریں گے، لوگ ہمارے عیوب کو

اِفاداتِ شاد

(از نتیجۂ فکر جناب خان بہادر میر علی محمد صاحب شاد عظیم آبادی)

دے کے ہی تہی سبو مجھے صبر کا حوصلہ دیا
جس کی طلب تھی ساقیا! اس سے کہیں سوا دیا

باغِ بہشت کا سماں دل کو یہیں دکھا دیا
اس کی زباں پہ ہم نثار جس نے ترا پتا دیا

مل نہ گیا ہو ساقیا! دُرد کہیں زلال سے
تو نے پلا کے جامِ مے دل کو مرے ہلا دیا

بخش دیا تھا عشق کو صبر گریز پا اگر
حُسن کو تو نے کس لئے غمزۂ دل رُبا دیا؟

کچھ نہ کھلا کہ ہی پسند، کیوں اُسے بے تعلقی
جس نے تعلقات میں دل کو مرے پھنسا دیا

پیرِ مغاں نے مغبچو! تم کو دیا تھا جو سبق
تم نے اُسی کا حرف حرف نامِ خدا بھلا دیا

میرے غریب دل! تجھے بھائی مسافرت کی شام
صبحِ وطن کو شامتی! چھوٹتے ہی بھلا دیا

پیرِ مغاں کا بھی ادب بھول گیا وہ مے پرست
جس نے بھری سبو کی قدر خاک نہ کی لنڈھا دیا

اور تو کچھ گلہ نہیں، شکوہ یہ ہی کہ دی کے شوق
دشمنِ جان و آبرو ساتھ مرے لگا دیا

بزمِ نشاطِ دوستاں تیرہ و تار ہو گئی
گل کے چراغِ عمر کو کس نے صبا بجھا دیا؟

جتنے تھے اپنے غم گسار اس شبِ تار ہجر میں
پہلے ہی اے فسانہ گو! تو نے انھیں سلا دیا

سچ ہی کہ اس نے جو نہ ہو کم ہے وہ ای جمال یار!
خوب کیا جو عشق کو طالعِ نارسا دیا

دردِ شبِ فراق کا، میں نہ اُٹھا سکا مزا
تو نے تھپک کے ای اجل! جلد مجھے سلا دیا

اب نہ پلٹ کے آئیگی عمرِ عزیز، شاد، حیف!
دولتِ لازوال تھی، تو نے جسے گنوا دیا

مجلس دہم

سلیمان۔ خدما !

سلیمان: (خدمتگاروں سے) آؤ، اپنے ولی نعمت کی آخری خدمت ہم ادا کریں۔ جنتِ اعلیٰ کے دروازے تک پہونچا کر ہم اس سے علیحدہ ہوں۔ (جھک کر میت کے قدم چوم کر) مَلِک مَلِک! تم نے میری جان ایک دفعہ دشمن کی تلوار سے ایک ظالم کے پنجہ سے چھڑائی تھی۔ خدا نے مجھے اس کا اقتدار تو نہ دیا کہ میں اس قرض کو ادا کرتا، دشمن تمہارے پیچھے سے آیا، تمہارے سامنے سے نہ آیا کہ میں دیکھتا تو اپنے جسم کو تمہاری سپر کر دیتا۔ قاتل کو تم معاف کرتے ہو۔ بادشاہ، امیر اس قتل کو بھول جائیں گے، مگر وہ خنجر جو تمہارے جسم میں کھبو یا گیا، وہ گویا میرے جسم میں کھبویا گیا۔ سلیمان تمہارے اس کرب کو نہ بھولے گا۔ موقع ملا، تو غیاث کو اس کی جان شیریں سے محروم نہ کر دوں، تو میں اللہ کی رحمت سے محروم رہوں!

جنازہ کو اٹھاتے ہیں۔

(پردہ گرتا ہے)

غزل

(از انیس مصطفےٰ صاحب میناؔ زبیری مارہروی متعلم انٹرمیڈیٹ کالج علیگڈھ)

دیکھ حقیقتِ نمو، خاکِ رہِ مجاز میں
جلوۂ برقِ ناز ہے، ہر روشِ نیاز میں

دردِ جگر کی تیزیاں، کرب کی فتنہ خیزیاں
حشر کا دن نہ ہو کہیں، میری شبِ دراز میں!

ایک بیانِ عشق میں، حسن کی سو ستائشیں
عشق کی سو نمائشیں، حسن کے ایک ناز میں

یاس کے سرخ داغ ہیں، آس کے سبز باغ ہیں
حسن کے یہ چراغ ہیں، گلکدۂ نیاز میں

جوش کی گفتگو غلط، ہوش کی جستجو غلط
نوش کی آرزو غلط، شاہرہِ نیاز میں

تیرے قدمِ ناز پر، شوق سے سر جھکا دیا
ہوگئی یوں مری نماز، سجدہ گہِ نیاز میں

میناؔ خمارِ عشق میں، جیسے بنی گذار دی
سجدوں کا التزام کیا، عاشقوں کی نماز میں

نورالدین : اے میرے بادشاہ ! وقت ہاتھ سے جارہا ہے۔ حضور کو معلوم ہے کہ اگر حضور کو آگے نہ دیکھے تو فوج جنت کی طرف بھی قدم نہیں بڑھائے گی۔
جلال الدین : اس شہید کو اس کی آخری منزل میں پہونچائے بغیر ہم کہاں جائیں ؟
اورخاں : مردے کو دفن کرنا، موت کے مقابلہ میں جانے سے زیادہ باخیر و برکت نہیں۔ اس کام کو خدمتگاروں کے حوالے کیجئے۔ فقیروں کے کندھے تابوت اٹھانے کے لئے بادشاہوں کے کندھوں کے برابر ہیں (ہر شخص آہستہ آہستہ جانا شروع کرتا ہے)
جلال الدین : (خدمتگاروں سے) اس جنازے کو شہر میں لے جاؤ۔ کسی مناسب جگہ دفن کرو، مگر جہاں سب قبریں ہیں وہاں دفن مت کرنا۔ اس کے لئے علیحدہ تربت بناؤں گا۔ جس طرح وہ زمین پر فرد تھا، زمین کے نیچے بھی فرد رہے گا۔ لڑائی کے بعد اگر فرصت ملی اور دست قدرت اس لئے ایک ایک پتھر بھی لائے تو انشاءاللہ اس کی تربت کا گنبد آسمان سے باتیں کریگا۔ (گرج کی آواز، بجلی کی چمک زیادہ ہوتی ہے۔ آہستہ اور ایک بیہوشانہ انداز سے غیاث الدین کے قریب آکے) ان خوفناک آوازوں کو سُن رہے ہو، جو زمین کو ہلا رہی ہیں، آسمان کو ہلا رہی ہیں ؟ خدا کا زلزلۂ قہر اور صاعقۂ غضب ان سے بھی بڑھکر ہوتا ہے۔ ظالم کی عزت سرا قبال اگر کوہِ البرز کی طرح آسمان تک بلند ہو، ایک ضرب میں سیلاب کی طرح زمین پر آرہیگی۔ اگر خائن کی اساس دولت زمین کے طبقاتِ اسفل میں دھنسی ہوئی ہو، پھر بھی ایک تھپیڑا سے طوفان کی موجوں کی طرح آسمان تک پھینک دے گا۔ (زور سے) خدا سے ڈر ! (ایک نظرِ حقارت سے غیاث الدین کو سر سے پاؤں تک دیکھتا ہے اور سیدھا دروازے کی طرف جاتا ہے) بدبخت ! (جلال باہر نکلتا ہے۔ لوگ منتشر ہو جاتے ہیں)
غیاث الدین : (زاہدہ سے) اناجان ! تم میرے کیمپ میں آؤ۔ اگر نہ آؤ گی، تو مجھے کھو بیٹھو گی
زاہدہ اس طرح غیاث کو دیکھکر جیسے کوئی خواب سے بیدار ہو کر دیکھتا ہے اور اپنی پریشان آنکھوں کو اُس کے چہرہ پر گاڑکر) کیوں ؟ آہ . . . کیوں تیرے چہرے میں تاریکی پھر بڑھنی شروع ہوئی ؟ دُنیا کی رات تیرے ہی چہرے میں جمع ہو گئی ہے۔ نہ معلوم تو دُنیا کی نظروں سے کس قسم کے جرائم، کس قسم کے گناہوں کو چھپانا چاہتا ہے ؟ (غیاث اور زاہدہ دونوں جاتے ہیں)

... تو اپنی تھکن کو دُور کرنے کے لئے تعفّنات کے چوٹیوں میں جا کے بیٹھ رہی۔ ۔ ۔ اُس ہاتھ کے نقش ہونٹوں پر لینے کے لئے حضور کے سامنے ۔ ۔ ۔ گھسٹتا گھسٹتا آیا ہوں (جلال پس و پیش کرتا ہی) عنایت کیجئے۔ ۔ ۔ اے میرے بادشاہ! اپنے ہاتھ کو مجھ سے نہ کھینچئے۔ ۔ ۔ زخم نے میری تکلیف اس وقت بہت زیادہ بڑھا دی ہے ۔ ۔ ۔ آہ! دشمن کی تلوار بھی تو نہ تھی ۔ ۔ ۔ اپنے ہاتھ عنایت کیجئے۔ اے میرے بادشاہ! شاید اُس سے میرے اضطراب میں ۔ ۔ ۔ کچھ سکون آئے ۔ ۔ ۔ دیجئے میرے بادشاہ! اس ہاتھ کے اوپر دستِ خدا کے سوا کوئی قوت ۔ ۔ ۔ نہیں وہ مبارک ہاتھ ۔ ۔ ۔ میرے ہونٹوں سے اگر جدا ہو، تو اس وقت جدا ہو کہ میں کلمۂ شہادت پڑھ رہا ہوں ۔ ۔ ۔ (جلال اپنا ہاتھ دیتا ہے نصرت اُسے اپنے منہ کی طرف لے جاتا ہی۔ آنکھیں بند کرتا ہے ہر شخص پر اک سکون، اک حیرت طاری ہوتی ہی)

مہر جہاں: (اپنے دل سے) محبت کی طرح عظیم الشان، محبت کی طرح دہشت بھرا حال! جس طرح دو دل جب مل جاتے ہیں، تو ایک دوسرے پر فدا ہوتے ہیں، اسی طرح جب دو فکر متحد ہو جاتے ہیں تو ایسے ہی لشے، ایسے ہی اتحاد کی حالت پیدا ہو جاتی ہی۔ اس حالت کو دیکھو۔ اس وقت جلال دنیا کو اور نصرت آخرت کو بھولے ہوئے ہی۔ دونوں کی نظروں میں اس وقت دنیا و آخرت ایک دوسرے سے عبارت ہی۔ اُن کے جسم ایک دوسرے سے چھوتے ہی، اُن کی روحیں ایک دوسرے سے مل گئیں، ایک دوسرے سے ہم آغوش ہو گئیں (آسمان پر نہایت شدّت سے گرج کی آواز سنائی دیتی ہی خیمہ کے سامنے بجلی کی چکا چوند دکھائی دیتی ہے)

ملک نصرت: (اس کی آواز اب زیادہ رُک رُک کر آتی ہی) آہ! ۔ ۔ ۔ بجلی سے بھی ۔ ۔ ۔ میری آنکھوں کے سامنے بارشِ نور ہی ہو رہی ہے ۔ ۔ ۔ میرے جسم پر آہستہ آہستہ ۔ ۔ ۔ اک راحت مستولی ہو رہی ہی ۔ ۔ ۔ اے میرے بادشاہ! چھ ہزار سال سے انسان کو ۔ ۔ ۔ جس نے خوف سے تھرتھرا رہا ہے ۔ ۔ ۔ وہ عذابِ موت ۔ ۔ ۔ وہ سکرات کا عالم اس وقت مجھ پر ہے ۔ ۔ ۔ اُس کا بھی انسان جلد عادی ہو جاتا ہے ۔ ۔ ۔ لیجئے ۔ ۔ ۔ سب، سب ۔ ۔ ۔ گزر گیا ۔ ۔ ۔ زندگی کے ساتھ ۔ ۔ ۔ مگر عذاب ۔ ۔ ۔ جینے ہی میں تھا ۔ ۔ ۔ اس کے بعد راحت، راحت ۔ ۔ ۔ امان ۔ ۔ ۔ آہ! ۔ ۔ ۔ کچھ نہیں، فکر نہ کیجئے ۔ ۔ ۔ غالباً یہ نتیجۂ اجل ہے ۔ ۔ ۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ ۔ ۔ ۔ (تسلیم رُوح کرتا ہی)

جلال الدین: نصرت، نصرت! اس مرد کی عزت، اس شہید کی سعادت پر نظر ڈالو۔ آخرت کو جاتے وقت اس نے اتنی تکلیف بھی نہ اُٹھائی جتنی دنیا میں آتے وقت اُٹھائی تھی۔

مجلس نہم

اشخاص سابق ۔ نورالدین منشی

نورالدین: اے میرے بادشاہ! ہمارے ہراول کی فوج کے آدمی ابھی آئے ہیں۔ خبر لائے ہیں کہ تاتار کے پیش دستے سات گھنٹے کی راہ تک پہونچ گئے ہیں۔
اُزخان: میرے بادشاہ! ہمارا موجودہ موقعہ خراب ہے۔ اگر ہم یہاں سے کوچ کر کے سامنے کے ٹیلے پر فوج کو نہ لے جائیں گے تو ہمارے لئے بُرا ہو گا۔
نورالدین: اُمرائے لشکر کو یہ خبر پہونچ چکی ہے کہ تاتاری قریب پہونچ گئے ہیں۔ فوج نے خیمہ اُکھاڑنے شروع کر دیئے ہیں۔ ہر شخص کوچ کے لئے فرمانِ ہمایوں کا منتظر ہے (طبل کی آواز سُنائی دیتی ہے)
ملک نصرت: میرے بادشاہ! یہ کیا ہے؟ کیا دشمن فوج پر حملہ کر رہا ہے؟
جلال الدین: تاتاری قریب آ گئے ہیں ہم اپنی فوج کو اُن کے مقابلہ کے لئے لے جا رہے ہیں۔
ملک نصرت: (رُک رُک کے) اللہ کا لاکھ لاکھ شکر کہ ۔۔۔ اپنے آخری سانس کے وقت ۔۔ دشمن کے اوپر ۔۔ میں غلبہ دیکھوں گا ۔۔ میری نظر نیچی نہ رہیگی ۔۔ میری زندگی ایسی مسرت اور لذت میں ۔۔ ختم ہوئی ۔۔ اللہ کی عنایت سے بھی مانگنے کی ۔۔ جسارت نہیں کر سکتا تھا ۔۔ یہاں تک کہ دنیا میں ۔۔۔ اس قدر روح کو ۔۔ جسارت ہمت دینے والے ۔۔ حسن خاتمہ کا ۔۔ تصور نہیں کر سکتا تھا ۔۔ (اُس کی آواز ہلکی ہوتی جاتی ہے مگر اُس کو اونچا کرنے کی کوشش کرتے ہوئے) آہ! میرے بادشاہ! اپنا داہنا ہاتھ مجھے دیجئے ۔۔ گرجستان کے بادشاہ کے بازو کی قوت کو دکھانے ۔۔۔۔ کے لئے اس گرجستان کے مغرور کو جو صاحب ذوالفقار کو ڈھونڈھتا پھرتا تھا، اس گرجستان کے مغرور بادشاہ کو ایک وار میں دو ٹکڑے کرنے والے ۔۔ اپنا داہنا ہاتھ کو مجھے دیجئے ۔۔ آہ! تاکہ میں اُسے بوسہ دوں ۔۔ اور آخرت میں ۔۔ اگر کوئی مجھ سے پوچھے ۔۔ کہ اسلام کی سیفِ حمیت ۔۔ کہاں ہے، تو میں بتاؤں کہ وہ ایسے ۔۔ ایک غضنفر مہیب کے پنجۂ طاقت میں ہے کہ جو ۔۔ قپچاق کے خشک صحراؤں میں ۔۔ اگر شکار کو نکلے ۔۔۔ تو اپنے تیر کے خون کو ۔۔ بحرِ ہند میں جا کر دھوتا ہے ۔ اگر آسمان سے گردش کی شرط باندھی

نکال پھینکا ہی ؟ تیرے جسم میں جو اک مجسم غیض معلوم نظر آتا ہی۔ کوئی حرکت ظاہر نہیں ہوتی ؟ تیرے منہ سے ایک لفظ نہیں نکلتا۔ جس آدمی کو تو نے اپنے ہاتھ سے قتل کیا ہی، تیری کافر کینی اور ملعون نخوت تجھے اجازت نہیں دیتی کہ اُس سے کہے "میں نے معاف کیا" ؟ تو اپنے دل کی ناپاکی سے اس قدر ڈر رہا ہی کہ اُس شہید کے قریب بھی نہیں پہونچ سکتا۔ جا اور اُس پاؤں کے تلووں سے اپنا منہ مل۔ اللہ تجھے غارت کرے، خائن! مجھے مجبور نہ کر کہ میں اپنے ہاتھوں سے تیرے مُردار جسم کو چھوڑ دوں۔ اگر کہیں میں نے تیری گردن پکڑی تو یاد رکھ کہ اُن ملعونوں کی طرح جن پر سنگ ساری کی جاتی ہی تو اپنے تئیں گردن تک زمین میں پائے گا۔

ملک نصرت: اے میرے بادشاہ! برائے خدا، میری خاطر حضور اظہار ناراضگی فرماکر مجھے اس دُنیا میں غمگین نہ بھیجئے۔

زاہدہ: (غیاث سے) آہ! میں پاگل ہو جاؤں گی۔ اپنی بوٹیاں نوچ نوچ کھاؤں گی۔ لڑکے! میں نے دودھ کی جگہ تجھے خون سے پالا ہی۔ یہ چیتے کی فطرت تجھ میں کہاں سے آئی؟ کیا ٹکٹکی باندھ کے دیکھ رہا ہی؟ دل نرم کر۔ اس دیوانہ کو دیکھو! اسے اپنے اوپر بھی تو رحم نہیں آتا۔ اسے اس پر بھی رحم نہیں آتا کہ میں اس کے لئے ہر لحہ میں ایک عذاب موت سہ رہی ہوں۔ وہ شخص جسے اس نے اپنے ہاتھ سے ہلاک کیا ہی، اس قدر مروت، اس قدر التفات ظاہر کر رہا ہے، دنیا میں حیات آخرت میں سعادت اُسے دے رہا ہی، مگر اُس کے منہ سے اِک حرفِ ندامت اک کلمہ تشکر بھی نہیں نکلتا! غیاث! تو کیا چپ کھڑا ہی؟ کیا تیرے دل کی جگہ مزار ہی، تیرے منہ میں زبان کی جگہ ایک خون کا لوتھڑا رکھ دیا گیا ہی؟ کچھ کہہ تو!

غیاث الدین: مجھے اتنی مہلت تو دی ہی نہیں جاتی کہ میں ایک بات بھی منہ سے نکال سکوں۔ میں کیا کہنا چاہتا ہوں، اُس کی بھی تمھیں کچھ خبر ہے؟ وہ مجھ سے معافی مانگتا ہی۔ حالاں کہ اُسے معاف کرنا چاہیئے، لیکن اب ندامت سے کیا فائدہ؟ اعادۂ مافات ممکن نہیں کہ میں کچھ کر سکوں، ایک ذرّہ برابر بھی معاوضہ دے سکوں۔

جلال الدین: (اپنے دل سے) اس کے قدموں میں سکراتِ موت میں ایک آدمی پڑا ہوا ہے مگر اُس کی طبیعت میں ایک ذرّہ برابر ہیجان نہیں پیدا ہوتا۔ انسان کے بجائے سنگِ مزار بنا کھڑا ہے۔ جو بات اس کی زبان سے نکلتی ہی سنگِ مزار کے کتابہ کی طرح بے رُوح ہو۔

ملک نصرت: الیچلو، مجھے بادشاہ کے قدموں میں لیچلو۔ اُس کے حضور میں مجھے ڈال دو۔ میرے بادشاہ! میں زخمی ہوں۔ میں کھڑا نہیں ہوسکتا۔ حضور از راہِ مراحمِ خسروانہ مجھے معاف فرمائیں۔
جلال الدین: نصرت، نصرت! کیا مجھے تجھے اس حال میں دیکھنا تھا؟
ملک نصرت: حضور! گزشتہ پر افسوس کرنا بے فائدہ ہے۔ اور اس میں افعالِ الٰہی پر ایک تعریض پیدا ہوتی ہے۔ میں نے جب سے اپنے تئیں خود پہچانا ہے وہ سب سے قریب دشمن جو مجھے ہمیشہ ملا ہے موت تھی۔ اکثر موت کے مشہور گزرگاہوں سے میرا گزر رہا۔ آج نہ سہی، چند دن بعد اس عالمِ محنت سے زخمی ہو کر جانا آپ کے غلام کے مقدر میں تھا، اے میرے بادشاہ!
جلال الدین: آہ! یقین کر کہ جس نے دشمن کے مقابلہ میں شہید ہونے کی دولت سے محروم کیا، اُسے اللہ کی شریعت اس زندگی سے محروم کرے گی جسے وہ معادِ ابدی سے زیادہ چاہتا ہے۔
زاہدہ: آہ! اب میں کیا کہوں؟ وہ آدمی جس کی اس نے جان لی، سامنے پڑا ہے۔ یہ اپنے ساتھ میرے بیٹے کو بھی لے جائیگا۔
ملک نصرت: اے میرے بادشاہ! مجھے اس سے تعجب نہیں کہ حضرت ملکہ اپنی اولاد کو خطرے میں دیکھکر اپنے ضعیف قلب میں اس قسم کے خیالات کو راہ دیں، مگر مجھے اُمید ہے کہ ذاتِ ہمایوں کے دل میں میرے حق میں اس قسم کے خیالات جاگزیں نہ ہوں گے۔ کیا حضور کو اس کا شبہ بھی ہوسکتا ہے کہ ملک نصرت جان دیتے وقت، حضورِ الٰہی میں حاضر ہوتے وقت دنیا میں آخری کام اور دولتِ اسلام کی آخری خدمت یہ کر کے جائے گا کہ ایک مسلمان کی، اور خاص کر ایک مسلمان شہزادے کی جان لینے کی خواہش کرے؟ سب گواہ ہوں کہ میں نے دنیا میں اور آخرت میں حضرت شہزادہ کو معاف کیا۔
جلال الدین: نصرت، نصرت! کیا خدائے تعالےٰ نے تجھے ایک وقت میں انسان اور فرشتہ دونوں پیدا کیا؟
ملک نصرت: نہیں، میرے بادشاہ! میں ایک معمولی انسان ہوں۔ کیا انسانیت اتنی قربانی کی بھی روادار نہیں ہوسکتی؟ (غیاث سے) میرے ولی نعمت زادے! میں نے جان بوجھ کر آپ کی خدمت میں کوئی گستاخی نہیں کی، مگر نادانستہ اگر مجھ سے کوئی قصور سرزد ہوا، تو کیا حضور مجھے معاف نہ کریں گے؟ میں دُنیا سے جا رہا ہوں۔
جلال الدین: (غیاث سے) تیرے دل کو کیا آتشِ لعنت نے راکھ کر دیا ہے یا شیطان کے ہاتھوں نے

اللہ پر قربان کیا۔

جلال الدین: (شدتِ تاثیر کو چھپانے کی کوشش کرتے ہوئے، اپنے دل سے) آہ! ایک خاتون کی دلسوزی ان دونوں میں سے ایک کو مارے ڈال رہی ہے۔ دوسری مجھے اس حال پر لے آئی ہے کہ میرے دل کا ہر ایک جذبہ میرے چہرے پر عیاں ہو جائے۔ اُف! مستعار چہرہ اور حالت بنانا انسان کے لئے اس قدر مشکل ہے جیسا اپنی زندگی کو ترک کرکے کسی دوسرے کی زندگی بسر کرنا۔ مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ میں ایک مزار کی شکل میں تبدیل ہو گیا ہوں (مہرجہاں سے) ملکہ! تم اپنی باتوں کو اس قدر بے تاثیر اور میری والدہ کے آنسوؤں کو اس قدر بے اثر خیال کرتی ہو کہ میرے دل کی ان حسیات کو جنھیں میں دل کے پوشیدہ ترین گوشوں میں دفن کرنا چاہتا ہوں، باہر نکالنا چاہتی ہو۔ کیا تم خیال کرتی ہو کہ تمہارا ایک حرف ایک کلمہ، ان آنکھوں کا ایک آنسو، مجھے دنیا کا ہر کام کرنے پر مجبور نہ کرے گا؟ مگر میں کیا کروں؟ کیا میں فرمانِ الٰہی کو پورا کرنے سے باز رہوں؟

مہرجہاں: اے میرے بادشاہ! کیا یہ ممکن ہے کہ جان بخشنا حضرت ارحم الراحمین کی رضا کے خلاف پڑے گا؟

جلال الدین: مہرجہاں! کیا تم نہیں سمجھتیں؟ میں اسے مارنے والا نہیں، شریعت قصاص طلب کر رہی ہے۔ میں شمشیرِ الٰہی کے سامنے کس طرح سینہ سپر ہو جاؤں، اور ایک قاتل کو اُس کی جزا سے باز رکھوں؟

زاہدہ: (پریشان حال سے) الٰہی! رحم بس تجھ میں باقی رہ گیا ہے۔ تیری قدرت پر کوئی غالب نہیں آسکتا۔ ہم اپنے گناہوں، اپنی رذالتوں کے باوجود تیری ہی بارگاہ میں اپنی فریاد لیجا سکتے ہیں (روتی ہوئی زمین پر گر پڑتی ہے)

مہرجہاں: اے عورت! اللہ سے اُمید منقطع نہ کر۔ دریائے رحمت انسانی خون کی طرح خشک نہیں ہوتا کہ ایک ماں کے آنکھوں سے نکلنے والے گریۂ نیاز سے جوش میں نہیں آئے۔

مجلس ہشتم

اشخاص سابق، ملک نصرت، سلیمان، خدام

ملک نصرت ایک چادر میں لپیٹے ہوئے لایا جاتا ہے۔ ایک طرف اُسے سلیمان پکڑے ہوئے ہوتا ہے۔

میں مجھ سے چھین کر اُس کی عوض میں ایک مایوسیت زندانی ایک اذیتِ مزاری دین آہ جلال!
تیرا دل نورِ شفق سے بنایا گیا تھا۔ اِک نفسِ آہ سے شمع کی لو کی طرح لرزنے لگتا تھا۔ آج کیوں پتھر ہوگیا
میری اتنی فریادوں کا بھی کوئی اثر نہیں ہوتا۔ الٰہی! الٰہی! میری زبان کو قدرت عطا کر کہ میرے دل
کے رنج و الم کو اک ذرہ برابر تو بیان کر سکے؟ جن بلاؤں کا ایک لمحہ تصور کرنا مجھے سرتا پا گریہ
کر دیتا تھا آج گھنٹوں وہ میری نظروں کے سامنے ہیں۔ اے میرے پادشاہ! اپنے بیٹے کی زندگی
میں آپ سے چاہتی ہوں۔ اے میرے پادشاہ، رحم رحم۔ پہلے مجھے مار ڈالئے تاکہ اُس کے
تلف ہونے کا تصور نہ کر سکوں (مہرجہاں سے) بیٹی، تم بھی اپنی نظروں کے سامنے ایک ماں کے
دل کو ٹکڑے ٹکڑے ہوتے دیکھ رہی ہو اور تمھیں رحم نہیں آتا۔ میری مدد نہیں کرتیں۔ اے میرے اللہ!
میرے لئے آسمان سے کس قدر لعنت برس رہی ہے کہ ملائکۂ رحمت بھی میرے حال پر ترس نہیں
کھاتے۔ آہ! شکاری بھی، وہ شکاری جو جن کے نزدیک جان لینے سے بڑھکر کوئی مشغلہ
لطف انگیز نہیں، کسی لومڑی، بھیڑیئے کے بچے کو جس وقت کہ وہ اپنی ماں کے پاس ہو، مارنے کی
سنگدلی نہیں کرتے۔ لیکن یہ لوگ اک عورت کے جگر کے ٹکڑے کو، اُس کی آنکھوں کے سامنے گھسیٹ
گھسیٹ کر جلاد کے پاس لیجائیں گے اور مار ڈالیں گے (روتے روتے بیہوش ہو کر زمین پر گر پڑتی ہے)

جلال الدین: (غیاث الدین سے) اب تو تمہارا دل بھرا؟ قاتل جانور! اپنے دینی بھائی کو شہید
کر کے، اپنی ماں کو بھی رنج و غم سے ہلاک کر رہی ہو۔ دیکھو اس کی سیر کرو، شاید تمہارے مکدر اور غیظ آلود
دل میں کشائش پیدا ہو، تمہاری فطرت جو فلک کی طرح کینہ پرور ہے، غرقِ افتخار و ابتہاج ہو۔ بیچاری
عورت!

مہرجہاں: (جلال کے قدموں پر گر کر) میرے آقا! میرے جلال! کیا اس عورت کو اُس کے حالِ زبوں
سے رہائی دینا آپ کے اختیار میں نہیں ہے۔ ترحم فرمایئے۔ اگر آپ اسے مار ڈالیں گے تو کیا اُس کی
جان ملک نصرت کو مل جائے گی؟ ایک جان لئے جانے کے وقت اک جان بخشنا، آپ کی عظمت و
مروت کے شایان ہے۔ میرے پادشاہ! ہم عورتیں ہیں۔ ہم میں قدرت نہیں کہ اپنے دل کی حیات پورے
طور پر بیان کر سکیں۔ اپنے درد کو سمجھا سکیں۔ مگر آپ سمجھتے ہیں۔ ہماری زبان، ہمارے درد دل کو بیان
نہ کر سکے۔ اس بیچاری ماں کو دیکھئے ہماری حال کی یہ تصویر ہے۔ دنیا کا غمگین ترین، جگر سوز ترین الم،
آپ کے سامنے مجسم زمین پر پڑا ہے! اس پر رحم کیجئے۔ آپ کو آپ کے دین، آپ کے مقصدِ عالی کا
واسطہ۔ اُن دو مقدس شہیدوں کی مٹی کا واسطہ جنھیں آپ نے اپنے دین کی راہ میں اپنے ہاتھ سے

کوئی قصور نہیں کہ اُس کے دُنیا میں آنے کا سبب ہوئی۔ آہ! اپنے جگر پارے کو موت کے خطرے میں دیکھکر، میں ہر لحہ عذابِ آخرت سہ رہی ہوں۔
جلال الدین: والدہ صاحبہ! آپ کو اندازہ ہی کہ آپ مجھ سے کیا چاہ رہی ہیں۔ کیا خواہش کر رہی ہیں؟
زاہدہ: میرے پادشاہ! میں نہیں جانتی۔ میں صرف اتنا جانتی ہوں کہ میرا لڑکا موت کے خطرے میں ہی اس کے سوا کچھ نہیں جانتی اور نہ کچھ جاننے کا اقتدار رکھتی ہوں۔ میرے پادشاہ! اپنی آنکھیں دوسری طرف نہ پھیرئیے۔ شریعت، توبہ توبہ چنگیز بھی اس بات کو منع نہیں کر سکتا کہ ایک بدبخت والدہ اپنے بچے کے لئے روئے اپنے جگر پارے کے لئے رحم کی التجا کرے۔ ماں پن کیا چیز ہی آپ کیا اس سے واقف نہیں؟ میرے پادشاہ! میں جس وقت غیاث کو جنی اُس وقت اُس کی آنکھ کی پہلی جھپک کی جاذبیت، اس کے ہونٹوں کی پہلے تبسم کی لطافت اگر میں نے نہ دیکھی ہوتی تو اُس کے جسم کے اپنے جسم سے علیحدہ ہوتے وقت میں مر چکی ہوتی! اولاد کی محبت، اولاد کی دلسوزی کیا چیز ہی یہ آپ نہیں جانتے؟ ہاں آپ جانتے ہیں۔ آپ کا بھی ایک جگر پارہ تھا آپ نے اُسے اپنے مقصدِ عالی کی راہ میں فدا کر دیا۔ ابراہیم کی طرح اللہ پر قربان کر دیا۔ آپ مرد ہیں آپ اس پر مقتدر ہو سکتے ہیں آپ یہ کر سکتے ہیں، ہم ضعیف ہیں عاجز نہیں ہم نہیں کر سکتے۔ ای میرے پادشاہ! اللہ بھی ایسے امتحانوں میں باپوں ہی کو مبتلا کرتا ہے ماؤں کو نہیں! جلال! جلال! جمالِ الٰہی کی حرمت کا واسطہ میرے پر رحم کیجئے۔ دیکھئے میں کیا ہزیان بک رہی ہوں ایک قاتل کو عدالت کے پنجہ سے چھڑانے کے لئے خدا کے کلام کو زبان پر لانے کی جرأت کر رہی ہوں نہیں نہیں مجھ میں اس کا اقتدار نہیں غیاث مجھے بھی اپنی طرح ملعون کر دے گا (اپنے سر کو جلال کی طرف پھرا کر انگلیوں سے غیاث کی طرف اشارہ کرکے جو وہاں کھڑا ہے) قاتل یہاں ہی میں جانتی ہوں میں ڈرتی ہوں کہ اُس کی طرف دیکھوں گی تو میری آنکھوں میں خون کے وہ قطرے پھریں گے جو اُس نے بہائے ہیں۔ لیکن میرا دل کہتا ہی عذاب آخرت کو اُس کی جگہ میں جھیلوں گا جس طرح جس وقت وہ میری گود میں لیٹا ہوتا تھا اُس کے جسم میں ایک قطرہ خون پیدا کرنے کے لئے میری جسم کی تمام قوت اُمنڈ کے آجاتی تھی اسی طرح میں یہ چاہتی ہوں ایک دقیقہ زندہ رہنے کے لئے وہ میری ساری عمر مجھ سی لیلے۔ وہ میری رُوح سے نکلا، میرے جسم سے جُدا ہوا ہی اور جُدا ہوتے وقت میرے تمام حیاتِ قلب اپنے ساتھ لیتا گیا ہی میری تمام اُمیدوں نے اُسی میں شکل اختیار کر لی ہی آپ سے یہ کس طرح ممکن ہوگا کہ میری ۲۴ سال کی عمر کی ہر قسم کی لذت و مسرت کو ایک دقیقہ

غصہ آتا ہی - جا تو اس وقت تو قید خانہ - بیڑیوں - عقرب - اور جلا دوں میں جا - وہاں تجھ رحم ملیگا -

مجلس ہفتم

اشخاص سابق - زاہدہ - مہر جہان

زاہدہ : (برقع اوڑھے ہوئے اور اسی کی طرح برقع اوڑھے ہوئے مہر جہان کو ہاتھ سے پکڑے ہوئے داخل ہوتی ہی) آ میری بیٹی - دو عورتیں ایک جگہ ہو کر اپنا درد دل بیان کریں - تو شاید بیجان مخلوق اور بیحس مصنوعات بھی رحم کے جذبے سے متجسس ہو جائیں گے -

مہر جہاں : آ ئی اماں جان آ ئی (اپنے دل سے) الٰہی ہم کس مصیبت کے زمانے اور کس ترحم انگیز حالت میں ہیں کہ میں جس سے اپنے درد دل کا علاج چاہتی ہوں وہ خود مجھ سے زیادہ غم واندہ میں مبتلا ہی اور خود مجھ سے علاج کا طالب ہوتا ہی -

جلال الدین : تم کہاں سے نکل آئیں ؟ کیا اب انتظام سلطنت عورتوں کے مشورے اور عورتوں کے حکم سے کروں -

زاہدہ : توبہ توبہ میرے بادشاہ ! مشورہ اور حکم نہیں، استرحام و نیاز - اے میرے بادشاہ ! میں ایک ماں ہوں، میں حضور کے مبارک قدموں کو لپٹ کر روؤں گی اور اس قدر روؤں گی کہ یا تو میرا رونا حضور کے دل پر اثر کرے گا یا میری آنکھوں میں ایک قطرۂ گریہ، میرے جسم میں ایک قطرۂ خوں باقی نہ رہیگا - میں اپنی التجا کی تائید کے لئے اپنے ساتھ اک فرشتہ بھی لائی ہوں - فرشتہ جہاں جاتا ہی وہاں رحمت برستی ہی اس لئے اُسے بھی ساتھ لائی ہوں (زمین پر گرکر) میں آپ کے قدموں پر گرکر، اپنے آنسوؤں سے زمین کو اور حضور کے قدموں کو تر کر رہی ہوں، کیا حضور میرے آنسوؤں کو خوں سے ڈھکیں گے ؟ اگر کوئی سانپ بھی گھسٹتا، گھسٹتا، موت سے اپنے بچے کو بچا لینے کے لئے آئے، تو اُس کا سر کچلنا شایان مردانگی نہیں - میں ماں ہوں - اے میرے بادشاہ ! میں ایک ایسی ہستی کی جان بخشی چاہتی ہوں، جو میرے جسم سے نکلی ہی، میری روح سے جدا ہوئی ہی - دو شخصوں میں سے ایک مجرم ہو، تو کیا آپ پسند کریں گے کہ دونوں کی جان لے لی جائے - اگر میرا بیٹا اس جہان سے جائے گا تو میں بھی اُس کے ساتھ جاؤں گی - حضور کو معلوم ہی کہ میرا اس کے سوا اور

اعادۂ مافات ممکن نہیں۔ حضور سے عفو کی التجا کرتا ہوں۔

جلال الدین: دیکھو اس بے ادب کو۔ اسے اس بات سے شرم نہیں آتی کہ اس کا عذر گناہ، بدتر از گناہ ہی۔ شراب ہر شخص کے لئے حرام ہی، مگر تم جیسے دنی الطبع آدمیوں کے لئے تو بمنزلہ کفر کے ہی۔ تو کس منہ سے عفو کا ملتجی ہی۔ شرم نہیں آتی۔ اپنے قاتل ہونے کا نشہ کے اوپر الزام رکھتا ہی اور مجھے دھوکہ دینا چاہتا ہی۔ کیا تجھے وہ واقعہ یاد نہیں ہی جو تبریز کے قریب تو نے ایک بیچارے سپاہی کے ساتھ کیا تھا۔ تو اپنی عمر میں کبھی اپنے کینہ و غضب کو نہیں بھولتا، کیا تو یہ اُمید کرتا ہی کہ ہر شخص تیری بدکاری اور تیرے جُرموں کو بھول جائے گا۔ تو نے جن شہیدوں کو دار آخرت میں بھیجا ہی کیا تو سمجھتا ہی کہ میں ایک ایک کر کے اُن کے مزار تجھے نہ دکھاؤں گا۔ تجھے اپنی شہزادگی پر گھمنڈ ہی کیا تو خیال کرتا ہی کہ جو خوارزم شاہ کے نسل سے ہو وہ خون آشام بھی ہو؟ میں تجھے بتاؤں گا کہ جو شہزادگی کے بلند مرتبہ سے گر کر قاتل کے ذلیل درجہ پر آپڑے ہیں اُن کے جسم کیسے ٹکڑے ٹکڑے ہوگئے ہیں۔ تجھے میں وہ اذیتیں دے کر ماروں گا جو الموط کے حشیشین اور تاتار کے جلادوں کے ذہن میں نہ آئیں تا کہ قیامت تک تو ایک دہشت انگیز عبرت ہو۔ کمینہ! تو نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہی کہ ملک نصرت نے گرجستان کی لڑائیوں میں دین اور دولت کی وہ خدمتیں کیں جو ایک زبردست فوج سے زیادہ تھیں۔ اُس نے تنہا صفوں کو اُلٹ دیا چند ہمراہیوں کو لے کر قلعے فتح کئے۔ چند نفر سپاہیوں سے پورے لشکر کو درہم برہم کر دیا۔ چند ہزار فوج سے ملک کے ملک لے ڈالے ہزارہا لاکھوں دشمنوں کے مقابلہ میں ایک خطرہ سے دوسرے خطرے میں اُس نے اپنے تئیں ڈالا لیکن موت اُس کے جسم کا بال بیکا نہ کر سکی۔ تو نے ایک خنزیر کے کینہ، ایک چیتے کی وحشت کے ساتھ ملت کو ایسے تہوّرات سے محروم کر دیا۔ خائن! تو نے اسلام کے مضبوط ترین قلعہ کو گرا دیا۔ میں تیرے سر کو پتھروں سے ٹکڑے ٹکڑے کردوں گا۔ تیرے دماغ کو زمین پر پراگندہ کردوں گا۔ ملعون! تو نے دین کی سب سے قیمتی تلوار کو توڑا ہے۔ تیرے گوشت کو گرم چمٹوں سے نوچواؤں گا۔ اگر ان اذیتوں سے بچنے کے لئے تو اپنے تئیں جہنم میں بھی ڈالنا چاہے تو تجھے وہاں تک پہونچنے کے لئے راستہ نہ دیا جائے گا۔

غیاث الدین: اے میرے بادشاہ! رحم۔ رحم

جلال الدین: یہ قاتل جب انسان کو مار رہا تھا اُس وقت رحم اُس کے دل میں نہ آیا۔ اپنی جان بچانے کے لئے رحم رحم پکارتا ہی۔ دل چاہتا ہے کہ میں اپنے تئیں خود ہلاک کر دوں۔ مجھے اتنا

سر پر گریں وہ اپنی تلوار کا تجربہ مسلمانوں کے جسم پر کرتا ہی چنگیز کی فوج میں داخل ہونا چاہتا ہے
ایسی حالت میں وہ میرا بھائی ہوگا! انسان جب ایسے خاندان میں پیدا ہونے کا خیال کرتا ہے تو
اُسے حسرت ہوتی ہی کہ میں کیوں کتے یا بچھو کی جنس سے نہ ہوا۔ دشمن سے لڑتے وقت کتا اپنے
ساتھی کو نہیں کاٹتا۔ بچھو اپنے ہم جنس کو ڈنک مار کے بقیہ مخلوق کو خوش نہیں کرتا۔ اُس نے ملک نصرت
کو کب زخمی کیا؟ کیا ملک نصرت مرگیا؟ قاتل کہاں ہی؟

اور خان: اُس نے ابھی مارا ہی۔ ملک نصرت ابھی مرا نہیں ہی۔ مگر بظاہر اُس کی زندگی کی کوئی اُمید
نہیں ہی۔ شہزادہ خیمے کے گرد پھر رہا ہی اور حضور کے عفو کا اُمیدوار ہو کر فرمان ہمایوں کا منتظر ہی۔

جلال الدین: کیا میرے پاس خون میں ہاتھ رنگے ہوئے آنا چاہتا ہی؟ کیا مجھ سے عفو کا خواستگار ہی۔
وہ خجالت سے زمین میں کیوں گڑ نہیں جاتا تاکہ دُنیا اُس کے بوجھ سے ہلکی ہو، کیوں ایک قدم جہنم کے
اور قریب نہیں ہو جاتا۔

مجلس ششم

اشخاص سابق۔ غیاث الدین

جلال الدین (غیاث الدین سے) آ، انسان کی نسل سے خونخوار جانور۔ آ، محل شاہی میں
پرورش پایا ہوا ڈاکو۔ آ، قاتلوں کے پادشاہ! تو کسی سے شرماتا نہیں، مگر کیا تجھے خدا سے بھی
شرم نہیں آتی (نہایت زور سے بجلی کی کڑک سُنائی دیتی ہی، اُس کے بعد ایک اور مہیب آواز پیدا
ہوتی ہی) یہ کیا آواز تھی، کیا خدا ہم پر پتھر برسا رہا ہی۔

اور خان (دروازے میں سے باہر نظر ڈال کر) میرے پادشاہ! پہاڑ کے ایک ٹیلے پر بجلی گری ہی۔

جلال الدین۔ اے آتش قہر! تو شہیدوں کی ہڈیوں سے کیا چاہتی ہی۔ یہاں ایسی ایسی ہستیاں
ہیں کہ تو تو کیا اگر اُن کے سر پر جہنم بھی آپڑے تو اُن کے کئے کی کافی سزا نہ ہو (غیاث سے) پتھر کے
بُت کی طرح خوفناک، خوفناک صورت بنائے خاموش کیا بیٹھا ہی۔ کہو تو یہ تم نے کیا کیا؟

غیاث الدین: میرے پادشاہ! کیا عرض کروں۔ میرے پاس کوئی عذر نہیں کہ حضور میں پیش کروں۔
نشہ کے عالم میں ایک خطا سرزد ہو گئی۔ اپنے کئے پر نادم ہوں! میں کیوں اس دُنیا میں آیا۔ کیا کروں

زاہدہ - میرے بادشاہ! خدا آپ کے رنجوں کو، دنیا کی عظیم ترین مسرتوں میں تبدیل کرے۔

مجلس چہارم

اشخاص سابق اور ایک کنیز

کنیز۔ دروازے پر حضور کا کوئی غلام کھڑا ہے۔ کہتا ہے ضروری کام ہے، حضور کی خدمت میں حاضر ہونا چاہتا ہے۔

جلال الدین: کون ہے؟

اورخان (باہر سے) میں ہوں حضور کا غلام، اے میرے بادشاہ! اک ضروری واقعہ قابلِ عرض ہے۔ اس لئے حضور کو تکلیف دینے کے لئے حاضر ہوا ہوں۔

جلال الدین: (زاہدہ سے) اماں جان! تشریف لیجائیے۔ جہاں تک ہو سکے ملکہ کو تسلی دیجئے میں بھی حتی الامکان کوشش کروں گا۔ اطمینان رکھئے۔

زاہدہ۔ (جاتے ہوئے) بیچاری بدبخت عورت! اس کے نصیب میں یہ تھا کہ ان چھوٹی باتوں کو جو تسلی کے لئے جائز شمار کی گئی ہیں، اختیار کر کے زندگی گزارے (جاتی ہے)

مجلس پنجم

جلال الدین۔ اورخان

جلال الدین: اورخان اندر آؤ۔ کون ایسا کام ہے جس کا مجھ سے اس وقت ذکر کرنا ضروری خیال کیا گیا۔

اورخان: میرے بادشاہ! حضور کا غلام کسی وقت پیام آور مصیبت بننا نہیں چاہتا مگر کیا کروں کہ فرض مجھے مجبور کرتا ہے۔ حضور کے بھائی نے ابھی ابھی ملک نصرت کو زخمی کیا ہے۔ حضور کا کیا حکم ہے۔

جلال الدین: غیاث الدین نے ملک نصرت پر ہاتھ اٹھایا؟ قہر خدا کی ہزاروں بجلیاں اس کے

چلے جانے کا آپ کو اتنا رنج تھا گویا آپ حیات ابدی سے محروم کر دیئے گئے۔ یہ خدا کا احسان وکرم اور اس کی شان ہے کہ بس ثانی ثمن کے آپ اس قدر والہ وشیدا تھے۔ اسے پھر گویا آپ کے پاس بھیج دیا۔ کیا یہ روا ہے کہ فلک کی اس رعایت عظیم کو آپ ایک ناقابل برداشت مصیبت خیال کریں

جلال الدین: اماں جان! اماں جان! نیرہ کا، نازنین جسم جسے میں نے اپنے ہاتھ سے سپرد خاک کیا، نہ معلوم اب کس حال میں ہوگا۔ میں اس کے حسین چہرے پر جب نظر ڈالتا ہوں تو اس کا خیال مجھ پر مستولی ہوتا ہے اور اس کی ہر بات، ہر ادا، مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ نیرہ کی طرف سے ایک مجسم سرزنش ہے۔ اس کی نظریں، نیرہ کی زبان بن جاتی ہیں اور مجھ سے کہتی معلوم ہوتی ہیں: ظالم! یہی ہے تیرا ادعائے محبت کہ تو مجھے مرتے دم چاہیگا۔ مجھے اور میرے معصوم جگرپارے کو اس لئے اپنے ہاتھ سے تو نے سیلاب فنا میں غرق کیا کہ میری جگہ ایک دوسری کو لا کر بٹھائے۔ مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہوا اس کے مظلوم خون کے بخارات سے پیدا ہوئی، اس لئے سانس لینا بھی مجھے گراں گزرتا ہے۔ نہ معلوم یہ بجلیاں تڑپتی تو ہیں، میرے سر پر کیوں نہیں گر پڑتیں، زمین میرے پاؤں کے نیچے پھٹ کر مجھے اسفل السافلین میں کیوں نہیں بھیج دیتی۔ میں کیسی مردود و مخلوق ہوں کہ جیتا ہوں، مرتا نہیں، موت بھی مجھ سے نفرت کرتی ہے اور میرے پاس آنے سے گریز کرتی ہے۔

زاہدہ۔ میرے بادشاہ! ....

جلال الدین (بات کاٹ کر) آپ غور کرتی ہیں میں نے کیا کہا۔ جلا دوں، تاتاریوں کے کندھوں پر یہ بوجھ نہ ہوگا۔ اس ہستی کو جسے تو اپنی رُوح ثانی کہتا تھا یہ کہکے محو کر کہ تو اللہ کی راہ میں بہت بڑی قربانی کر رہا ہے، پھر اس کے بعد دوسری کو لا۔ ارے ظالم کیا نیرہ تجھے نہ چاہتی تھی۔ کیا تیر تیرے ہاتھ نہ آتا، تو ملک خدا شیطانوں کے ہاتھ میں چلا جاتا۔ بدبخت!

زاہدہ۔ مقدرات الٰہی میں کون دخل دے سکتا ہے۔ جو ہونا تھا وہ ہوا۔ مگر میرے بادشاہ! کیا یہ مناسب ہے کہ آپ بیچاری مہرجہاں کو جو آپ کو دل وجان سے چاہتی ہے ناامید کر کے مار ڈالیں۔

جلال الدین: اُس بیچاری کی نہ کوئی قباحت نہ اُس کا کوئی قصور میں جتنا ہو سکے گا اتنا اپنے دل پر غلبہ حاصل کرنے کی کوشش کروں گا۔ جہاں تک ممکن ہوگا اُس کے فکر و واہمہ کو دور کروں گا اماں جان! آپ اطمینان رکھیں۔ فلک نے بڑے اہتمام سے جس بلا میں مجھے ڈالا ہے وہ ایسی ہے جو اس شش ہزار سالہ دُنیا میں میرے لئے مخصوص کی گئی ہے۔ اس بلا میں ایک ضعیف عورت کو حصہ دار کرنا اس پر موقوف ہے کہ میں بھی فلک کی طرح ظالم ہو جاؤں۔

جلال الدین۔ مجھے بھی خیال نہ ہوسکتا تھا کہ دُنیا میں ایک انسان دوسرے انسان سے اس قدر مشابہ ہوسکتا ہے۔ صرف اُس کا جسم اور اُس کے حرکات واطوار ہی نہیں، بلکہ اُس کا چہرہ، چہرے کے باریک سے باریک خطوط، ہونٹوں کا خفیف سے خفیف تبسم۔ ہر چیز ہر ادا، ہو بہو نیرّہ کی سی ہے۔ صرف اس کی بالوں میں تو ذرا سی زردی ہے جو اُس کے بالوں میں نہ تھی۔ اُسے دیکھتا ہوں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ نیرّہ، وہ نیرّہ جسے میں اپنی جان سے زیادہ عزیز رکھتا تھا، مگر جس کا بے بہا بست و دوسالہ جام حیات میں نے توڑا، آخرت سے واپس آگئی ہے اور یہ ثابت کرنے کے لئے کہ وہ مزار سے آرہی ہے اپنے بالوں میں تھوڑی سی مٹی لگالائی ہے۔

اماں جان! اگر کوئی شخص اپنی معشوقہ کے تمثال مجسم کو جو خود اُس کے ہاتھ سے تلف ہوئی ہو ہر وقت اپنے سامنے دیکھے تو کیا اُس کے دل میں مسرت، اُس کے چہرے میں کشایش باقی رہیگی جس وقت ملکہ میرے سامنے ہوتی ہے تو میں یہ تمیز نہیں کرسکتا کہ میں دنیا میں ہوں یا آخرت میں۔ نیرہ جب سے دُنیا سے گئی ہے میں بستر کو مزار سمجھتا تھا، لیکن یہ کیا ہوا کہ اُس مزار میں ہر رات مجھے اپنی بغل میں ایک مُردے کو لینا پڑتا ہے۔ اگر کوئی مُردہ کسی شخص کے سامنے چلتا نظر آئے یا اُس کے سامنے وہ باتیں کرے، تو بڑے سے بڑا بہادر اپنی عقل کھو بیٹھتا ہے۔ غور فرمایئے اگر کسی کے خیال میں کسی کے نظروں کے سامنے، ہر لحظہ یہی منظر ہو، وہ کیسے اسے برداشت کرے۔ دیکھئے اس ذکر نے میرا کیا حال کردیا، بدن میں لرزہ پیدا ہوگیا، رونگٹے کھڑے ہوگئے۔ میرے سامنے مُردے چلنے پھرنے لگے یا مجھ سے باتیں کرے تو میں ڈرنے والا نہیں، انشاءاللہ نہ مرے رونگٹے کھڑے ہوں، نہ میرے جسم میں لرزہ پیدا ہو۔ لیکن آہ! نیرّہ جس کی ادنیٰ خوشی کے لئے اپنی جان پیش کرنا جسے میں سب سے بڑی دولت خیال کرتا تھا اُسی میں نے اپنے ہاتھ سے تلف کیا، اس کے بعد بھی میں اپنے کلیجے میں خنجر گھوپ کر میں اپنے تئیں اس عالم مصیبت سے چھڑا نہیں سکتا۔ زندہ رہکر زندگی کی مسرّت سے محروم رہنے کے لئے مجبور ہوں۔ احساس فرض مجھے مجبور کر رہا ہے کہ میں اس مصیبت بھری زندگی کو جھیلوں، مگر فلک اسی پر بس نہیں کرتا۔ اُسے گویا میری مصیبتوں سے ایسا لطف آتا ہے کہ جیسے کسی کو جہنم میں ڈال کر جہنم کی دیواروں پر باغ جنت کی اُس کے سامنے تصویر کھینچی جائے وہ ہر وقت ایک ایسی ہستی کو میرے سامنے پھراتا ہے جو ہر وقت مجھے میرے ہاتھ سے چھینی ہوئی نعمت سعادت و مسرت کو یاد دلائے۔

زاہدہ۔ اللہ نے آپ کی اُس معشوقہ کا ثانی بدل بھیج دیا جسے آپ اس قدر چاہتے تھے اور جس کے

رہتے ہیں اس وجہ وہ ہٹ گئیں کہ آپ کو پریشان نہ کریں۔

جلال: آہ!

زاہدہ: جہاں تک میری زبان نے یاری دی، میں نے انھیں سمجھایا کہ جس چیز کو وہ تکدر خیال کرتی ہیں وہ حضور کی مشغولیت ہے۔ مگر اُن کے سمجھ میں نہیں آتا۔ حضور کو معلوم ہے کہ عشق و بدگمانی توام پیدا ہوئے ہیں اور ایک دوسرے سے کبھی علٰحدہ نہیں ہوتے۔

جلال الدین۔ بیچاری عورت باخودوہ اور اُس کی طبیعت ایسی اچھی ہے کہ مجھ جیسے فانی انسان کو ہی نہیں بلکہ ایک فرشتے کو جو حیات ابدی کا مالک ہو خوش نصیب بنائے لیکن سب بیفائدہ ہے۔

زاہدہ۔ حضور نے مجھے ایسے فکر میں ڈال دیا جس کا مجھے خیال بھی نہ تھا۔ وہ برودت جس کی مہرجہاں نے مجھ سے شکایت کی تھی محض اس کی بدگمانی و واہمہ سے عبارت نہ تھی۔ اس کی اصلیت ہے۔

جلال۔ وہ برودت و سرد مہری نہیں بلکہ کچھ اور چیز ہے، کچھ اور ابتلا ہے۔

زاہدہ۔ اگر میں اس کی ماہیت کے متعلق سوال کروں تو بے ادبی تو نہ ہوگی۔

جلال الدین: بے ادبی کیوں ہو۔ آہ! وہ عورت جو مجھے ازل نے علٰحدہ کرکے اس دنیائے دُنی میں لائی، اس دُنیا میں نہیں کہ میں اپنا حال اُس سے کہوں۔ اگر انسان کو کوئی شریک راز نہ ملے جس سے وہ اپنا درد دل کہہ سکے تو اُس کی مُصیبت اور بڑھ جاتی ہے۔

زاہدہ۔ کاش کہ حضور اپنا بارِ الم ہم پر منتقل کر سکتے تاکہ حضور کا وجودِ مسعود وہمایوں جس کی اسلام و بنی نوع انسان کو اس قدر ضرورت ہے کچھ تو آرام پاتا۔ اے میرے پادشاہ! مجھ سے فرمایئے۔ مجھے اپنا درد دل کہئے۔ مہرجہاں سے آپ کے دل پر کس قسم کے تاثرات پیدا ہوتے ہیں، کیا کوئی تکلیف پہونچتی ہے۔

جلال الدین: تم نے اگر ایک مرتبہ بھی نیرہ کو دیکھا ہوتا، تو اس قسم کے سوالات کی حاجت نہ رہتی۔

زاہدہ۔ مرحومہ کتنی بھی حسین تھی، مگر میرے خیال میں مہرجہاں سے زیادہ حسین تو نہ ہوگی۔ وہ بشر نہیں، ماہتاب معلوم ہوتی ہے۔ یا اک فرشتہ۔

جلال الدین: افسوس کہ بہت زیادہ حسین ہے۔ حد تصور سے زیادہ حسین۔ نیرہ کی مانند حسین ہے۔ اُس میں اور نیرہ میں ذرا بھی فرق نہیں۔ اسی وجہ سے تو میں مصیبت میں مبتلا ہوں۔

زاہدہ: کس طرح، میرے پادشاہ؟

ہو گویا وہ ایک ویران جھونپڑا، یا ایک شکستہ مزار ہو۔ اس کی طبیعت ذرا خوش نہیں ہوتی۔ اُس نے اپنے تئیں بُرائیوں کو دفع کرنے کے لئے وقف کر دیا ہے، حسن و خوبی سے متمتع ہونا اُس کے ذہن میں بھی نہیں آتا۔ آج وہ دُنیا پر حکمراں ہے۔ اگر وہ چاہے تو دُنیا اُس کے آرام کے لئے خدمت گذار ہو، لیکن دُنیا کو آرام پہونچانے کے لئے خدمت گزاری خود کر رہا ہے۔ مہر جہاں کا ذہن ان حالات سے کیوں کر پریشان نہو۔ بادشاہ کا ہر شخص کی خدمت کرنا اُس کے خیال میں اس سے نفرت کرنے کے ہم معنی ہو۔ وہ جلال کی وجہ سے دُنیا سے رشک کرتی ہو۔ اس دنیا میں کسی کو چند گز مزار کے سوا کسی چیز پر قبضہ نہیں ملتا، مگر وہ چاہتی ہے کہ جلال کے دل پر جو ایک دُنیا سے وسیع سے زیادہ وسیع ہو۔ بلا شرکت غیرے قبضہ کرے۔ بس اُس کی جذبات کو سمجھتی ہوں۔ لیکن میرا خیال ہو کہ ان وجوہ کے علاوہ بھی کچھ اور وجہ ہو۔ جلال کیوں اُس سے گرمجوشی سے نہیں ملتا۔ شاید اُسے چاہتا نہیں، یا اُس واقعہ سے متاثر ہوا ہے۔۔ یا۔۔ نہیں اس کا احتمال نہیں۔ جلال کبھی اپنے اوپر ریاکاری کا نقاب نہ ڈالے گا وہ کسی وقت، دیوان محشر میں حاضر کیا جائے، اُسے اپنے چہرہ کو ہاتھوں سے چھپانے کی ضرورت نہوگی میں اُسے اچھی طرح سمجھتی ہوں۔ آئینہ سیما جلال پر جب نظر ڈالو اُس کے دل میں کیا ہو صاف نظر آئے گا۔ مگر میرا لڑکا، اُس کا یہ حال ہو کہ زندہ ہے مگر مدفون جنازے کی طرح معلوم ہوتا ہو۔ اس کی باتیں صرف منکر نکیر ہی سمجھیں تو سمجھیں۔ وہ اس بچے کی مانند ہو جو پیٹ سے مُردہ پیدا ہو۔ اُس کے بھیدوں کو خدا ہی سمجھتا ہو۔

مجلس سوم

زاہدہ۔ جلال الدین

جلال الدین۔ امّاں جان! کیا آپ تنہا تھیں؟

زاہدہ۔ نہیں بادشاہ! ملکہ بھی میرے پاس تھیں، مگر جب انھوں نے سُنا کہ آپ تشریف لا رہے ہیں تو چلی گئیں۔

جلال۔ مجھ سے کیوں بھاگتی ہیں؟

زاہدہ۔ استغفراللہ! حضور، بات یہ ہو کہ انھیں خیال ہو کہ اُن کے سامنے حضور کچھ دل گرفتہ

ہوتے ہی تمہارے پاس آؤں گی۔ اگر مجھے اس بات کا اطمینان ہوتا کہ میں تمہارے پاس اپنی امید سے زیادہ اچھی خبر لاؤں گی تو کیا میں ایسا پکا وعدہ کرتی۔ ایک عورت، معاملاتِ محبت میں اپنے دل کو دھوکا دے سکتی ہے، مگر اپنے جگر پارے کو دھوکا نہیں دے سکتی؟ اور کیا تم میرے پارۂ جگر نہیں ہو؟ کیا تم خیال کرتی ہو کہ تم میری حقیقی بیٹی ہوتیں تو اس سے زیادہ عزیز ہوتیں! میری پہلی نظر جب تم پر پڑی، اس وقت سے تم اپنے شیریں، اپنے محبت آمیز، محبت انگیز اطوار یہاں تک کہ اپنے تبسم، اپنے گویہ میں ایک نوزائیدہ فرشتہ معلوم ہو رہی ہو۔ گو تم میرے جسم سے پیدا نہیں ہوئیں، مگر میری رُوح سے متحد ہو۔ میرے دل کی راحت، میرے دل کی چین، میری بیٹی، آ میری آغوش میں آ۔ اُس رُوح کی مانند لطیف فرشتے جسے یدِ قدرت نے ابھی پیدا کیا ہو۔ آ

مہرجہاں: یا الٰہی! تو میری رُوح کو ایسی ہی پُر شفقت آغوش میں قبض کر، تاکہ میں سفرِ آخرت اختیار کروں، تو خوشی خوشی اختیار کروں۔

زاہدہ۔ مہرجہاں! ایسا معلوم ہوتا ہے تمھیں اذیت کشی میں لطف آتا ہے، اور اپنے تردد کے زمانہ کو طول کرنا چاہتی ہو اور مجھے بھی اپنی طرح رنجیدہ کرنا چاہتی ہو۔ جاؤ بیٹی، تمھیں خدا کا واسطہ تمھیں اپنے محبوب کا واسطہ، اپنے فکروں اور وہموں کو دل سے ہٹاؤ، میں ابھی تمہارے پاس آئی۔

مہرجہاں: آپ قسمیں کیوں دلاتی ہیں؟ میں اپنے وہموں کو رفع کرنے پر قادر ہوں کہ اُنھیں ہٹاؤں؟ کوشش کرنے سے کچھ فائدہ ہوگا کہ میں کوشش کروں۔ امّاں جان! میں جاتی ہوں مگر مجھے انتظار میں نہ رکھنا۔ اگر مجھے جہنم جانا ہو، تو جانے کو طیار ہو جاؤں گی۔ مگر اس عذاب انتظار میں مجھے نہ مبتلا رکھنا۔

زاہدہ: بیٹی! میں انتظار نہ کراؤں گی۔ جہاں تک ممکن ہوگا جلد آؤں گی۔ میری جان! تمہارا ہر فقرہ میرے دل کو ٹکڑے ٹکڑے کرتا ہے؛ میری رُوح کی قوت کو گھٹاتا ہے (مہرجہاں جاتی ہے) بیچاری لڑکی! یہ تو سرتاپا دل ہے۔ اُن پھولوں کی طرح جو آفتاب کی روشنی سے جیتے ہیں۔ یہ محض محبت پر جیتی ہے۔ میں نے حقیقت میں اس طرف غور نہیں کیا، بیچاری مہرجہاں کو اس خلجان میں ڈالنے والی اگرچہ اتفاقی نہیں بھی ہے تو شاید کچھ برودت تو ضرور رہی۔ کمی التفات کا باعث تلاش کرنے کی حاجت نہیں۔ چنگیز میں، چنگیز کیا، آسمان میں یہ قدرت نہیں کہ جلال کے دل کو مملکت اسلام سے علیحدہ کر کے حرم سرا میں قید کر دے۔ مہرجہاں جیسی ایک نور مجسم ہستی، جس کی روشنی دنیا کو چکا چوند میں ڈالنے کے لیے کافی ہے، اُس کے سامنے ہر وقت موجود رہی مگر پھر بھی وہ محل پر اس طرح نظر ڈالتا

زاہدہ۔ بیٹی تم اس کا یقین کرو کہ سوائے تمہاری محبت کے بادشاہ کے دل میں کوئی راز نہیں ہے لیکن چوں کہ وہ ہر وقت امور سلطنت میں محو رہتا ہی حُسن اُس پر اپنا اثر نہیں کرتا۔ دُنیا سنوارنے میں وہ اس قدر مصروف ہی کہ میں کہہ سکتی ہوں کہ اُسے یہ بھی خبر نہیں ہوتی کہ آفتاب کدھر نکلا اور کدھر ڈوبا۔ پھر بھی میں جاؤں گی اور اُس سے پوچھوں گی۔ اور جو کچھ اُس سے سُنوں گی تم کو حرف بہ حرف خبر کروں گی۔ مجھے یہ یقین ہی کہ تمہارے دل کو میرے دل کی طرح اطمینان ہو جائے گا۔ دل زبان عشق کو سب سے بہتر سمجھتا ہی۔

مجلس دوم

اشخاص سابق۔ ایک کنیز

مہرجہاں (کنیز سے) کیا ہی لڑکی، بغیر بُلائے کیوں آئی، کیوں مجھے پریشان کرتی ہی؟

کنیز: حضور! بادشاہ تشریف لا رہے ہیں۔ اس کی خبر دینے حاضر ہوئی تھی۔

مہرجہاں: بادشاہ تشریف لا رہے ہیں؟ (زاہدہ سے) کیا خوب حُسنِ اتفاق ہی۔

اماں جان اُمید ہی آپ اپنے وعدے پر ثابت قدم رہیں گی (کنیز جاتی ہے)

زاہدہ۔ ضرور میں اُن سے ذکر کروں گی۔ تم ناحق اپنے عیش و آرام کو وہموں کو مبتلا ہو کر برباد کر رہی ہو۔ یقین مانو محبت وہ موتی ہی جس میں اعتبار سے دمک پیدا ہوتی ہی۔ اور عشق وہ زندگی ہے جو اطمینان سے برقرار رہتی ہی۔ کہاں چلیں؟

مہرجہاں: آپ اُن سے باتیں کریں گی؟

زاہدہ۔ تمہارے یہاں رہنے سے باتوں میں کیا کوئی خلل پڑے گا۔

مہرجہاں: نہیں میں یہاں نہ رہوں گی۔ اس انتظار میں کہ اُس کے منہ سے کیا بات نکلے گی مجھے عذاب موت اُٹھانا پڑے گا۔ مجھ میں اس کے برداشت کی طاقت نہیں۔ علاوہ اس کے شاید میری ساتھ وہ صاف صاف دل کی بات کہیں بھی نہیں، اور اگر کہیں بھی تو میں یہ سمجھوں گی کہ مجھے تسلّی دینے کی غرض سے کہہ رہی ہیں۔

زاہدہ۔ تم جاؤ، بیٹی خدا کے واسطے میرے انتظار میں پریشان مت ہونا۔ میں بادشاہ سے رخصت

اُس کے دل کی گہرائیوں میں میری نگاہ پہونچ سکے تاکہ میں وہاں کے اسرار دیکھ سکوں۔
زاہدہ - خبردار بیٹی خبردار! گہرائی پر نظر ڈالنے سے انسان کو چکر آنے لگتا ہے۔ بادشاہ کے دل کو قضا و قدر نے ایسا عمیق اور ایسا وسیع بنایا ہے کہ ساری دنیا اُس کی تھاہ پانی کی کوشش میں ہے۔ اس کے اسرار سمجھنے کی کوشش مت کر اُس کے دل میں کبھی کبھی جو انشراح پیدا ہو جاتا ہے اُس کے ہونٹوں پر جو کبھی کبھی مسکراہٹ نظر آتی ہے اُس سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کر۔ اُس کے گہرائیوں کو نہ دیکھ۔ اُس کے کنارہ جو پھول کھل رہے ہیں اُنھیں چن لینے پر قناعت کر۔ (بجلی چمکتی ہے)
مہرجہاں - یہ کیا ہوا۔ سامنے کیا نظر آیا۔ کیا پہاڑی کی چوٹیوں پر خون کی بارش ہو رہی ہے۔
زاہدہ - پہاڑی چوٹی نہیں بیٹی تاتاری فوج اُدھر سے گذری ہے اور اُس نے انسانوں کی کھوپڑیوں کے ڈھیر کو جو آگ لگائی ہے یہ اُس کا رنگ ہے۔ دیکھو یہ معلوم کرکے تمہارے جسم میں جس قدر خون تھا وہ تمہارے قلب میں جمع ہو گیا۔ چہرہ زرد پڑ گیا۔ اس حالت سے بھلا تم جلال الدین کے دل پر کیا اثر ڈال سکو گی۔ میں نے تم سے کتنی دفعہ کہا ہے آدھی دُنیا انسانوں کی کھوپڑیوں سے تعمیر ہوئی ہے۔ ہزارہا ڈھیران کے لگے ہوئے ہیں ہر طرف آگ کے طوفان جوش کھا رہے ہیں۔ جلال الدین کے دل میں بھی یہی طوفان اور ایسی ہی آگ بھڑک رہی ہے۔ دنیا میں جس قدر درد اور تکلیف ہے کیا اُسے ایک نقطہ میں جمع دیکھنا چاہتی ہو۔ بیچارہ بادشاہ جس طرح خوش ہو سکتا ہے اُس کی شیریں باتیں آہ اُس کا تبسم گریہ مغموم میں کیوں کر نہ بدل جائے۔ ایک دن میں ہزارہا انسان ہلاک ہو رہے ہیں۔ اس کا غم کسی اور کو ہوتا ہو یا نہ ہوتا ہو اُس کے قلب محزون پر یورش کرتا ہے جو شخص دنیا کے مصائب سے ذاتی طور پر متاثر ہو وہ کس طرح ہنس سکتا ہے کس طرح دل بہلا سکتا ہے۔
مہرجہاں - نہیں نہیں پیاری اماں جان جلال کی جو کیفیت ہے وہ دُنیا کے غم کی وجہ سے نہیں ہے مجھے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ میرے متعلق ایک راز ایک کدورت اُس کے دل میں پوشیدہ ہے مجھے دیکھتے ہی گویا وہ عالم حیات سے باہر چلا جاتا ہے۔ اور ایسا ہوتا ہے گویا وہ دُنیا سے باہر کسی چیز کو دیکھ رہا ہے۔ وہ اپنے دل کا حال تم سے نہ چھپائیگا میں تم کو غیاث الدین کی قسم دیتی ہوں اُس سے پوچھو۔ اگر مجھے نہیں چاہتا یا میری کسی بات کسی حرکت کی وجہ سے مجھے نفرت کرتا ہے تو مجھے خبر دو یہ ظاہر ہے کہ جب مجھے یہ معلوم ہوگا کہ میں اُس کی نظروں سے گر گئی تو میں زندہ نہ رہ سکوں گی جان نکالنے کی بھی ملک الموت کو ضرورت نہ ہوگی اور اس طرح عذاب جہنم سے جس میں میں دنیا میں مبتلا ہوں نجات دونگی۔ خدا علیم ہے کہ جس عذاب میں میں مبتلا ہوں وہ عذاب قیامت کسی طرح کم نہیں۔

مصنف: نامق کمال

ترجمہ: سید حیدر علی واجد بلالی (ایبٹ)

جلال الدین خوارزم شاہ

ایک ڈراما

(گزشتہ سے پیوستہ)

پردہ ششم

(ایک وسیع صحرا میں ایک خیمہ۔ موسم طوفانی ہی۔ کبھی کبھی آسمان پر گرج سنائی دیتی ہی بجلی کوندتی ہے یہ حال پردہ کے ختم ہونے تک قایم رہتا ہے)

مجلس اوّل

مہرجہاں۔ زاہدہ

مہرجہاں۔ اماں جان۔ نہ معلوم کیا بات ہی۔ جلال جب مجھے دیکھتا ہی ایسا معلوم ہوتا ہی کہ اُس نے اپنی قبر دیکھی۔ مجھے دیکھتے ہی اُس کے چہرہ پر غم وغصہ کے آثار پیدا ہوجاتے ہیں۔ اُس کی آنکھوں کی چمک ہونٹوں کا تبسم غائب ہوجاتا ہے۔ میں اس سے انکار نہیں کرتی کہ وہ میرے ساتھ حد سے زیادہ رعایت اور نہایت درجہ نرمی کا برتاؤ کرتا ہے مگر یہ رعایت اور حرمت اس قسم کی ہوتی ہے کہ جیسے کوئی آخرت کی کسی چیز پر نظر ڈال کر آنکھیں بند کر کے کرے۔ میں اُسے اس درجہ چاہتی ہوں جیسے کوئی اپنی جان۔ اپنی جوانی کو چاہے۔ اُس کے پاس پہونچکر میں ایک مجسم حیات اور میرا دل ایک طراوت تازہ بن جاتا ہی لیکن وہ میرے ساتھ اس طرح سے باتیں کرتا ہی جیسے کوئی کسی بیمار کی تیمارداری کرتا ہو۔ اُس کا تبسم گریہ کے مانند حزیں ہوتا ہی۔ نوازش کا زمانہ مگر معنوانہ نظریں مجھ پر ڈالتا ہی۔ کاش یہ ممکن ہو کہ

کفِ گل فروش

عرفی: نالہ می کُشتم از دردِ تو گاہے، لیکن
تا بہ لب می رسد از ضعفِ نفس می گردد

غالب: نالے عدم میں چند ہمارے سپرد تھے
جو واں نہ کھنچ سکے، سو وہ یاں آکے دم ہوئے

خاقانی: ہمسایہ شنید نالہ ام گفت
خاقانی را دگر شب آمد

حسن: پھر چھیڑا حسن نے اپنا قصہ
بس آج کی شب بھی سو چکے ہم

عرفی: ازاں بہ دردِ دگر ہر زماں گرفتارم
کہ شیوہ ہائے ترا با ہم آشنائی نیست

مومن: ہر آن، آنِ دگر کا ہوا ہیں عاشقِ زار
وہ سادہ ایسے کہ سمجھے وفا شعار مجھے!

شبلی: تا بندۂ آں بادۂ تندیم کہ از جوشش
از شیشہ بروں جست و زمینا بدر افتاد!

غالب: رگوں میں دوڑتے پھرنے کے ہم نہیں قائل
جو آنکھ ہی سے نہ ٹپکا، تو پھر لہو کیا ہے!

غالب: از من بجرمِ تپیدن کنارہ می کردی
بیا بخاکِ من و آرمیدنم بنگر!

فانی: سُنتے جاتے نہ تھے تم سے مرے دن رات کے شکوے
کفن سرکاؤ، میری بے زبانی دیکھتے جاؤ

محتشم: تلخی نکن، کہ خندہ نگہداشتن بزور
می بارد از لب و دہنِ نوشخندِ تو!

ذوق: عبث تم اپنا بناوٹ سے منہ بناتے ہو
وہ لب پہ آئی ہنسی، دیکھو، مسکراتے ہو

حزیں: تا چند حزیں، بدشت گردی؟
اے خانہ خراب! خانہ ات کو؟

قائم: قائم، تو اس طرح جو پھرے ہے خراب و خوار
اے خانماں خراب! مگر تیرے گھر نہیں؟

سعدی: گفتہ بودم، چو بیائی غمِ دل با تو بگویم
چہ بگویم، کہ غم از دل برود چوں تو بیائی!

میر: کس طرح دکھاؤں انہیں روداد جدائی؟
وہ آئے تو ڈھونڈے شبِ فرقت نہیں ملتی!

حافظ: گر ز مسجد بہ خرابات شدم عیب مگیر
مجلسِ وعظ دراز است و زماں خواہد شد

قائم: مجلسِ وعظ تو تا دیر رہے گی قائم
یہ ہے میخانہ، ابھی پی کے چلے آتے ہیں

حزیں: رفتی و در تب و تاب انداختی حزیں را
باز آ، کہ در فراقت جاں ناصبور دارم

غالب: آ، کہ مری جان کو قرار نہیں ہے
طاقتِ بیدادِ انتظار نہیں ہے

شبلی: دو دل بودن دریں رہ سخت تر عیب ست سالک را
خجل ہستم ز کفرِ خود، کہ دارد بوئے ایماں ہم

غالب: نہیں کچھ سبحہ و زنار کے پھندے میں گیرائی
وفاداری میں شیخ و برہمن کی آزمائش ہے

(اڈیٹر)

تاریخی کی طرح زبان زد ہوتے رہتے ہیں۔ ولی کے دو تین شعر اس خصوص میں ملاحظہ ہوں :-

ولی تیرے سخن یاقوت سے رنگیں ہوئے لیکن — خریداراں جہاں بہتر کہاں ہیں آج جوہر کے
ولی رکھتا ہوں سینے میں ہزاروں گوہر معنی — دکھاؤں اپنے جوہر کو اگر کئی جوہری آوے
سخن شناس کے نزدیک نہیں ہے کم زیزید — کسی کے مطلب رنگیں کو جو کیا ہے شہید

موجد ہونے کا احساس

اس مضمون کی کسی حصے میں یہ اشارہ کیا گیا ہے کہ ولی کو اپنے موجد ہونے کا خود دعویٰ تھا اُس کے ثبوت میں یہ چند اشعار پیش کئے جاتے ہیں :-

اس شعر کی یہ طرح نکالا ہے جب ولی — یہ اختراع سن کے رہے دل میں سب عجیب
جو شعر لباسی تھے جیوں پھول ہوئے باسی — جب شعر ولی تیرا یہ تازہ ہوا تازہ
امید مجکو یوں ہے ولی کیا عجب اگر — اس ریختے کو سنکے ہو معنی نگار بند
ولی ارباب معنی میں ہے اُس کو عرش کا رتبہ — پری زادانِ معنی کو جو کئی کرسی پہ ٹھلاوے

(باقی باقی)

میر، سودا، غالب

میں گریۂ خونی کو روکے ہی رہا، ورنہ — اک دم میں زمانے کا یاں رنگ بدل جاتا

ٹکڑے ہوئے جگر کے آستر رہ بھلے کو — خونابِ دل سے ورنہ، آفاق بہ گیا تھا

میں نے روکا رات غالب کو، وگرنہ دیکھتے — اُس کے سیلِ گریہ میں گردوں کفِ سیلاب تھا

ہزار جان سے قربان بے پری کے ہیں — خیال بھی کبھی گزرا نہ پرفشانی کا

زباں ہے شکر میں قاصد شکستہ بالی کے — کہ جس نے دل سے مٹایا خلش رہائی کا

ہوسِ گل کا تصور میں بھی کھٹکا نہ رہا — عجب آرام دیا بے پر و بالی نے مجھے

جواب میں اپنے جبلی تکلف سے فرمایا کہ "یہ کندۂ ناتراش و ہیچ میرز محض کودن ہے الف کے نام بے بھی
نہیں جانتا، جو حضرات حقیر کو کسی قابل سمجھتے ہیں یہ خود ان کی لیاقت ہے" صاحب بہادر یہ جواب سن کر
مبہوت ہوگئے اور مفتی صاحب کو لکھا کہ ہم نے آپ سے ایک قابل آدمی مانگا تھا افسوس ہے کہ آپ نے ایسا
نا قابل شخص بھیجا جو خود اپنے آپ کو جاہل اور ناخواندہ بتاتا ہے۔

انگریزی عملداری کا ابتدائی زمانہ تھا انھیں کیا معلوم کہ یہاں کا مذاقِ گفتگو اور علم مجلس کیا چیز ہے۔ بہر حال
یہی اثرات اردو کی شاعری میں موجود ہیں اور تقریباً کوئی شاعر اس معراجِ تفاخر سے محروم نہیں۔ باایں ہمہ
اس اندازِ گفتگو سے کم از کم اتنا سراغ ضرور چلتا ہے کہ گوینده اس زمانے کے خاص نمایندوں میں ہے
کیونکہ جب تک مقابلے میں کوئی حریف نہیں ہوتا فطرۃً لاگ کی آگ نہیں سلگتی، ایسی باتیں اسی وقت زبان
سے نکلتی ہیں جب کہ کہنے والا اپنی امتیازی حیثیت قائم کرلیتا ہے۔ چنانچہ ولی لکھتے ہیں:-

شہرت ہوئی ہے جب سے ترے شعر کی ولی — مشتاق تجھ سخن کا عرب تا عجم ہوا
اے ولی مجھ سخن کو وہ پہنچے — جس کو حق نے دیا ہے فکرِ رسا
تیرے سخن کے نغمۂ رنگیں کو سن ولی — ڈوبا عرق کے بیچ عراقی عراق میں
ہم پاس بات آکے نظیری کی مت کہو — رکھتے نہیں نظیر ایس کی سخن میں ہم
یہ ریختہ ولی کا جاکر اسے سنا دو — رکھتا ہے فکرِ روشن (اپنی) جو انوری کے مانند
بآنگ بلند بات یہ کہتا ہوں اے ولی — اس شعر پر بجا ہے اگر مجکو ناز ہے
ولی دیواں میں میرے تودۂ دفتر کی حاجت نہیں — کہ مجھ دیواں میں ہر اک شعر سو دفتر برابر ہے
ہر سخن تیرا لطافت سے ولی — مثلِ گوہر زینتِ ہر گوش ہے
ولی تجھ شعر کو سن کر ہوئے ہیں مست اہل دل — اثر ہے شعر میں تیرے شرابِ پرتگالی کا

شکوۂ ناقدری

شکایت و ناقدری کا رونا بھی کوئی نئی بات نہیں ہے۔ اگر تاریخی نقطۂ نگاہ سے دیکھا جائے تو
ابوالبشر کے جنت سے نکالے جانے کے ساتھ ہی دل سے زبان پر جاری نظر آتا ہے۔ رسماً ابنائے عصر
زمانۂ ماضی کی رطب اللسانی کیا کرتے ہیں مگر فی الحقیقہ انسان کی مدنیت تقاضی ہے کہ کم و بیش ہر زمانے
میں اچھے اور برے اشخاص ہوئے ہیں اور ہوا کرتے ہیں اور ہوتے رہیں گے۔ شاعر جو نسبتۂ دوسرے
لوگوں سے زیادہ حساس ہوتا ہے ان جذبات سے جلد متاثر ہو جاتا ہے جس کے واردات قلبی روایات

ملے گا، یہاں زیرِ بحث نمونہ پیش کیا جاتا ہے :-

آسماں اوپر نہ بوجھو چپا دریا بہ سفید
جانماز زاہدِ عزلت نشیں بربادہے

سمجھ کر بات کر اے مردِ ناصح
نصیحت عاشقوں پر ہے تحکم؟

زاہد اگرچہ فہم میں ہے بوعلی وقت
مرے سخن کے رمز کو پایا نہیں ہنوز

حقیقت سے تری مدت کے ہم واقف ہیں اے زاہد
عبث ہم پختہ مغزوں سے نہ کر اظہار خامی کا

کیا بے خبر ہوا ہے معلم صنم کو دیکھ
مکتب میں آس کے بھول گیا ہے کتاب آج

ہوا ہے صورتِ دیوار زاہد کنجِ عزلت میں
یہی آس حسنِ حیرت بخش کی ظاہر کرامت ہے

نہ ہو ناصح کی سختی سے مکدر اے دلِ شیدا
سدا نقدِ محبت کا محک سنگِ ملامت ہے

زاہد کو مثلِ دانۂ تسبیح ایک آن
کوچے سے تیرے رِیا کے نکلنا محال ہے

کہو زاہد سے جاوے آس گلی میں
اگر مشتاق فردوسِ بریں ہے

شیخ مت گھر سے نکل آج کہ خوباں کے حضور
گول دستار تری باعثِ رسوائی ہے

فخرِ شاعرانہ

فخر و تعلی بھی شاعروں کی میراث میں داخل ہے۔ اس معاملے میں عرب سب سے بڑھے چڑھے نظر آتے ہیں۔ آن کو اپنے نسب اپنی شجاعت اور زبان پر اتنا دعویٰ تھا کہ عجمی تو بقول اُن کے گونگے تھے خود عرب کا ایک قبیلہ دوسرے قبیلے کو معمولی سی معمولی بات پر اپنے سامنے ہیچ سمجھتا تھا۔ ایران چوں کہ عرب کا مفتوح تھا اس لئے آس کو آن تعلیوں کا نمایاں موقع نہیں ملا جو عرب کے لئے مخصوص تھیں، البتہ میدانِ سخن میں بڑے دم دعاوے سے لفاظیاں کی گئی ہیں۔ یہ عجیب بات ہے کہ ایشیائی مذاق کے بڑے بڑے قابل زبانی گفتگو میں نہایت انکسار سے اپنے عجز و ناقابلیت کا اظہار کرتے ہیں مگر شاعرانہ طبیعت پر وازو کے ساتھ جہاں اپنا ذکر کرتے ہیں وہاں اکثر اتنے اونچے جاتے ہیں کہ آن کی اس زبانی پستی پر بیساختہ ہنسی آجاتی ہے۔ راقم الحروف کے خاندانی اسلافِ کرام میں مفتی سید امیر حیدر نبیرۂ علامہ آزاد بلگرامی کی ایک حکایت مشہور ہے کہ اُنیسویں صدی عیسوی کے آغاز میں جب کہ وہ دار السلطنۃ کلکتے کے مفتی تھے، آن سے کسی بڑے عہدے کے انگریز نے ایک عربی عالم و فاضل کی فرمائش کی، مفتی صاحب نے کسی قابل اور مستند مولوی کو اُن کے پاس بھیجا۔ صاحب بہادر نے اپنی تعلیمی مذاق کے موافق آن مولوی صاحب سے کارکردگی کے سارٹی فکٹ اور قابلیت کا حال پوچھا۔ مولانا نے اس کے

یہ واقعات ہیں کہ ہر ایک سے پاک گروہ میں چند ایسی ناپاک ہستیاں شامل ہو جاتی ہیں جو ایک مچھلی کی طرح سارے تالاب کو گندہ کر دیتی ہیں۔ جب نفس عبادت کو بجائے وسیلۂ معاد ذریعۂ معاش بنا لیا جاتا ہے تو نفسانیت کی کنجی ہوا و ہوس کے مقفل دروازے کھول دیتی ہے جہاں ایک نہیں سیکڑوں رنگ آمیزیوں کی صورتیں ایسی نظر آنے لگتی ہیں جو اُن نفس پرستوں کو یک رنگی حقیقت سے بہت دُور ہٹا دیتی ہیں۔ اور اگرچہ وہ ملمع ساز اپنی ریاکاری و جامۂ سالوسی سے بہت کچھ روغنِ قاز ملتے رہتے ہیں مگر نظر باز دھوکا نہیں کھاتے اور منھ پر کہدیتے ہیں:-

بہر رنگے کہ خواہی جامہ می پوش
ترا در ہر لباسے می شناسم

اس ریاکاری و غداری کو دیکھکر اُن کی سچی عظمت دل میں نہیں رہتی اور بے محابا زبان کھل جاتی ہے۔ یہی اسباب و وجوہ ہیں جن سے مذمتِ واعظین کی بنیاد قائم ہوئی۔ مگر اختلافِ مذاق اور انقلابِ زمانہ یا یوں کہا جائے کہ واقعات و کثرتِ وقوع نے ہمیشہ اس مذاق کو مختلف رنگوں میں ظاہر کیا ہے۔ اُردو کے ابتدائی عہد میں واعظ و محتسب کے مذہبی اقتدار کو اتنا پامال نہیں کیا گیا کہ وہ مزاج و مذاق کی حد سے گزر گیا ہو۔ البتہ میر و سودا سے اب تک اس صنعت میں جس قدر غلیظ مواد جمع ہو گیا ہے وہ تفریح و تفضیح سے گزر کر استہزا و تمسخر بلکہ فحاشی و عریانی کی حد سے بھی متجاوز ہے اگرچہ تمام شعرائے اُردو کے کلام میں تھوڑے بہت اشعار ایسے بھی ملیں گے جو مناسب پیرائے میں موزوں کئے گئے ہوں مگر غالب حصہ ایسا ہوگا جس کا لب و لہجہ سوقیانہ اور مذاق بالکل عامیانہ ہے۔ صرف وؔلی کا دیوان ہی ایسا ہے جس میں واعظ و محتسب کی جہاں خبر لی گئی ہے نہایت متانت و مہذب انداز سے۔ دیکھنے میں ایک معمولی سی بات معلوم ہوتی ہے مگر ایسی گہری چٹکی لی ہے جس سے اُن کی ملمع سازیوں کی ساری قلعی کھُل کر اصلی فطرت کا رنگ جھلکنے لگتا ہے۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ وؔلی نے اپنی خداداد قوتِ آخذہ سے ہر موقع پر مناسب کام لیا ہے اور جہاں جہاں اصلاح کی ضرورت سمجھی ہے درستی مذاق کی کوشش کی ہے۔ اس موقع پر یہ گمان کیا جا سکتا ہے کہ بعض طبیعت خلقاً ایسی متین و سادہ ہوتی ہے جس کو شوخی و شرارت نہیں آتی، وؔلی جی بھی ایسے ہی ہونگے اور اُنھوں نے اپنی اُفتادِ طبیعت سے اوروں کی طرح واعظ و ناصح سے ڈھول دھپا نہ کھیلا ہوگا۔ مگر یہ گمان غلط ہے اُن کے کلام میں ایک جگہ نہیں بکثرت ایسے الفاظ ایسے جذبات نمایاں موجود ہیں جن سے اُن کی شوخیِ طبع کا یقین ہوتا ہے۔ اس کا ثبوت اُن کے دیوان سے

آہ سے عاشق کی عارت بوجھتے ہیں جالِ دل
جوں کہ سمجھے صوت سے صراف تقریرِ طلا

گرسنہ ہے خنجرِ بیدادِ خوباں کا شہید
دامنِ صد چاکِ گل کس واسطے پُرخوں ہوا

کتابِ عشق پہ شنگرفِ اشکِ خونیں سے
پلک کی لیکے قلم کھینچتا ہوں جدول سرخ

آخر کو رفتہ رفتہ دلِ خاک رنے
تیری گلی میں آکے کیا ہے مکان آج

نہ تھی طاقت مجھے آنے کی لیکن
بزورِ آہ پہنچا تجھ گلی میں

اے ولی رہنے کو دنیا میں مقامِ عاشق
کوچۂ یار ہے یا گوشۂ تنہائی ہے

یہ اشعار خالص تغزل کے رنگ میں ہیں، جن مضامین کو ترقی یافتہ زمانے کی خصوصیات سے سمجھا جاتا ہے اُن پر توجہ دلانے کے لئے بعض بعض الفاظ پر خط کھینچ دیئے ہیں۔ اہلِ مذاق خود اندازہ کرلیں گے کہ عالمگیر کے عہد کا شاعر اپنی گویائی اور قادر الکلامی کی بدولت الفضل للمتقدم کا صحیح مصداق ہے یا نہیں۔ صنفِ غزل کے تنوعاتِ مضامین ہی پر انحصار نہیں بلکہ اس وقت تک جتنے میدانِ سخن جولاں گاہِ تخیل بنے ہوئے ہیں ہر ایک کا نمونہ پیش کیا جاتا ہے:۔

تضحیکِ واعظ و محتسب

ایشیائی شعرا کے کلام میں جہاں بیسیوں بندھے ٹکے مضامین کی جگالیاں ہوتی ہیں، وہاں غریب محتسب و واعظ اور دوسرے مذہبی نمایندوں پر گالیاں بھی ضرور پڑتی ہیں۔ جس طرح ہندوستان کے مہذب سے مہذب، شریف سے شریف پرانے گھرانوں میں منجملہ دیگر رسوم کے میراثنوں کی گالیوں اور ٹوٹوں کے بغیر شادی بیاہ کی تقریبیں سونی اور بے رونق سمجھی جاتی ہیں اسی طرح شعرا کی غزلیں گویا ناتمام رہتی ہیں جب تک کسی مشیخت مآب کو دو چار صلواتیں نہ سنالی جائیں اور یہ بدعت آج کی نہیں ہے بلکہ شعرائے ایران کی خطائے اجتہادی ہے۔ سعدی و حافظ اور عمر خیام جیسے مصلح و صوفی و فلسفی اسی رنگ میں رنگے ہوئے ہیں پھر غریب اُردو کی کیا مجال تھی کہ وہ اس روش کو چھوڑتی۔ ممکن ہے کہ ابتدائً اُردو نے اس راہ میں یہ کہکر قدم اُٹھایا ہو

من نیز بفاقہ تا قسم راندم
خود را بغبارِ شاں رساندم

مگر اس وقت فارسی و اُردو دونوں زبانوں کی ہجو گوئیاں اگر جمع کی جائیں تو اُردو چار ہاتھ اس عمل گرئی میں آگے ہوگی۔

جسے عشق کا تیر کاری لگے — اسے زندگی کیوں نہ بھاری لگے

تو سر سے قدم تلک جھلک ہیں — گویا ہے قصیدہ انوری کا

نشۂ سبزۂ خطِ خوباں — والیِ عالمِ خیال ہوا

اعجازِ حسن دیکھ کہ وہ روے باعرق — پیدا کیا ہے چشمۂ آتش سے آب آج

اگر اشارتِ ابرو کرے وہ ماہِ تمام — ہلال بزم میں ہو چرخ زن بجاے قدح

جب سے ہے ہوا تیرا قدِ دلربا بلند — سنتا ہوں ہر طرف سے صداے بلا بلند

آنکھیں ہیں یہ خوبانِ جہاں کی، کہ لگی ہیں — بوٹی نہیں نرگس کی صنم تیری قبا پر

نشہ بخشی میں مے سے بہتر ہے — تجھ لبوں کی مفرح یاقوت

خلاصی کیونکہ پاوے بلبلِ دل — نگاہِ مہرباں ہے دامِ صیاد

نہیں یہ خط بہ گردِ لعل ہے نوخش — ہوا ہے چشمۂ خورشید عکس پوشش

تیرے لب کے حقوق ہیں مجھ پر — کیوں بھلا دوں میں دل سے حقِ نمک

وہ دل جو تھا کہ سوختۂ آتشِ فراق — پہنچا ہے جا کے رخ پہ صنم کے برنگِ خال

ہے نازنیں صنم کا زلفیں دراز کرنا — فتنے کا عاشقوں پر دروازہ باز کرنا

کیا کہوں تجھ قد کی خوبی سروِ عریاں کے حضور — خود بخود رسوا ہے، اس کو اور رسوا کیا کروں

لب تمھارے ہیں شفا بخش ولی ہے بیمار — حیف صد حیف کہ اس وقت میں درماں نہ کرو

زندہ کرنا استخواں کا گرچہ تھا کارِ مسیح — زندہ کرنا شوق کو تجھ ناز کا اعجاز ہے

بیمار گر نہیں یہ تری چشمِ غمزہ زن — کیوں ہاتھ میں لیے ہے نگہ کا عصا بلند

آغوش میں آنے کی کہاں تاب ہے اس کو — کرتی ہے نگہ جس قدِ نازک پہ گرانی

کہاں ہے آج یارب جلوۂ مستانۂ ساقی — کہ دل سے تاب جی سے صبر سر سے ہوش لیجاوے

ہزار بلبلِ مسکیں کا صید باقی ہے — مقیم ہے چمنِ حسن میں بہار ہنوز

ہر سحر تجھ نعمتِ دیدار کی — آرسی کو اشتہاے صاف ہے

کیا تری زلف کیا ترے ابرو — ہر طرف سے مجھے کشاکش ہے

باعثِ نشۂ دوبالا ہے — حسنِ صورت کے ساتھ حسنِ ادا

سینۂ بلبل و قمری کو کیا محشرِ درد — جب کہ اس سرو نے سیرِ گل و شمشاد کیا

تغافل نے ترے زخمی کیا مجھ — تری یہ کم نگاہی برچھا ہے

ولی دکنی

اور اس کا

دیوان

(نوشتہ احسن مارہروی اردو پروفیسر انٹرمیڈیٹ کالج)

— گزشتہ سے پیوستہ —

ابتدائی تغزل میں انتہائی تنوع

مضطرب عشق سے ہوں مجکو ملامت نہ کرو — تپشِ دل نے دیا رعشۂ سیماب مجھے

لالہ و گل مجھ سے لے جاتے ہیں رنگ و بوئے درد — گل رخوں کے عشق نے جیسے کیا ہے خوں مجھے

معرکے میں عشق کے ہر بوالہوس کا کام کیا — دیکھ! حالت کیا ہوئی منصور سے سردار کی

ولی جو عشق بازی کی حقیقت سے نہیں واقف — سخن اُس کا قیامت میں گلِ باغِ ندامت ہے

عشق کے ہاتھ سے ہوئے دلریش — جگ میں کیا بادشاہ کیا درویش

جو ہوا رازِ عشق سے آگاہ — وہ زمانے کا فخر رازی ہے

گریہ دگرد ملامت سے ولی — خانۂ عشق کو تعمیر کیا

پروانہ وار عشق میں تیرے جو جی دیا — اُس کا کفن ہو رشتۂ شمع نگاہ سے

بے خبر ہیں تجھ گلی سے اس سبب اے گلبدن — بلبلیں کرتی ہیں گلشن میں سراغِ بزمِ حسن

غضب ہے چہرۂ رنگیں بہارِ ناز و ادا — بہارِ حسن میں ہے لالہ زارِ حسن و ادا

سینے میں ہے تجھ ابروئے پیوست کی نشست — جیوں تیر دل میں ہے نگہِ مست کی نشست

ولی پڑا ہے نظر جب سے وہ کماں ابرو — ہزار دل سے ہوا ہوں شکارِ ناز و ادا

وسیع اور زیادہ پُر معنی ہو گیا ہے۔ پہلے کے تصور میں حقارت کی جھلک تھی؛ اب بھی اس میں ظرافت کا پہلو جوں کا توں موجود ہے، یعنی تضاد : رزاقِ حقیقی اور لالہ توندل سے تشبیہ! لیکن اب میرے تصور والے ظرافت کے پہلو میں حقارت کا نام کو لگاؤ باقی نہیں۔ اس شعر پر جوں جوں غور کیا' ایک لطیف احساس پیدا ہوتا گیا، کہ ہم جس ازسرتاپا توند ہستی کی ہنسی اُڑاتے ہیں، جسے حقیر اور پست سمجھتے ہیں، اُسی ہستی پر کسی اور وسیع تر پہلو سے نظر ڈالی جائے، تو اُس ہستی میں بھی ایسی بات نکل سکتی ہے، کہ اس سے خالقِ کائنات کا تصور پیدا ہو سکے۔ جو شاعر اس طرح انسان کے معمولی تصورات کو ایک پھبتی، جیتی جاگتی تشبیہ سے ارفع اور اعلیٰ کر دے، اُس کے بڑے شاعر ہونے میں کس کو کلام ہو سکتا ہے؟ میرے بنئے کے تصور میں ظرافت کا رنگ اب بھی باقی ہے لیکن حقارت کی آلایش سے پاک، اور ایسی ہی ظرافت وہ لطیف شے ہے جو انسان کے دل میں ایک طرف چٹکیاں لیتی اور گدگداتی ہے، تو دوسری طرف اصلیت اور سچائی کو ہاتھ سے جانے نہیں دیتی۔ بنئے کی توند، ناند کی ناند، اُس کی دھوتی، میلی کی میلی، اُس کا بنیا پن، وہ کا وہی ہے۔ آپ اُس کی توند پر ہنس سکتے ہیں۔ اُس کی میل میں ڈوبی دھوتی پر قہقہہ لگا سکتے ہیں، اُس کے بنئے پن، اُس کے "چمڑی جائے پہ دمڑی نہ جائے" کے اصول پر لطیفے اڑا سکتے ہیں، لیکن اگر اُس کا بیوپار سچ ہے اُس کا لین دین، تول مول ٹھیک ٹھاک ہے، تو آپ نظرِ حقارت سے اُسے نہیں دیکھ سکتے۔ اُس میں سائیں کی جھلک ہونی ضرور ہے۔ اور جہاں سائیں کی جھلک ہو، اس کا احترام سرشتِ انسانی آپ کرتی ہے۔

محمد عظمت اللہ خاں

کلامِ بیخود

(از اشتیاق حسین صاحب صدیقی بیخود علیگ)

جو تڑپ ہے میرے دل میں آج برقِ طور ہے
آنکھ کا ایک ایک گوشہ نور سے معمور ہے

خونِ ناحق دل کے ارمانوں کا ہونے دیجئے
جوششِ گریہ نہیں، یہ جذبۂ منصور ہے

بیخودی، کیا دیکھتی ہے؟ پردۂ امکاں اُٹھا
گر جمالِ یار تجھ کو دیکھنا منظور ہے

کچھ تو ہونی چاہیئے ناکامیوں کی انتہا
جانِ شیریں کس لئے بارِ سرِ فرہاد ہے؟

آبلہ پائی، تجھے خارِ مغیلاں کی قسم!
دو قدم پر منزلِ مقصود ہے، کیا دور ہے!

کون انجامِ محبت سے ہے بیخود بیخبر
دل سے لیکن آدمی ناچار ہے مجبور ہے

کی طرح غائب ہوتا ہے۔ اردو شعرا اس قسم کی گڑیاں کھیلتے ہیں۔ اصلیت کی ہوا سے بھاگتے ہیں اور زندگی کی لہراتی ندی سے جان چراتے ہیں۔ شاعر کی قادر الکلامی کے یہ معنی ہوگئے ہیں کہ توڑ مروڑ کر الفاظ کی ایسی نرالی، نامانوس اور بے ضرورت ترکیبیں نکالی جائیں کہ شاعری عام لوگوں سے کالے کوسوں دور جا پڑے، اور اس میں اصلی زندگی کی چھینٹ بھی نہ پڑے، ایک مخصوص طبقہ۔ سمجھے یا بے سمجھے اس قسم کے اشعار کے مزے لے، اور رسالوں میں پورے پھیپھڑوں کے زور کے ساتھ داد دے۔ اس لئے کہ اب مشاعروں کی رسالوں نے لے لی ہے۔

قادر الکلامی کی بڑی نشانی یہ ہے کہ گہرے سے گہرے، بلند سے بلند مضمون کو سیدھے سادے الفاظ میں ادا کیا جائے، اور اس کی بہترین مثال کبیر کا کلام ہے۔ اس بنئے والے شعر کے ساتھ دوسرا شعر پڑھئے:

سائیں میرا بانیا، سہج کرے بیوپار
بن ڈانڈی، بن پالڑا، تول کرے سنسار
سائیں! تجھ سے باہرا کوڑی بھی نا بکائے
جاکے سر پہ تو دھنی، لاکھوں مول کرائے

تو آپ اس ان پڑھ شاعر کی قادر الکلامی کے قائل ہوں گے۔ اس سے زیادہ دل میں بیٹھ جانے والا خیال اور اس سے زیادہ سادی زبان جو محلوں اور جھونپڑوں دونوں جگہ دل میں اتر جائے، ممکن نہیں، لیکن زبان تو بیشتر شاعر کے خیالات ادا کرنے کا آلہ ہے؛ شاعر کے لئے بڑی ضروری چیز سوچ ہے۔ زندگی کی منجدھار میں جو اثرات اس کے قلب پر ہوتے ہیں، ان پر سوچ بچار کر کے بات کی اس تہ کو پہنچے جہاں اوروں کی نظر نہ پہنچی ہو، اور اس سوچ بچار سے جو نفسی کیفیت وہ اپنے میں محسوس کرے، ان کو ایسی زبان میں ادا کردے، کہ اس زبان کے بولنے والے، امیر غریب، پڑھے لکھے ان پڑھ، چھوٹے بڑے، ان کیفیتوں سے متاثر ہوں۔ یہ کمال شاعری ہے، قدیم یا جدید فلسفہ یا تصوف کی کتابوں سے مضامین کا اڑا لینا، ان کو غیر مانوس زبان میں ادا کردینا، شاعری کی ایک قسم، یعنی تک بندی، ضرور ہے، لیکن وہ شاعری نہیں جو عامۃ الناس کے دلوں کو گرمائے ان کے دماغوں کو سوچ پر لگا دے، اور ان کی روزمرہ کی ظاہرا بے معنی سی زندگی کو معنی خیز بنادے۔ یہ شاعرانہ کمال کبیر میں ہے اور جب سے 'سائیں میرا بانیا' والی تشبیہ نے اثر کیا ہے میرا بنئے والا پہلا تصور، جو ظرافت کی ترنگ میں بنئے کے پست اور حقیر اور سطحی پہلو پر مبنی تھا، وہ زیادہ

جاتی ہے۔ کبیر کے شبد اور دوہے بنیا میں غمگسار اور ہمدرد، شانتی میں دوست، سوچ میں رہبر اور سچ کی جستجو میں چراغِ ہدایت ہیں۔ ایسے شاعر کی تشبیہیں جس کی پہنچ جھونپڑی، کھیت اور دوکان تک ہو، ایسی ہی ہونی چاہیئے، جو ایسے لوگوں کے دلوں میں گھر کرلیں اور ان کے تخیل کے پردہ پر تصویریں کھینچ دیں۔ "سائیں میرا بانیا" ایسی تشبیہ ہے کہ اس سے بہتر نہیں ہوسکتی۔

ایک ایسا بنیا تصور کیجئے جس کی صورت شکل سے آٹے کی طرح نور آ رہا ہو، جس کے تن بدن سے محبت کا گُڑ ٹپکے، جس کی نظر انصاف کی ترازو ہو، اور جس کی جگ پھیلی، تاروں بھری دکان سے رزق کا بیوپار جاری ہے، اور ہر ایک کو اتنا ہی دیا جاتا ہے جتنے کا وہ مستحق ہے، تو آپ مان لیں گے کہ اس سے بہتر تشبیہ نہیں ہوسکتی، نہ صرف عامۃ الناس کے لئے، بلکہ میں یہ بھی تسلیم کرا لینا چاہتا ہوں کہ اونچے طبقوں کے لئے بھی کوئی اور تشبیہ اس سے بہتر نہیں۔ تشبیہ کی لطافت اور زندہ پن اور یہ صلاحیت کہ اس سے تخیل کے پردہ پر تصویر کھنچ جائے، اعلیٰ ترین شاعری کی پہچان ہے! مگر بڑے شاعر کی ایک اور بھی پہچان ہے۔ اس کا تخیل زندگی کی جس چیز کو وہ کیسی ہی پامال سے پامال کیوں نہ ہو۔ چھوتا ہے، تو اس کو کندن بنا دیتا ہے۔ اس کے ساتھ ایسے خیالات کو گوندھ سا دیتا ہے، کہ اس معمولی سی شے میں بھی اصلیت کی روشنی اور فلسفہ کی گہرائیاں پیدا ہو جاتی ہیں اور عالمگیر سچائی دمکنے لگتی ہے۔

بنیئے کو دیکھئے، کہ اس کا عام تصور کس قدر گرا ہوا اور میرے تصور کے لگ بھگ ہے، لیکن کبیر نے اس شعر میں بنیئے کو کیا سے کیا کر دیا، زمین سے اٹھا آسمان پر بٹھا دیا۔ صرف ایک نکتہ کی طرف عام فہم الفاظ میں اشارہ کر کے "سہج کرے بیوپار" اس کائنات کی دکان کے چلنے کا یہ بڑا گر سمجھا دیا کہ اس کائنات کے ہر ذرّے میں روحانی قوت اور اخلاقی اصول مضمر ہیں اور حالانکہ وہاں "نہ ڈانڈی ہے نہ پالڑا"، مگر کائنات کا جو عمل ہے، بچا تلا؛ جو کاروبار ہے انصاف میں ڈوبا ہوا، ایک رتی کا بل نہیں، ایک چاول کے دانہ کے برابر ہیر پھیر نہیں۔ عام بنیا بٹ اور ترازو سے تولتا تالتا ہے، لیکن سائیں بانیا، سنسار بھر کا بیوپاری توسے تلا تلایا اور ناپے نپا نپایا کرتا ہے۔

بدقسمتی سے اردو ادبی دنیا میں شاعری کا یہ ہوڑا کھو بیٹھا ہے کہ نری لفاظی ہی لفاظی شاعری کی جان سمجھی جانے لگی ہے۔ ہماری شاعری ایک پتھروں کی گڑیا سی ہے جس کو جھم جھم کی جھوٹے مسالے والی کترنوں سی سلا کر پہنادی گئی ہیں۔ پتھر اور شیشہ کا زیور ہے۔ خد و خال، ماشاء اللہ جیسی ہمارے ہاں گڑیاں بنتی ہیں، وہ ظاہر ہے، ایک ایک لمبا سا سیاہ دھاگا آنکھ، ناک اور بھوں کی علامت ہوتی ہے، ایک سرخ تاگے کا ٹانکا ہونٹ ہوتا ہے۔ ڈیل ڈول میں سے تناسب بنیئے کے تن و توش

پچکنے والے بھی اتنے زورآور ہو سکتے ہیں کہ پچکانے والوں پر آخر میں چلا ور رہیں۔

یہ ہے بنیا و بنئے پن کی اور یہ بنئے کی چوتھی اور اساسی خصوصیت ہے اور پچھلے بیان سے واضح ہو گیا ہو گا کہ جسے لوگ بنیا پن کہتے ہیں، اس کی بنیاد بھی ایک فلسفہ پر ہے۔ آپ کا جی چاہے اسے بزدلی کا لقب دیجئے، لیکن اگر اس بنئے پن کے باوجود بھی بنئے نے اپنے آپ کو مٹنے ہی نہیں دیا بلکہ اقتصادی نقطۂ نظر سے کسانوں کو اپنے شکنجہ میں رکھا، ثروت کی قوت سے اس قدر چین حاصل کیا، کہ توند کی ارتقا میں کمی نہیں ہونے پائی، تو کیا بنئے کو "بقائے موزوں ترین" کی روشنی میں آپ ایک زبردست ہستی تسلیم نہ کریں گے؟

خیر، مجھے اس سے بحث نہیں کہ آپ بنئے کو ایک زبردست ہستی تسلیم کریں یا نہ کریں، مجھے صرف یہ دکھانا مقصود تھا کہ میرے ذہن میں بنئے کا تصور کیا تھا، یعنی ایک ایسی ہستی جو بیشتر توند ہے؛ توند کے نیچے ایک مجسم میلی دھوتی لونی سی ٹنگی ہوئی؛ دکان میں وہ خاص بو جو سونگھنے سے تعلق رکھتی ہے جس میں ہینگ کی مہکار اور مرچوں کی دھانس شامل ہوتی ہے، آواز کراری کراری، کبھی کڑکتی کبھی گھگلو مٹھو کرتی، بنیا پن پھولے پھولے گالوں اور بھینگی بھینگی آنکھوں سے ٹپکتا ہوا۔ مارتے خال کے آگے روئی کا ڈھیر، دبے کے اوپر مکھنا ہاتھی؛ روپیہ کے پیچھے نہ تن کا ہوش، نہ بدن کا ——

یہ مختصراً تصور تھا بنئے کا جو اس ناچیز کے ذہن نشین تھا۔ اب آپ خیال فرمائیں، اس تصور کے ہوتے کبھی یہ خواب میں بھی خیال آسکتا تھا کہ بنئے کا شاعری سے اور شاعری میں بھی عرفان کی سطح اعلیٰ سے کوئی لگاؤ ہو سکے گا؟ کلام کبیر کا ایک انتخاب پڑھ رہا تھا، اور اس شعر پر پہنچا:

سائیں میرا بانیا، سہج کرے بیوپار
بن ڈانڈی، بن پالڑا، تول کرے سنسار

تو میرے بنئے کے تصور اور اس تشبیہ میں جو خطرناک تصادم ہوا، اس کا اندازہ وہی قارئینِ کرام کر سکتے ہیں جن کے دماغ میں راقم کا سا بنئے کا تصور مرتسم ہو، اور انہوں نے اب پہلی دفعہ اوپر والے شعر کو پڑھا ہو۔ "سائیں میرا بانیا" بنئے کو دیکھئے اور یہ معراج! جی نہیں مانتا کہ اس تشبیہ کو تسلیم کیجئے۔ کس طرح بنئے کی بے ڈھنگی، بے ڈول توند، اس کی میلی چکٹ سی دھوتی، اس کے بنئے پن کو اپنے بنئے والے تصور سے مٹایا جائے؟ خیال ہوا اس سے بہتر کوئی اور تشبیہ اللہ میاں کے لئے ڈھونڈنی چاہئے، لیکن کبیر عام لوگوں کا شاعر تھا، اس کی شاعری کروڑوں ان پڑھ لوگوں کے لئے تھی، وہ کسی خاص تعلیم یافتہ طبقہ کا شاعر نہ تھا۔ ایک ایک جھونپڑی میں، جہاں ہندوستانی بولی اور سمجھی

بوجھ ایک پہلو اور ہاتھ پر ٹیک جاتا ہے۔ جن قارئین کرام کو تحقیق کا شوق ہو، وہ اس مسئلہ پر ایک محققانہ مضمون تحریر فرماسکتے ہیں۔ مختصر یہ، کہ توند اور بنیا اس قدر گتھے ہوئے تصورات ہیں کہ آپ یہ کلیہ قائم کرسکتے ہیں، کہ وہ بنیا ہی نہیں جس کے توند نہ ہو، مگر اس کا عکس۔ جس کے توند ہو، وہ بنیا۔ درست نہ ہوگا۔ غیر منطق داں حضرات اس مغالطہ میں نہ پڑیں۔

بنئے کے تصور میں دوسری چیز اُس کی دھوتی ہے۔ . . . . . . یہ دھوتی دھوبی کی رہینِ منت نہیں ہوتی۔ میل اُس کے رگ و ریشہ میں سرایت کرکے اسے ہمہ تن میل بنا دیتا ہے یہ دھوتی صفائی اور ستھرائی کے خلاف ہزارہا سال سے ایک زبردست احتجاج ہے، اور کفایت شعاری کی ایک روشن مثال۔ یہ دھوتی ٹکا بذاری کے لئے مخصوص اور باعثِ برکت تصور کی جاتی ہے، اور بس توند کی جڑ میں اس طرح رہتی ہے گویا ذراسی کھونٹی پر برائے نام ٹنگی ہوئی ہے، اور اب گری اور جیب گری، لیکن چڑھے پر توند کا جھکاؤ دھوتی کو حدسے آگے ڈھلکنے نہیں دیتا۔

بنئے کی تیسری خصوصیت اُس کی آواز ہے۔ آواز بڑی کراری ہوتی ہے۔ اس کے کرارے پن پٹکار اور پھیلاؤ پر بعض فوجی افسروں کو بھی رشک آئے۔ لیکن لطف یہ ہے کہ اُس کی آواز موسیقی کے جملہ اُتار چڑھاؤ پر حاوی ہوتی ہے۔ زبردست کے سامنے کتّے والی "کوں کوں" سے لے کر زیر دست، اور خصوصاً قرضدار پر، جرنیل کی سی کڑک تک جتنے شعبے ممکن ہیں۔ سب کے سب اُس کی آواز کے پردے میں موجود ہوتے ہیں۔ بڑی بات یہ ہے کہ بنیا عورت کی طرح اپنی زبان کے زور کو سب میں بڑا زور خیال کرتا ہے۔ صدیوں سے اُس نے جارحانہ ہتھیاروں سے ہاتھ اُٹھالیا ہے وہ اس قسم کے ہتھیاروں کا مقابلہ ہمیشہ اس اصول پر کرتا رہا ہے: "زور کے آگے جھک جاؤ" اور پھر بھی اس قدر کہ زور والے کا سارا زور صرف ہوجائے۔ یہ ماننا پڑے گا کہ یہ بھی لڑائی کا ایک اصول ہے، اور اسی پر ہندوستانی کشتی اور جاپانی جیو جتسو کے داؤ پیچ اور افواج کی شاندار پسپائی کا دارومدار ہے۔ یہ اصول صنفِ نازک کی فطرت کی بنیاد ہے۔ چوٹی والی دنیا کا یہی عمل ہے، اور کون کہہ سکتا ہے کہ مسہری کے اکھاڑے، دولت خانہ، یا اور جہاں جہاں ساڑی یا سایہ کو دخل ہے سو ہاں اُن کو اس اصول کی بدولت غلبہ نہیں؟ بنئے نے اپنی ماں کے اس اصول پر خاص طور پر توجہ کی اور اپنی سعادتمندی سے اُسی کو ہی اپنا اوڑھنا بچھونا بنایا۔ صدیوں کے عمل کا نتیجہ یہ ہے کہ آج اٹھوائی کھٹوائی کا اصول اُس کی فطرتِ ثانیہ ہوگیا ہے؛ اور اُس نے ثابت کردیا ہے کہ صرف تلوار چلانے والے ہی "موزوں ترین" نہیں ہیں، زندگی کے رَن میں

کے راستے میں وہ کب ان روڑوں کو اٹکنے دیتی ہے ؟

دونوں سماجی جونکیں ہیں: ایک کسان کی جان تک چوس لیتا ہے، تو وہ انسانوں کا رس نکال لیتی ہے۔ اس چوسنے کے سلسلے میں انصافاً یہ کہنا پڑتا ہے کہ بنیا بیچارہ ایک منہ والی جونک ہے تو بسیوا دو موئی۔ اگر ترقی تمدن کے دوران میں کبھی بنیا اور بسیوا آپس میں سمجھوتہ کرکے مشترک سرمایہ کی کمپنیاں قائم کردیں تو پھر نوعِ انسان کا خدا ہی حافظ ہے، مگر خیر شکر ہے کہ ہندوستان ابھی اس اقتصادی اتحاد سے کوسوں دور ہے۔

یہ تو بنئے کی پیشہ وری کا احوال تھا، اب بنئے کی شخصیت پر نظر ڈالئے۔ بنئے کے تصور میں سب سے پہلے جو چیز ابھرتی ہے، وہ اس کی توند ہے۔ کوئی چیز ارتقا سے بچ نہیں سکتی؛ توند کی ارتقا ہندوستان میں غیر معمولی طور پر مختلف طبقوں میں ہوئی ہے۔ جب کبھی توند کی ارتقائی تاریخ لکھی جائیگی تو وہ ایک دلچسپ چیز ہوگی، اور دنیا کے ممالک میں ہندوستان نے اور ہندوستان میں بنئے کی ذات نے جو اس ارتقا میں حصہ لیا ہے، وہ دنیا پر روشن ہوگا۔ توند نے دورانِ ارتقا اور مختلف طبقوں میں طرح طرح کے کینڈے اختیار کئے ہیں۔ امیرانہ توند بھی متوسط درجہ والوں کی توند سے الگ ہوتی ہے۔ رئیسانہ توند امیروں والی سے نہیں ملتی۔ بیوپاری توند نہ رئیسانہ توند سے لگا کھاتی ہے، نہ امیرانہ سے؛ متوسط درجے سے بھی اپنے آپ کو دور کھینچے رکھتی ہے۔ یہ توند کی قسمیں اقتصادی نقطۂ نظر سے ہوئیں۔ وضع قطع کے پہلو سے دیکھئے، تو یہاں بھی گوناگونی ہے۔ بعض توندیں مٹکا سی ہوتی ہیں، بعض تربوزی، کہیں گنبد کی سی گولائی ہوتی ہے، کہیں پہاڑ کی سی چڑھائی۔ کبھی کبھی ایسی توند بھی نظر آجاتی ہے جس کے اندر بچے کا گمان ہو۔ اس ناچیز راقم کے محدود مطالعہ میں ایسی بدگمانی پیدا کرنے والی توند اِکّا دُکّا ہی آئی ہے۔ اگر واقعی ایسی توند کمیاب ہے، تو ظاہر ہے کہ اقتصاداً اس کی قدر و قیمت زیادہ ہونی چاہیئے۔ بنئے کی توند میری رائے میں ایک جداگانہ نوع ہے۔ وہ اہرامی ہوتی ہے۔ خصوصاً آلتی پالتی مار کر جس وقت لالہ جی اپنی گدی پر بیٹھتے ہیں، تو ادھر ادھر اچھے خاصے تربوز ابھر آتے ہیں، اور لالہ جی فراعنۂ مصر میں سے کسی ایک جید فرعون کا اہرام نظر آنے لگتے ہیں، اور اس ابھار اور دباؤ سے جو نالیاں اور جوف پڑ جاتے ہیں، ان میں جاڑے کے علاوہ ہمیشہ پسینہ کی تری رہتی ہے۔ اس ضمن میں یہ بات قارئین کرام کے سامنے پیش کردی مناسب ہوگی، کہ بنیا گدی پر آلتی پالتی مار کر بیٹھتا ہے اور گھٹنوں بیٹھتا ہے، لیکن یہ نہیں معلوم ہوا کہ وہ رہ رہ کر کبھی اس پہلو اور کبھی اس پہلو پر ہاتھ ٹیک کر اس قدر کیوں جھکا کرتا ہے کہ سارا

بنیا

بنیئے کے لفظ کے ساتھ کچھ ایسے خیالات گتھ سے گئے ہیں، کہ جہاں یہ لفظ کان میں یا نظر پڑا، اور ہمارے ظرافت کے رجحان میں کم از کم ایک ہلکی سی گدگداہٹ ہونے لگی۔ ہندوستان میں یوں تو بہت سی خصوصیت کی باتیں ہیں، لیکن خاص طور پر دو چیزیں ہندوستانی ہیں جن کی نظیر اور کسی ملک میں نہیں ملتی۔ میووں میں آم اور پیشوں میں بنیا۔

آم اور بنیئے دونوں میں ایسے نفسیاتی تار ہیں جو ہندوستانی انسان کے ہونٹوں سے ملے ہوئے ہیں۔ آم سے رال ٹپکنے اور بنیئے سے مسکراہٹ کھیلنے لگتی ہے۔ لطف یہ ہے کہ دونوں کا انسان کے پیٹ سے تعلق ہے۔ آم میوہ بھی ہے اور غذا بھی، بنیا خود تو غذا نہیں، البتہ اناج کا بیوپاری ضرور ہے۔ لیکن بنیا ہر طرح آم پر سبقت لے جاتا ہے۔ آم کا ایک موسم ہوتا ہے، بنیا سدا بہار ہے یہ مماثلت آم اور بنیئے میں بس یہیں ختم ہو جاتی ہے۔ سماجی دائرہ میں، اور وہ بھی پیشہ وروں پر نظر ڈالی جائے، تو اس میں شک نہیں کہ بنیئے اور دیگر پیشہ وروں میں ایک عام مشابہت چند امور میں ضرور نکل آئیگی؛ لیکن نظرِ غائر ڈالنے پر یہ بات روشن ہوگی کہ بنیئے اور بیسوا کے پیشوں میں بہت سی باتیں ملتی جلتی ہیں، اور یہ ملتا جلتا پن محض سطحی نہیں، بلکہ نہایت گہرائی تک پہنچتا ہے

دنیا میں پیٹ اور پریم کی آگ ہی وہ دو خواہشیں ہیں جن پر سارے تمدن کا انحصار ہے۔ اس بات کو منوانے کے لئے استدلال کی حاجت نہیں، اور ساتھ ہی اس کا تسلیم کر لینا بھی دشوار نہیں کہ بیسوا کے کسب کا سہارا — اس سے زیادہ کہنے کی ضرورت نہیں، کیونکہ فہمیدہ اور سنجیدہ قارئین کرام اس سے ناواقف نہیں۔ بنیا دکا نذار ہے اور بیسوا بھی ایک کے ہاں پیٹ کا دام ودانہ ہے تو دوسرے کے ہاں حسن وعشق کا پھندا۔ یہ دونوں جال ایسے ہیں کہ ان کا ساتھ جان کا ساتھ ہے۔ اچھا، اب اقتصادی پہلو سے دیکھئے۔ دونوں کو پیداوار سے تعلق نہیں، یعنی بنیا اناج کے دھندے سے مالا مال ہے، لیکن کھیت کے جوتنے بونے سے اس کو سروکار نہیں؛ اس کی توندکب اس کڑی کو جھیل سکتی ہے؟ اسی طرح بیسوا جان کی کھیتی باڑی سے جلبِ منفعت کرتی اور مسرت اندوز ہوتی ہے، لیکن اولاد کے کھکھیڑے سے چراغ پا ہوتی ہے؛ زرپرستی اور عیش رانی

برقِ مضطر کی تپش آمادگی شوخی میں تھی | شوخی اُس کی سادگی میں، سادگی شوخی میں تھی
گیروا کپڑوں میں جوگن کے جو وہ ملبوس تھی | حسن کی تابش سے گویا شعلۂ فانوس تھی
زیورِ گل کی بھی آرائش بدن پر بار تھی | مختصر یہ ہے، نزاکت ہی گلے کا ہار تھی!
شوق جب حد سے زیادہ بے ادب ہونے لگا | شرمگیں آنکھوں سے اظہارِ غضب ہونے لگا
بل پڑا ابرو میں آنکھوں میں چمک پیدا ہوئی | پھول سے گالوں میں سُرخی کی جھلک پیدا ہوئی
ناامیدی ہو چلی تھی آرزوئے دید کو | ہاں تبسم نے سہارا دے دیا امید کو
تھی وہ جب تک سامنے، ہر آنکھ محوِ دید تھی | آرزوئیں شادی تھیں، ذوقِ نظر کی عید تھی
سامعہ مسحور تھا، جذبات میں اک جوش تھا | جلوہ گاہِ حسن ہے! اتنا مجھے بھی ہوش تھا
آخر آنکھوں سے نہاں وہ قاتلِ عالم ہوئی | دیکھتے ہی دیکھتے بزمِ طرب برہم ہوئی
کامیابی کی تمنا میں کمی پیدا ہوئی | منتظر آنکھوں میں اشکوں کی نمی پیدا ہوئی
تا فلک سوزِ نہانی کی لپٹ جانے لگی | آرزوئے دید سر پردہ سے ٹکرانے لگی
گرچہ فردوسِ نظر وہ روئے سادہ ہی نہ تھا | دل کا اس محفل سے اٹھنے کا ارادہ ہی نہ تھا
کر دیا مجبور جب احباب کے اصرار نے | دل پہ پتھر رکھ لیا شوقِ لقائے یار نے
اس طرح وہ کرب سے طے کر کے سارا راستہ | میں ہوا کمرہ کو واپس با دلِ ناخواستہ
چین سے مخلوق ساری بے خبر سوتی رہی | یاں خیالِ دلربا سے گفتگو ہوتی رہی
شورِ فریاد و فغاں کا آسماں والوں میں تھا | کیا قیامت کا اثر ہمدم، مرے نالوں میں تھا!
روتے روتے ہی شبِ غم کا سویرا ہو گیا | نور کا تڑکا نگاہوں میں اندھیرا ہو گیا

صبح اٹھ کر وردِ لب یہ نعرۂ مستانہ تھا:
"خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا، جو سُنا افسانہ تھا"

(جوھر)

منعکس بندوں میں ضو اُس گل کے رخسار کی تھی
چاند کے ٹکڑوں کے پہلو میں جگہ تاروں کی تھی

ایک جنبش زخمِ دل کے ان نمک ریزوں کو تھی
بوسہ لینے کی ہوس کانوں کے آویزوں کو تھی

یا یہ دو پریاں فضائے نور میں پھولوں پہ تھیں
یا سنہری تتلیاں رقاص و پھولوں پہ تھیں

دلربا، سحر آفریں، معجز نما تھے اُس کے لب
برگِ گل سے بھی نزاکت میں سوا تھے اُس کے لب

ایسی رنگت کب کسی یاقوت کی، مرجان کی
قدرتی سرخی تلافی کر رہی تھی پان کی

وہ لبِ نازک جو ہنگامِ تبسم ہل گئے
اک نسیمِ صبح کی جنبش سے غنچے کھل گئے

گو چمک ہوتی ہے اکثر گوہرِ نایاب میں
سلکِ گوہر سے فزوں تھے اُس کے دنداں آب میں

تھا دُرِ دنداں نمایاں یوں لبِ خاموش میں
جیسے ہو شبنم کا قطرہ پھول کی آغوش میں

سانس لینے میں وہ اک ہلکا سا سینے کا ابھار
بحرِ خوبی میں تھا گویا اک تموج آشکار

ذہن میں غالب کے اس مصرع کا مضموں تازہ تھا
"دستِ مرہونِ حنا، رخسار رہنِ غازہ تھا"

بھول سکتا ہی نہیں اُس بت کا آنا رقص میں
وہ قدم آہستہ آہستہ بڑھانا رقص میں

تھا کوئی طاؤس رقصاں موسمِ برسات میں
آگئی تھی اک پری دنیائے محسوسات میں

ہاتھ اٹھانا دمبدم اُس پیکرِ طناز کا
شوق ظاہر تھا فضائے نور میں پرواز کا

دل کے جانے کے لئے دُہرا بہانا ہو گیا
یعنی سونے پر سہاگہ اُس کا گانا ہو گیا

کیا قیامت، کس غضب کی دلنشیں آواز تھی
سحر کہنا ہے غلط، اعجاز تھی، اعجاز تھی!

اک تلاطم سا تھا جذباتِ دلِ محزون میں
لہر بجلی کی سرایت کر رہی تھی خون میں

ایک کیفِ خاص اُس کے عالمِ تقریر میں
جان گویا پڑ گئی تھی حسن کی تصویر میں

ہر ادائے دلستاں برہم کنِ جذبات تھی
یعنی اُس بت کی خموشی میں بھی پیدا بات تھی

خود تماشا محوِ حیرت صورتِ تصویر تھا
ہر اشارہ میں نہاں اک عالمِ تقریر تھا

زیرِ لب جب وہ پری پیکر تبسم ریز تھی
وہ ادا بھی، آہ، کس درجہ قیامت خیز تھی!

دیدۂ نظارگی سے بے خبر اُس کا شباب
اُف، وہ شوخی کی جگہ آنکھوں میں بچپن کا حجاب!

باعثِ شرم و حیا تھا، مانعِ صد جوش تھا
ہائے وہ بچپن، جوانی سے جو ہم آغوش تھا!

دل کے لینے پر دکھاتی تھی عجب آمادگی
سو اداؤں کی ادا وہ بے تکلف سادگی

نیم بسمل کر گئی، دل لے گئی، تڑپا گئی
سادگی کے ساتھ شوخی بھی قیامت ڈھا گئی

کھیلتی تھی شوخی اُس چشمِ فسوں پیما کے ساتھ
یہ پہیلی بھی بڑی طرار تھی لیلیٰ کے ساتھ

"خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا، جو سُنا افسانہ تھا"

[از جناب سید آفتاب حسین صاحب جوہر بی اے (علیگ)]

ذیل کی نظم "وارداتِ قلب" کی ازبس موثر و دلنشیں "روداد" ہے، جسے تشبیہات کی شگفتگی و تازگی نے اور بھی رنگین بنا دیا ہے۔ ہم جوہر صاحب کو اس باکمال مصوری و جذبات نگاری پر تہِ دل سے مبارکباد دیتے ہیں اور بعض حضرات کی رائے کے خلاف نظم مسرت کے ساتھ درجِ رسالہ کرتے ہیں۔

ایڈیٹر

ہم نشیں! کیفیتِ دل کی کہانی مجھ سے سُن ‌‌ مجھ پہ جو گزری ہے، وہ میری زبانی مجھ سے سُن

وارداتِ قلب کی اک مختصر روداد ہے ‌‌ یہ سبق اب تک نو آموزِ الم کو یاد ہے

لے گئی تھیٹر میں فرمائش مجھے احباب کی ‌‌ ابتدا یہ ہے کتابِ عاشقی کے باب کی

ہم نفس! میں کیا بتاؤں کیا نظر آیا مجھے ‌‌ اک نگارِ شوخ بے پردہ نظر آیا مجھے

شوخ، کافر ماجرا، تقویٰ شکن، نازک بدن ‌‌ شکریں لب، ماہرو، بوٹا سا قد، غنچہ دہن

صاف ظاہر تھا جہانِ آب و گل سے دور تھی ‌‌ دل یہ کہتا ہے کہ فردوسِ بریں کی حور تھی

تھے جبیں سے بال اُس کے تا کمر آئے ہوئے ‌‌ چشمۂ خورشید میں یا سانپ لہرائے ہوئے

تھی جبیں یا شام کو گردوں پہ پھولی تھی شفق ‌‌ یا بیاضِ حسن کا تھا ایک زریں سرورق

اک لفافہ اور بھی اس حشر سامانی پہ تھا ‌‌ سُرخ قشقہ اُس ستم آرا کی پیشانی پہ تھا

سرورق پر تھا خطِ رنگیں میں عنوانِ جمال ‌‌ یا گریباں گیر تھا خونِ شہیدانِ جمال

اُن کو نازِ حسن تھا، دل کو نیازِ عاشقی ‌‌ کی ادا محرابِ ابرو میں نمازِ عاشقی

قتلِ عاشق کے ارادے ابروؤں کے تل میں تھے ‌‌ دو ہلالی تیغے قبضے میں اک قاتل کے تھے

نرگسِ جادو نہ تھی اِس سُرمگیں تحریر میں ‌‌ آہوئے وحشی کو باندھا تھا مگر زنجیر میں

تھیں نگاہیں ہر طرف، پر ایک جا پڑتی نہ تھیں ‌‌ دیکھتی تھیں سب کو، پر آنکھیں کہیں لڑتی نہ تھیں

بے نیازی سے یہ تھا مطلب دل آزاری اُسے ‌‌ حسن کا احساس سکھلاتا تھا خودداری اُسے

جب کسی جانب وہ چشمِ بے محابا پھر گئی ‌‌ خرمنِ تاب و تواں پر ایک بجلی گر گئی

حالی کی قبر پر

اے جسمِ گرانمایہ والے روحِ معزز! ‏ یہ مسکنِ عزلت تجھے کس طرح سے بھایا؟
تو وہ کہ ترا طنطنۂ اسمِ گرامی ‏ اک کشورِ اعظم کی حدوں میں نہ سمایا
اُتّر کی فضا گونج گئی تیری نوا سے ‏ دکھن کی ہواؤں نے ترانہ ترا گایا
مہتاب کی مانند ترے فیض کا پرتو ‏ ہر سمت گیا پھیل، ہر اک خطے پہ چھایا

کیا چیز تھی اے خاک نشیں! تجھ میں کہ جس نے ‏ رتبہ ترا افلاک سے رفعت میں بڑھایا؟
ورثے میں ملی تھی نہ کوئی جاہ و امارت ‏ کچھ دولتِ دنیا بھی ترے پاس، نہ مایا
ہاں درد — کہ ہے بلبلِ غمدیدہ کا حصہ ‏ مقسوم میں تھا تیرے دلِ نرم کے آیا
ہو سکتی نہ تھی ورنہ یہ تاثیرِ جگر دوز ‏ ہر بول میں، ہر راگ میں، جو تو نے سنایا

مانا کہ وہ موضوع بہت درد بھرا تھا ‏ جس پر قلمِ نوحہ رقم تو نے اٹھایا
مانا کہ لکھے مرثیے اس قوم کے تو نے ‏ گیتی نے ابھی خاک میں تھا جس کو ملایا
وہ نعش، مگر، عالمِ غربت میں پڑی تھی ‏ تھا سوگ میں جس کے کوئی اپنا نہ پرایا
یاد آتے تھے اب جس کے فضائل نہ محاسن ‏ اس عالمِ ناقدر نے تھا جس کو بھلایا

ہاں تو نے کیا نام کو اسلام کے زندہ ‏ اک عہدِ فراموش کو پھر یاد دلایا
پھر کیا ہو کہ اک ملتِ خفتہ کو جگا کر ‏ خود موت کی چادر میں جو منہ تو نے چھپایا؟
کیا مشعلِ رہ کی نہیں اب ہم کو ضرورت؟ ‏ کیا ہم پہ اب اقبال کا پھر آگیا سایا؟
کیا مرگ تری شمعِ شبستاں کا ہے بجھنا؟
کیا میں یہ یقیں کرلوں کہ وقتِ سحر آیا؟

راقم
خاکسار سید ہاشمی فرید آبادی
حیدرآباد (دکن)

لکھیں جیسے کہ بعض نامور مغربی مصنفوں کی تصنیف ہیں مگر اس کے لئے مرحوم چاہتے تھے کہ پہلے کوئی صاحب ذوق شخص منتخب ناولوں کا ترجمہ انھیں سنائے اور وہ اچھی طرح اصول ناول نویسی کو سمجھکر کچھ تحریر کریں، مخدومی مولوی عبدالحق صاحب بی اے) فرید آباد آکر مولوی صاحب مرحوم سے ملے تو انھوں نے بھی اس خیال کی تائید کی اور شاید ایک لالچ یہ بھی دیا کہ میں خود آپ کو اچھے سے اچھے ناول سناؤنگا، آپ اورنگ آباد (دکن) تشریف لائیں۔ چنانچہ مرحوم کا ارادہ ہوگیا تھا کہ ضرور کچھ عرصہ کے واسطے اورنگ آباد چلے جائیں۔ لیکن پانی پت میں پہلے فارسی کلام چھپوانے کی مصروفیت اور پھر آخری علالت نے یہ ارادہ پورا نہ ہونے دیا۔

مولوی حالی مرحوم کی معاشرت بالکل سادہ اور طالب علمانہ تھی ان کے مشاغل، خیالات اور گفتگو بالکل پاک صاف اور نہایت مہذب ہوتی تھی اور کبھی کوئی رکیک بات یا کلمۂ ہزل ان کی زبان پر نہ آتا تھا۔ ان کی عقائد کے متعلق بعض لوگوں کو بدگمانی تھی لیکن حقیقت میں وہ ایک راسخ العقیدہ سنّی مسلمان تھے اور اس کی بدولت انھیں بعض خانگی تکلیفیں بھی اٹھانا پڑیں، پنجوقتہ نہیں تو دن میں دوچار مرتبہ اکثر نماز پڑھتے اور عموماً صبح کو قرآن مجید کی تلاوت کرتے تھے۔ ممکن ہے پہلے وہ زیادہ آزاد خیال ہوں اور اب ان کے عقائد میں کوئی بہتر تغیر ہوا ہو لیکن یہ اندازہ درست ہو یا نہ ہو اس میں تو شک نہیں کہ مغربی تہذیب سے وہ رفتہ رفتہ بدظن ہوگئے تھے اور انگریزی تعلیم خاص کر علی گڑھ کی تعلیم سے انھیں ایک حد تک مایوسی ہوئی تھی۔ کالج سے ان دنوں رسالۂ "اولڈ بوائے" شائع ہوتا تھا اسے پڑھکر انھیں بہت کوفت ہوتی اور انہوں نے کئی بار تاسف کیا کہ مسلمانوں کے علمی مرکز سے ایک رسالہ نکلا تو وہ بھی ایسا کہ جس میں سوائے گپ شپ کے کوئی متین مضمون اور کام کی بات نہیں ہوتی۔

اس مختصر "یادآورد" کو اختیر کرتے وقت مجھے خیال آیا کہ یہاں ایک مرثیے کے چند شعر بھی نقل کردوں جو ایک فرید آبادی عقیدت مند نے مولوی حالی مرحوم کی وفات پر لکھا تھا شاعر مولوی صاحب کی عیادت کے لئے پانی پت جاتا تھا کہ راستے میں ان کے انتقال کی خبر سنی اور وہاں پہنچ کر اس پیکر لطف و کرم سے ملنے کی بجائے قلندر صاحب کی درگاہ میں مٹی کے ایک تازہ ڈھیر پر فاتحہ پڑھی۔ معلوم ہوا کہ اس عالی مقام کی جائے اقامت یہی ہے۔

بہت ہنسی آئی مگر ضبط کیا اور نام پتا وغیرہ دریافت کرکے فرمایا کہ گھبراؤ نہیں تمہارے لئے ہم کوئی تدبیر کریں گے، پھر جب محلے کے ذی وجاہت لوگ مولانا کی خدمت میں حاضر ہوئے تو مرحوم نے بہت شد ومد سے چھجو نائی کی سفارش کی اور جب تک انھیں یہ یقین نہ دلا یا گیا کہ اس کے ساتھ شادی کرنا بیچاری عورت کو مصیبت میں پھنسانا ہے، وہ چھجو کی وکالت کرتے رہے۔

مولوی صاحب مرحوم کے زمانۂ قیام فرید آباد میں بلقان کی جنگ چھڑ گئی تھی۔ زمیندار کی خبروں اور الہلال کے مضامین کا چرچا تھا مرحوم روزانہ لڑائی کی خبریں سنتے اور ترکوں کے نقصانات و مصائب کا حال سن کر بیتاب ہو ہو جاتے تھے۔ بارہا صبر و سکون کا پیمانہ چھلک گیا اور ان کی آنکھوں سے بے اختیار آنسو جاری ہو گئے۔ کئی دفعہ زبان سے اس مظلومانہ آرزو کا بھی اظہار ہوا کہ "الٰہی وہ وقت بھی کبھی آئے گا جب کہ ترک و ایرانی کے قتل و خون کے بجائے ہم یہ سنیں گے کہ آج اتنے جرمن مارے گئے اور اتنے روسی کام آئے ۔۔ ۔۔ ۔۔؟" پانی پت کے ایک صاحب کہتے تھے کہ جب مولوی صاحب مرحوم کو انتقال سے چند ہفتے پہلے یورپ میں جنگ چھڑنے کی خبر سنائی گئی تو انہوں نے بستر پر اٹھ کر خدا کا شکر ادا کیا۔ اور یہ حقیقت میں بدقسمت مسلمانوں کے دلی جذبات کی ترجمانی تھی۔

فرید آباد کے قیام میں مرحوم کو نظم و نثر لکھنے کا زیادہ موقع نہ ملا۔ اکثر اوقات تو وہیں کے لوگ گھیرے رہتے تھے۔ کبھی کبھی باہر سے بھی لوگ عیادت کے واسطے آتے اور مرحوم ضبط و متانت کی تصویر بنے، گھنٹوں ان کی باتیں سنتے رہتے تھے۔ دوسرے مرض میں تخفیف ہو جاتی تو بھی ضعف و کمزوری روز افزوں تھی۔ چلنا پھرنا نہایت دشوار ہو گیا تھا اور ان کا جسم و دماغ کسی خاص محنت اور کام کے قابل نہ رہا تھا۔ حقیقت میں اب وہ عمر کی اس منزل میں پہنچ گئے تھے جس کا ایک رباعی میں خود نقشہ کھینچا ہے کہ :-

پیری نہیں منزلِ فنا ہے گویا	اب کوچ کا وقت آ لگا ہے گویا
یوں جسم سے ہو گئی حرارت کافور	اک راکھ کا ڈھیر رہ گیا ہے گویا

پھر بھی میرا خیال ہے کہ ایک قطعہ زمیندار کی قومی جذبات کی تعریف میں، نیز دو تین رباعیاں قیام فرید آباد کی یادگار ہیں، اپنے فارسی کلام کو چھپوانے کا بہت خیال تھا اور غالباً اس پر نظرثانی بھی فرید آباد میں شروع کی۔ لیکن ایک اور خیال جس سے مرحوم کے ذوق اور میلان کا پتا چلتا ہے انھیں یہ پیدا ہوا تھا کہ وہ اصلاح معاشرت کے لئے اردو میں اس قسم کے ناول

جس مکان میں مولوی صاحب مرحوم ٹھہرے اسی کے احاطے میں ایک عورت وزیرن اور اس کے بال بچے رہتے تھے۔ وزیرن کی طلاقت لسانی اور جنگ جوئی کی محلے بھر میں دھاک تھی میدان جنگ میں فتح پاکر اپنے مستقر پہ آنے کے بعد بھی دیر تک اس کی گرج اور شعلہ فشانی جاری رہتی کبھی کبھی بچوں پر غیظ و غضب کے طبعی جذبات کی بھڑاس نکلتی اور خود شیرنی کے بھٹ میں قیامت کا شور و ہنگامہ بپا ہو جاتا، اسی خوف سے مالک مکان نے وزیرن سے تاکید کر دی تھی کہ مولوی صاحب کے زمانۂ قیام میں شور مچایا تو تم کو فوراً مکان سے نکال دیا جائے گا۔ وزیرن نے بھی بزرگ مہمان کا پاس و لحاظ کیا۔ اور زیادہ شکایت کا موقع نہ آنے دیا لیکن اتفاق سے ایک دن اس کا چھوٹا بچہ بیمار ہوا اور رات گئے اس کے رونے کی آواز مولوی صاحب کے کان میں آئی۔ مرحوم بستر سے اٹھ بیٹھے آہستہ آہستہ چل کر چبوترے کے کنارے تک آئے اور وزیرن کو آواز دی۔ بچے کے حال کے ساتھ دریافت کیا کہ اگر اسی وقت ڈاکٹر یا دوا کی ضرورت ہو تو انتظام کیا جائے — تسلی تشفی کی باتیں کر کے کمرے میں آ گئے۔ مگر غالباً ساری رات انھیں چین کی نیند نہ آئی اور صبح ہوتے ہی جب ڈاکٹر شجاعت حسین حسب معمول مزاج پرسی کے لئے حاضر ہوئے تو مولوی صاحب نے دروازے ہی سے ان کا سلام لے کر کہا "آپ پہلے ذرا وزیرن کے بچے کو دیکھ آئیے وہ بخار سے رات بھر رویا ہے۔۔" شجاعت حسین صاحب طبابت پیشہ ہونے کے باوجود اس قدر صفائی پسند تھے کہ انھیں غریب غربا کے گندے سندے گھروں میں فیس لے کر جانے سے بھی وہم آتا تھا۔ لیکن حکم کی تعمیل ضروری تھی۔ گئے اور جب تک وزیرن کا بچہ اچھا نہ ہوا بلا ناغہ اس کے ہاں جاتے اور دوا دے دلا کر روزانہ مولوی صاحب مرحوم کو اس کی خیر و عافیت سناتے تھے۔

مرحوم کے حلم و کرم کا ہر شخص پر وجدانی اثر ہوتا تھا اور ادنیٰ سے ادنیٰ درجے کے لوگ بھی جس قدر جلد ان کی خدمت میں بے تکلف ہو جاتے اور انھیں اپنا محرم راز بنا لیتے اس کی مثال میں یہ لطیفہ نقل کئے بغیر مجھ سے نہیں رہا جاتا کہ ایک مرتبہ مولوی صاحب کا ناواقف نوکر خط بنانے کے لئے ایسے نائی کو لے آیا جو اگرچہ خاندانی حجام اور موروثی کسوت سے بھی آراستہ تھا لیکن حقیقت میں ایک نشہ باز، آوارہ مزاج سا آدمی تھا۔ خط بناتے بناتے کہنے لگا "اجی میاں مولوی صاحب، ایک کام تو آپ ہمارا بھی کر دیجئے" اور کام یہ بتایا کہ "حضور، میرا ایک عورت پر دل آ گیا ہے مگر اس کے بھائی بندوں نے بہکا دیا، شادی نہیں کرتی۔ ۔۔۔ حضور کوئی ایسا تعویذ لکھ دیں کہ ۔۔۔ اپنے آپ میری خوشامد کرتی پھرے۔۔" مولوی صاحب کو

لیکن مولوی صاحب کی مروت و فروتنی دیکھ کر کسی نے اس ہدایت پر عمل نہیں کیا اور پانچ سات مہینے جب تک مرحوم کا فرید آباد میں قیام رہا، صبح سے رات کے دس گیارہ بجے تک بمشکل کوئی وقت ایسا ہوتا ہوگا جس میں دو چار بے فکرے عقیدت مند اُن کی خدمت میں حاضر نہ رہتے ہوں۔

مولوی حالی مرحوم کی زندگی شرافت و صداقت، حلم و انکسار، صبر و سادگی کا قابل دید نمونہ تھی۔ اُن کے اخلاقِ شائستہ کا پاس بیٹھنے والوں پر پرتو پڑتا تھا۔ بزرگوں نے لکھا ہے اور میں نے ان کی صحبت میں آزمایا۔ کہ نیکوں کے محض حضور میں بُرے سے بُرے دل صلاح و نکوئی قبول کرتے ہیں۔ مدت العمر کے ساتھیوں کا بیان ہے کہ مولوی صاحب مرحوم نے کبھی اپنی زبان کو غیبت و بدگوئی سے آلودہ نہیں کیا۔ اور مجھے یہ سبق پہلی مرتبہ ان کی دلچسپ مجلس میں حاصل ہوا کہ اتنے وسیع تعلقات اور واقفیت کے باوجود بھی آدمی چاہے تو اپنی ہمہ رنگ و ہمہ گیر گفتگو کو لوگوں کی ہجو بے جا اور مذلتِ ذات سے خالی رکھ سکتا ہے، مگر مرحوم کے فضل و شرف کی اس سے بھی زیادہ نمایاں دلیل یہ وصف تھا کہ وہ جس قدر ہمدرد و بامہر تھے اسی قدر فراخ حوصلہ اور قدر شناس تھے۔ مسلمانوں کی بگڑی ہوئی قوم میں ایسے افراد کم ملیں گے جو اپنی ذہانت اور وسعتِ نظر سے نکتہ چینی کی بجائے قدردانی اور ہمت افزائی کا کام لیں۔ عیب جوئی اور تنگ دلی* ہمارے اخلاق کی پستی اور قومی انحطاط کا نتیجہ اور آئندہ ترقی کے حق میں بہت بڑی رکاوٹ ہے اور اسی لئے شاید ہمیں کام کرنے والوں سے بھی زیادہ کام کی قدر جاننے والوں کی ضرورت ہے، لیکن حیات جاوید پر اعتراض کرنے والے اگر سرسید کی مفرط ستائش کو مصنفِ کتاب کی قوتِ تنقید اور فہم و فراست کی کمی پر محمول کریں تو انھیں چاہیئے کہ مصنف مرحوم کا مقدمہ دیوان اور ناصر خسرو پر تبصرہ بھی پیش نظر رکھیں جن سے بہتر تنقیدی مضامین کی نظیر زبان اُردو میں میسر نہ آئیگی۔

چھوٹی چھوٹی باتوں میں بھی مولوی حالی مرحوم کی قدردانی اور شوقِ ہمت افزائی کا یہ حال تھا کہ مثلاً، ایک دن لوگوں نے دیکھا کہ وہ بمشکل مکان کی مہتابی پر چڑھے اور سر اُٹھا کے دیر تک باہر میدان کے رخ نظر دوڑاتے رہے۔ ان کی اقامت گاہ بستی کے سرے پر تھی اور اس کی مہتابی سے کھیت اور باڑے نظر آتے تھے۔ مگر مرحوم نے یہ زحمت سیر یا تفریح کے لئے نہ اُٹھائی تھی بلکہ معلوم ہوا کہ وہ محض اس لئے مہتابی پر چڑھے تھے کہ شاید وہاں سے سید مطلبی صاحب کی "بچھر پلٹن" نظر آ جائے جو سید صاحب موصوف نے اپنی دولت مرتب کی تھی اور محلے کے چھوٹے چھوٹے لڑکوں کو اس میں بھرتی کر کے میدان میں دوڑاتے اور مصنوعی جنگ کی مشق کراتے پھرتے تھے!

مولوی حالیؒ فرید آباد میں

مولوی (خواجہ) الطاف حسین حالی مرحوم آخر عمر میں اکثر علیل رہنے لگے تھے۔ صحت کی اسی خرابی پر ایک خط میں انھوں نے اپنی نسبت کسی بدوی کا یہ قول نقل کیا ہے کہ "اموت قلیلاً قلیلاً"۔ علاج کے لئے دہلی آنا ہوتا تھا۔ یہاں بعض صاحبوں نے رائے دی کہ تبدیل آب و ہوا کے لئے مہرولی جا رہیئے۔ اتفاق سے اسی زمانے میں مولوی صاحب کے ایک عزیز ڈاکٹر شجاعت حسین فرید آباد کے سرکاری شفاخانے میں "ہسپتال اسسٹنٹ" تھے۔ انھوں نے کہہ سن کر مولوی صاحب کو فرید آباد آنے پر رضامند کر لیا کہ "سکون و تنہائی کی جگہ ہے دلی سے گھنٹہ بھر کا راستہ ہے۔ آب و ہوا بہت اچھی اور طبی مشورے کے لئے خود میں ہر وقت حاضر رہونگا"۔ غرض مولوی صاحب مرحوم مہرولی کی بجائے فرید آباد آنے پر آمادہ ہوگئے۔ وہاں سیدوں کے محلے میں ایک وسیع ہوادار مکان میں ان کے قیام کا انتظام کر دیا گیا۔

غالباً اواخر دسمبر ۱۹۱۲ء میں مولوی صاحب مرحوم فرید آباد تشریف لائے۔ اسٹیشن پر استقبال کرنے والے موجود تھے۔ میرے بھائی سید مطلبی صاحب سلمہ نے ایک پرتکلف رتھ کسی گاؤں سے منگوائی تھی۔ عہدِ کہن کی اس سواری میں دورِ جدید کے نقیب کو قصبے تک لائے، بازار میں بھی بہت لوگ پیشوائی کرنے آئے تھے اور خاصی طرح ایک جلوس بن گیا۔ رتھ کے بازار میں داخل ہوتے ہی ایک سید صاحب نے بڑھکر کچھ "نسولی" پیسے نچھاور کئے اور "بکھیر" کی رسم قدیم ادا کی۔

استقبال کرنے والوں نے اقامت گاہ تک ساتھ نہ چھوڑا۔ بلکہ عوام الناس تو کچھ دیر احمقانہ اشتیاق سے گھورنے اور نووارد مہمان کی صورت و لباس کی گویا پڑتال کرنے کے بعد رخصت ہوگئے لیکن سفید پوش حضرات اس طرح زانو جما کے اور گھیر کے بیٹھے جیسے دیہات کی براتوں میں دولھا کو گھیرے رہتے ہیں۔ ڈاکٹر شجاعت حسین صاحب نے پہلے سے لوگوں کو سمجھا دیا تھا اور خود مولوی صاحب مرحوم نے بھی دبی زبان سے کہا کہ "مجھے ڈاکٹروں نے زیادہ ملنے جلنے اور باتیں کرنے کی ممانعت کر دی ہے۔ اور فرید آباد آنے کا بڑا سبب یہی ہے کہ کچھ روز بالکل خاموشی اور تنہائی میں آرام لوں..."

تن درست سندر یہی ہے، رنگت گوری یا کالی
فطرت نے جو جس رنگ میں ڈھالی
فطرت کے لئے حسن یہی ہے سج دھج گرمانے والی
جان کی کھیتی جوتنے والی!

فرمودۂ غالب

یارب، ز جنوں طرحِ غمے در نظرم ریز
صد بادیہ در قالبِ دیوار و درم ریز

دل را ز غمِ گریۂ بیرنگ بجوش آر
اجزائے جگر حل کن و در چشمِ ترم ریز

ہر برق، کہ نظارہ گدازست نہادش
بگزار و بہ پیمانۂ ذوقِ نظرم ریز

ہر خوں کہ عبث گرم شود، در دلم افگن
ہر برق کہ بے صرفہ جہد بر اثرم ریز

ہر جا نم آبیست، بہ مژگانِ ترم بخش
از قلزم و جیحوں کفِ خاکے بہ سرم ریز

ایں سوزِ طلبی نگدازد نفسم را
صد شعلہ بیفشار و بہ مغزِ شررم ریز

مسکیں جگر از لذتِ آزار ندارد
خارم کن و در رہ گزرِ چارہ گرم ریز

دارم سرِ ہم طرحیِ غالب، چہ جنونست
یارب، ز جنوں طرحِ غمے در نظرم ریز

سندر صورت، دل میں سمائے — دل کو لبھائے، دل آئے
تجھ بن جگ ہو خالی خالی
حسن کی دیوی! تیرے کارن — کون نہ دل سے مرجائے
موہنی مورت، موہنے والی

۔۔ ۲ ۔۔

اندھرا دیس کی سندر پتری — کالی، کوئل سی کالی
بال بھی کالے، گھنگھور گھٹا
ہونٹ وہ گدرے، جامن کے سے — اور آداہٹ میں لالی
دانت وہ اُجلے موتی کی جھلا

بڑی بڑی سی آنکھ غلافی — پتلی بھونرا سی کالی
خمار اک مستانہ چھایا
وہ من موہنی، مقناطیسی — اُن میں چمک ناگن والی
آنکھ لڑی، اور دل کو لبھایا

اور سراپا گدرا گدرا — سانچے میں ڈھلا، لچکیلا
جوشِ جوانی، پھٹتا جوبن
بھرا بھرا سا، ڈھلا ڈھلایا — وہ اک اک عضو سجیلا
وہ ہر چیز کا بیساختہ پن

اک موج مچلتی مچلاتی — چڑھتی، اترتی، لہراتی
وہ گردن کا نفیس ڈھلاؤ
سینہ مستی کا جوالا مکھ — کمر لچکتی، بل کھاتی
ہوش رُبا اُتار چڑھاؤ

ہم عظمت صاحب کے اس لطفِ خاص کے تہِ دل سے ممنون ہیں کہ انہوں نے مستقل نوازشوں کے وعدہ کے ساتھ یہ پیاری نظم اور "بیٹھے" والا پر لطف مضمون عنایت فرمایا۔

اڈیٹر

۱

ہائے وہ صورت پیاری پیاری بڑی بڑی آنکھیں کالی
چکنے چکنے بال بھی کالے
ہونٹ رسیلے، امرت والے وہ تندرستی کی لالی
گال گلابی، روئی کے گالے

اٹھتا جوبن، گدرا گدرا آپ ہی من میں کھب جائے
لوچ بدن میں پھولوں کی ڈالی
ایک گھلاوٹ یکسر چھائی بے ساختہ جی للچائے
موہنی مورت، موہنے والی

چال نشیلی، جھومتا بادل یا کوئی ندی لہراتی
چُور جوانی میں اٹھلاتی
ڈرتی ڈرتی، بچتی بچاتی رکتی رکاتی، شرماتی
دل کو مسلتی، دل ترپاتی

ستھری ستھری، میٹھی میٹھی بانسری کی سی آواز
نفیس چڑھاؤ، نفیس اُتار
ہزار راگوں کا ایک راگ ہزار سروں کا ایک راز
روح میں بیٹھے، دل کے پار

---

(۱) موہنی مورت، موہنے والی

(۲) سندر صورت سندر ہی ہے، رنگت گوری یا کالی

[از نتیجۂ فکر جناب محمد عظمت اللہ خاں صاحب دہلوی بی اے (علیگ)]

عظمت صاحب ظرافت نگاری میں ایک مخصوص طرز کے مالک ہیں جس میں لطیف تفنن کے ساتھ ساتھ غور انگیزی کی صلاحیت بھی پائی جاتی ہے۔ اس صنفِ ادب کی آبیاری وہ "نقیب" وغیرہ ادبی رسائل میں کرتے رہے ہیں۔ خود "بنیا" اُن کے طرزِ انشا اور پیرایۂ خیال کا ایک پاکیزہ نمونہ ہے، مگر اب کچھ عرصہ سے آپ نے اپنی جدت و ندرت کے اظہار کے لئے نظم کو منتخب کر لیا ہے۔ نظم میں بھی آپ کا ایک خاص مجتہدانہ رنگ ہے، یعنی یہ کہ ہندی مضامین پر، ہندی عروض و بحور کو کام میں لاکر، ہندی تشبیہات و استعارات کے ذریعہ اپنے دلی جذبات و تاثرات کا اظہار کرنا۔ اس نصب العین میں عظمت صاحب کو کس حد تک کامیابی حاصل ہوئی ہے، اس کی شاہد اُن کی وہ نظمیں ہیں جو رسالہ "اردو" میں شائع ہو چکی ہیں (بالخصوص "برکھا رت کا پہلا مہینہ") ذیل کی دو لطیف و رنگین نظمیں اس شہادت پر مہرِ تصدیق ثبت کرتی ہیں۔ ناظرین ملاحظہ فرمائیں گے کہ ان میں ہندی اور فارسی کے حسین و نازک الفاظ کی ملاوٹ سے کس قدر ترنم اور کیف پیدا ہو گیا ہے۔ پہلی نظم کے تیسرے بند میں "موجِ خرامِ یار" اور دوسری نظم کے دوسرے بند میں آنکھوں کے حسن و جاذبیت کی کیفیت کس سرمست پیرایہ میں کھینچی گئی ہے، کہ بیساختہ، خود رنگین جمالی شاعر کے الفاظ میں، روح میں بہتی اور دل کے پار ہوتی ہے۔ دوسری نظم، بقول محترمی مولوی عبدالحق صاحب، حقیقی معنوں میں "قومی" یا حیدرآبادی زبان میں "ملکی" ہے، کیونکہ جنوبی ہند (اور بالخصوص اندھرا دیس) حسنِ سیہ فام، کا ملجا و مامن ہے۔

افکارِ اصغر

حضرت اصغر کی شاعری پر ایک مبسوط تبصرہ ہمارے نقادِ خصوصی مرزا احسان احمد صاحب (علیگ)
کے قلم سے میگزین کی کسی گزشتہ اشاعت میں شایع ہو چکا ہے جس سے بخوبی اندازہ ہوتا ہے کہ اپنی
گوناگوں خصوصیات کے لحاظ سے دورِ حاضر کے سخنوروں اُن کا درجہ کس قدر بلند ہے۔ ذیل کی
مرصع غزل (جس کے لئے ہم اپنے دوست جمیل الرحمٰن صاحب قدوائی (علیگ) کے ممنون ہیں)
ایک وجدانی ذوق کی آئینہ دار ہے جو اصغر صاحب کے کلام کی امتیازی خصوصیت ہے۔

(اڈیٹر)

شاید کہ پیام آیا پھر وادیِ سینا سے
شعلے سے لپکتے ہیں کچھ کسوتِ مینا سے

اسرارِ حقیقت کو ایک ایک سے پوچھا ہے
ہر نغمۂ رنگیں سے، ہر شاہدِ زیبا سے

میخانہ کی یہ صحبت اے شیخ! غنیمت ہے
لے کچھ لبِ ساغر سے، کچھ سینۂ مینا سے

یا زندگیٔ نو تھی ہر موجِ حوادث کی
یا موت کا طالب ہوں انفاسِ مسیحا سے

انوار کی ریزش ہو، اسرار کی بارش ہو
ساغر کو جو ٹکرا دوں اس گنبدِ مینا سے

وہ عشق کی عظمت سے شاید نہیں واقف ہیں
سو حسن کروں پیدا ایک ایک تمنا سے

یا ربِّ غمِ ہستی کا اب اذن مداوا دے
یا شاہدِ رعنا سے، یا ساغر و مینا سے

اشعار یہ اصغر کے ہے رقص رگِ جاں میں
اک موجِ نسیم آئی کیا باغِ مصلےٰ سے

عورتوں کی صورت میں انسان کے بستر علالت کے گرد جمع ہو جاتے ہیں۔ بالکل بدحواس بنا دیا مریضہ کی آنکھیں جو عالم مدہوشی میں بھی اس کے اندرونی کرب کی آئینہ دار تھیں۔ انتہائے درد میں اپنے حلقوں سے باہر نکلی پڑتی تھیں، یہ روح فرسا منظر ان چند نظاروں میں تھا جو انسانی حافظہ کے اندرونی تہ خانوں میں جاگزین ہو جاتے ہیں اور بہت عرصہ کے بعد جب سمجھے ہوتے ہیں۔ ان کی یاد دماغ سے محو ہو گئی۔ وہ یکایک ہماری پر امن نیند کو بےچین یا ہمارے فرصت کے لمحوں کو تلخ بنا دیتے ہیں، میں ایک نیم مبہوت حالت میں درد کی اس اس بولتی ہوئی تصویر، کرب کی اس خاموش نظم کا مطالعہ کر رہا تھا، کہ مجھے اس گھبرائی ہوئی آواز نے چونکا دیا،

" ارے! خدا کے واسطے، کوئی جاؤ اور کسی جھاڑنے پھونکنے والے کو بلا لاؤ"!

"سیاح حیات"

غزل

(از جناب آغا سید اسحٰق صاحب از کیمبرج)

کیا شکایت؟ بے نیازی یار کی — انتہا ہے وعدۂ دیدار کی

ناخدائی یوں تو سب کرتے، مگر — شکر اُس کا جس نے ناؤ پار کی

چشم عرفاں اور دنیا کا فریب — منزلیں ہیں وادیٔ پرخار کی

کفر و دیں کا مبدء و مرجع ہے ایک — کیوں نہ کھاؤں پھر قسم زنار کی

دشت پیمائے جنوں نے دم لیا — منتوں سے سایۂ دیوار کی!

مڑکے، ظالم، دیکھ لینا تھا تجھے — ذیدبائی آنکھ کو بیمار کی

جلوہ فرما ہے رگِ جاں کے قریں — جس نے، موسیٰ طور پر گفتار کی

تیرے دست و بازو اور میرا گلا — آبرو ہیں خنجر خمدار کی

خوب جی بھر کر اُسے دیکھا، مگر — پھر بھی حسرت رہ گئی دیدار کی

کس کو آئے گا یقین اسحٰق کا؟
اُس نے توبہ کی، ہزاروں بار کی!

سننے والے شریف آدمی مثلاً مجھ کو بیوقوف بناتا، تو مجھے اعتراف ہو کہ میرا دل بے اختیار یہ چاہتا ہے کہ ان تمام جہالت مآب روایتوں کے برخلاف علم جہاد بلند کردوں اور ان کے سنگین قلعوں کو سرنگوں کرکے چھوڑوں۔ میں نے اس پُر اسرار طریقۂ بیان کے معنی معلوم کرنے کے لئے تہ ہی سے تحقیقاتیں کیں اور بہت سے یادگار زمانہ "لال بجھکڑوں" کی جانب اسی مسئلہ کو حل کرنے کے لئے رجوع کیا، بالآخر معلوم یہ ہوا کہ صاف طور پر رات کے وقت نہانے کا ذکر اس لئے نہیں کیا جاتا کہ ہمارے وہم پرستوں کو یہ اندیشہ ہوتا ہے کہ اس ارادہ کے اظہار کی وجہ سے رات بھر فرشتوں کو پانی بھرنا پڑے گا! ذرا خیال کیجئے، اس تشریح میں ایک قسم کی نادانستہ مہمل ظرافت کے کس قدر پہلو پیدا ہوتے ہیں اول تو فرشتوں کو کیا غرض پڑی کہ وہ ہر کس و ناکس اور ہر اہل و نااہل کی خاطر سقائی کرتے پھریں، اور اگر بالفرض ان کو بے شمار صدیوں تک عبادت الٰہی کرتے کرتے خدمتگزاری کی اس قدر عادت پڑ گئی ہے کہ خواہ مخواہ وہ اپنی خدمات کو موجودہ زمانے کے چھوٹے چھوٹے خطاب یافتوں کی طرح پیش کرنے کے لئے طیار رہتے ہیں، تو ہمیں خدا کا شکریہ ادا کرنا چاہئے یا اس غیبی امداد کو مسترد کرنا اور اس سے بچنے کی کوشش کرنا؟ علاوہ بریں اس سے فرشتوں کے قد و قامت اور ان کے استطاعتِ عمل پر بھی ایک تسلی بخش روشنی پڑتی ہے۔ کیونکہ جو فرشتے تمام رات پانی بھرنے کے بعد دو تین لبریز گھڑوں کی کارگزاری دکھا سکیں، یقیناً وہ قد و قامت میں ان بالشتیوں سے بڑھ کر نہیں ہو سکتے جو شکسپیر کے "ساون رین کے سپنے" میں کنول کے پھولوں کے اندر آنکھ مچولی کھیلتے اور جنگل کی چاندنی کا لطف اٹھا پھرتے تھے۔

مجھے حال میں ایک ایسے دردناک واقعہ کا مشاہدہ کرنا پڑا کہ اس کے خیال نے اس مضمون کے مضحک متن کو یکایک بدل دیا۔ میں ایک مریض عورت کے سرہانے کھڑا ہوا تھا جو ایک ماہ سے خفقان کی ان پیچیدگیوں میں گرفتار تھی جس کا ایک لمحہ درد کی ایک مدت العمر کے برابر ہوتا ہے۔ اس کے تیمارداروں نے علاج کی جانب سے اپنی توجہ کو بالکل ہٹا لیا تھا۔ بلکہ یہ کہنا چاہئے کہ اس کی جانب کبھی توجہ کو مائل ہی نہیں کیا تھا کیونکہ بیماری نظر لگ جانے کی جانب منسوب کی جاتی تھی اور اس کے دفیعہ کے لئے فطرتی معالجہ کے بجائے اس غیر معقول وسیلہ کو اختیار کیا گیا تھا جسے عوام کی سادہ لیکن فصیح زبان میں "جھاڑ پھونک" کہتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوا کہ مرض کی شدت اور تکلیف میں اضافہ ہو گیا، اور دوروں کی کثرت نے محبت کے ان فرشتوں کو جو تیماردار

کہ موت کو آنے کے لئے ذکر کی ضرورت نہیں، ناخواندہ مہمان تو کبھی کبھی شرمندہ اور کھسیانا ہو بھی جاتا ہے، لیکن اس کٹ ملی ہوئی بے تکلفی کی کوئی حد نہیں۔ اسی سلسلہ میں یہ اپنی متنفر شعار بھی قابلِ ذکر ہے کہ مُردوں کا ذکر کبھی بغیر احتیاط اور لفظی قلعہ بندی کے نہ کیا جائے۔ اپنے اُن مرحوم عزیزوں کا تذکرہ جنھیں اُن کے پس ماندگان اپنی جان سے زیادہ عزیز رکھتے ہیں، وہ اس طرح کرتے ہیں گویا وہ ناقابلِ ذکر ہستیاں ہیں جن کا تخیل الفاظ کی ایک سنگین فصیل کا محتاج ہو دہلی میں جب کوئی عورت اپنے مرحوم شوہر یا والدین یا اعزہ کا ذکر کسی شخص سے کرتی ہے تو (حضرات دہلی ذرا غور سے ملاحظہ فرمائیں!) اس اہتمام سے "اسے ہے، ایک روز، تیری جان سے دور، سات سمندر پار سات قرآن درمیان، اُن کے کان اُدھر کے اُدھر ہی رہیں تیرے چچا میاں عظیم سفر سے واپس آئے"! گویا یہ لمبا جملہ ایک قسم کا تعویذ ہے جو ارواح کے لئے وہی کام دیتا ہے جو لاحول ...... کے لئے یہ احتیاط اور طوالت صرف مہمل ہی نہیں، بلکہ محبت کی توہین ہے، کیونکہ محبت ہی وہ اسمِ اعظم ہے جو انسان کی موت اور اُس کے اعزازی کارندے حضرت عزرائیل پر فتحیاب کر دیتا ہے، اور اس عالم کی زندگی اور اس کے باشندوں کو، عالمِ آخرت کی زندگی اور اُس کے باشندوں سے منسلک کر دیتا ہے، اپنے محبوب اعزہ اقارب کے لئے ایسی دوری اور بے تعلقی کے الفاظ استعمال کرنا۔ ان کی محبت سے انکار کرنا ہی اور اُس اثر زریں سے منکر ہونا ہے جو نیک ہستیاں موت کے بعد ہماری شاہراہ حیات پر ڈالتی ہیں۔ بقول اقبال سہ

مرنے والوں کی جبیں روشن ہے اس ظلمات میں
جس طرح تارے چمکتے ہیں اندھیری رات میں

کیا ہم ان انجم ہائے درخشاں کو تاریک الفاظ کی ظلمت میں چھپانا چاہتے ہیں؟

بعض وہم اس قسم کے ہوتے ہیں، کہ اگر ہم میں سے ہر ایک اُن کی ہنسی اڑانے پر کمر باندھے تو وہ اس متفقہ حملہ تضحیک سے جانبر نہ ہو سکیں، کیونکہ اُن میں معقولیت یا سمجھ کا مطلق کوئی شائبہ نہیں پایا جاتا، مثلاً، اگر کسی عورت کو رات کے وقت یہ کہنا ہوتا ہے کہ "میں کل نہاؤں گی" تو وہ اس خیال کو صاف الفاظ میں ادا کرنے سے خائف ہوگی اور ان کے بجائے یہ کہے گی کہ "میں کل صبح کو دودھ خشکہ کھاؤں گی"! بھئی، یہ دودھ خشکہ کیا معنی؟ مجھے کسی کے دودھ خشکہ کھانے پر مطلق اعتراض نہیں، کیونکہ یہ ایک زود ہضم خوراک ہے اور خصوصاً رمضان میں میں ہر سحر خوری اس کی سفارش کرتا ہوں، لیکن جب دودھ خشکے کے نام سے غسل مقصود ہو، اور ضمناً بغیر ارادہ ناواقف

ناساز ہو۔ بندگان خدا! اگر میرے دشمنوں کی طبیعت ناساز ہے، تو کیا تمھارے اخلاق اس قدر پست اور وسیع ہو گئے کہ اپنے دشمنوں کی بیماری پر ماتم کرتے ہو؟ میں نے اس گول مول اور طول طویل طریقہ بیان سے بچنے کے لئے بہت سے پرانے خاندانی کاغذات کے مطالعہ سے ایک خاندانی دشمن (جس کو میں بالاختصار ن کہونگا) کا نام معلوم کر لیا ہے۔ اب جب کبھی مجھے اپنی یا کسی عزیز یا دوست کی بیماری یا ناکامی وغیرہ کا ذکر کرنا ہوتا ہے، تو میں بلا تمہید کہہ دیتا ہوں کہ ن کو فلاں واقعہ پیش آیا۔ گو اس طرز بیان سے واقعہ کسی قدر مبہم ہو جاتا ہے لیکن کم از کم میرے مخاطبین کو میرے طرز گفتگو کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرنے کا موقع تو نہیں ملتا، ایک مرتبہ نہایت سنجیدگی سے یہ بھی خیال آیا تھا کہ ایسے موقعہ پر اولاد آدم کے ایک قدیمی کرم فرما کا (جو ہمیں جنت کی یکسانیت سے اس دنیا کی متنوع زندگی میں منتقل کرنے کا باعث ہوئے تھے) نام لے دوں، لیکن اس میں یہ اندیشہ پیدا ہوا کہ زیادہ تعمیم پیدا ہو جائے گی اور تخصیص کا فائدہ ہاتھ سے جاتا رہے گا یعنی یہ نہیں معلوم ہو سکے گا کہ حادثہ زیر گفتگو میرے کسی واقف کو پیش آیا یا اس "آباد ویران خانے" کے کسی اور مکین کو،

ایک عجیب وہم جو لوگوں کے دلوں میں بہت عام طور سے پیدا ہو گیا ہے، یہ ہے، کہ موت کا ذکر کرنا اس کو دعوت ورود دینا ہے۔ میں نے بہت کوشش کی کہ اپنے حلقوں میں سے اس لایعنی خوف کو دور کر دوں، لیکن وہ تعصبات جن کو امتداد زمانہ دل کی گہرائیوں میں مستحکم کر دیتا ہے زبان یا ہاتھ کی ذرا سی حرکت سے نہیں نکل سکتے، لیکن یہ سوچنے کی بات ہے کہ اگر کوئی حقیقت حیات انسانی میں ایسی ہے جس سے انکار یا گریز ممکن نہیں تو وہ حقیقت موت ہے۔ موت زندگی کا اہم ترین حادثہ ہے۔ کیونکہ یہ اور تمام حادثوں پر مہر اختتام لگا دیتا ہے۔ کوئی شخص بھی جو اپنی "اجتہادی غلطی" کی وجہ سے اس دنیا میں آ نکلا ہے، اس کی تلخ چاشنی سے آشنا ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا، پھر اس کے ذکر سے احتراز کرنا کیا معنی؟ حیرت ہے کہ یہ وہم ان لوگوں میں بھی پایا جاتا ہے جو مذہب اور اس کے احکام کی پیروی کرنا فرض سمجھتے ہیں، حالانکہ خوف خدا پیدا کرنے کے لئے موت کے ذکر سے زیادہ کارگر کوئی آلہ نہیں، لیکن جب کبھی میں لوگوں کے غصہ کا تماشہ دیکھنے کے لئے موت اور ما بعد الموت کے مسائل پر ذاتی نقطۂ نظر سے گفتگو کرنے لگتا ہوں تو اس وقت چاروں طرف سے میری اس دیدہ دلیری اور دریدہ دہنی پر لے دے ہونے لگتی ہے اور پاس ادب سے مجھے اپنی درازی عمر کی دعائیں مانگنی پڑتی ہیں! ان لوگوں کو کیسے یقین دلایا جائے۔

اجنبی کیل کا گڑا ہوا ہونا، یا دروازے کی دہلیز کے قریب کسی ٹوٹی ہوئی بدھنی کا پایا جانا! بسا اوقات ایسا ہوتا تھا کہ اُن کا کوئی شریر بچہ سینہ کے کانٹے اُن کے پلنگ کے نیچے لا کر ڈال دیتا تھا۔ یا اُن کے نماز کے چبوترے پر ایک کیل "اپنی آنکھوں کو تماشہ چاہیئے" کے سلسلہ میں گاڑ دیتا تھا، اُس موقع پر سنا گیا ہے، کہ "سامان محشر" واقعتاً مہیا ہو جاتا تھا، اُن کی رات کی نیند اور دن کا آرام کیل کانٹوں پر سے قربان ہو جاتے تھے، وہ نیک نیتی سے انتہائی کوشش اس بات کی کرتی تھیں کہ اُن کے خاندان کے لوگوں میں لڑائی نہ ہونے پائے۔ اگر کبھی خوش قسمتی سے کانٹوں یا کیل کی تفتیش کے حادثہ پر تین روز امن چین سے گزر جاتے تھے، تو اُن کی پریشانی دوچند سہ چند ہوجاتی تھی، کیونکہ وہ یہ سمجھتی تھیں کہ جادو کا اثر عارضی طور پر ٹل جانے سے زائل نہیں ہوتا بلکہ اور زیادہ خطرناک ہوجاتا ہے۔ جس طرح خونخوار جانور اپنے شکار پر حملہ جست کرنے کے لئے چند قدم دبے پاؤں پیچھے ہٹتا ہے اس دوران میں رفع شر کی خاطر اُن کی مایوسانہ جدوجہد تقریباً خبط کی صورت اختیار کر لیتی تھی لیکن اکثر نتیجہ وہی نکلتا تھا، جو یورپ کے امن دوست سیاست دانوں کی کوششوں کا ہوتا ہے یعنی لڑائی کے خلاف اُن کی تمام کوششیں اُلٹی پڑتی ہیں، اور جنگ جو ان کی مخلصانہ "لیکن بیوقوفانہ" مداخلت سے پہلے صرف ایک خواب پریشاں کی حیثیت رکھتی تھی، واقعہ کی صورت میں تبدیل ہوجاتی ہے۔

یہ ہے اس خاتون کے توہمات کی ایک مختصر سی داستان، اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اس قسم کے لوگوں کی زندگی ایک غیر مجسم خوف، ایک نامعلوم پریشانی کے بوجھ میں دب کر مسرت اور شادمانی کے تمام عناصر کو بیٹھتی ہے۔ ان خیالات فاسدہ کے ہاتھوں ان کو طرح طرح کی دقتوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اگر کبھی اُن کو شبہ ہوجائے کہ واقعاً اُن کے دروازے میں چند مٹی کے ٹھیکرے پائے گئے ہیں تو اُن کے لئے فرض ہوجائے گا کہ سارا گھر از سر نو لیپا جائے۔ جادو کے کانٹوں کا اثر زائل کرنے کے لئے وہ ضرور تمام گھر میں تین دن تک گندھک کی دھونی دلوائیں گی، خیر، اس میں تو ہوا کی صفائی کا سامان بھی ہو جاتا ہے۔ لیکن اُن کی رسم اُس وقت تک پوری اور کارگر نہیں ہوگی، جب تک گھر کے تمام آدمی کچھ دیر تک اپنی صحت روحانی کی خاطر گندھک کے دھوئیں میں بیٹھے نہ رہیں! علاوہ اس کے اور بہت سی مضحکہ انگیز رسومات اور بے بنیاد خیالات اس طبقہ کے اعتقاد میں راہ پا گئے ہیں، مثلاً جب میں بیمار ہوتا ہوں، اور میری بیماری کا ذکر کرنا ہوتا ہے تو ہمیشہ یہی کہا جاتا ہے، کہ میرے دشمنوں کی طبیعت

خیال نہ کریں، تو میں اتنا عرض کرنے کی جرأت کروں گا کہ میں تو عمرِ جاوداں کو بھی وبالِ جاں تصور کرتا ہوں اور حضرت خضر کو ایک مظلوم ہستی! اگر مجھے حیاتِ ابدی تحفۃً بھی پیش کی جائے، تو شاید مجھے قبول کرنے میں پس و پیش ہو۔ مگر زیادہ اصرار کیا گیا، تو میں اس کو ممکن ہو۔ "اخلاقاً" قبول کروں گا لیکن نہ بلا اکراہ، کیونکہ میں تو غالب کے اس شعر کے سامنے سرِ عقیدت خم کرتا ہوں:

ہوس کو ہے نشاطِ کار کیا کیا!
نہ ہو مرنا، تو جینے کا مزا کیا؟

اور اسی لئے بعض اوقات فرصت کے لمحوں میں میرا دل یہ سوچ کر کانپ اٹھتا ہے کہ جنت (یا دوزخ؟) میں حیاتِ ابدی کیسے بسر ہو گی، اور صدیوں کی غیر مختتم اور پُر سکون نرم گامی سے میری ہنگامہ دوست اور جدت پسند طبیعت کیسے عہدہ برآ ہو سکے گی، خیر، یہ تو ایک غیر متعلق بحث تھی، جو، بقولِ رپوٹر صاحب "وضع الشیٔ فی غیر محلہ" کی مصداق ہے، ابھی کارِ زمین کو نکو ساختن" کی منزل تو طے ہوئی نہیں، جنت اور دوزخ میں "پرداختن" سے کیا حاصل!

ان خاتون کا صرف یہی خیال نہیں کہ ان دو شخصوں کا جادو محض موت و حیات کے اہم مسائل میں حکمِ قطعی رکھتا ہے بلکہ اُن کو یقین ہے کہ زندگی کی ان چھوٹی چھوٹی مضحکات اور مبکیات میں بھی جن کے تال وسم سے زندگی کا نغمہ مکمل ہوتا ہے، اُن کا دستِ تطاول دخل رکھتا ہے اور صبح شام کے چھوٹے چھوٹے حادث اُن کے اشارے پر اس طرح وقوع پذیر ہوتے ہیں جس طرح تماشہ گر کے پوشیدہ ہاتھ کی حرکت سے کٹ پتلیاں ناچتی کودتی ہیں، اگر اُن کے علم میں کسی میاں بیوی کی ناچاقی کا قضیہ آجائے تو اُن کا دماغ حیرت انگیز قوتِ انتقال کے ساتھ اس نااتفاقی کا سبب، جو شاید کسی بہت ہی بین لیکن خفیف غلط فہمی کی وجہ سے ہوئی ہو گی، فوراً "ب" اور "ت" کی جلوہ گری میں پالیتا ہے۔ اگر دو بھائی بہن ایک جائداد کی تقسیم میں کسی حسابی مغالطہ کی وجہ اختلاف کریں، تو وہ کمال استغنا کے ساتھ، ریاضی کو نظر انداز کر کے، اس اختلاف کا باعث انہی اہل قوت میں تلاش کر لیتی ہیں اگر کوئی بدنصیب اپنی کم فہمی کی وجہ سے اُن کے اعتقادات کو ماننے پر آمادہ نہ ہو تو وہ اس کے کافرانہ شک کو بیّن ثبوت کے مقابلہ میں لاکر اس کو مومن بنانے کی کوشش کرتی ہیں، اور یہ ثبوت کیا ہوتے ہیں؟ مکان کے کسی حصے یا کسی کونے سے اسیہہ کے کانٹوں کا نکالنا، دیوار میں کسی مقام پر ایک

ﮰ جب کسی مضمون نگار کے الفاظ بقولِ مقولہ کے نقل کئے جاویں تو اُس کو کلاسیک یعنی مستند لکھنے والوں میں شمار کر لینا چاہیئے۔

متابعت سے باہر قدم نہیں رکھتے، اُن کی زندگی کی تجارت محض اسی سرمایہ پر ہوتی ہے اور جب اصل یہ ہے، تو سود کا کیا پوچھنا اور سود مندی معلوم! اس سے یہ مقصود نہیں کہ "صنفِ کرخت" اِن وہموں سے بالکل بے بہرہ ہے، تاہم زندگی کے تلخ تجربات اور اُس کی نشہ کافور کرنے والی ٹھوکریں اگر ایسے خیالات کو دماغ سے نکال دیتی ہیں، اور جب کسی شخص کو بڑی رات گئے تک جنگل میں اکیلے لکڑیاں کاٹنی پڑیں یا تیرہ و تار کانوں میں کام کرنا نصیب ہو، تو کچھ تعجب نہیں کہ وہ بھوت پریت اور "میاں زین خان" وغیرہ کی ہستی کے متعلق کسی حد تک فرقہ متشککین کا ہم عقیدہ ہو جاتا ہے، اور ہر تاریک کوٹھری میں اُسے کسی نہ کسی "پلید" کا جسم چلتا پھرتا نہیں دکھائی دیتا، برخلاف اس کے عورتیں زیادہ ضعیف الاعتقاد ہوتی ہیں۔ وہ انتہائی خوش عقیدگی سے بڑی سے بڑی بوڑھیوں کی ان مضحکہ خیز کہانیوں کو ہضم کر لیتی ہیں جو رات کے وقت پلنگ پر بیٹھ کر نہایت سنجیدگی سے سنائی جاتی ہیں۔ اور یہ خیالات اُن کے زیادہ سریع الحس دل و دماغ کو ایسی آسانی سے مسخر کر لیتے ہیں جیسے الٰہ دین کے طلسمی "سمسم" کے سامنے نہایت مقفل اور ٹھوس کواڑ کھل جاتے تھے۔ اُن کا تجربہ اس قدر وسیع نہیں ہوتا کہ وہ واقعہ اور افسانہ کا مقابلہ کر کے اُن میں تمیز کر سکیں، آخری نتیجہ یہ ہوتا ہے، کہ یہ سب اُن کی روزمرہ کی زندگی، اُن کی گفتار و کردار اُن کے دین و مذہب کا جز بن جاتے ہیں۔

مجھے ایک ایسی ہی خاتون کے واقعات سننے کا اتفاق ہوا ہے۔ اُن کا پکا اعتقاد ہے کہ اُن کی خاندان کو جو کچھ مصائب اور تکلیفیں پیش آئی ہیں، وہ سب دو شخصوں کے جادو کا نتیجہ ہے (میں جادو کو ضرور برحق جانتا ہوں، لیکن جس جس صورت میں یہ خاتون اس کی قائل ہیں وہ تو ......) ضمناً یہ تذکرہ کر دینا بھی مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہ سب تکالیف زیادہ تر چند اعزہ کی اموات پر مشتمل ہیں۔ گویا اُن کے خیال کا انتہائی نتیجہ یہ نکلا، کہ موت و حیات کا انتظام، کم سے کم جہاں تک اُن کے خاندان کا تعلق ہے، ان دو غیر معروف اور قدرے جاہل اشخاص کے سپرد ہے، اور عزرائیل بھی انہی کی راگنی پر رقص کرتا ہے، یا یہ کہئے کہ خدا تعالیٰ اپنے ان فرائض سے جو اس خاندان کے چند افراد کے ساتھ وابستہ ہیں، مستعفی ہو گیا ہے اور اپنی نیابت کا شرف اُس نے ان غیر معقول لوگوں کو بخش دیا ہے۔ اگر یہ فرضیہ درست ہو تو اگلے جملہ کا گناہ فرضیہ کے سر! میرے خیال میں خدائے تعالیٰ کے انتخاب کی بہت گرمجوشی سے تعریف نہیں کی جا سکتی۔ اگر مجھے کبھی ان خوش عقیدہ خاتون سے ملاقات کا شرف حاصل ہوتا، تو میں اُن سے باادب یہ پوچھتا کہ اچھا، یہ بتائیے۔ اگر یہ اشخاص جن کو الجبرے کی مختصر گو زبان میں ب اور ت کہا جا سکتا ہے) اس شہر میں پیدا نہ ہوتے، تو کیا آپ کے خاندان کو عمر جاوداں نصیب ہو جاتی؟ اور اگر ناظرین اس مقام پر ادب پر ذاتی رائے کے اظہار کو بے موقع اور بیجا

ہذیانِ توہم

انسان کے عقائد و حرکات یا معقول ہو سکتے ہیں یا نامعقول، جب واقعات اور اسباب کے تسلسل میں عقل کی کارفرمائی پائی جائے، تو عقائد کے معقول ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے، اور اگر عقل اپنے فرائض سے مستغنی ہو کر دماغ کے کسی مقفل حجرے میں معتکف ہو جائے تو حرکات کی نامعقولیت مسلم، جب ہماری لاعلمی کی وجہ سے نتائج کے صحیح اسباب ہماری آنکھوں سے پنہاں ہوتے ہیں، تو ہم اپنی قوتِ اختراع کے فیضان سے اسباب پیدا کر لیتے ہیں۔ رفتہ رفتہ یہ اسباب جو ہم نے اپنی تفریح کے لئے ایجاد کئے تھے، ہمارے دماغ پر حاوی ہو جاتے ہیں اور ہم اپنے تخیل کی مخلوقات کے سامنے پجاریوں کی طرح کانپنے لگتے ہیں، یہ ہے انسانی توہمات کے طلسمستان کی بنیاد! اس فطری کمزوری سے اس قدر دلچسپ اور حیرت انگیز باتیں پیدا ہوتی ہیں" کہ شاید پنڈورا کے صندوق میں سے بھی اس قدر برائیاں نہ نکلی ہوں، وہ نقاد جو ستم ظریف فطرت کے ان تجربوں کو جن کا تختۂ مشق انسان ہے، ایک محفوظ بلندی سے دیکھتا ہے، اس بحث کے مطالعہ سے بہت کچھ دلچسپی کا سامان پیدا کر سکتا ہے، مگر ہم سب بھی جو معمولی انسان ہیں، جنھیں انسان رنج و راحت عقاید و رسوم میں بقدر توفیق حصہ ملا ہے، اپنے گرد و پیش کی زندگی اور اس کی ادنیٰ بدلتی ہیئتوں کو دیکھتے ہیں اور ان باتوں سے متاثر ہوتے ہیں جو غیر معمولی حد تک بیوقوفی کی رہین منت ہوتی ہیں۔ مجھے بھی بحیثیت ایک "معاشری جانور" کے بعض ایسے ہم جنسوں سے سابقہ پڑا ہے جنھوں نے اپنی ہدایت اور اطمینان کے لئے ایک ایسا فلسفۂ زندگی بنایا ہے جس کی مدد سے وہ ہر تشویش ناک صورت معاملات کی تہ تک آسانی سے پہنچ جاتے ہیں اور ہر پتہ کی کھڑک، یا رات کی خاموشی میں ہر غیر معمولی آواز کے لئے ایک بنی بنائی وجہ پیش کر سکتے ہیں، یہ مانا کہ اس فلسفہ کی مدد سے وہ ایک قسم کی تشویش سے بچنے کے لئے زیادہ تکلیف دہ پریشانیوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں، لیکن - آخر منطقی دلائل کے اطلاق کی ایک حد بھی تو ہوتی ہے اور کولھو چلانے والے بیل کی مانند " ہمارے یہ دوست منطقی نہیں ہیں!"

یہ توہمات زیادہ تر صنفِ نازک کی بیش بہا ملکیت ہوتے ہیں، ان کے اعمال کبھی ان وسوسوں

حیاتِ سجاد

{ از جناب سجاد علی صاحب انصاری بی اے، ال ال بی (علیگ) }

مجھ پہ تو اک طلسم ہے حسن کرشمہ ساز کا
دورِ خزاں کی کیا خبر، ہوش کہاں بہار کا!

کیفِ نشاط گر نہیں، لطفِ سکونِ غم سہی
سر سے عذاب تو اُٹھے کاوشِ انتظار کا

عقل کی پختہ کاریاں خود ہی حجاب بن گئیں
حسن کو انتظار ہے دامنِ تار تار کا

افسانۂ حیات سے گھبرا کے اُٹھ گئے
پلٹی نہ تھی مری نگہ واپسیں ابھی

کچھ ذوق طرفہ کار ہے، کچھ بدگمانیاں
ہے ابتدائے عشق گلہ آفریں ابھی

مجبوریوں سے چھوٹ گیا آستانِ یار
باقی ہے ذوقِ کاوشِ داغِ جبیں ابھی

غزل

قافلہ حسرت و ارماں کا گھٹا ساون کی
کارواں دل کی اُمنگوں کا ہوا ساون کی

تا قیامت رہے قائم یہ سیہ مستیٔ ابر!
یا الٰہی، نہ جوانی کو گھٹا ساون کی

آج تو بخل نہ کر، تیری کریمی کے نثار
جھومتی آتی ہے، ساقی، وہ گھٹا ساون کی

چشمِ پُرنور یہ ہے ابر کہ چشمِ مہجور
آہِ عاشق ہے، نہیں ہے یہ گھٹا ساون کی

لڑکھڑاتی وہ چلی، دیکھو، مری توبہ صبح
آنکھ شرمائی ہوئی مُنہ پہ ردا ساون کی

(یلدرم)

ہیں حسن کو کوئی حق نہیں کہ اپنی رنگینیوں کو اعمالِ صالحہ پر راۓگاں کرڈے۔ قدرت نے زلیخا کے ذریعہ سے یہ پیام بھیجا ہے کہ حسن کو کبھی مرعوب نہ ہونا چاہئے، اس کو فتیار دیا گیا ہے کہ اپنی قوت تسخیر کو جب چاہے، اور جس طرح چاہے صرف کرے۔

البتہ یوسفؑ کی کشمکش میں درس عبرت بھی ہے، عورت کی سب سے بڑی فتح اور سب سے بڑی شکست زلیخا کی زندگی میں مضمر ہے۔ اُس کی عظمت کی روشن ترین دلیل یہ ہے کہ اُس نے ایک پیغمبر کو، جس کے ساتھ خدا کی اعانت اور فرشتوں کی امداد تھی۔ لغزشوں پر آمادہ کردیا لیکن اس سے زیادہ کوئی شکست بھی نہیں ہوسکتی، کہ یوسفؑ کے استقلال نے فطرتِ نسوانی کے حقائق کو ہمیشہ کے لئے عریاں کردیا۔ عورت نے اپنے رموز کو خود ہی افشا کردیا۔ اُس کے حیلۂ فریب کا بھی راز کھل گیا، اور اس کی سحر طرازیوں کا بھی۔ دنیا سمجھتی ہے کہ زلیخا کی گریۂ زاری محبت کا نتیجہ تھی، یہ غلط ہے، وہ محض گریۂ ندامت تھا۔ زلیخا اپنی نسوانیت کا ماتم کررہی تھی حسن نسوانی کے لئے یہ واقعہ کئی حیثیتوں سے عبرت ناک ہے۔

عورت کو اس یوسفؑ کا مقابلہ کرنا چاہئے جو پیغمبر نہ ہو، ورنہ اس کی نسوانیت ہمیشہ کے لئے رسوا ہوجائے گی، وہ دامن جو زلیخا کی درازدستیوں سے چاک ہوگیا تھا، یوسفؑ کا دامن نہ تھا پیغمبروں کا دامن کوئی عورت چاک نہیں کرسکتی، وہ یا تو عزیز کا دامن تھا، یا خود زلیخا کا، نتائج کا اشارہ تو یہ ہے، کہ دونوں کا متفقہ دامن تھا، جسے حضرت یوسفؑ نے ہمیشہ کے لئے چاک کردیا۔

افسوسناک واقعہ یہ ہے، کہ عورت گمراہیوں میں مبتلا ہورہی ہے وہ سمجھتی ہے کہ محض اُس کی عشوہ طرازیاں اس کو زلیخا بنادیں گی۔ یہ صریح غلط فہمی ہے۔ بہرحال حسنِ نسوانی کا عشوہ و انداز بے معنی نہیں، زلیخا کے ساتھ یوسف نے جو بے اعتنائیاں کی تھیں، اس کا انتقام لیا جارہا ہے عورتوں کی بے التفاتیوں کو حُسن انتقام کہئے۔ مردوں نے یوسفیت کو نذر انداز کردیا، ورنہ عورت کی اصلاح ہوجاتی۔ لیکن اصلاح میں کوئی کشش نہیں۔

سجاد انصاری (علیگ)

کجا آں لذتِ عقلِ غلط سیر — اگر منزل رہِ پیچاں نہ دارد
مزی اندر جہانے کور ذوقے — کہ یزداں دارد و شیطاں نہ دارد

(اقبال)

متعین کردے، پھر حسن کی نیرنگیاں، کشمکش بیجا میں مبتلا ہو کر برباد ہو جاتیں، دنیا والوں کے لئے نہ یوسفیت میں کوئی کشش باقی رہتی اور نہ یوسفیت ہی، کائنات آج اُن رنگینیوں سے محروم ہوتی جو زلیخا کی گستاخ دستیوں میں مضمر ہیں، ارباب حل وعقد کبھی کبھی کائنات خیر کو بھی دلادیز بنادیتے ہیں۔ اس واقعہ کے سلسلے میں اُن کی خوش مذاقی کا اعتراف نہ کرنا صریحی ظلم ہوگا۔

ہر عورت فطرتاً زلیخا ہے۔ لیکن یہ حقیقت صرف اُس ہستی پر منکشف ہو سکتی ہے جس میں یوسفیت کی نیرنگیاں پنہاں ہوں۔ لیکن ہر عورت حقیقی معنوں میں زلیخا نہیں بن سکتی۔ یہ برکتیں صرف اس عورت کے لئے مختص ہیں جس کا تخیل بلند اور جس کی نسوانیت مکمل ہو۔ جب تک عورت اپنی فطرت اور اپنی حوصلہ مندیوں اپنی وسعتِ نظر اور اپنی رنگینیوں میں زلیخا نہ بن جائے وہ کسی یوسف کا دامن چاک نہیں کر سکتی۔ اگر وہ اپنی سعی لاحاصل میں اپنی نسوانیت کو رائگاں کریگی، اُس کی ہوسناکیاں خود اس کے دامن کو چاک کردیں گی، جس پیکر نسوانی کو قدرت نے حقیقی نسوانیت ودیعت نہیں کی ہے، وہ زلیخا کی حوصلہ مندیوں سے کوئی فائدہ نہیں اٹھا سکتی۔ زلیخا وہ مطمحِ نظر ہے جس نے عورت کے حقوق و فرائض کو ہمیشہ کے لئے متعین کر دیا ہے۔ اس کی روش وہ صراط مستقیم ہے جسے ہر لمحہ پیش نظر رکھنا چاہئے۔

عورت اس لئے نہیں پیدا کی گئی کہ زاہد خشک اور جوان صالح کی طرح دنیا کی حقیقی رنگینیوں کو اعمال حسنہ پر قربان کردے۔ زہد واتقا کی زنجیریں پیکر نسوانی کے لئے وضع نہیں کی گئیں۔ قدرت یہ نہیں چاہتی کہ حسن نسوانی محاسن ومعاصی کے لایعنی معمہ میں الجھ کر برباد ہو جائے۔ زاہد خشک کی بد توفیقیاں اُس کی زندگی کو جس طرح چاہیں برباد کریں۔ کسی کو کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا، لیکن وقت وہ اپنی بدمذاقیوں کی تبلیغ کرنا چاہتا ہے۔ اُس کی بد توفیقیاں ناقابل برداشت ہو جاتی ہیں۔ وہ سمجھتا ہے کہ حسن وشباب پر بھی وہ لایعنی فرائض عائد کئے گئے ہیں جنھوں نے خود اُس کی زندگی کو تلف کر دیا ہے، وہ عورت کو بھی زہد واتقا کی تعلیم دینا چاہتا ہے اُس کا مقصد یہ ہے، کہ جس طرح اُس نے حسن خیال اور حسن عمل دونوں کو ضائع کر دیا ہے، اسی طرح پیکر نسوانی بھی اپنی رنگینیوں کو فنا کردے۔ وہ اس تعلیم کے ذریعہ سے حسن وشباب سے انتقام لینا چاہتا ہے۔ حسن نسوانی اس سے گریز کرتا ہے۔ اس لئے وہ چاہتا ہے کہ حسن ہی کو فنا کردے۔

درحقیقت حسن تمام بندشوں سے آزاد ہے، بالخصوص حسن نسوانی بہت سے فرائض جو بدصورت اور بدسیرت انسانوں پر عائد کئے گئے ہیں، اُس کے لئے ممنوعات میں داخل

کی حفاظت کرنا چاہتا ہے۔ اس کی نسوانیت برہم ہوجاتی ہے پھر نہ اس کا حجاب باقی رہتا ہے اور نہ تغافل، وہ تمام پردے اٹھ جاتے ہیں جو اُس کے استغنا نے اس کی نسوانیت پر ڈال رکھے تھے وہ والہانہ زلیخا بن جاتی ہے اور وہ دامن جو محفوظ رہنا چاہتا تھا ٹکڑے ٹکڑے ہوجاتا ہے۔

عورت کا حجاب حقیقی حجاب نہیں ہوتا، وہ محض ایک طلسم ہے جسے یوسفیت کا ایک انداز توڑ سکتا ہے، عموماً لوگ خود اپنی چاک دامانی پر آمادہ رہتے ہیں۔ اس لئے عورت مطمئن ہو کر تغافل شعار بن جاتی ہے، وہ جانتی ہے کہ اس کا محبوب خود ہی اپنا دامن چاک کردیگا۔ لیکن جب اُس کے سامنے کوئی یوسف آجاتا ہے، اُس کا اطمینان اور اُس کا استغنا غائب ہوجاتا ہے اُس کے ساتھ اُس کا حجاب و اجتناب بھی، وہ حقیقی معنوں میں عورت بن جاتی ہے۔ شرم و حجاب کی ریاکاریاں، حسن و شباب کی بے التفاتیاں، نسوانی جور و ستم، غرضیکہ ہر پردہ جو حقایقِ نسوانی کو پوشیدہ رکھتا ہے خود بخود اٹھ جاتا ہے۔

لیکن ہر انسان حقایق کو عریاں نہیں کرسکتا، عورت کی حقیقتوں کو صرف وہ نگاہیں بے پردہ دیکھ سکتی ہیں جو حقائقِ کائنات کی محرم ہو چکی ہوں۔ اگر حضرت یوسفؑ زلیخا کی عشوہ سازیوں میں الجھ گئے ہوتے، اُن کی نگاہیں خیرہ ہوجاتیں اور پھر وہ رموز جو منکشف ہورہے تھے۔ پوشیدہ ہوجاتے، زلیخا وہ زلیخا ہرگز نہ رہتی جس نے اُن کے دامن کے ساتھ گستاخیاں کی تھیں۔ اب وہ گستاخیاں کرنا چاہتے اور زلیخا نسوانی تمکنت کے ساتھ ان کا ہاتھ جھٹک دیتی۔

خدا نے پیغمبروں کو مختلف مصائب میں مبتلا کیا، اور مختلف طریقوں سے اُن کی آزمائشیں کیں لطیف ترین آزمائش یہ تھی جس میں یوسفیت مبتلا ہوئی۔ یہ معجزہ بھی دلاویز ترین معجزہ ہے۔ کہ خلیوت پیغمبر بالآخر حسن و شباب کے طلسم رنگین سے فاتحانہ انداز سے نکل آیا۔ خلیل۔ آتشِ نمرود سے اپنے دامن میں پھول لے کر نکلے تھے، یوسفؑ کے دامن میں بھی پھول تھے۔ فرق صرف اس قدر ہے کہ خلیل ایک آتشکدہ سے نکلے تھے اور اُن کا دامن محفوظ تھا۔ یوسفؑ چمنستانِ حسن سے نکلے مگر جن دامن میں پھول تھے، وہ چاک تھا، لیکن چاک دامانی سے گلچینیوں کا تخیل لطیف تر ہوجاتا ہے۔

اربابِ قضا و قدر کی بھی رنگینیاں قابلِ ستائش ہیں۔ انھوں نے حسن کی ناقدری نہیں کی، ورنہ جس وقت شیطان نے بشرِ لطیف کو یوسفؑ کے مقابلہ میں بھیجا تھا، وہ صف آرائی سے انکار کردیتے اس صورت میں شیطان مجبور ہوجاتا، کہ زلیخا کی جگہ پر کسی خشک اور غیر دلچسپ نمرود کو

پہنچا! نمرود و فرعون لطافتِ شر سے ناآشنا تھے، وہ ابھی کائنات کے نئے پیچیے گئے تھے جس کی فضا لطافت سے محروم تھی، لیکن جس وقت خیر لطیف حضرت یوسف کی صورت میں نمودار ہوا، شیطان نے اس کے مقابلے کے لئے شر لطیف کو زلیخا کے لباس میں مبعوث کیا، حسن کی رنگینیوں کو صرف نسوانیت کی رنگینیاں شکست دے سکتی ہیں۔ شیطان کی خوش مذاقیوں کی یہ انتہا ہے کہ ایک خوبصورت پیغمبر کے لئے جس حریف کو منتخب کیا، نسوانیت کا وہ مجسمۂ لطیف تھا جس کے ہر انداز میں کائنات کے ہزار ہا طلسم پوشیدہ تھے۔

قریب تھا کہ کائناتِ خیر کا شیرازہ بکھر جائے، لیکن قدرت نے عین وقت پر حضرت یوسفؑ کی دستگیری کی اور طلسم شر ٹوٹ گیا، لیکن یہ فتح کوئی فتح نہیں، حقیقتاً شر لطیف کامیاب ہو گیا تھا چاکِ دامانی بہر حال چاک دامانی ہے۔ اگلے اور پچھلے دامن کا سوال ہی بے محل ہے۔ البتہ حضرت یوسف کا یہ معجزہ ناقابل تردید ہے کہ چاک دامانی صرف چاک دامانی ہی رہی، لیکن اس میں بھی قدرت کی امداد شامل تھی۔ اس لئے اسے معجزہ ہی کہہ سکتے ہیں! یہ کوئی انسانی صفت نہیں،

اس کشمکش کو اس استقلال کے ساتھ برداشت کرنا، عام انسانوں کے لئے کوئی قابل تقلید مثال نہیں۔ یہ تحمل صرف پیغمبروں کے لئے فرض کیا گیا ہے۔ لیکن زلیخا کی روش نے نسوانیت کے سامنے حقیقی نصب العین پیش کر دیا ہے، وہ مصالح جو نسوانیت کے ذمہ دار ہیں۔ عورت کو مجبور کر رہے ہیں کہ ہر یوسف منش کے مقابلے میں زلیخا بن جائے، ورنہ فطرت اس کی نسوانیت کو فنا کر دے گی زلیخا فطرتِ نسوانی کا مکمل ترین مرقع ہے۔ اس نے اس حقیقت کو واضح کر دیا، کہ عورت، اپنی حوصلہ مندیوں کے عالم میں، نہ فرشتوں سے مرعوب ہو سکتی ہے، نہ پیغمبروں سے، اس کی نگاہوں میں کوئی ہستی قابل احترام نہیں، وہ ہر انسان کا یہ فرض سمجھتی ہے، کہ حسن نسوانی کی حمد و تسبیح میں مصروف رہے۔ اس کے نزدیک کائنات کا کوئی ذرہ ایسا نہیں جو اس کے حسن کی شعاعوں سے معمور نہ ہو، جب کبھی وہ دیکھتی ہے، کہ کوئی انسان، اپنے زعم تقدس میں اس سے بے نیاز رہنا چاہتا ہے اس کی تمام قوتیں مشتعل ہو جاتی ہیں، پھر وہ یہ نہیں غور کرتی، کہ اس کا حریف معمولی انسان ہے یا جلیل القدر پیغمبر، وہ نتائج کی قائل نہیں، اسے فتح ہو یا شکست، وہ صرف کشمکش کی متمنی ہے اس کی تشفی کے لئے صرف یہ خیال کافی ہے کہ اس نے اس یوسف کا دامن چاک کر ڈالا جو اس سے بے نیاز رہنا چاہتا تھا، وہ کبھی اپنے جذبۂ نسوانیت کی اہانت برداشت نہیں کر سکتی، اس سے گریز کرنا گویا اس کی نسوانیت کو رسوا کرنا ہے۔ وہ کبھی نہ کبھی گریز کرنے والے سے انتقام لے لیتی ہے، جب کبھی وہ یہ محسوس کرتی ہے کہ کوئی یوسف اپنے دامن کی

خیال رہا، اور نہ اپنی عظمت کا، اُن کی لغزشیں یہ ثابت کر رہی ہیں کہ پیامِ خیر ناتمام تھا، اس لئے اس کا حال بھی خیر و شر کی کشمکش میں مبتلا ہو گیا۔

لیکن فطرتِ شر نہ ارتقاء کی محتاج تھی اور نہ مرورِ ایام کی۔ وہ ایک سیرتِ مطلق ہے جس کی تکمیل کے لئے اُن اضافتوں کی ضرورت نہیں جو فطرتِ خیر کے لئے لازمی تھا، شیطان خود اپنی ابتدا تھا۔ اور خود اپنی انتہا، جب پیام کا وہ حال تھا، اس کی تکمیل اُسی وقت ہو چکی تھی جب وہ ملکوتیت کے گہوارہ میں مکمل رہا تھا۔ قدرت صرف اس کی منتظر تھی، کہ ایک عالمِ خیر وجود میں آئے۔ جب آدم کا تخیل مکمل ہو گیا شیطنت مع اپنی تمام عظمتوں کے نمودار ہو گئی۔ اور کائنات کو اپنی نیرنگیوں سے لبریز کر دیا۔

شیطان، امامِ شر کی حیثیت سے، ایک مستقل کائنات کا حکمراں ہو گیا، اُس کی دنیا میں خیر کی کوئی گنجائش نہیں۔ ہر امامِ خیر کے مقابلے میں اُس نے اپنے سفیر بھیجے۔ نمرود و فرعون اُسی شیطنت کے حامل تھے جس نے آدم کو اُن کی زندگی کی ابتدا ہی میں شکست دی تھی۔ واقعات کی منطق کا تقاضا تو یہ تھا کہ جس طرح سب سے پہلے پیغمبر کو سب سے پہلے شیطان نے شکست دی تھی، اُسی طرح نمرود و فرعون بھی خلیل و کلیم پر غالب آجاتے۔ لیکن یہ نہیں ہوا، نمرودیت بھی مغلوب ہو گئی، اور فرعونیت بھی، بظاہر یہ نتائج حیرت انگیز ہیں، لیکن اگر اس مسئلہ پر ذرا غور کیا جائے، کہ فطرتِ خیر روز بروز قوی تر ہوتی جاتی تھی، اور فطرتِ شر بے نیاز تر، ان مسلسل فتوحات کا راز خود بخود افشا ہو جاتا ہے

شیطان اپنی اُس فتح سے جس نے آدم اور آدمیت کو ہمیشہ کے لئے کمزور کر دیا ہے مطمئن ہو گیا تھا، وہ جانتا تھا کہ امامِ خیر کی پہلی شکست نے انسان کو قطعی طور پر مفتوح کر لیا ہے۔ اس لئے اب اس کی ضرورت نہیں کہ ہر پیغمبر کے مقابلہ کے لئے شیطنت کی مسلح قوتیں ضائع کی جائیں۔ شیطان کبھی اپنی قوتوں کو رائگاں نہیں جانے دیتا۔ اُس کی پہلی فتوحات نے اُسے ہمیشہ کے لئے مطمئن کر دیا ہے۔ وہ انسانوں سے قطعی بے نیاز ہو گیا ہے۔ اس لئے کبھی شدت کے ساتھ اُن کا مقابلہ نہیں کرتا۔ ورنہ انسان کو دنیا بھی اُسی بے بسی کے ساتھ ترک کرنا پڑے، جس طرح اُس نے جنت ترک کی تھی شیطان محض تفریحاً اور مشغلتاً اپنے نمایندے بھیجا کرتا ہے۔ تاکہ کائناتِ خیر میں کچھ نہ کچھ ہنگامہ شر برپا رہے ورنہ خدا اور اُس کے فرشتے، دونوں کے لئے دنیاوی تماشہ غیر دلچسپ ہو جائے گا، جب کبھی اس کے نمایندوں کو شکست ہوتی ہے۔ وہ ہنستا ہے اور انتہائی بے نیازی کے ساتھ، اُس کی دیرینہ فتوحات اُس کی ابدی تسلی کے لئے کافی ہیں۔

شیطنت عظمیٰ کائناتِ شر کے ہر ذرہ پر حاوی ہے۔ وہ شرِ قبیح پر بھی حاوی ہے اور شرِ لطیف

پیامِ زلیخا

فطرتِ ازلی اپنا اظہار چاہتی تھی۔ لیکن کوئی ایک ہستی تنہا سیرتِ حقہ کی متحمل نہیں ہو سکتی۔ اس لئے سیرتِ مطلق دو حصوں میں تقسیم کر دی گئی، اور دو ایسی ہستیاں پیدا کی گئیں۔ جن کی ہمہ گیریوں نے کائنات کا احاطہ کر لیا۔ امامتِ خیر آدم کے سپرد کی گئی۔ اور امامتِ شر کی اہم ذمہ داریاں اس مکمل ہستی کو عطا ہوئیں جسے دنیا والے شیطان کہتے ہیں۔

آدم حاملِ خیر تھے اور شیطان حاملِ شر، دونوں کی پیامبری مسلمہ ہے۔ کائناتِ مطلق میں خیر و شر مدح و ذم کا کوئی پہلو نہیں رکھتے۔ اس لئے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ پیامِ شیطانی قابلِ نفرت ہے۔ انسان نے جہلِ مرکب سے جس طرح خیر کو غلط فہمیوں اور غلط کاریوں میں الجھا دیا ہے۔ اسی طرح شر کو بھی اُس کے حقیقی مفہوم سے محروم کر دیا ہے۔ انسان نہ رموزِ ملکوتی کو سمجھتا ہے اور نہ رموزِ شیطانی کو۔ وہ یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ شیطان ایک ایسی سرکش ہستی ہے جس کو قدرتِ خداوندی بھی مغلوب نہ کر سکی، خدا کے ارادہ و خواہش کے خلاف اُس نے بغاوت کی اور بالآخر کامیاب ہو گیا۔ اربابِ قضا و قدر جب اسے شکست نہ دے سکے۔ اُسے مجبوراً، بلکہ ایک حد تک انتقاماً، ملعون قرار دے دیا۔ فی الحقیقت شیطنت کا یہ تخیل کفر و الحاد کے معنی رکھتا ہے۔ یہ صریحی شرک ہے کہ شیطان کو قدرتِ خداوندی کے مقابلہ میں ایک کامیاب حریف کا مرتبہ دیا جائے۔ حقیقت صرف اس قدر ہے کہ اربابِ حل و عقد کے ذوقِ تفریح نے مختلف ہستیوں کو مختلف ساز و ساماں کے ساتھ پیدا کیا۔ شیطان کا طوقِ لعنت صرف ایک زیور ہے جس نے شیطنت کو کائنات کے سامنے آراستہ کر دیا۔ بیوقوف انسان کو چاہئے، کہ لعنت کے صحیح مفہوم سے سب سے پہلے مانوس ہو جائے۔

فطرتِ خیر غیر مکمل تھی، اس کی تکمیل ارتقاء کی محتاج تھی؛ اس لئے خدا نے ہزاروں پیغمبر پیدا کئے ورنہ خیر قیامت تک مکمل نہیں ہو سکتا تھا۔ آدم محض مبتدی تھے، اُن کے بعد جتنے پیغمبر دنیا میں بھیجے گئے۔ اُن میں سے ہر ہستی اپنے پیش رو سے زیادہ مکمل تھی۔ جس پیغام کی تبلیغ آدم کے سپرد کی گئی تھی، وہ خود ہی نامکمل تھا۔ اس لئے آدم کے لئے فطرتاً یہ محال تھا کہ کائناتِ خیر کو امامِ شر کے ہنگاموں سے محفوظ رکھ سکیں، جس وقت شیطان نے اپنی امامت کی تبلیغ کی، آدم کو نہ اپنی امامت کا

عصمت و عفت کے وحشیانہ جذبات کے حائل نہیں ہونے دیتے اور کوتاہ بیں، تنگ نظر ایشیا والوں کی طرح آزادانہ مساوی انسانی عیش و کامرانی کا دروازہ اپنے منہ پر بند نہیں ہونے دیتے، بلکہ اس کو حقیرانہ طور پر بیگانگی کی وجہ سے تعبیر کر کے حلاوت حیات کا فتح الباب کرتے ہیں۔

بدرالدین کی زن ترسی اس لئے نہ تھی کہ وہ بیوی کا گرویدہ اس کی صورت کا والہ و شیدا تھا۔ نہیں، وہ دن بدن سر پر چڑھتی چلی گئی اور یہ دبتا اور جھکتا چلا گیا، یہاں تک کہ وہ کامل طور پر مسلط ہو گئی، اور تسلط جبر و تظلم کا مرادف ہے۔ بدرالدین کو اب ذرا احساس ہوا کہ پچیس برس تک اس کی وقعت تنکے کی جوں سے زیادہ نہ تھی۔ پو تڑوں کا نواب، ایسے نامور، بھومیا، جہانیاں جہاں گشت نانا کا نواسہ اس طرح پٹا مار کر بیٹھ کون سا ملک اور کون سا بڑا شہر، کون سی قوم اور کون سی بندرگاہ تھی، جہاں اس کے حسن کا شہرہ نہ ہو، اور صورت کی بھوکی ایک آدھ عورت گھر اور کنبہ رشتہ چھوڑ اس کے ساتھ چل دینے پر ادھار نہ کھائے بیٹھی ہو۔ بدرالدین میں اسی نانا کی تو شباہت تھی، اور پھر حالتوں میں یہ زمین آسمان کا فرق۔ چراغوں جلے گھر کا رخ کیا، غیظ و غضب کے غلبے نے بیوی کے غصے کو بھی عقل کے ساتھ رفو چکر کیا۔

(حقارت آمیز انداز سے) اے اٹھاؤ لال پردہ، برآمد ہوتے ہیں (حیرت و استعجاب سے) اے ہے کون ہے؟ کنڈی کس نے کھول لی؟ اوئی یہ کون؟ اب تک کہاں غارت تھے؟ صبح کا بھولا شام کو آئے وہ بھولا بھولا نہیں کہلاتا۔ اچھی یہ چہرے پہ لیڑی کس نے کی؟ گھٹا کتا سی کھنیا کی مورت اور ڈاڑھی نہ مونچھ ہوئی مخنث کی صورت (نالت = نعلت = لعنت) نالت ہے۔ خدا کی پھٹکار ہوا مسخرا بادلا، کیا سانگ بھر کے گھسا ہے اچھی شہر میں باجی باجیگی۔

پا ؤصدی کی غلامی اور عادت پڑی محکومیت کو پس پشت ڈال، بدرالدین نے چہرے کے طور کو سنبھال، دو دہنی جذبات کو بس کیا، اور حاکمانہ شان سے کہا۔

"خاموش، میرے دل کی خوشی، جو چاہوں کروں، خود مختار ہوں۔ ڈاڑھی مونچھ منڈائی کس کی تھی؟ میری خوب کیا۔ دیر سویر آؤں۔ گھر کس کا؟ میرا، تم کو دخل در معقولات کرنے کا کیا استحقاق؟ تم جورو ہو، شوہر نہیں۔"

بیوی نے غور سے چہرے کو دیکھا۔ ایک ایک لفظ شایان شان اور ایک ایک فقرہ صورت سا صاف بول بل ایک سے سہم کے رہ گئی۔ آنکھیں نیچی کر، گردن جھکا، ہاتھ باندھ عرض کی۔

"جو سرکار نے کہا۔ میں نے لغو سنا۔ حکم سے باہر نہ پائیں گے۔ باندی ہوں خطاوار۔"

آغا حیدر حسن

پہلے طالب علم نے کہا "مجھے بات ختم کر لینے دو، پھر تمھیں جو اعتراض ہو بیان کرنا۔"

بدرالدین کے سامنے جب اس قسم کے مسائل پیش ہوئے، چپ بیٹھا سنتا رہا، اور دل ہی دل میں کہنے لگا "تو گدھی کمہار کی، تجھے رام سے کوت؟ میں معمولی آدمی مضامین لکھکر بسر اوقات کرنیوالا ان جھگڑوں کی گہرائی کو کیا جانوں؟" لیکن قومی نمایندگی کی غلط فہمی کی اصلاح کی مشیخت نے اجازت نہ دی۔ غور و فکر کی چین جبیں پہ لایا، اور بناوٹی وقار و متانت سے ذرا کھووں کو پست کیا، اور سر کو بلند۔ بڑے آدمیوں کی طرح لکڑی کی گرفت کرکے بے پروائی کی شان سے دونوں طالب علموں پر نظر ڈالتا ہوا، اپنے تلے قدموں روانہ ہوا۔ ایک انگریزن پاس سے گزری، اور چھل بل دکھا کے متوجہ کرنے کے انداز سے نکل گئی۔ ایک مِس کی مِسیا نے مسکرا کر دیکھا۔ اس کی مسکراہٹ بڑی پیاری تھی اور یہ تبسم کچھ معنی خیز تھا۔ مولانا بدرالدین کو ابھی ایک گھنٹے پہلے دیکھکر مسکراتی تو ہم جانتے۔ بیر کا سا ڈاڑھا ریچھ کی سی صورت، چوہے کی سی مونچھیں، فلسفیانہ وضع؟ تئے مولوی بدرالدین صاحب کا دل باغ کی ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا کھانے سے سیر نہ ہوا، اور جی نہ چاہا کہ ناچتے ہوئے فواروں اور سنگ مرمر کے ساکت چپ چاپ یونانی بتوں کو، مور پنکھیوں کے جھنڈ اور تراش کی چھاؤں میں چھوڑ کر گھر جائے اور یادِ صدی کی گھس گھس، دقیانوسی اڑلنگی بلا سے جو چبوترے پہ چوکے کے فرش پر چاندنی بچھائے، سورج کی طرف پشت کیے، رضائی اوڑھے، زانوؤں پر کنستا دھرے، اندر ہی ہاتھ کیے، کُرکُرا میٹھی چھالیا کترتی اور سِنک رہی ہو گی، جاکے دو بدو ہو، جس کا سلام "بی دیا سلائی، صبح کی گئی شام کو آئی" ہو، اور پیشوائی ان الفاظ میں ہو "نٹر کھولو، نکھٹو آئے۔" جو کمبختی نے گھیرا اور منہ سے کچھ نکل گیا تو "دکھا ڈ آئے ڈرتا نکھٹو آئے لڑتا" کا کوڑا پڑا، اور برا بھلا تو روکھن میں رہا کچھ تو بیوی کا ڈر گھر جانے سے مانع اور کچھ سال کی روصفائی نے طبیعت میں لطافت اور مذاق میں ندرت و تبدل پسندی پیدا کی۔ جل کے اسے تلون مزاجی سے تعبیر کرو، مگر مولوی صاحب تو اب نئے گلے اور نئی چراگاہ کے شوقِ جستجو میں مبتلا تھے تیس برس پہلے انہیں روشوں پر کیا ابلا گیلا پھرتا تھا، بڑی سے بڑی حاکمانہ قوت کو ٹھوکر پر مارتا تھا، قانون کی خلاف ورزی، انتہائی خوشی، کسی لڑکی کا مضحکہ خیز خند کیا معنی۔

پچیس برس سے بیوی کے سوا کسی دوسری کا بھول کر بھی خیال نہ آیا۔ اس دور میں ہمتا نہ قناعت اور توکل تھا تعطل نے پژمردہ سا کر دیا تھا۔ اس قدر زن مریدی بھی کس مصرف کی جو زن ترسی کی حد کو پہنچ جائے کہ دل بہلاؤ اور خوش وقتی کو بھی ادل بدل کی فصل اخلاقی تورے میں نہ نکلے اور تمام ہمادا اخلاق کی شرح میں کوئی مد اس کے لئے نہ ہو۔ اس میں تو فرنگی بہت اچھے کہ لطف زندگانی کے حصول میں

دل بے رحم، وہ کچھ نہیں سال کے پانچ سفید جوڑے سلا کر کے پندرہ بیس کے بھی نہ ہوئے وہ اسے کھٹکیں، اور روز نئی روشنی کے سودے اور انگریزوں کے پس خوردہ اُڑانے کی تقلید میں لاکھوں پھونک دیں اور چتون پر بل نہ آئے۔ حساب لگا کے دیکھ لیں کہ ہر آدمی کا سال بھر میں کپڑے زیادہ جھنکتا ہے یا غیر ضروری تکلفات کی چیزوں میں پھنکتا ہے۔ اس سے یہ میرا مقصود نہیں کہ دیسی کپڑا خریدو۔ خریدنے والے کی جنتی پہ سات طلاق۔ بڑبولوں کو نیچا دکھانا ہے کہ گڑ کھائیں، گلگلوں سے پرہیز۔ کم بختو! دوسروں کو تو کپڑا خریدنے سے منع کرتے ہو اور خود شرابیں ولایتی زہر مار کرو، انگریزی کھانے ٹھونسو، فرنگی شربت ڈکوسو، وہ سب جائز اور مباح۔ کہو! ان چٹ پٹ ہی میں کتنا روپیہ باہر کھنچ جاتا ہوگا۔ تمہاری غیرت ہمیت تو ہم جب جانتے، میز کرسیوں کا بیٹھنا چھوڑتے، چھرے کانٹوں سے نگلنا تجتے، ولایتی عطر، تیل، پھلیل، غازہ، گلگونہ، صابن، منجن، سب کو حرام سمجھتے۔ یہ تو نہیں۔ ترک موالات کرو۔ خواہ مخواہ حاکموں سے لڑنا اور اپنے آپ کو تباہ کرنا ہے۔ موپلے تحفظ مذہب اور حمایت اسلام کے جوش میں آ کے کھڑے ہوئے، کسی نے ساتھ دیا؟ سب تباہ برباد ہو گئے۔ غریب مفلس تھے وہاں سے کیا وصول ہوتا؟ کھانا بھی سوکھی مچھلی اور اُبلے ٹھنکے کے سوا نہ ملتا۔ پھر علماء کا فتویٰ کیسے نکلتا؟ ان کے لئے محفوظ جگہ کتاب تھی، کیوں بزرحامیانِ خلافت کی خاطر اپنے کو ہلاکت میں ڈالتے۔ شمالی ہند سے کئی ہزار۔ مجاہدین کا لشکر موپلوں کی مدد کو روانہ ہوا؟ مچھلی اپنی جان سے گئی، کھانے والوں کو مزا نہ آیا۔ اب رہا انگریزوں کا، یہ تو خود تباہ و برباد ہو جائیں گے، کیوں کہ ان میں تعیش، بدمعاملگی، اور بے ایمانی دن بدن بڑھتی جاتی ہے۔"

دوسرا طالب علم جو اتنی دیر سے ناقابلِ برداشت تحمل و صبر اور غیر فطرتی خاموشی سے اس طولانی تقریر کو سُن رہا تھا، بات کاٹ کر بولا "کیا مسلمانوں سے بھی زیادہ بدمعاملہ اور بے ایمان ہیں؟ اور ہندوؤں کے مساوی حقوق طلب کرنے کی ہوس تو ہے، پہلے ویسے اخلاق تو کرو۔ جس قدر روپیہ غبن ہونے کی خبریں مشتہر ہوئیں، خائنوں میں مسلمانوں ہی کے نام تھے اور یہ خیانت رقم امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے لئے یا اشاعتِ دینِ اسلام و اُردو کی ترویج کے لئے نہیں ہوئی بلکہ اپنی ذات کے لئے اور نوابی ٹھاٹوں تک کے لئے ہوئی ہے۔ کسی ہندو نے بھی قومی رقم میں سے ایک حبہ خورد برد کیا؟ بدمعاش، بے ایمان، بد دیانت، اور مساوی حقوق کے طلب گار! کس منہ سے؟"

انگریزی تسلط، ہندوؤں کو اپنی آیندہ ترقی و بہبودی کے منافی نظر آتا ہے اس لیے اپنے گلے کی سلامتی میں مسلمانوں کے فدح کی خیر مناتے ہیں۔ ترک موالات اور مدرسہ چھوڑنے میں دارالعلوم علی گڑھ کے تو وہ ضرب لگے اور جامعہ ملیہ کا تیر دل میں اُتارا جائے، کاشی جی ناری ہنباؤں سے بزت رہیں۔ کانگرس میں کیا مسلمانوں کے مساوی حقوق ہوں گے؟ مسلمانوں کی پردہ نشین ان پڑھ عورتوں کو ہندنیوں کے برابر رائے پرزہ دینے کا حق ہوگا، اور پردے میں سے رائے پرزہ دینے کیا تصفیہ ہمارے قومی نمایندوں نے کیا؟ ملکی قومی ملازمتیں کیا مساوی ملیں گی؟ یا آج کل جو دفتروں میں حال ہے اسی طرح کی آپا دھاپی ہوگی؟ ہندوستانی سفیر جو غیر ملکوں میں رہیں گے برابر کے ہندو مسلمان ہوں گے؟ بحری فوج جو قایم ہوگی، جس کے عہدے انگریزوں نے ہندوستانیوں کے حرام کر دیئے ہیں اور جہاز سازی کے مدرسے اور ہندوستانیوں کو جہاز رانی کا علم سکھانے کی طرف سے حکومت نے اس قدر استغنا برتا ہے کیا قومی حکومت سوارج ہندو مسلمانوں کو بڑے بڑے کالج قایم کرکے بحری تعلیم دے گی، اور بے زر و بے شوق مسلمان نوجوانوں کی تعلیم کا بندوبست کرے گی؟ ایک معمولی سی بات ہے۔ رنگ، جس پر ہندوستان کی عورتوں کے سہاگ کا دارومدار ہے، پہلے یہیں کی جڑی بوٹیوں سے، یہیں کے رنگریز تیار کرتے تھے۔ اب پڑیا کے رنگ نکل پڑے، اور ملکی صنعت بالکل تباہ ہوگئی۔ لاکھوں روپیہ کا رنگ غیر ممالک سے آتا ہے۔ پہلے اس کی طرف توجہ کریں۔ قوم کی طرف سے عورتوں کے لئے رنگ حرام ہو جائے۔ صرف تیل، ہلدی، گیرو، ہارسنگار، ٹیسو، کسوم کے رنگ کی اجازت رنگیلیوں کو دی جائے، ورنہ آزادی کے سوگ میں ملک کی عورتیں سفید لباس پہن سوگ منائیں اور آزادی ملنے تک سب رنگ تج دیں۔ اور یہ کیا کہ کہ دیشی کپڑا نہ خریدو، بہت اچھا، نہ خریدا، مگر خریدا ہوا جلا ڈالنا کس عقلمند نے سکھایا۔ ہندو کا کیا؟ ان پاس تو چار اُنگل کی لنگوٹی اور گلی میلی چوہا چیکٹ سی سڑی ہوئی ساری، رکھی رکھی نہ رکھی نہ رکھی، ننگا کھڑا اجاڑ میں ہے کوئی کپڑے لے۔ ان کی ساری جمع پونجی زیور اور نقدی مسلمانوں کا اثاثہ چار اُجلے کپڑے، وہ بھی اگنی دیوتا کی بھینٹ چڑھے، تو رہ کیا گیا؟ ڈھاک کے تین پات۔ یہ تو زیور بھی بیچ بیچ کپڑے بنانے والے۔ ساری کائنات یہی جو کچھ ہے یہی خورش پوشاکی۔ لوگوں کو یہ بھی کھٹکتی ہے گھر پھونک تماشا دیکھنے والوں کا کیا بگڑتا ہے۔ شرابیں پئیں، چرٹ پئیں، ڈبوں کے مکھن، پنیر، رب، مربّے، میوے، ٹکیاں کھائیں۔ قومی نمایندے عالیشان ہوٹلوں میں ٹھہر کر اور رہ کر روز ہزاروں روپیہ انگریزی کھانوں میں اڑائیں، مال مفت

ہوشیاری سے ہر کام کو کرنا چاہیئے، اندھا دھند کرنا جوتیاں کھانے کے لچھن ہیں۔ آگ سے نکلنے کے لئے کنوئیں میں کودنا دانائی سے بعید ہے۔ ملاپ میں اپنے آپ کو مٹا دینا مجنونوں کا شعار ہے۔ عوض معاوضہ گلہ ندارد۔ ادلے کا بدلا ہونا چاہیئے۔ تو چاہے میرے چار کوئیں میں چار ہوں تیرے گھاٹ کے پائے کو، دوستی دشمنی میں تمیز کرنے والا سدا محفوظ، مامون رہتا ہے، اور جو عقل کا کچا، انگارے کو سونے کا ڈلا سمجھتا ہے، وہ اپنا ہی ہاتھ جلاتا ہے انسان کھو کر بھی کچھ سیکھ لے تو بھی بھر پایا۔ ایک زمانہ ایسا آیا، اور ایک گروہ ایسا کھڑا ہوا، کہ اس نے اپنی سمجھ کے مطابق ضرورتوں سے مجبور ہو، مصلحتِ وقت کی خاطر نہ مذہب کا پاس کیا نہ ملت کا لحاظ۔ نصرانیوں کے ساتھ کھانا پینا، شادی بیاہ، نصِ قرانی سے ثابت کیا ظاہری اصطباغ تو نہ دیا، ہاں باطن میں تو ہر ایک عیسیٰ پرست ہو گیا۔ آدھی صدی بھی پوری نہ بیتی، کہ اپنی تمام ملی روایات نیست و نابود ہو گئیں۔ معانی و مطالب قرآن میں وہ تحریفات ہوئیں کہ العظمت لِلّٰہ۔ نہ تمدن رہا نہ معاشرت، سب کچھ بیگانہ ہو گیا۔ ان نامرادوں بڈھوں کی نئی مشعل میں جو چندا بچہ ہوا، وہ اپنوں کو لولو سمجھ غیروں کی طرف ہمکنے لگا، یگانوں سے کنیانے لگا اور بیگانوں کی طرف جانے لگا۔ اس گونگ کی الل بچھڑا کلیل سے صدمہ ارکان اسلام کو پہونچا، اس کی درزدوزی کو بھی صدیاں چاہیں۔ دہ پرستی کا اثر تو ابھی زائل نہوا تھا، آنکھیں بند کر نیل کے کنھڈ میں کود پڑے۔ کالی پوجا کا کلنگ لگا۔ اور ابھی معلوم نہیں، مردوں سے چار جوتیاں بڑھے نے گروہ کے ہاتھوں رہی سہی چھپٹی چندریا کو کس کس رنگ میں غوطے کھانے ہیں، اور پکوڑی مل کے ساتھ میاں گلگلے کیا کیا گل کھلاتے ہیں۔ روپیہ تو مشترک چندے کا اور خرچ ہو غیر اشتراکی طور پر ہندی کے پرچار میں۔ کیوں صاحب! اُردو نے کیا کسی کی گدھی چرائی ہے۔ اِس کا فقط اتنا ہی قصور ہے کہ ہندی ہو کر مسلمانوں کے منہ چڑھی۔ ابھی تو زبان ہی تک ہے، آیندہ دیکھیے کہ زبان والوں کو واپس لانے کے لئے وہی رقم صرف ہوگی۔ بھلا یہ اخلاص پیار کی باتیں ہیں۔ اندھا بانٹے ریوڑیاں ہر پھر اپنوں ہی کو دے۔ ہندو مسلم مفروضہ اتحاد خفقا صفت ہے۔ خلافت سے ہندوؤں کو ہمدردی صرف اس وجہ سے ہے کہ عراق میں اگر انگریز جم گئے، تو جب کبھی ہندوؤں نے ترقی کر کے آزادی کی خواہش کی اور انگریزوں کی حکومت سے آزاد ہونا چاہا، تو عرب قبائل کے ٹڈی دل، زر کی طمع میں انگریزی فوج میں بھرتی ہو۔ ہندوؤں کی سرکوبی کو سر پہ آ دھمکیں گے۔ اس قدر قریب اور ایسی بہادر و جفاکش قوم پر

لنے کانگریس کے اصولوں کو سمجھا اور اس سے ہمدردی کی۔ ان کو حب نے سر آنکھوں پر لیا۔ اب حافظ حکیم اجمل خاں صاحب مسیح الملک نے جو ہندو مسلم اتحاد کے حامی ہیں، اس میں دلچسپی لی۔ ان کا احمد آباد کی کانگریس میں انتخاب ہوا اور بہت کامیاب رہا۔ مسیح الملک بہادر، جو ہندو مسلمانوں کو مل جانے کو آسان تصوّر فرماتے ہیں، اور ہندوؤں میں اس میل ملاپ کا حقیقی مادہ پاتے ہیں۔ بات اصل یہ ہے کہ ان کے پاس جو ہندو جاتا ہے، غرض لے کر جاتا ہے اور وہ غرض بھی کیسی؟ جس پہ زندگی و تندرستی کا مدار۔ ایسا غرض مند جس قدر بھی خلوص کا اظہار کرے تھوڑا۔ ان کو کیا خبر جو چوکھٹ سے بھی دس گز باہر جوتیاں اُتار کر زمین چاٹتے ہوئے، گویہ مسکین بنے اُن کے حضور میں جاتے ہیں، وہ اُن کے برادرانِ ملّت کو دفتروں میں انھی جوتیوں سے ٹھکراتے ہیں۔ مصیبت کا مارا اگر ایک آدھ مسلمان ان دفتروں میں بدقسمتی سے اور اپنے اجداد کی جاں فروشی کے عوض میں کوئی جگہ پا لیتا ہے، تو اس کا گاروں میں اس شہبازِ خالص کی کیا شامت آتی ہے۔ مسلمانوں کی تقدیر چکر میں ہے۔ اُن کے لئے تو نہ کالی بھلی نہ سیت، دونو کو مارو ایک ہی کھیت۔ عیسائی جنم کے بیری، جس کا بنیا ہو یار، اس کو دشمن کیا درکار؟ ہندو تو مول بیاز ہی میں سب کچھ رکھوا لیں گے۔ آٹھ کروڑ مسلمان کیا عرب سے آئے تھے، اور جو ترک لٹیرے اِدھر آئے، تو کیا جورو بچوں کو ساتھ لائے تھے؟ مسلمان دو طرح کے ہندوستان میں ہیں۔ ایک تو نومسلم اور دوسرے دوغلے، جن کی مائیں ہندنیاں، باپ ترک۔ یہ ہندی زمین ولایتی بیج، آدھوں آدھ زمیندار کا۔ نومسلم تو اپنا مول، اور یہ دوغلا رہا بیاج میں۔ ان سب کو واپس کر دو، اور اس قرض سے بیباق ہو، تو دل صاف ہو۔ اس صورت میں سارے ملک میں ایک ہی قوم نظر آسکتی ہے۔ پھر کوئی تفرقہ ہی باقی نہ رہے۔ ٹھاکر دواروں میں جہاں اور مورتیاں نظر آتی ہیں، عرب کا کملی والا بھی دکھائی دینے لگے گا۔ اونچ ذات میں تو جگہ ملے گی نہیں، ہاں ان بچھڑوں کو چنڈال ضرور کہیں گے۔ آریاؤں میں جوڑے چمار کی کھیت، ان کی آنکھیں مسلمانوں کے تبلیغ دین نے کھول دی ہیں، وہ سب کو ملا لیں گے، لیکن سناتن دھرمی تو ان دوغلے چنڈالوں کو کیوں تِل کا شریک کرنے لگے۔ جو دوسرں کا سہارا لے کر اُبھرنے کی کوشش کرتے ہیں، وہ سدا ڈوبتے ہیں۔ پرائے بوتے کھیلا جُوا، آج نہ مُوا کل مُوا۔ عیسائیوں سے جنگ اور ہندوؤں کے برتے پر، اس میں جیت جبث۔ ملو، پیار کرو، اسے کون منع کرتا ہے؟ لیکن پیار احتیاط سے ہو، یہ ہو پہلی چمچی میں کلا کاٹا۔ آنکھ کھول کر

دل ہی دل میں کہنے لگا "کیا اس آئینہ میں یہ میری ہی صورت دکھائی دے رہی ہے؟" تھوڑی دیر میں اُٹھکر دوکان سے چلنے لگا۔ تو خلیفہ، اُستاد، مالک اور شاگرد دونوں نے مل کر معافی چاہی بدرالدین اپنے آپ خیالات میں منہمک تھا۔ اسی بے خیالی میں کہہ گیا "کیوں کیا ہوا؟ کیا بات ہوئی؟ خیر" کیا بات ہوئی اس کی اہمیت تو بدرالدین کا دل ہی جانتا تھا۔ اس طرح سے کہدینے اور بے پروائی ظاہر کرنے میں سرتا سر بناوٹ تھی۔ اگر کوئی بات نہ تھی تو معمول کے مطابق گدڑی کی خاک چھانتا، کباڑیوں میں گھستا، پرانی کتابوں کو ٹٹولتا نہیں، ادھر کا رُخ بھی نہ کیا۔ رستہ کترا تا، چوروں کی طرح چھپتا چلا۔ "جورو تو آج خبر ہی لے ڈالے گی۔ گھر پہونچ کے آئے گی کمبختی۔ کیسی بُری گھڑی سے نکلا تھا۔ کیا خبر تھی کہ حجام کی دوکان میں ایسے مجنون سے پالا پڑے گا۔ سر منڈاتے ہی اولے پڑے۔ خدا نے بڑی خیر کرلی، گھر چل کے آئے گی شامت۔ آج نہیں بخشتی۔ جب وہ ناحق پر ہوتی ہے تو اور بھی تیز ہوتی ہے اور بے سمجھے لڑتی ہے تو بس اللہ ہی پناہ میں رکھے۔"

بدرالدین کی ہمت نہ پڑتی تھی کہ گھر جائے۔ رستہ میں پڑا سرکاری باغ، یہاں بیکار، نکمے پڑے اینڈا کرتے تھے۔ بدرالدین اپنی بے اطمینانی اور ہراسی کو باغ کی سایہ دار روشوں پر تسکین دینے چلا، جہاں بڑے بڑے چھتر گھیرے درختوں کی چھاؤں پانی کے چھڑکاؤ کی طرح ہو رہی تھی۔ ایک طرف پڑے ہوئے سنگین تخت پر بیٹھ گیا۔ قریب ہی دو نوجوان طالب علم موجود قومی مسائل کے حل کرنے میں گرم جوشی سے مشغول تھے۔ لیگ کانگرس اور ہندو مسلمان نمایندوں کے متعلق اپنی آزاد آرا کا اظہار کر رہے تھے، جس میں علم و معلومات کم، ہاں گرمی اور تیزی زیادہ۔ اسی کجا بحثی میں ایک ذرا دبا۔ اور چپ ہو کر بدرالدین کی طرف مخاطب ہوا۔ کہنے لگا "حضرت آپ کی رائے غیر جانب دار نہ ہوگی۔ آپ کو قومیات سے ضرور دلچسپی ہے اور آپ کی چال ڈھال، وضع قطع بتا رہی ہے کہ آپ قومی نمایندے ہیں، کانگرس کے رکن معلوم ہوتے ہیں۔ میں ہرگز غلطی پر نہیں، اب ہم دونوں میں آپ فیصلہ کر دیجئے۔ دیکھئے تینتیس برس کانگرس کو ہوئے، اس مدت میں ہندو کتنے نیر مجلس ہوئے اور مسلمان کتنے منتخب ہوئے اس کا جواب یہ دیا جاتا ہے کہ مسلمانوں کے بڑے آدمی، مثلاً سید احمد خاں، نواب محسن الملک وغیرہ سب انگریزوں کے خوشامدی اور اس قومی سبھا کے خلاف تھے، بلکہ لیگ کو انھوں نے کانگرس کا مدمقابل بنا کر کھڑا کیا، اور اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد الگ بنائی۔ بدرالدین طبیب جی

عذر معذرت کی اور بدرالدین سے کہا کہ "آپ گھبرائیے مت، میں خود آپ کی حجامت بناؤں گا۔ سر میں نصیب اعدار کوئی زخم تو نہیں آیا؟ اماں خلیفہ! ذرا دیکھنا تو میاں کی حجامت کس وضع کی ہو۔ یہ جو بال کٹ گئے ہیں، ان کی تلافی ہو جائے، اور یہ ڈاڑھی جو چھدری ہو گئی ہے اس کا بھی عیب ڈھک جائے۔ ساری حجامت ایسی ہو کہ ہر چیز ایک دوسرے میں کھپ جائے۔ خلیفہ نے جواب دیا کہ "ہاں استاد! ڈاڑھی نہ تو شاہجہانی رہ سکتی ہے اور نہ اورنگ زیبی، مجبوبیہ گل مچھے رہن دیئے جاتے، لیکن کنپٹی کے سارے بال اڑ گئے ہیں، ساری قلم کٹ گئی۔ فوجی بچی ڈاڑھی کھلے گی نہیں، ریش بچہ کٹ گیا۔ کاؤسی ڈاڑھی بن نہیں سکتی۔ آپ تعلیم یافتہ ہیں انگریزی پڑھے لکھے ہیں، آج کل تو اس کا چلن ہے، کہ کرزن وضع اختیار کی جائے۔" بدرالدین سن کر چپ ہو رہا، الخاموشی نیم رضا، صابن کوچی کی تیز رفتاری نے تمام گاؤں پہ تمش جما دی اور خلیفہ کے سدھے ہوئے ہاتھوں نے برسوں کی جمی کائی کو دم بھر میں پھاڑ، گالوں کی صاف و ہموار سطح کو نمودار کیا۔ ایک شاگرد نے بڑھ کر دستی آئینہ پیش کیا۔ اب جو بدرالدین نے دیکھا تو اپنے آپ کو پہچان نہ سکا، بالکل بے بدل ہو گیا۔ بال تیس برس کے بعد آج اس نے اپنے رخسار دیکھے، حیرت میں رہ گیا، بن چھدری کے، صاف صاف کھنچے ہوئے اوپر کو چڑھے، کچھ گلابی پن کی جھلک، مولوی بدرالدین ایک محویت کے عالم میں پہونچے۔ مختلف جذبات طرح طرح کے خیالات، کچھ رنج، کچھ شرم، کچھ حیرت، کچھ جھیپ، ان کے ساتھ ایک مخفی خوشی اور تبدیل ہیئت کی جھجک، اپنی دید سے دل سیر نہ ہوا، آئینہ ہاتھ کا ہاتھ میں ہی رہ گیا، اور اس کو اپنا وہ طالب علمی کا زمانہ یاد آیا، جوانی کی امنگ، طبیعت چونچال، مزاج میں شوخی، خود آرائی، خود بینی ہم چشموں میں کور رہنے کی آرزو، دانش گاہ کے پیخانہ میگزین میں ہزلیات کی صورت میں راز سربستہ کا انکشاف کراتی تھی۔ سخن سنج اس کا ایک ایک لفظ پیخانے کی دیواروں پر سے نقل کر کے ملے جاتے اور دم بھر میں اس کی اشاعت اس سرے سے اس سرے تک ہو جاتی کبھی طالب علموں کا خاکہ ہوتا اور کبھی استادوں کی مٹی پلید۔ کبھی حکومت کی ہجو ملیح، تو کبھی سرکار کے ہاں حضوریوں کی لتاڑ، غرض وہ لال پٹارا طرفہ معجون تھا۔ خطابات، قصیدے سب ہی کچھ ہوتے، سوائے گنتی کے دو آدمیوں کے اس گمنام میگزین سے کوئی واقف نہ تھا۔ اس کو اپنے چہرے میں اپنے مشہور زمانہ حسین و جمیل نانا کی جھلک نظر آئی، جو ہفت زبان ہونے کے علاوہ، دنیا کا مشہور سیاح تھا۔ خود بینی سے بدرالدین کا جی نہ سیر ہوا، اور

برابر کے حجرے سے مالک، دوسرے کاریگر، شاگرد جلدی سے بھاگ کر آئے، اور بدرالدین کو بمشکل اس کی گرفت سے نکالا۔ نائی سب کو دھکیل، قینچی بجاتا ہوا، ایک ٹانگ پر اُچھلتا وحشیانہ حرکات کرتا، چک پھیری کھانے لگا، کسی کے قبضے میں نہ آیا، دو ایک کے قینچی سے خفیف سے زخم بھی آئے۔ آخر اسی طرح ناچتا ہوا حمام کے اندر گھسا، صابن کی ٹکیہ پڑی تھی اس پر پاؤں پڑا، اور نائی پڑاخ سے گرا۔ فوراً قینچی وغیرہ اس کے ہاتھ سے چھین لی اور پکڑ چند آدمیوں کے ساتھ پاگل خانے کے طبیب پاس روانہ کیا۔ آس پاس کے دوکاندار، بیکار راہ چلتے، سب کی ایک بھیڑ لگ گئی۔ کاریگر آپس میں بحثنے لگے "یار اس کا تو سان گمان بھی تو نہ تھا کہ ایکا ایکی اس طرح دل اُلٹ جائے گا۔ کچھ تین چار دن سے اُس کے چہرے پہ ایک طرح کی وحشت تو ضرور معلوم ہوتی تھی۔ دماغ کو اصل میں گرمی چڑھ گئی، بات یہ ہے کہ جس کا کام، اُسی کو ساجھے، اور کرے تو ٹھینگا باجے۔ جناب، بڑا خدا نے فضل کیا کچھ لیا دیا سامنے آگیا، بھلے کو وہ تو یوں کہو کہ اُس کے ہاتھ میں اُسترہ نہ تھا نہیں غضب ہی ہو جاتا۔ اماں چچا! میں نے کہا کہ کیوں صاحب، اتنے دن توڑی تم نے اس نے پگلے کو خوب بنھایا۔ قسم قرآن کی کہ کاریگر و سُدان وہ سب کا ایک دن فیصلہ کر دیتا۔ اماں، مدرسے کا پڑھا تھا، اس کی عقل ٹھیک تھوڑی تھی۔ انگریزوں نے ایسے ہین حرفوں کی پڑھائی اس لئے نکالی ہے کہ سب دیوانے ہو کے رہ جائیں۔"

بدرالدین کی عجیب نوبت، سہما ہوا ایک طرف کونے میں کھڑا تھرتھر کانپ رہا تھا۔ ایسا کچھ بھوچکا ہو کے رہ گیا کہ جب اُس نے کٹ کٹ قینچی چلانی شروع کی، تو سُن ہو کے رہ گیا۔ اصل میں بدرالدین خود دل میں پلید سے متفتار رہا اور حجام نے جو کچھ اٹنگ بٹنگ اوت پٹانگ بکے بکا کا اس نے کچھ نہ سُنا۔ ہاں جب اس نے ایک ہاتھ سے گدّی پکڑ کر اُس کی ڈاڑھی مونچھوں اور سر پر جو ماریں دبا کے قینچیاں اور چند یا میں اُچٹتی ہوئی قینچی کی نوک لگی، تو چونکا، لیکن بجائے اس کے کہ اٹھکر اُسے پکڑتا اور اپنے بچاؤ کی فکر کرتا، کچھ مبہوت سا ہو کے رہ گیا، ایک طرف کی مونچھ بالکل اُڑ گئی، ریش بچہ صاف ندارد، بائیں طرف کی ڈاڑھی کا یہ گچھا کا گچھا الگ، عجیب صورت نکل آئی، بادلے بھانڈ کا سانگ ہو گیا۔ دوسری طرف کی ڈاڑھی کنپٹی کے پاس سے جبڑے تک کی کٹ درجے کی صورت نکل آئی شاہی گناہگار معلوم ہونے لگا۔ حجام کے شاگرد اس ہئیت کو دیکھ ہنسی کو بہتیرا روکتے تھے، مگر توبہ، اُستاد کو البتہ بڑی پشیمانی تھی۔ اُس نے بہت ہی

ڈاڑھی مونچھ کے جھگڑے ہیں۔ دربار لاہور کیوں اُجڑا؟ سکھوں کی ڈاڑھی مونچھوں سے
میں اور میرا بھائی، اُستاد حجام نائی۔ ہیں، ہیں، ہیں، گھوڑی اور گھوڑی کا بچھرا تو آپ
جانتے ہی ہیں چوری، بدمعاشی، ڈموائریت، قتل و خون، فرنگیت، ظلم و ستم، ڈائریت
لوٹ کھسوٹ حرام کاری سب موقوف ہوتی ہیں۔ اگر آج مجھے اجازت مل جائے کہ سب
عورتوں پہ اُسترا چلا دوں، عورتیں کبھی تو خود سر نہ ہوں، جو آج اُن کے سر مونڈ دیئے جائیں
جب گاندھی جی شہر میں آئے تو میں جا کے ملا اور اُن سے کہا کہ "مہاراج! اب کے کانگرس
میں اس کا اعلان کر دو کہ کل قوم پرست عورتوں کی چوٹیاں کاٹ ڈالی جائیں، نہیں جب
سوراج ملے گا تو یہ برابر کا حق مانگیں گی اور ایسا دق کریں گی جیسا ولایت کی حقوق طلب
عورتیں کر رہی ہیں۔" وہ راضی نہ ہوئے تو میں نے میاں آصف علی، میاں شوکت علی
اور میاں محمد علی سے کہا۔ اُن کے آپ ڈاڑھیاں، وہ کیا سُنتے! اور کیا پھبتی کہوں، بن
آئے ہو لنگور سے۔ ڈاڑھی منڈواؤ۔ میں بانہ آئی خدا کے نور سے۔ حضرت مخدومی خواجہ
حسن نظامی صاحب جن کی ہدایت سے میں نے حمام میں حجامت بنانے کا کام شروع کیا تھا
میری حوصلہ افزائی کو اکثر میرے پاس آتے تھے۔ مجھے اُن کی کاکلیں پسند آئیں۔ میں نے
اُن سے کہا، اُن پر ایک کیف طاری ہوا، اور اُن کا کلوں کی درازی میں نفس کا موٹاپہ نظر
آیا۔ فوراً نظر معترض ہوئیں۔ حجامت بنانے کو آیا جو نائی حجامت بناتے ہی مانگی رضائی
مجھے برمحل یہ مثل یاد آئی، کہ دمڑی کی بڑھیا، ٹکا سر منڈائی۔ اب سب قوم پرست،
خلافت کے حامی ڈاڑھیاں رکھنے لگے ہیں۔ ڈاڑھیوں سے اگر سوراج اور خلافت مل جائے
تو پیشاب سے میری ڈاڑھی مونڈ ڈالنا۔ ہاں چندوں کی رقم کے لئے ڈاڑھی بڑی ہاضم ہے،
تھیلیاں کی تھیلیاں ہضم کر جاؤ اور ڈکار نہ ہو، مزے سے مونچھوں پہ تاؤ دو۔ نائی کے بیے
نائی کے طبلہ بجائی کے طبلہ میں طوطا، نائی میرا پوتا۔ خدا نے چاہا تو میرا اُسترا سب پر چلے گا
فرنگیوں میں اتنی بڑی جنگ کیوں ہوئی؟ یسوع مسیح کے ڈاڑھی سب پادریوں کے ڈاڑھی
کرنٹوں کے خدا کے بھی ڈاڑھی، اس سے یہ مصیبتیں نازل ہوتی ہیں۔ نہ اُن کے خدا کے
ڈاڑھی ہوتی اور نہ اتنی آفتیں دنیا پر نازل ہوتیں۔ میرا اُسترا وہاں تک پہونچے گا۔ نہ کسی
بادشاہ کا سر بچے گا اور نہ کسی ملکہ کی چوٹی۔ کالے پہاڑ پہ ٹلوا ناچا، کیوں بے ٹلوے کیوں ناچا؟
لیئے کیوں بے ٹلوے، کیوں ناچا؟ کیوں ناچا بے کیوں ناچا؟"

۱۵ آگ برس رہی ہے۔ کیا گھمس ہے۔ ایسا تو موسم اور یہ بالوں کا پولار کھنا کس عقلمند نے بتایا؟ دماغ کا خون چوس لیں گے، گردن کمزور ہوگی، کمر جھک جائے گی۔ مجھے تو دیکھے سے وحشت ہوتی ہے۔ آپ کو گھبراہٹ نہیں ہوتی؟ میں نے جو دیکھا کہ یہ گرمی بلا کی ہے تو سب کا صفایا کیا۔ میرے بھی بال خوب گھونگروالے تھے، اور یہ مونچھیں رکھی تھیں، سب صفاچٹ کیں صاف صوف کر کرا فیصلہ کیا۔ اجی آپ بھی یہی کرائیے۔ پھیر دوں اُسترا؟ آپ کب کسی کی سنتے ہیں۔ یہ چلچلاتی دھوپ کہ چیل انڈا چھوڑے۔ اچھا ذرا سر کو سیدھا۔ مردوں کو تو کبھی اتنے لمبے لمبے بال نہ رکھنے چاہئیں۔ لمبے بالوں کی تو ممانعت ہونی چاہیے۔ دنیا بھر کی خرابیاں ان بالوں سے شروع ہوتی ہیں۔ سب کا علاج اُسترا ہی حضرت اُسترا۔ کرزن کون تھا جانتے ہیں؟ فرنگی تھا فرنگی۔ لیڈی نے ڈاڑھی مونچھیں مونڈ دیں، لُو لُو ہوگیا۔ ولایت میں کیا ہوتا ہے؟ مجرم کے بال مونڈ دیتے ہیں۔ اس سے پہچان کر پکڑ لیتے ہیں۔ سب فرنگیوں کے سر پہ اُسترا چلا دو۔ آج ظلم وستم و فرنگیت جہان سے نیست و نابود ہوجائے۔ فوج والوں کو فرماں بردار اور بہادر بنانے کے لئے اِن کا سر مونڈ دو۔ مجاہدین سر ڈاڑھی سب کا صفایا کردیتے ہیں۔ پاپ کے دُور کرنے کو جاتری مونڈن کراتے ہیں۔ رسول شاہی چار ابرو کا صفایا کرتے ہیں۔ چل چل بے احمق تجھے کس وہم نے گھیرا، ڈاڑھی تو منڈا ڈال اور مونچھیں سمجھ بکھیڑا۔ ذرا سر کو ترچھا، صاحب۔ ڈاڑھی تو دھوکے کی ٹٹی ہے، اس کی آڑ میں شکار خوب ہوتا ہے۔ کَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ثُمَّ کَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ۔ کلوں کو خوب صاف رکھو اور کلّوں کو خوب صاف۔ مونچھوں کو اس سے کم نہ سمجھو۔ ڈاڑھی مونچھ سے انسان کی اصلیت اور حقیقت چھپی رہتی ہے، جیسے شیر، دیو، پری کا چہرا لگا کے اندرسبھا والے اپنی صورت بدل لیتے ہیں اور دیکھنے والوں کو دھوکے میں ڈال دیتے ہیں، اسی طرح ڈاڑھی مونچھ رہنے دینے سے انسان دوسروں کو خوب دھوکہ دے سکتا ہے۔ ڈاڑھی مونچھ والا بڑا مکار اور دھوکے باز ہوتا ہے۔ ریاکاری تو ڈاڑھی مونچھ کا دوسرا نام ہے ڈاڑھی مونڈ دو اور آدمی ایسا معلوم ہونے لگتا ہے جیسا کہ وہ ہوتا ہے۔ اصل حالت کھل جاتی ہے، اور جیسا اُس کا باطن ہوتا ہے ویسا ہی ظاہر ہوجاتا ہے۔ سب پر الم نشرح ہوجاتا ہے کہ کیسا ہے۔ معصوم جیسے ماں کے پیٹ سے نکلا، ذرا فن فریب نہیں۔ چیمز فنڈ کی ڈاڑھی مونچھیں منڈی تھیں۔ سوراج چاہو، تو ڈاڑھی مونچھ منڈاؤ۔ ادھر جہاں اِن کا صفایا ہوا، اور خلافت کا مسئلہ بھی صاف ہوا۔ ترک اور جرمن کیوں ہارے؟

تلاشِ مضمون کے لئے غوطے کھانے لگا، اور یہ چیل کی طرح گری، جا کے جھنجوڑ مارا۔ "کیوں!
کیا دوسری فکر ہے؟ کوئی اور گھر ڈبانے کی صلاح ہے؟ اور کس نصیبے پھوٹی کے گھر ڈبانے کا
ارادہ ہے؟ بھلا اب کون سی کرموں جلی تمہارے جال میں آتی ہے؟" بچارا دم بخود صبر کرکے
اور اندر ہی اندر اونٹ رہ جاتا۔ سب کچھ اپنی جان پر انگیز تا۔ لڑائی جھگڑے اور فساد کی
بات سے کوسوں دور بھاگتا۔ ہاں ایک کرتب ازبر تھا۔ حجامت کا چسکہ خوب چل جاتا تھا آج
جو خاص تراش کے ہاں پہونچا، تو بالکل جھیر بڑا خوش ہوا، کہ آج گھنٹہ پون گھنٹہ مل جائیگا
"جلدی سے بال کاٹ دو اور ڈاڑھی تراش دو" مضراب جلدی سے خود ہی ڈال لی کہ
وقت کی بچت ہو۔ افسوس کہ نائی بکبار اکا باپ نکلا۔ عدم تعاون کی تحریک سے پہلے سرکاری
دانش گاہ میں وکالت پڑھتا تھا۔ رانڈ بیوہ ماں کا کلیجہ ہی ایک بڑھاپے کا سہارا تھا۔ رنڈاپا
اسی اُمید پہ کاٹا کہ پڑھ لکھکر فارغ تحصیل ہو، کاٹھ کی روٹی پیٹ کو باندھ اپنی حیثیت سے
زیادہ تعلیم دلائی۔ اب ساری کائنات میں یہی ایک پھوٹی آنکھ کا دیدہ تھا۔ گاندھی کے
کے جھونکے میں یہ بھی پھوٹا۔ سرکاری مدرسوں میں سوائے کتابی تعلیم کے اور ملتا ہی کیا ہے
دُنیا چلائی تو جوتیاں ہی کھاکے آتی ہے۔ جوانی اور کمانے کا زمانہ مدرسوں کی نظر کرکے باہر
نکلو، دنیا کی ٹھوکریں کھاؤ، بنگلے بنگلے کی جھڑکیاں سہو، تو وہ دل کے موافق ملازمت نہ ملے
یہ لڑکا تھا وضعدار، ذرا مونڈن میں ہاتھ صاف تھا، حضرت خواجہ حسن نظامی صاحب نے مسلمانوں
میں تجارت اور پیشے کی ترویج کا بیڑا اُٹھایا تھا، یہ کہیں اُن سے ملا۔ اُنھوں نے اس کی کرین
وضع دیکھ، مزاحاً کہا، کہ "تم نائی کی دوکان کھول لو، یا کسی پرانے حجام کے ہاں جا بیٹھو" غرض یہ
ایک حمام میں حجامت بنانے پر ملازم ہوگیا۔ لمبا سوکھا سا، چوبیس پچیس برس کا، ڈاڑھی مونچھ
کا صفایا، لال لال بجا سدالوں کی سی آنکھیں، عجیب ہونق سا، دخل در معقولات اپنے میں بھی
عیب نکالے اور دوسروں پہ نکتہ چینی کرے، گاہکوں کو ناخواندہ صلاح مشورے دے، بک
بک کرکے دماغ چاٹ گیا۔ بدرالدین نے سوچا کہ ایک چپ سو کو ہراتی ہے، اپنے آپ ہی بھونک
بھونک کر چپ ہو رہیگا۔ منہ نہ لگایا۔ بارعب خاموشی سے کمینوں کی جسارت کم اور ہمت پست
ہوتی ہے وہ اپنے آپ ہی بکتا رہا۔ "بال کیٹس گے اور ڈاڑھی ترشے گی۔ صاحب، بہت مناسب
میرے خیال میں خشخشی ٹھیک رہیگی۔ اُسترہ ٹھیک رہتا۔ نہیں صاحب، یہ دیکھئے ٹھیک نہیں
پہلے لمبے جھونٹے کالی چودھویں اوگیاں لٹکتی ہوئی۔ یہ ڈاڑھا جھال کا چھتہ کس کام کا آج کل

بٹیروں کی پالی میں بازی لگائی، تھنکاری جھنجھنیاں بجنیں، اور بندی خانے میں سڑ سڑ کے مرا، پچھلے پتنگ بازی میں گولہ تڑوایا۔ یہ بھنگنا پوستی تاشا و کتاب بازی میں پاگل خانے کی سیر کرے گا۔ اُٹھاؤ بیوی مونڈھا، کہ یہ گیے کا کتنا بھونڈا۔ میری جان کو یہ کتابیں سوکن ہو گئیں۔ سارا دن موئی ان کو لے کھائی کلیجہ جلیوں میں گھسا رہتا ہے۔ یہ انھی کو مزا وارہی جنھیں دانا پچتیا میسر ہوں۔ تن پہ نہیں لتّا، پان کھاؤں البتہ۔ محنت مزدوری سے بھاگ کتاب کی آڑ میں منہ چھپانا، مسٹی نکموں کے بائیں ہاتھ کا کرتب ہی۔ نام کو قلم دوات سامنے رکھ لی، کتاب لی ہاتھ میں، سارے دن خالیچے پہ پڑے اینڈا کیے۔ پان کھائے، حقہ گڑگڑایا، کھائے دھمائی جوتی اللہ دے کھانے کو بلا جائے کمانے۔ باوا کی کھتی گڑی ہی۔ روزگار کے نام سے جان نکلتی ہے۔ نپٹنی بے خرچا ہوا تو تیاں لڑائے، نخشک میں نو سو جوئیں پادے اور کھپائے۔ اپنے ایمان کی قسم ہی تمہاری ان حرفتوں کو میں ہی خوب سمجھتی ہوں۔ پھوٹ گیا میرا تو نصیبہ میسٹ ہوا اس گھڑی کو جب میرا تمہارا سنجوگ ہوا۔ پڑیں ان میا باوا کی گور میں کیڑے! ابھے تو جیتے جی درگور گیا۔ ایسے لغاجتوں میں جھونکا، خدا کی مار! پچ ہتا موا مردوا کسی فوج میں ہوتا لفٹن، جرنیل، کرنیل، مرزا منشی قلم دوات لئے بیٹھے ہیں کمائی کرنے۔ کم دیا کی دم۔ نگوڑے کی تحریر میں بھی تو حلاوت نہیں۔ دنیا بھر کے زرغل مضمون لکھے، اور اسی کمائی پر گذارے کی توقع۔ ایسے ہی وہ موئے اخبار رسالے سڑیل، دنیا بھر کی آخور کی بھرتی، جو ایسے بیڈھنگے مضمون لے لیں۔ جھوٹی سچی خبریں گھڑیں، سرکار کے خلاف مضمون لکھا، بھنکتی صورت، کسی دن ہنڈیاں کینی جائیں گی، چودہ طبق روشن ہو جائیں گے۔"

اہلیہ بدرالدین کی صورت سیرت دونوں نورٌ علیٰ نور۔ نہ روپ نہ رو پا۔ بدرالدین بچارا یوں کہو نیک کوک کا تھا، کے کو بھگتتا تھا۔ سنی کو ان سنی کرتا۔ جورو بھتیرا اگر جتی برستی یہ دم نہ مارتا سب چپکا بیٹھا مسٹر مسٹر سنا کرتا جھلسا پھری چڑیل، صورت نہ شکل بھاڑ میں سے نکل، اب یہ نخنے میں سنائی تھی کہ اگر میا باوا بدرالدین کے ہاں نہ جھونکتے، ہزار اچھے سے اچھے بر جڑتے، اور تحفہ سے تحفہ باتیں آتیں۔ ہمیشہ بچارے کو دلے مارتی، کہ نہ اس کی طرف سے پیغام جاتا، اور نہ یہ خواری ہوتی۔ جانتی تھی کہ نوکری ملازمت جوگا تو ہے نہیں، رات دن کوٹھری میں بٹھائے رکھتی، او مضمون لکھوایا کرتی۔ کوٹھری کا ایک کواڑ اپنی طرف کا کھلا رکھتی تاکہ ہمیشہ دیکھتی رہے، کہ میاں پان تو نہیں چبا رہے یا چرٹ تو نہیں اُڑا رہے۔ اور جہاں بدرالدین کسی ادبی خیال میں منہمک ہو کے بحر تفکر میں

میں گھس، گرد آلود پرانی کتابوں کے انبار کو الٹ پلٹ، یہ دیکھ وہ دیکھ، بے شمار کتابیں گھڑی دو گھڑی کی کیا حقیقت لعد کس گنتی میں "چلو بھئی، ایک گھنٹہ اور بھی کہدیں گے کہ تم پہلے کے آدمی بیٹھے تھے، میاں آصف علی نے کانگریس کی طرف سے نائیوں کی پنچایت کی تھی، سب کی دکانیں بند تھیں، بس ایک ہی کھلی تھی، معمول سے زیادہ جمگھٹ تھا، ہمیشہ کے بندھوں کے علاوہ اور بھی آ گئے تھے۔" میلی کچیلی، رنگ اُڑی کتابوں کے ڈھیر میں بدرالدین اور ہی ہو جاتا تھا۔ دُنیا رہنے کے قابل معلوم ہونے لگتی اور زندگی کی قدر ہو جاتی۔ شاید ان کتابوں میں کوئی ایسا عجوبہ نسخہ دستیاب ہو جائے، جس کی دُنیا میں دوسری نقل نہ ہو لیکن یہ آرزو پوری کبھی نہ ہوئی۔ کتابیں اُٹھا جو دیکھنی شروع کیں، تو گویا اپنی ہی ملکیت ہے۔ ایک لفظ اس میں کا پڑھا، تو دوسری کا فقرہ۔ مضمونوں کی سُرخیاں سرسری طور پر دیکھتا چلا گیا سینکڑوں ورق الٹ پلٹ کر ڈالے۔ چہرہ ہشاش بشاش، اور زندگی کی رو دوڑتی معلوم ہوتی۔ نک سک سے درست کوٹھے والیوں کو چاوڑی کے بے فکرے آوارہ دیکھکر اتنا نہال نہ ہوتے ہوں گے، جتنا اِن ردّی، کِرم خوردہ کتابوں کو دیکھ دیکھکر بدرالدین کھلا جاتا تھا۔ ساری خوشی کی کور کسر گھر پر نکل جاتی تھی۔ ان خوش وقتیوں کا مزا، جہاں بدرالدین گھر میں گھسا، اور سب نکل گیا۔ جورو بلا کی جھلو، چلتی ہوا سے لڑتی، راہ چلتے "تراہ، تراہ" پکارتے، سنتے دانتوں میں انگلیاں لیتے، اپنے بیگانے کانوں پہ ہاتھ دھرتے۔ حلق میں بانس، زبان کا تانتوا ٹوٹا ہوا، ہر محلے کے کانوں میں اُنگلیاں دیتے خصم کو جوتی تلے رکھتی، جس کل چاہتی بٹھاتی، کان پکڑ اُٹھاتی اور کان پکڑ بٹھاتی۔ کیا مجال جو بچارا پل بھر بھی تو چین سے بیٹھ کوئی نیا مضمون سوچ لے، یا دم بھر کو خیالستان میں پہونچ شاعرانہ طمانیت اور مفروضہ قناعت وحقیقی انبساط سے سرشار ہو، مسرور ہو، اچھوتے اور انوکھے خیال کی اتفاقی گرفت سے کیف تو ہو لے۔ جہاں اِس دنیا میں پہونچا، اور غوطہ میں آیا، پنجے جھاڑ، بلا کی طرح پیچھے پڑ گئی۔ دہائی، خدا کی مار! جب دیکھو موئے پوستی افیون کی سی پینک۔ مال مست سُنے تھے، فاقہ مست آنکھوں دیکھے۔ دُنیا بھر کی نحوست نگوڑی آ گئی ہے۔ مردوے کو جب دیکھو اونگھتا ہی رہتا ہے رن مینی صورت، موا منحوس کہیں کا میری ہی تقدیر میں لکھا تھا۔ سارے دن مکھیاں مارا کرتا ہے پڑھو تاکی دُم، پڑھے نہ لکھے نام محمّد فاضل، کتاب کا کیڑا، جب دیکھو نامراد کتاب کھائے پڑیں کا مشغلہ، آدے کا آوا ہی بِلکد۔ دادا مرغ بازی کے پیچھے کانڑے ہو کے بیٹھے، باولتے

اچھی، تمہیں اس کا ذرا خیال نہیں، کہ آمدنی کی تو یہ کشش، اور تم کو روز حجامت کو چاہیئے۔ جس کی آمدنی اتنی قلیل ہو اُس کو تو کوڑی کوڑی کی بچت کا خیال رکھنا چاہیئے۔ اور نہیں تو خیر آگے تم جانو۔"

"خیر آگے تم جانو" یہ فقرہ گویا ایک طرح کی اجازت تھی۔ بدرالدین فوراً لپک کے اُٹھا اور پردہ اُٹھا، گھر کے باہر خوشی خوشی مسکراتا ہوا نکلا۔ خوشی اس بات کی نہیں تھی، کہ خاص تراش کے پاس جائے اور ذرا منڈ منڈا کر کچھ روپ نکالے؛ "بننے" سنورنے کا تو کبھی بھولے سے بھی خیال نہ کرتا تھا، اور نہ بچارے کو کبھی اپنے حسین ہونے کا گمان ہوا۔ صورت دیکھو تو بچارا سیدھا سادا ملّا، نام کو بناوٹ اور خود آرائی نہیں۔ ٹوپی کے نیچے سے بلبے بلبے بن کنگھی کے پٹھے لٹکتے، ڈاڑھی نہ گول نہ چوکھونٹی نہ بیضوی، کوئی وضع ہی نہیں، اللہ توکلی بڑھتی چلی گئی، اُلجھی اُلجھائی جیسے اُجڑے باغ میں ٹنٹ کی جھاڑی۔ کبھی لب لوانے کا ہوش نہ ہوا۔ مونچھیں بڑھتے بڑھتے منہ میں گھس جاتیں۔ ہر وقت کی تنبا کو نوشی سے زرد زرد چیکٹ لگی۔ بدرالدین تو برسوں بھی حجامت کا نام نہ لے۔ قینچی اُسترے کو دُور سے سلام کرے، کیوں کہ بڑے اور اُلجھے گھن دار بالوں میں ہاتھ کی اُنگلیاں نئے مضمون کے تفحص میں گاؤں کے کتوں کی طرح خرگوش کی تلاش میں جھاڑی جھاڑی چھان مارتیں۔ بدرالدین کو تھوڑی بہت ترکیبیں یاد تھیں یہ کس کو خبر ہے کہ نائی کے ہاں کتنی دیر لگے: گھنٹہ، دو گھنٹے، تین گھنٹے، یا اس سے بھی زیادہ بدرالدین کی بیوی کے پاس اس کا کیا جواب تھا، جب سیدھے سبھاؤ اور سادگی سے کہدیا جاتا "بیوی! آج تو خلیفہ کی دکان پر بڑی بھیڑ تھی۔ دس بجنے تو مجھ سے پہلے ہی کے بیٹھے تھے"! یا یہ کہ "بچارے خلیفہ کی وہ آنکھ نہیں رہی، گھٹتی کا پہرا ہے۔ یوں کہو کہ بچارا پرانا ہے، لوگ قدامت کی مروت سے چلے جاتے ہیں، ورنہ اچھی طرح اب سجھائی نہیں دیتا۔ گن گن کے بال کترتا ہے۔ وہ پہلی سی پھرتی اور چالاکی ہی نہیں رہی"! گھر والی غریب کو کیا خبر، جونہی دکان میں گھسے اور بال کٹوانے کی تلا توپ ڈالی "جلدی، بھئی، جلدی!" اس کی پرواہ نہیں کہ ٹیڑھے بڑنگے کیسے ہی کٹیں۔ بلیاں پڑ جائیں، چاہے کچھ ہی ہو، پر جو ہو آنکھ جھپکاتے میں ہو جائے۔ جلدی سے مضراب پھینک پھانک، دستی آئینہ پٹاپ، چلنے کی تیاری کی۔ شاگرد نے اگر کپڑ کوچی سے کپڑوں پہ گرے بالوں کو صاف کرنا چاہا، تو بیزارگی سے اسے روک اور گھڑی نکال، وقت دیکھ، کہ ابھی خاصہ گھنٹہ ایک اور ہے، یہ پیچ آڑا، اور مارا مار پہنچا گدڑی بازار، کباڑیوں

نائی کی کرامات

از

(آغا حیدر حسن صاحب دہلوی (علیگ)

بھائی، تینوں کارڈ ملے۔ میں بُرا جواب تک جواب نہ دیا۔ بیماری کا عذر کروں تو وہ پذیرا نہ ہوگا۔ کیوں کہ اور دُنیا کے دھندے بند نہ تھے۔ سستی کہوں یا کاہلی۔ غرض اب جو جی چاہے سمجھ لو۔ ہوئی خطا۔ یہ مضمون میرا تازہ ہے۔ پیرس کے جوہری کے ہاں ڈاکہ مارا ہے۔ مگر جو جواہر چرائے ہیں اپنے نگینوں کی ساتھ ایسی خوبصورتی سے دلی کے سادے کاروں اور موتی بازار کے جڑیوں سے جڑوائے ہیں۔ کیا مجال جو مالک شناخت کرلے۔ اللہ کرے یہ بیچنی مالا آپ کو بھائے۔ تو ساری چوری سپھل ہو۔ ۔ ۔ پچھلے مہینے کا پرچہ بہت سنجیدہ اور متین رہا۔ مضامین ٹھوس ہیں اور اکثر عالمانہ تحقیق پر مبنی۔ ۔ ۔ اور ہاں ایک بات اور یاد آئی۔ دانش گاہ کے امرتوں میں جاکے کہدیجئے گا۔ کہ کیوں ری خلمنوں۔ گاجر کے چور کی گردن مارتے ہیں۔ کیا یہ اتنی تقصیر پر چنبل پار کی سزا تو کیا، بندھیا اور ست پڑے پار کا دیس نکالا دیا؟ اب اپنی کیریوں کو جگا جگا کے رکھیو۔ دیکھوں کس کس کی رال نہیں ٹپکتی۔ آپ کو خدا کی قسم میرا یہ پیغام پہونچا دیجئے گا۔ اور جواب ملے وہ بھی تحریر ہو۔ خدا حافظ

آپ کا بھائی حیدر حسن

بدر الدین :- دیکھنا! کہو تو گھر آتے وقت بال کٹوا تا آؤں ؟

اہلیہ بدر الدین :- (تنگ ہوکر) اوئی، ایسے تو بال نہیں بڑھ رہے۔ ابھی تو کٹوائے ہیں۔ بال کٹوانے پر بھی کوئی نہیں تھوکے گا۔ ایسے حسین نہیں ہو۔ کون سی ایسی دولت کو کائی لگ رہی ہے

محسوساتِ فانی

(از مولانا شوکت علی خاں صاحب فانی بی اے، ال ال بی علیگ)

آ، ورنہ جانتا ہوں فریبِ نظر کو میں
دیکھوں اُلٹ کے پردۂ داغِ جگر کو میں

ہر نقشِ پا کو دیکھ کے دھنتا ہوں سر کو میں
پہچانتا نہیں ہوں تری رہ گزر کو میں

عہدِ خزاں میں رفتۂ آشوبِ ہوش ہوں
بھولا ہوا ہوں موسمِ دیوانہ گر کو میں

گم کردہ راہ ہوں، قدمِ اولیں کے بعد
پھر راہبر مجھے، نہ ملا راہبر کو میں

وہ پائے شوق دے کہ جہت آشنا نہو
پوچھوں نہ خضر سے بھی کہ جاؤں کدھر کو میں

مایوسِ انتظار ہوں، مجنونِ اضطراب
ہنستا ہوں دیکھ دیکھ کے دیوار و در کو میں

بہلا نہ دل، نہ تیرگیِ شامِ غم گئی
یہ جانتا تو آگ لگاتا نہ گھر کو میں

دو تین ہچکیوں میں دمِ نزع کہہ گیا
شرحِ درازیِ زندگیِ مختصر کو میں

فانی دعائے مرگ کی فرصت نہیں مجھے
یعنی، ابھی تو ڈھونڈھ رہا ہوں اثر کو میں

کلامِ گرامی

[از رشحاتِ قلم جنابِ شیخ غلام قادر صاحب گرامی، شاعرِ خاص شہریارِ دکن خلد اللہ ملکہ]

اسیرِ گوشۂ چشمِ تو شہسوار انند — شہیدِ نیم نگاہِ تو شہریار انند

رموزِ مستیِ عقل اے حکیمِ دانشمند! — بیا، بپرس ز مستاں، کہ ہوشیار انند

ز دیدہ تا درِ دل، ذرہ ذرہ غماز ست — گماں مبر کہ دل و دیدہ رازدار انند

سمندِ بیخودیم تازیانہ می خواہد — خبر کنید بہ طفلاں کہ نے سوار انند

یکیست رہزنِ ہوشم، یکیست دزدِ دلم — بہم نگاہ و تغافل چہ پردہ دار انند!

صبا بحضرتِ آناں سلامِ ما برساں — کہ جرمِ ذوقِ وفا را گنہگار انند

ز گرم جوشیِ مردانِ راہ دانستم — کہ بلبلانِ خزاں دیدہ در بہار انند

تمام خندہ بگریند و گریہ می خندند — بر آسمانِ تصرف چہ برق و بار انند

سر از دریچۂ عہدِ الست بر کردند — ز چون و چند و کم و کیف رستگار انند

ز بزمِ دوست خبر می دہند و بے خبر اند — سخن ز پردگی آرند و پردہ دار انند!

دعا کنید کہ خاکِ مرا کند اکسیر — نگاہِ عرش نشیناں، کہ خاکسار انند

نبینم زہد فروشانِ شیشہ در آغوش — کنارہ گیر، کہ ایناں سیہ کار انند

رموزِ عشقِ گرامی ما چہ می دانند
چہ پختگاں کہ دریں راہ خامکار انند

جو سولھویں صدی کے مشہور عیسائی صناعوں نے اُس پر لٹائے ہیں اور نہ وہ ہر عہد و زمانے سے قربان گاہوں کا لامتناہی سلسلہ جو مسجد کی دیواروں کے سہارے بنایا گیا ہے مسجد کی اصلی صورت و شکل کو بگاڑ سکتا ہے۔ اور نہ یہ آپ کے بھدّے اور بدشکل پتھر اور مٹی کے فرشتے جو معلوم ہوتا ہے اڑتے اڑتے رُک کر قربان گاہ کے اوپر منڈلانے لگے ہیں کہ عابدانِ مسیح پر اپنا نور برسانے جائیں اور نہ اس مسندِ روح القدس سے آپکے واعظانِ اناجیل کے خطبے اُن ارواح کی شاہانہ عظمت و بزرگی میں سَرِ مو کمی کر سکتے ہیں جو آج محراب مسجد میں اُس مصحف پاک کو ڈھونڈ رہی ہیں جس کے اوراق پر ایک روایت کے مطابق حضرت عثمانؓ شہید کے خون کی افشاں تھی - یہ وہ مقام ہے جہاں واقعات سابقہ انسان کے دل پر ہجوم کرآتے ہیں جبکہ افسوس و ملال کے ساتھ وہ اُن مسیحی عمارتوں کو دیکھتا ہے جو مسجد کی بے حرمتی کے لئے بنائی گئی ہیں۔ یہ عمارتیں وہ ہیں جن کو ہمارے متعصب مگر خوش عقیدہ بزرگوں نے اس نیت سے بنوایا تھا کہ جس مسجد کو انھوں نے مسیحی مذہب کے لئے پاک کیا ہے وہاں سے مسلمانوں کی روحیں جو اُس میں بھٹکتی پھرتی ہیں ہمیشہ کو دفع ہو جائینگی۔ مگر یہ خیال غلط تھا اُس مسجد کے چپے چپے میں اُن کی روح ہمیشہ موجود رہیگی۔ کیونکہ باوجود ان تبدیلیوں اور قطع و برید کے جو مسجد نے پتھر کا کلیجہ کرکے سہی ہیں اُس کے سینہ پر ایک ایسے قانون کے مطابق جس کو کوئی نہیں توڑ سکتا اُس صنعت عالیہ کا نقش خاتم ثبت ہے جو اُس کو وجود میں لایا تھا اور اُس قوم کی طینت اُس کے درو دیوار سے ظاہر ہے جس نے اُس کا نقشہ ڈال کر اُس کو تعمیر کیا تھا۔"

غزل

(از مولانا شیخ غلام قادر صاحب گرامی)

بے نیاز این قدر چرا شدۂ ؟   بندہ پرور مگر خدا شدۂ !

در شکستِ دلم چہ می کوشی ؟   دشمنِ خانۂ خدا شدۂ !

عشق بر حسن منتے دارد   دلِ من بردہ، دلربا شدۂ

ناز منت کشِ نیاز آمد   ہمہ ناز از نیاز ما شدۂ

ہاں گرامی، ترا شناسم من   چہ بلا بود، پارسا شدۂ !

توڑ کر بنا دیا گیا اور اس کے رو کار پر بت اور تصویریں بنائی گئیں۔ اور اس نئے دروازہ کا نام اسپینی زبان میں باب عفو رکھا گیا۔ عبدالرحمن الناصر کے بنائے ہوئے مینار مسجد کی چوٹی پر سنت رافیل کا بت نصب کیا گیا۔ پھر اس کے اوپر کے درجہ کو گرا کر ایک زیادہ بلند درجہ بنایا اور اس میں گرجا کے گھنٹے لٹکائے گئے اصلی عمارت کی شکل بالکل بدل دی۔ میضاۃ توڑ دیئے گئے۔ کچھ حوض البتہ اس وقت کے اب تک باقی ہیں۔ صحن مسجد میں نارنگیوں کے درخت لگا دیئے گئے اور اب اس کو "تختہ نارنج" کہتے ہیں۔

کلیسا کی طرف سے جس قدر تبدیلیاں مسجد کی عمارت میں کی گئیں ان میں یہ اہتمام کیا گیا کہ طرز تعمیر عربی رہے۔ جہاں مسجد کو مسجد ہی لیکن اس کا نام گرجا یا کلیسا نہ رکھا تھا وہاں اس کی تمنا بھی تھی کہ اصلی عمارت میں جس قدر تبدیلیاں کلیسائی اغراض کے لئے کی جائیں ان کی شکل عربی ہو۔ چند مسلمان معماروں سے جو عربی طرز تعمیر سے واقف تھے اور وطن کی محبت میں قرطبہ سے نہیں نکلے تھے بلکہ عیسائیوں سے مصالحت کر کے اسی شہر میں آباد رہے تھے کابیلوں کی تعمیر میں مدد لی گئی۔ مگر ان لوگوں میں پہلے صناعوں کا کمال کہاں سے آتا۔ اب وہ مستنصر اور منصور کے زمانہ کے کاریگر کہاں موجود تھے جو عیسائیوں کے ارمان پورے ہوتے۔ اسپین کے ایک بہت بڑے عیسائی صناع نے "کابلہ کبیر" میں مذبح کے قریب مغنیوں کے لئے جو مسیح کی تعریفیں گاتے تھے ایک بلند نشیمن بنایا۔ اس کے لئے ایک جگہ سے مسجد کی چھت توڑنی پڑی یہ نشیمن بڑی صنعت کا کام سمجھا گیا اور ملک میں اس صناع کے نام کو شہرت حاصل ہوئی۔ لیکن ۱۵۲۶ء میں جس وقت چارلس پنجم غرناطہ کا عیسائی بادشاہ اس نشیمن کو دیکھنے آیا تو اس نے اسقف اعظم سے جو اس وقت موجود تھا کبیدہ خاطر ہو کر کہا۔ "افسوس ہے جو چیز تم نے یہاں بنائی ہے وہ دوسری جگہ بھی بن سکتی تھی مگر جس چیز کو تم نے بگاڑا ہے اس کی مثل اب دنیا میں میسر نہ ہوگی" اسپین کے متعصب عیسائی یہ ہی سمجھتے رہے کہ کلیسائی عمارات جو مسجد میں ہم نے قائم کی ہیں وہ مسجد کی اصلی عمارات سے اسی طرز تعمیر میں جو مسلمانوں نے اختیار کیا تھا حسن و زیبائش میں بڑھ گئی ہیں۔ لیکن اس فن کے ماہرین کے دلوں میں انصاف تھا انھوں نے ہمیشہ یہ ہی کہا کہ عربی طرز تعمیر کی جو نقل اتاری ہے وہ اصلی طرز کے پاسنگ بھی نہیں۔ چنانچہ اسپین کے ایک بہت بڑے اثری و مستشرق نے اپنے مسیحی عیسائیوں کی اس حرکت پر کہ انھوں نے پرانی طرز تعمیر کے ایک ایسے حسین و جمیل نمونے کو جو عدیم المثال تھا کس کس طرح بگاڑنا چاہا مگر پھر بھی اسلام و عربیت کے جوہر ان کے مٹائے نہ مٹ سکے۔ بڑے دردمندانہ طریقے سے اظہار افسوس کیا ہے۔ وہ لکھتا ہے کہ "نہ تو آپ کا یہ مکلف و مفتخر مسطرانی کلیسا جو آج مسجد کی بے شمار ستونوں والی چھت کو توڑ کر اپنا سر سب سے اونچا کئے کھڑا ہے اور نہ اعلیٰ صنعت اور کاری گری کے وہ غزلسے

کا بیلہ یا غرفہ یا ہیکل مسجد کے کسی نہ کسی حصے میں تعمیر نہ کیا گیا ہو۔ سنت کلیمنٹ، سنت انیز، سنت بارتولمیو، سنت یوحنا، سنت باگو، سنت پیلو، سنت بطرس کے نام کے قربان گاہ کہیں صدر دالانوں کے وسط میں، کہیں اُن کے پہلو میں، کہیں دیواروں کے سہارے، کہیں صحن کے حجروں میں بنائے گئے اور مسجد کی خوبصورت اور حسین عمارت کو کلیسائی تعمیرات کے لئے جس طرح چاہا بگاڑا
مسجد کا خوبصورت سنگ مرمر کا فرش جس میں صدیوں تک نمازیوں کے سجدوں نے اُن کے گھٹنوں اور پیشانیوں کے گڑھے پتھر میں ڈال دیئے تھے اُس کو جہاں سے چاہا اُکھیڑ ڈالا۔ مسجد کی مطلّا و مرصع چھتیں کہیں کہیں سے نکال ڈالیں اور اپنے طریقہ کی چھت زیادہ بلندی دے کر بنائی۔ جابجا ہیکلوں اور قربان گاہوں کا سامان سجانے کے لئے مسجد کے ستون گرا دیئے اور جالیاں توڑ دیں۔ سنہری نقش و نگار مٹا دیئے اور محراب مسجد کو چھوڑ کر باقی در و دیوار یا چھتوں کے حاشیوں پر جہاں جہاں آیات قرآنی نقش تھیں اُن کو چھیل ڈالا۔

پہلا کابیلا جیسا کہ اوپر بیان ہوا سان فرنیندو کے نام سے مسجد میں بنایا گیا تھا۔ اس کی تعمیر کے لئے قبلہ کی دیوار سے ملے ہوئے دالانوں سے شرقاً غرباً تین درے اور شمالاً جنوباً چار درے بند کر دیئے گئے۔ اور ان حدود کے اندر مسجد کی خوشنما چیزوں کا تہس نہس کر دیا۔ سنت کلیمنٹ کے کابیلے کے لئے ایک جگہ صدر دالانوں کے دو دو درے مع ان کی محرابوں کے بند کر کے ہیکل بنایا اور ان میں جناب مسیح و مریم کے بت حسب معمول نصب کئے یا انجیلی قصوں کی تصویریں دیواروں پر بنائیں۔ صدر کے دالانوں میں حجرہ خاص قاضی القضاۃ قرطبہ کا تھا اُس کو منہدم کر دیا۔ مقصورہ مسجد کو جس کو خلیفہ الحکم مستنصر نے خاص توجہ سے بنوایا تھا اور جس پر عربی صناعوں نے اپنی صنعت کا کمال دکھایا تھا توڑ کر اُس کی جگہ "مذبح کبیر" بنایا گیا۔ خاص مسجد کی محراب میں گو قطع و برید نہیں کی گئی مگر اب وہ سنت بطرس کے کابیلہ کا ایک حصہ ہے اور اُس کا فوٹوگراف دیکھئے تو سامنے لوہے کی سلاخوں کی ایک دیوار کھنچی نظر آتی ہے وہ بے مثل قیمتی لکڑیوں اور ہاتھی دانت کا منبر جس کو المستنصر نے لاکھوں روپیہ کے صرف سے سات برس میں تیار کرایا تھا جس میں سونے اور چاندی کی کیلیں اور جواہرات جڑے تھے سولھویں صدی عیسوی کے وسط تک مسجد کے اُس حصہ میں جہاں لسبطرانی کلیسا بنایا گیا تھا رکھا دیکھا گیا تھا۔ لیکن اس کے بعد اُس کے ٹکڑے علیحدہ کئے گئے اور جس قدر سال مصالح اُس میں تھا وہ ایک مسیحی قربان گاہ کے بنانے میں لگا دیا گیا۔

ہشام اول کی بنائی ہوئی مسجد کا شمال رویہ دروازہ جس سے صحن مسجد میں داخل ہوتے تھے

اسلامی حکومت کے بعد مسجد کی حالت

یہ مسجد جیسا کہ اوپر بیان ہوچکا ہے امیر عبدالرحمٰن الداخل نے ۱۶۵ھ میں بنوانی شروع کی تھی اور اُن کے فرزند امیر ہشام نے ۱۷۰ھ میں اس کی تعمیر ختم کی۔ اس کے بعد کچھ اوپر دو سو برس تک یعنی خلیفہ ہشام ثانی (المؤید باللہ) کے زمانہ تک اس میں مختلف سلاطین بنی اُمیہ اندلس کی طرف سے وقتاً فوقتاً بیش قدر اضافے ہوتے رہے جن کی تفصیل اوپر آچکی ہے۔ اخیر اضافہ خلیفہ ہشام المؤید باللہ کے وزیر محمد ابن ابی عامر المنصور نے کیا تھا اُن کے زمانہ میں مسجد کی جو صورت قائم ہوئی وہ کچھ کم تین سو برس تک یعنی ۶۳۴ھ تک قائم رہی۔ اس درمیان میں انقراض حکومت امویہ کے بعد (۴۲۲ھ) طوائف الملوکی کے زمانہ میں سلاطین سابق کے محلوں اور ایوانوں کا جو کچھ حال ہوا ہو مگر مسجد کی شان و شوکت جو المنصور پیدا کر گئے تھے اس میں کوئی فرق نہ آیا۔ بہر کیف تاریخ بنا سے کچھ اوپر ساڑھے چار سو برس تک یہ مسجد توحید پرستوں کا سجدہ گاہ رہی۔ سنہ ۶۳۴ھ (۱۲۳۵ء) میں قرطبہ پر قشتالیہ کے عیسائی بادشاہ فرڈی نینڈ ثالث کا قبضہ ہوگیا۔ اور مسلمانوں کے لئے اس مسجد کی عمر ختم ہوئی۔ گو اسپین کے لوگ اب بھی اس کو مسجد (مزکیتا) کہے جاتے ہیں حالانکہ انھوں نے اس کو اپنی عبادت کے لئے مخصوص کر لیا ہے۔

فرڈی نند ثالث۔ جب قرطبہ پر قابض ہوگیا تو مسلمانوں سے دشمنی رکھنے کے صلہ میں اس کی قوم نے اس کو ولی مسیح مانا اور سان فرنیندو کے لقب سے اس کو پکارا۔ اس بادشاہ نے حکم دیا کہ مسجد قرطبہ کو عیسائی مذہب کے لئے (نعوذ باللہ) مقدس کیا جائے۔ جس وقت سے یہ حکم نافذ ہوا اسپین کے مشہور عیسائی معماروں نے اپنی مذہبی ضروریات کے لئے جس میں مسجد کی بے حرمتی بھی شامل تھی مسجد کی صورت بگاڑنی شروع کی گو اپنے زعم میں یہ ہی سمجھے کہ وہ اس کو سنوار رہے ہیں۔ سب سے پہلا کا پیلہ (چیپل) بادشاہ کے مذہبی لقب سان فرنیندو کے نام سے مسجد کے اندر بنایا گیا۔ پھر اسپین کے عیسائی امیروں اور رئیسوں نے اپنے صرف سے اس گھر میں جو خدائے واحد کی عبادت کے لئے تھا تثلیث پرستی کے لئے عیسائی عمارتیں بنانی شروع کیں۔ خوش عقیدہ عیسائیوں نے چندے جمع کر کے ایک بڑا سرمایہ کلیسہ کی انجمن انتظامیہ کے سپرد کیا۔ اور اس انجمن نے قصد کر لیا کہ مشہور عیسائی صناعوں، معماروں اور مہندسوں کو مقرر کر کے مسجد کی صورت قطعی بدل دی جائے۔ چنانچہ اس سرمایہ سے بڑے بڑے نصرانی عابدوں اور زاہدوں کی یادگاریں اس عدیم المثال مسجد میں قائم کی جانے لگیں۔ جو حالات پڑھے جاتے ہیں ان سے قیاس ہوتا ہے کہ مذہب نصرانیہ کے مشاہیر میں سے جن کے نام کلیسا کے رجسٹروں میں بہ "شہدا" درج تھے شاید ہی کوئی اعلیٰ طبقہ کا راہب یا ولی بچا ہو جس کے نام سے کوئی قربان گاہ یا

کہ مسجد (غالباً مسقف حصہ صدر) ایک مستطیل ہے جس کا طول ۴۹۴ فیٹ اور عرض ۴۲۰ فیٹ ہے مسجد کا صحن ۲۲۰ فیٹ ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ۴۲۰ × ۴۲۰ فیٹ والی پیمائش میں مسجد کا صحن شامل ہے۔ انسائیکلو پیڈیا برٹینیکا میں لکھا ہے کہ پوری بنی ہوئی مسجد کا سطحی نقشہ ایک مستطیل ہے جس کا طول ۵۷۰ فیٹ اور عرض ۴۲۵ فیٹ ہے۔ اس رقبہ کا دو تہائی حصہ تو قبلے کے دالانوں میں اور ایک تہائی حصہ صحن اور صحن کے تین طرف کے دالانوں مینار اور حوضوں میں سمجھنا چاہیئے۔

مسجد میں روشنی کا سامان پیتل کے جھاڑ جو مسجد میں روشن کئے جاتے تھے ان کی تعداد کسی نے ۲۸۰ اور کسی نے ۴۲۴ لکھی ہے۔ ان میں وہ جھاڑ شامل نہیں ہیں جو دروازوں میں روشن کئے جاتے تھے۔ چراغوں کی تعداد کسی نے ۴۲۵، اور کسی نے ۱۰۸۰۵ لکھی ہے۔ مسجد میں جب کل اضافے ہو چکے ہیں یعنی المنصور کے اضافے کے بعد تمام چراغوں کے لئے تیل کا سالانہ خرچ ۱۲۵۱ قنطار یعنی ۱۳۴ من کے قریب تھا۔ اس میں سے نصف سے کچھ کم صرف ماہ رمضان میں صرف ہو جاتا تھا۔ جھاڑوں میں تین چاندی کے تھے جن میں نو نو سیر تیل رات بھر میں جل جاتا تھا۔ باقی جھاڑ پیتل کے مختلف وضع کے نہایت صنعت سے بنے ہوئے تھے۔ ان میں چار بڑے جھاڑ بلاط وسطی میں یعنی صحن سے محراب تک جو درجہ بیچ میں آتا تھا اس میں روشن کئے جاتے تھے۔ سب سے بڑا جھاڑ محراب کے کمرے میں جہاں قرآن شریف رکھے رہتے تھے گنبد میں ٹنگا ہوا روشن کیا جاتا تھا۔ اس میں ۱۴۵۴ چراغ تھے اور اس کا دور ساڑھے بارہ گز کے قریب تھا اور تمام جھاڑ پر سونے کا ملمع تھا۔ بڑے جھاڑ صرف رمضان المبارک کے عشرہ آخر میں روشن کئے جاتے تھے تیل کے صرف کے علاوہ مومی بتیاں بھی روشن کی جاتی تھیں۔ ساڑھے تین من موم اور ۴۲½ سیر سوت موم کی بتیاں بنانے میں سال بھر میں صرف ہوتا تھا۔ سب سے بڑی مومی شمع جو امام کے قریب محراب میں روشن کی جاتی تھی اس کا وزن ۲۵ سیر سے ۳۰ سیر تک ہوتا تھا۔ یہ رمضان شریف کے پورے مہینے میں رات دن روشن رہتی تھی اور اس طرح بنائی جاتی تھی کہ چاند رات کو ختم ہو جائے۔

مسجد کے خدام ان میں امام، قاری، محافظ، دربان، موذن، روشنی کرنے والے اور ان کی مثل اور خدام تھے جن کی تعداد ابن بشکوال کے قول کے مطابق خلفاء اور نیز المنصور کے زمانہ میں ۳۰۰ تھی۔ رمضان المبارک کے آخری دن آدھا لوبان اور پاؤ بھر عود مسجد میں روشن کیا جاتا تھا۔ یہ بھی بیان ہوا ہے کہ مسجد میں ہر جمعہ کو آدھ سیر عود اور پاؤ بھر عنبر جلایا جاتا تھا۔

جب خلیفہ الحکم مستنصر باللہ نے طول میں ۱۰۵ ذرع (یا ہاتھ یعنی ۱۸۳ ۳/۴ فیٹ) اور اضافہ کیا تو اب طول ۳۳۰ ذرع (یا ہاتھ یعنی ۵۷۷ ½ فیٹ) ہوگیا۔ عرض میں انھوں نے کوئی اضافہ نہیں کیا۔ اس کے بعد محمد ابن ابی عامر المنصور نے طول تو وہی رکھا جو پہلے تھا مگر عرض میں ۸۰ ذرع (یا ہاتھ یعنی ۱۴۰ فیٹ) کا اضافہ کیا۔ اور اس طرح مجموعی عرض ۱۸۵ ذرع (یا ہاتھ یعنی ۳۲۳ فیٹ) ہوگیا۔
غرض اس حساب سے مسجد کے مسقف حصہ صدر کا آخری طول و عرض یعنی جس کے بعد کسی طرح کا اضافہ نہیں ہوا حسب ذیل تھا۔

طول ۳۳۰ ذرع (یا ہاتھ یعنی ۵۷۷ ½ فیٹ)
عرض ۱۸۵ ذرع (یا ہاتھ یعنی ۳۲۳ فیٹ)

اگر صرف اتنا ہی بیان کیا گیا ہوتا تو شاید مشکلات کم واقع ہوتیں مگر اس کے ساتھ ہی یہ بھی پڑھنے میں آتا ہے کہ المنصور کے زمانہ تک عرض میں جو گیارہ گیارہ دہن والے دالان تھے اُن سب کی چوڑائی ایک سی نہ تھی۔ بیچ کے درے کی چوڑائی ۱۶ ذرع تھی۔ اُس کے دونوں پہلوؤں کے دو دو دروں کی چودہ چودہ ذرع تھی اور پھر ان کے پہلوؤں کے تین تین دروں کی چوڑائی دس دس ذرع تھی۔ اس حساب سے یہ کل عرض ۱۵۶ ذرع ہوا۔ ان میں المنصور نے ۸۰ ذرع اور اضافہ کیا۔ پس مجموعی عرض مسقف حصہ مسجد کا ۲۳۶ ذرع ہوگیا۔ مگر اوپر کل عرض ۱۸۵ ذرع بیان ہوا ہے۔ یہ ۵۱ کا فرق کیسے پیدا ہوا اس کا سمجھنا مشکل ہے۔ اتنا ضرور معلوم ہوتا ہے کہ ستونوں کی موٹائی یا پہلوؤں کی دیوار کے آثار کہیں تو شامل کئے گئے ہیں اور کہیں چھوڑ دیئے گئے ہیں۔ یا دونوں حسابوں کا ذرع ایک سا نہیں ہے۔

صحن مسجد کا طول اور عرض

صحن مسجد کا طول شرقاً غرباً ۱۲۸ ذرع (یا ہاتھ یعنی ۲۲۳ فیٹ) اور عرض شمالاً جنوباً ۱۰۵ ذرع (یا ہاتھ یعنی ۱۸۳ ۳/۴ فیٹ) بیان ہوا ہے۔ سمت قبلہ کو چھوڑ کر صحن کے تین طرف دالان بنائے گئے تھے ان کا عرض دس ذرع (یا ہاتھ یعنی ۱۷ ½ فیٹ) بتائی گئی ہے اور کل مسجد کی چاردیواری کا رقبہ ۳۳۱۵ مربع ذرع یا ہاتھ بیان ہوا ہے۔ اوپر جو اعداد بیان ہوئے ہیں اُن سے حساب کرکے اس رقبہ کو حاصل کرنا ممکن نہیں۔ میں نے ہر طرح سے جانچا مگر صحت نہ ہوسکی۔
مسجد کے رقبہ کا تخمینہ مسٹر کلورٹ کی کتاب "کورڈووا" میں اس طرح لکھا ہے۔ "مسجد کے طول و عرض کا صحیح صحیح اندازہ کرنا بہت مشکل ہے۔ ایک معتبر مصنف نے لکھا ہے کہ مسجد کا طول شمال سے جنوب میں ۶۲۰ فیٹ ہے اور عرض ۴۴۰ فیٹ۔ مسٹر واٹنگ نے جو فن تعمیر کے بڑے ماہر ہیں لکھا ہے

داخل ہونے کا تھا۔ باقی چھ دروازے مسجد کے مسقف حصہ صدر میں۔ تین مشرق کی سمت میں اور تین مغرب کی سمت میں تھے۔ ان میں ہر دو جانب ایک ایک دروازہ عورتوں کے لئے مخصوص تھا۔ باقی مردوں کے لئے تھے۔ ان دروازوں پر چمکتا ہوا پیتل چڑھا تھا اور ایک دروازہ میں ایک بہت خوبصورت کڑا بڑی صنعت کا پڑا تھا۔

المنصور کے اضافے کے بعد بیان ہوا ہے کہ مسجد کے چھوٹے بڑے دروازے تعداد میں ۱۲ تھے۔ یعنی ۹ دروازے مغرب کی جانب تھے اور ۹ دروازے مشرق کی جانب۔ ان میں ہر طرف آٹھ آٹھ دروازے مردوں کے داخلہ کے لئے تھے اور ایک ایک عورتوں کے داخلہ کے لئے۔ شمال کی سمت میں تین دروازے تھے۔ دو بڑے دروازے مردوں کے لئے تھے اور ایک چھوٹا دروازہ عورتوں کے لئے۔ جنوب یعنی قبلہ کی طرف بجز ایک دروازہ کے جس سے بادشاہ مقصورہ میں داخل ہوتے تھے اور کوئی دروازہ نہ تھا ان تمام دروازوں کے کواڑوں پر سوائے مقصورہ والے دروازہ کے جس کے کواڑ سونے کے تھے صیقل کئے ہوئے پیتل کی چادریں چڑھی تھیں جو ہر وقت شعلوں کی مثل چمکتی رہتی تھیں۔

مسجد کے مسقف حصہ صدر کا طول اور عرض

یہ طول اور عرض جس طرح عربی کتابوں میں بیان ہوا اُس کا سمجھنا نہایت مشکل ہے بلکہ میرے خیال میں ناممکن ہے۔ پیمانہ جس میں عرض و طول بیان ہوا ہے "ذرع" ہے (انگریزی میں اس کا ترجمہ کیوبٹ کیا گیا ہے جس کا ترجمہ اردو میں "ہاتھ" ہو سکتا ہے لیکن ایک ہاتھ ہمارے ہاں ۸ گرہ یعنی ۱۸ انچ کا ہوتا ہے مگر کیوبٹ برابر ہوتا ہے ۲۱ انچ کے۔ میں نے ذرع کے جہاں فیٹ نکال کر لکھے ہیں وہ کیوبٹ یا ہاتھ کو ۲۱ انچ کے برابر مان کر لکھے ہیں)۔ ذرع کی نسبت مشکل یہ ہے کہ ہر مصنف کی تحریر میں وہ یکساں طول کا نہیں ہے۔ کہیں کم ہے کہیں زیادہ۔ پھر کسی نے کسی زمانہ کی مسجد کی پیمائش کسی ذرع کے حساب دی ہے اور کسی نے دوسرے زمانہ کی مسجد کی پیمائش ایسی ذرع میں بیان کی ہے جس کا پہلے ذرع سے مساوی ہونا ضروری نہیں۔ کسی نے اس امر کی تخصیص کر دی ہے کہ وہ کس زمانہ کی مسجد کی پیمایش لکھتے ہیں۔ کسی نے اس کی تخصیص مطلق نہیں کی۔ بہر کیف یہاں مسجد کے طول و عرض کے متعلق جو کچھ سمجھ میں آیا ہے بلکہ جو کچھ سمجھ میں نہیں آیا ہے وہ بیان کیا جاتا ہے۔

مجمع المفترق کا مصنف لکھتا ہے کہ خلیفہ الحکم مستنصر باللہ کے اضافہ سے پیشتر مسجد کے مسقف حصہ کا طول شمالاً جنوباً ۲۲۵ ذرع (یا ہاتھ یعنی ۳/۴ ۳۹۳ فیٹ) تھا اور اس کا عرض شرقاً غرباً ۱۰۵ ذرع (یا ہاتھ یعنی ۳/۴ ۱۰۳ فیٹ) تھا۔

مگر یہ تعداد ضرور کم بیان ہوئی ہے کیونکہ ستونوں کی صفوں میں جو اوپر بیان ہوئیں کسی کو کلام نہیں ہے۔ پس جب اوپر نیچے دو دو صفیں ستونوں کی تھیں تو معمولی حساب سے معلوم ہو سکتا ہے کہ فقط مسجد کے قدیم حصہ میں ۱۰۴۴ ستون ہونگے۔ پھر اس میں بھی کسی کو شبہ نہیں ہے کہ اکثر جگہ خوبصورتی کے لئے چار چار ستونوں پر ایک ہی تاج قائم کیا تھا۔ اس لئے تعداد ستونوں کی اور بڑھائی ہوگی۔ پھر برج کے ستون اور صحنچوں کے ستون۔ مینار کی برجی والے ستون کھڑکیوں کے ستون ہونگے۔ غرض مسلمان مورخوں کی تعداد بہ نسبت عیسائی مورخوں کے زیادہ صحیح معلوم ہوتی ہے۔ ہاں یہ بالکل بجا ہے کہ عیسائیوں نے جب اس مسجد میں گرجا بنانے شروع کئے تو انہوں نے مسقف حصہ میں قربان گاہوں کی جگہ نکالنے کے لئے بہت سے ستون نکال پھینکے۔ اور اس طرح مسجد کے ستونوں میں بہت کمی ہو گئی۔

تمام ستون سنگ مرمر۔ سنگ سماق اور زبرجد کے تھے۔ کہیں کہیں سونے اور چاندی کے جڑاؤ ستون بھی تھے۔ ان میں امیر عبدالرحمٰن الناصر الدین اور امیر ہشام کے زمانہ میں اربونہ واقع فرانس اور کچھ طرکونہ واقع مشرقی اندلس کے کچھ اشبیلیہ کے اور کچھ افریقہ میں قرطاجنہ کے قدیم آثار کے اور کچھ قیصر قسطنطنیہ کے بھیجے ہوئے لگائے گئے تھے مگر زیادہ تر اندلس کی کانوں سے سنگ رخام نکالکر اس کے بنائے تھے۔ سنگ مرمر کا کوئی رنگ سپید۔ نیلگوں۔ سرخ۔ سیاہ۔ میگوں۔ سبز۔ رنگ برنگ کی ابریوں اور چتیوں والا ایسا نہ تھا جس کے ستون اس مسجد میں نہ لگائے گئے ہوں۔ قسطنطنیہ کے شہنشاہ لیو چہارم نے امیر عبدالرحمٰن کو کئی ہزار من بلور اور رنگین پتھر اور نگینے اس مسجد کی در و دیوار پر جڑاؤ کام کے لئے تحفہ میں بھیجے۔ ستونوں کی طرح محرابوں میں بھی دو تین رنگ کا پتھر لگایا گیا تاکہ ان کی خوبصورتی بڑھ جائے۔ المنصور نے جس قدر دالان اضافہ کئے ان میں ہر جگہ سنگ مرمر پر طلائی کام بنوایا۔ اور مسجد کا یہ حصہ خوبصورتی و حسن میں پہلے اضافوں میں سب سے بڑھ گیا۔ مسجد کا تمام فرش سنگ مرمر کا تھا۔ اب ستونوں اور محرابوں کی کثرت اور ان پر سونے کی میناکاری۔ جواہرات کی پچی کاری دیکھنے والوں کو پہلے سے بھی زیادہ حیرت زدہ کر دیتی تھی۔ ایک یورپین مصنف ان ستونوں اور محرابوں کو ایک دل فریب نخلستان سے تشبیہ دیتا ہے جس میں ہزارہا کھجوروں کے درخت کھڑے ہیں مگر ان کے سیدھے تنوں اور تہ دلیدہ شاخوں کو کسی ساحر نے اپنے سحر سے یکلخت پتھر کا بنا دیا ہے۔ مسجد کیا ہے سنگ مرمر کا ایک طلسم ہے۔

مسجد کے دروازے معلوم ہوتا ہے کہ المنصور کے اضافے سے پہلے مسجد کے دروازے صرف ۹ تھے ان میں سے تین یعنی ایک مشرق ایک مغرب اور ایک شمال کی سمت کا صحن مسجد میں

حاجب محمد ابن ابی عامر المنصور کو حکم دیا کہ مسجد کو وسیع کیا جائے۔ چنانچہ حاجب المنصور نے جو اضافہ مسجد کی عمارت میں کیا وہ سب سے زیادہ پر شوکت اور وسیع اور آخری تھا۔ اس وقت مسجد کے حصہ صدر میں جس قدر اضافے ہوتے تھے وہ قبلہ کی جانب ہوتے تھے مگر اب اس سمت مسجد کو بڑھانا اس لئے ناممکن ہوا کہ قبلہ رخ دیوار کے پیچھے جو زمین پڑتی تھی وہ وادی الکبیر کے قرب کی وجہ سے بہت نشیب میں تھی۔ اس نشیب کو بھر کر اسی رخ مسجد کو بڑھانا مناسب نہ سمجھا گیا۔ غرض قبلہ کی سمت کو تو اس لئے چھوڑنا پڑا اور مغرب کی سمت میں اضافہ اس لئے غیر ممکن ہوا کہ اس طرف قصر شاہی تھا۔ اور ادھر ہی سے بادشاہ کے آنے کا رستہ یعنی ساباط تھا۔ شمال کی جانب مسجد کا صحن۔ میضاۃ، منارہ، حوض، دروازے وغیرہ تھے۔ لامحالہ مشرق کی سمت میں مسجد بڑھائی گئی اور وہ اس طرح کہ اس جانب بہت سے مکانات حاجب المنصور نے ان کے مالکوں کے حقوق کا پورا لحاظ کرکے بڑی بڑی قیمتیں دے کر خریدے اور مسجد میں ان کی زمین شامل کی اور مسقف حصہ صدر کے پورے طول میں شمالاً جنوباً سات سات ستونوں یعنی آٹھ آٹھ دہن کے ۲۹ دالان در دالان پہلے دالانوں سے ملا کر بنا دیئے۔ اب ان کل دالانوں کو ملا کر مسجد کے حصہ صدر کی شکل یہ ہوئی کہ صحن مسجد میں قبلہ رخ کھڑے ہو کر دیکھئے تو سامنے اٹھارہ اٹھارہ ستونوں یعنی انیس انیس دہن کے ۲۹ دالان در دالان دیوار قبلہ تک نظر آتے تھے۔ یا بہ الفاظ دیگر یہ سمجھئے کہ مسجد کے مسقف حصہ صدر کی تقسیم ستونوں کے اعتبار سے اس طرح ہوئی کہ مسجد کی چھت کے نیچے ان کی اٹھارہ صفیں طول میں اور ۲۰ صفیں عرض میں زاویہ قائمہ پر باہمی تقاطع کرکے اس عمارت کی تقسیم کرتی تھیں۔

اس آخری اضافہ سے چونکہ وہ قبلہ کی سمت میں نہیں کیا گیا تھا۔ محراب اور مقصورہ اور ساباط کا دروازہ جس سے مقصورہ میں بادشاہ داخل ہوا کرتے تھے بدستور وہی رہا جو خلیفہ الحکم المستنصر بنوا گئے تھے۔ لیکن مشرق کی جانب دالانوں کے اضافہ سے اب محراب آخری دالان کے وسط میں نہ رہی۔

ستونوں کی تعداد اور اُن کے پتھروں کے اقسام

کل ستونوں کی تعداد مختلف طور پر بیان ہوئی ہے۔ ایک بیان کے مطابق مسجد کے صدر میں جو ستون لگائے گئے تھے یا صحن کے مشرقی مغربی و شمالی دالانوں میں جا بجا کھڑکیوں یا برجوں یا محراب کے گنبد میں اندر کے رخ لگائے گئے تھے وہ سب ملا کر ۱۴۱۷ تھے ایک بیان یہ ہے کہ مسجد کے حصہ صدر میں بڑے ستونوں کی تعداد ۱۰۰۰ تھی اور جو چھوٹے ستون مسجد کے دوسرے حصوں میں لگائے گئے وہ اس کے علاوہ تھے ابن سعید ابن بشکوال کا قول نقل کرتے ہیں کہ کل ستون ۱۴۰۹ تھے۔ دو عیسائی مورخوں نے مسجد کے ستونوں کی تعداد پیشتر اس سے کہ عیسائی اپنے گرجا بنانے کی غرض سے ستونوں کو کم کردیں ۱۰۱۲ تھی۔

کے ذریعہ سے لایا گیا جو جبل قرطبہ سے کاٹ کر مسجد تک لائی گئی تھی۔ یہ پانی صاف عمدہ اور شیریں تھا۔ اور شبانہ روز جاری رہتا تھا۔ مسجد کی ضرورتوں کو پورا کرکے زمین دوز نالیوں یا نلوں (قناۃ) کے ذریعہ جو مسجد کی شمالی اور مغربی اور مشرقی سمتوں سے مسجد کے باہر نکلی تھیں باہر نکل جاتا تھا۔ مگر مسجد کے دو بڑے سنگین حوضوں کو پہلے بھر دیتا تھا۔ یہ دونوں حوض (جوب) جبل قرطبہ میں سنگ مرمر کے دو بڑے سالم ٹکڑوں سے پہلے پہاڑ ہی پر سنگ تراشوں نے تیار کئے تھے۔ پھر خاص اہتمام سے گاڑیوں میں صدہا باربردار کے جانور لگا کر کئی دن میں ان کو مسجد تک لائے اور صحن کے دو گوشوں میں جہاں دو عمارتیں چھتوں اور محرابوں کی اُن کے لئے تیار کی گئی تھیں قائم کئے گئے۔ یہ حوض اب تک مسجد میں موجود ہیں اور قرطبہ کے قریب ایک گاؤں کے لوگ اب تک پہاڑوں میں وہ جگہ بتاتے ہیں جہاں المستنصر کے حکم سے یہ حوض تیار کئے گئے تھے۔

دارالصدقہ مسجد کے مغرب کی طرف مستنصر باللہ نے ایک دارالصدقہ بنوایا تھا۔ یہاں ایسے مفلس نو واردوں کے لئے جو رستہ بھول جاتے تھے یا گزارے کے لئے اُن کے پاس کچھ نہ رہتا تھا کھانے پینے رہنے سہنے اور ہر قسم کا ضروری سامان اُس کثیر سرمایہ سے مہیا کیا جاتا تھا جو خلیفہ نے اس کام کے لئے منظور فرما رکھا تھا۔ مسجد کے عالی شان مغربی دروازے کے سامنے کئی عمارتیں مساکین کے قیام کے لئے بنوا دی تھیں۔ ابن بشکوال نے اپنی ایک کتاب میں احمد ابن خالد کے حال میں جو ایک شاعر تھے اور ان مکانوں میں عرصہ دراز تک رہ چکے تھے۔ یہاں کے انتظام کی کیفیت لکھی ہے۔ اُن کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مقام خاص کر تنگ دست علماء اور طلبہ کے لئے تھا جو اندلس کے مختلف اضلاع سے فقہ پڑھنے کے لئے قرطبہ میں آتے تھے۔ بڑے درجے کے ادیبوں، شاعروں، خطیبوں اور مورخوں کو بھی یہاں سکونت کی اجازت تھی اور اُن کی بہت خاطر و مدارات کی جاتی۔ علماء اور طلبہ کو کھانا اور دیگر ضروریات مہیا کی جاتی تھیں اور وظیفہ کے طور پر کچھ روپیہ بھی دیا جاتا تھا۔ باقی لوگوں کو خزانہ سے سالانہ وظیفہ اُن کی لیاقت کے مطابق دیا جاتا تھا۔

خلیفہ الحکم مستنصر باللہ نے ان مکانات اور مسجد کے اضافوں میں جو رقم صرف کی وہ ابن حیان کے قول کے مطابق ایک لاکھ اُنسٹھ ہزار دینار سرخ تھی اور مال غنیمت کے خمسوں سے ادا کی گئی تھی۔

آخری بڑا اضافہ

خلیفہ الحکم المستنصر باللہ کے بعد اُن کے فرزند ہشام المؤید باللہ تخت پر بیٹھے انہوں نے اپنے

تھا۔ اور ارتفاع مقصورہ کے فرش سے لے کر چھت کے کارنس تک آٹھ ہاتھ اور کارنس جو چھت سے لگ
دوٹا ہوا تھا اُس کی چوڑائی تین ہاتھ تھی۔ یہ کل ارتفاع گیارہ ہاتھ ہوا۔ فرش مسجد سے چھت تک کی
بلندی ہم کسی اور جگہ ۳۵ فیٹ یعنی تقریباً ۲۰ ہاتھ بیان کر چکے ہیں۔ اس لئے نتیجہ یہ نکلا کہ مقصورہ،
بادشاہ اور اُن کے امرا کے لئے نماز پڑھنے کا تھا دالانوں کے فرش سے اونچا کر کے بنایا گیا ہوگا جیسا
عام دستور ہے لیکن دیوار قبلہ سے ملے ہوئے دالان کے پانچ درے جن کو گھیر کر مقصورہ بنایا گیا تھا و
اس طرح بیان ہوئے ہیں کہ گویا محراب والا کمرہ بھی مقصورہ کے وسط میں شامل کر دیا گیا تھا۔ اگر ایسا
تو محراب والے کمرہ کا فرش مقصورہ کے فرش سے ہم سطح نہ رکھا گیا ہوگا۔ کیونکہ مسجد کے جو حصے موجود ہیں
اُن کے فوٹوگراف دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ محراب والے کمرہ کا فرش باقی دالانوں کے فرش سے
اونچا نہیں ہے۔ ممکن ہے کہ گو محراب والے کمرہ کو مقصورہ میں شامل سمجھا گیا ہو لیکن اُس کو بلندی نہ دی گئی
ہو اور صرف اُس کے مشرق و مغرب والے دو دو دروں کو مقصورہ کی اغراض کے لئے فرش مسجد
اونچا کر دیا گیا ہو۔ بہرکیف یہ قیاس آج کل کے فوٹوگراف دیکھ کر پیدا ہوتا ہے۔ جن مورخوں نے یہ
پیمائشیں بیان کی ہیں انہوں نے کوئی نقشہ اپنے بیان کے ساتھ شامل نہیں کیا کہ ہر ایک بات کی صحت ہو
اس مقصورہ میں داخل ہونے کے تین دروازے رکھے گئے تھے۔ ایک دروازہ قبلہ کی دیوار میں تھا
ایک ایک مشرق اور مغرب کی سمت میں۔ ایک دروازہ کے کواڑ سونے کے تھے۔ مقصورہ کا فرش
چاندی کا تھا اور تمام دیواروں پر جڑاؤ کام بلور کے ٹکڑوں اور قیمتی رنگین نگینوں کا کیا گیا تھا۔ ان بلور کے
ٹکڑوں اور نگینوں پر بھی طلا کی میناکاری تھی۔ جہاں ایک ستون کی جگہ خوبصورتی کے لئے چار چار ستون
پاس پاس کھڑے کر کے اُن پر ایک ہی تاج قائم کیا تھا۔ اُن پر اوپر سے نیچے تک فیروزے جڑ کر سونے
کے بیل بوٹے بنائے تھے۔ غرض ابن بشکوال کا قول جس کو ابن سعید نے نقل کیا ہے کہ ایسی حسین اور جمیل
عمارت شاید ہی انسان کے ہاتھوں سے کہیں اور بنی ہو بالکل درست تھا۔

میضاۃ اور حوض علاوہ ان تعمیرات کے جو اوپر بیان ہوئیں خلیفہ الحکم مستنصر باللہ نے دیگر مفید اضافے
مسجد میں کئے۔ چنانچہ پرانے میضاۃ کے علاوہ ازجہ وضو کے لئے یا تو کھلا ہوا حوض
تھا یا بند سقابا تھا جس میں ٹونٹیاں لگی ہوئی تھیں) چار میضاۃ اور بنوائے جن میں دو بڑے تھے اور
دو چھوٹے۔ دو بڑے میضاۃ مردوں کے وضو کرنے کے لئے مسجد کے شمال مغربی گوشے میں تھے اور
دو چھوٹے عورتوں کے لئے مسجد کے شمال مشرقی گوشے میں تھے۔ پرانے میضاۃ میں پانی مسجد کے
باہر ایک کوئیں سے جہاں اونٹوں کی لاؤ چلتی تھی پکھالوں میں لا کر بھرا جاتا تھا۔ اب ایک ہنر دساقیہ

محراب قبلہ کی دیوار سے ملا ہوا وسط کا وہ حصہ تھا جس کو "محراب" کہتے تھے۔ دودھ سے زیادہ اُجلے اور برف سے زیادہ چمکتے ہوئے سنگ مرمر کا تھا یہ حصہ ہفت پہل بنایا تھا جس کے اوپر برج تھا اور برج کے اندر کی گولائی پر بے مثل سنگ تراشی کا کام گلکاری میں کیا گیا تھا۔ اس محراب والے ہفت پہل کمرے کا طول شمالاً جنوباً ۸½ ہاتھ، درعرض شرقاً غرباً ½، ہے۔ اور ارتفاع ۱۳½ ہاتھ تھا۔ اس کے ایک طرف قبلہ کی دیوار سے لگا ہوا وہ منبر تھا جو الحکم نے تیار کرایا تھا۔ یہ نہایت اعلیٰ درجہ کی قیمتی لکڑیوں سے بنایا گیا تھا۔ آبنوس، صندل، بقم، بنبع۔ شوحط اور اسی قسم کی اور بیش قیمت لکڑیاں اس میں لگائی گئی تھیں۔ اس منبر کی تیاری میں ۳۵،۰۰ دینار سُرخ خرچ ہوئے تھے۔ منبر کی سیڑھیاں تعداد میں ۹ تھیں۔ ایک مورخ لکھتا ہے کہ ۳۶۰۰۰ ہزار لکڑی کے پرزوں سے یہ منبر بنایا گیا تھا۔ ہر پرزے کو سونے اور چاندی کی کیلوں سے جڑا تھا۔ کہیں کہیں جواہرات سے اس کو مرصع کیا تھا۔ لکڑی کے ہر پرزے پر سات درہم نقرئی لاگت آئی تھی۔ آٹھ کاریگروں نے جن کی روزانہ مزدوری نصف مثقال محمدی تھی سات برس میں اس کو تیار کیا تھا۔ اس منبر پر ایک زمانہ میں ایک قرآن شریف جس کی نسبت مشہور تھا کہ امیر المومنین حضرت عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ کے دست مبارک کا لکھا ہوا تھا اور اس پر آپ کے خون کے نشان تھے رکھا رہتا تھا۔ اس کی جلد سونے کی تھی جس میں موتی اور یاقوت جڑے ہوئے تھے۔ دیباج کا جزدان تھا اور عود کی رحل۔ مسجد کے دالانوں کو طے کرکے محراب میں داخل ہونے سے پہلے ایک سہ درہ نظر آتا تھا جس کے نیچے دو ستون سبز رنگ سنگ مرمر کے تھے اور ان کے اوپر کے دو ستون لاجورد کے تھے اور نیچے اور اوپر کے ستون پر تین صفیں نہایت خوبصورت پیچ دخم دالی محرابوں کی تھیں۔ دیواروں پر سونے کا کام تھا۔ عمارت اور اس کے حسن کی نسبت ایک یورپین مصنف لکھتا ہے کہ اس محراب کی حیرت انگیز خوبصورتی کو بیان کرنے کے لئے کہ اس کے حسن کا اندازہ ناظرین کو ہو سکے نہ الفاظ کام دیتے ہیں اور نہ فن تعمیر کی اصطلاحات کچھ مدد کرتی ہیں۔ بجز اس کے کہ دیکھے اور دنگ رہ جائے۔ انسان کے اور کوئی چارہ نہیں۔ یہ "محراب" بدستور اب تک قائم ہے۔

مقصورہ الحکم مستنصر باللہ نے جو مقصورہ تیار کرایا اس کی نسبت ابن سعید نے ابن بشکوال کا قول نقل کیا ہے کہ دیوار قبلہ سے ملے ہوئے دالان کے گیارہ دروں میں سے پانچ دروں کو گھیر کر یہ مقصورہ بنایا تھا۔ باقی چھ درے یعنی مشرق اور مغرب کے تین تین درے بھی مقصورہ ہی کی عمارت کا ایک حصہ تھے۔ مقصورہ سے کچھ دور لکڑی کی خوبصورت اوٹوں کی ایک دیوار کھینچ دی تھی مقصورہ کا طول شرقاً غرباً ۵۰ ہاتھ تھا اور عرض قبلہ کی دیوار سے لے کر لکڑی کی اوٹوں تک ۲۲ ہاتھ

بنوایا۔ اس مینار کا حال ابن بشکوال نے جس طرح لکھا ہے اُس کا خلاصہ یہ ہے کہ منارہ یا صومعہ ۷۳ ہاتھ (ذرعہ) بلند ہے۔ اس بلندی کی تقسیم یہ ہے کہ زمین سے ۵۴ ہاتھ اونچا لیجا کر اُس کے چاروں طرف ایک چوٹا چھجہ نکالا ہے اور اس پر بیچ میں ستون قائم کرکے اُن پر ایک برج بنایا ہے۔ اس چھجہ پر منارہ کی دیوار کی طرف سے پشت کرکے موذن اذان کہتا تھا۔ برج کے اوپر کلس ہے۔ کلس کی شکل یہ ہے کہ تین سیب کی شکل کے گولے یا لٹو ایک کے اوپر ایک قائم کئے ہیں۔ بیچ کا لٹو چاندی کا ہے باقی* دو خالص سونے کے ہیں۔ ان لٹوؤں میں ہر ایک کا دَور ساڑھے تین ہاتھ کا ہے اور اس کے اوپر ایک سونے کا چھ پنکھڑیوں کا سوسن کا پھول ہے اور اس پھول کے اوپر ایک نہایت خوبصورت سونے کا انار بنایا ہے جو اوپر کے لٹو سے ایک ہاتھ اونچا ہے۔ پہلے منارہ میں اوپر جانے کا ایک ہی زینہ تھا۔ اس نئے منارہ میں دو زینے رکھے گئے جن میں ہر ایک کی ۱۰۷ سیڑھیاں تھیں۔ دونوں زینوں کے بیچ میں دیوار اس طرح حائل تھی کہ اگر ایک ہی وقت میں ایک آدمی ایک زینہ سے اور دوسرا آدمی دوسرے زینہ سے سیڑھیاں چڑھے تو ایک دوسرے کو بغیر دیکھے اوپر پہونچ جائے۔ جس وقت یہ منارہ تیار ہوا تو خلیفہ ناصر قصرِ زہرا سے اُسے دیکھنے آئے۔ منارہ کے اوپر پہونچے اور عمارت کو دیکھ کر بہت خوش ہوئے۔ پھر نیچے اُترے اور مقصورہ میں جاکر دو رکعت نماز ادا کی اور پھر قصرِ زہرا کو چلے گئے۔

دوسرا اضافہ

دالان

خلیفہ عبدالرحمٰن الناصر کے بعد جب اُن کے فرزند الحکم المنتصر باللہ بادشاہ ہوئے تو انھوں نے صدر مسجد کے مسقف حصہ کو تقریباً دوچند کردیا۔ اپنے وزیر جعفر الصقلی کو حکم دیا کہ قبلہ کی طرف دس دس ستونوں کی صفوں والے ۱۴ دالان در دالان اور اضافہ کئے جائیں۔ اس حکم کی تعمیل ہوئی۔ اس جدید اضافہ کی وجہ سے چونکہ وہ قبلہ کی سمت ہوا تھا "محراب" اور مقصورے کو پھر ہٹا کر بنانا پڑا۔ ساباط کا دروازہ بھی جو بادشاہ کے آنے کے لئے قبلہ کی دیوار میں تھا نیا بنایا گیا۔

اس اضافہ کے بعد جو شکل مسجد کے مسقف حصۂ صدر کی پیدا ہوئی وہ یہ تھی کہ صحن مسجد سے قبلہ کی طرف منہ کرکے دیکھئے تو سامنے دس دس ستونوں کی صفوں یا گیارہ گیارہ دہن والے ۲۹ دالان در دالان نظر آتے تھے۔ محرابوں کی صفوف بالائے صفوف کی کیفیت اب اُس سے دوچند تھی جو امیر ہشام والی مسجد کے حال میں لکھ چکے ہیں۔ اگر ستونوں کی صفیں کسی باغ کی سرو رختیاں تھیں تو یہ محرابیں درختوں کی اُلجھی ہوئی شاخیں تھیں۔

صرف امیر عبدالرحمن نے دو برس کی تعمیر میں اس پر ۸۰ ہزار دینار شرخ صرف کئے تھے۔ امیر ہشام نے جو کچھ صرف کیا وہ سات برس کے مال غنیمت کا خمس تھا۔ یہاں تک اس مسجد کی شکل بیان ہوئی جو امیر عبدالرحمن نے شروع کی تھی اور جس کو امیر ہشام نے ختم کیا تھا۔ جو اضافے یا آرائش مسجد میں بعد کو ہوئیں اُن کی تفصیل یہ ہے :-

مسجد میں پہلا اضافہ

دالان امیر ہشام کے بعد اُن کے فرزند الحکم ابو المظفر المرتضیٰ (سنہ ۱۸۰ھ تا سنہ ۲۰۶ھ) بادشاہ ہوئے اُن کے بعد اُن کے فرزند عبدالرحمن الاوسط (   ) جب بادشاہ ہوئے تو مسجد کو وسیع کرنے کی ضرورت ان کو محسوس ہوئی اور انھوں نے امیر ہشام کے بنائے ہوئے دالانوں کو قبلہ کی طرف اس طرح بڑھایا کہ اُن میں دس دس ستونوں کی صفوں والے سات دالان در دالان اور بڑھا دیئے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مسجد کے مسقف حصہ صدر میں اب بجائے آٹھ کے وہ ستونی صفوں والے پندرہ دالان در دالان ہو گئے یہ اضافہ چونکہ قبلہ کی جانب ہوا تھا اس لئے قبلہ کی دیوار ہٹا کر بنانی پڑی اور اس کے ساتھ "محراب" مقصورہ اور بادشاہ کے داخلہ کا دروازہ بھی نیا بنانا پڑا۔

امیر عبدالرحمن الاوسط کے فرزند امیر محمد جب بادشاہ ہوئے تو اُنھوں نے مسجد کی عمارت میں جابجا درستیاں کیں کیونکہ عجلت کی وجہ سے بعض جگہ پچھلا کام ناقص رہ گیا تھا۔ انھوں نے دروازوں، دیواروں اور ستونوں کی آرائش و زیبائش پر زیادہ توجہ کی۔ مقصورہ کے گرد مضبوط لکڑی کی نہایت خوبصورت جالیاں کھڑی کیں۔ قصر شاہی سے مقصورہ میں آنے کا راستہ پہلے کھلا ہوا تھا۔ اب اُس کو مسقف کر دیا گیا۔ اس مسقف راستہ کو ساباط کہتے تھے۔

امیر محمد کے بعد اُن کے فرزند امیر منذر بادشاہ ہوئے انھوں نے وہ کام جو باپ نے نا تمام چھوڑے تھے مکمل کرنے چاہے مگر ان کی زندگی نے وفا نہ کی اور اُن کی حکومت کا زمانہ بہت قلیل ہوا۔ امیر منذر کے بعد اُن کے بھائی امیر عبداللہ بادشاہ ہوئے۔ انھوں نے بھی مسجد کی آرائش کی طرف توجہ کی۔ جو چیز مرمت طلب ہو گئی تھی اُس کی مرمت کی۔ اُن کے زمانہ میں ایک زلزلہ (   ) آیا جس نے مسجد کے مینار کو سخت صدمہ پہونچا دیا۔

امیر عبداللہ کے بعد اُن کے پوتے عبدالرحمن الناصر الدین باللہ جس وقت سریر خلافت پر متمکن ہوئے تو انھوں نے پہلے مینار کی جگہ جس کو زلزلہ سے صدمہ پہونچ گیا تھا۔ دوسرا مینار بہت رفیع الشان

کیفیت یہ تھی۔

مسجد کے گرد ایک چار دیواری تھی۔ اس چار دیواری میں مضبوطی کے لئے باہر کے رُخ پر تھوڑے تھوڑے فاصلے سے چوپہل پشتی بان دیواروں سے ملے ہوئے بنائے تھے جن پر کنگرے تھے۔ اس چار دیواری اور اُس کے کنگرہ دار دیواروں اور پشتی بانوں سے معلوم ہوتا تھا کہ مسجد بھی کوئی قلعہ ہے۔ چار دیواری کی شمالی دیوار کے وسط میں مسجد کا دروازہ تھا جس سے صحن مسجد میں پہونچتے تھے (یہاں یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ اندلس میں قبلہ جانب جنوب ہے) اس دروازہ سے ملا ہوا مغرب کی سمت میں مسجد کا مینار تھا جس پر موذن اذان کہتا تھا۔ اس مینار پر جو چوپہل تھا اُس کے اوپر جانے کا ایک ہی زینہ تھا اور اُس کی بلندی بھی عمارت کے لحاظ سے موزوں تھی۔ صحن کے گرد شمال و مشرق و مغرب کی جانب اکہرے دالان خوبصورت محرابوں کے تھے۔ بیچ میں ایک میضاۃ یعنی وضو کے لئے حوض یا سقایا تھا جس میں مسجد کے باہر ایک کنوئیں سے پانی بھرا جاتا تھا۔ اب مسجد کے مسقف حصہ صدر کی شکل سمجھنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔ وہ شکل یہ تھی کہ اگر صحن مسجد سے قبلہ رو یعنی مغرب کی طرف کھڑے ہو کر دیکھیئے تو دس دس ستونوں کی صفوں یا گیارہ گیارہ دہن کے دالان در دالان آٹھ نظر آتے تھے۔ سب سے اخیر دالان یعنی قبلہ کی دیوار سے ملے ہوئے دالان کے وسط میں دیوار سے کچھ اندر کو بڑھا ہوا ایک خوشنما نصف گنبد کے نیچے مسجد کا وہ حصہ تھا جس کو اصطلاح میں "محراب" کہتے تھے۔ یہاں امام کے کھڑے ہونے کی جگہ تھی اور ایک طرف منبر رکھا ہوا تھا۔ دالانوں کے ستون کی ہر صف پر ایک ہی وضع کی محرابوں کی ایک صف تھی۔ محرابوں کی بلندی فرش زمین سے بارہ فٹ تھی۔ پھر ہر ستون پر ایک اور ستون تھا جس سے ایک دوسری صف ستونوں کی ستونوں کے اوپر قائم ہوتی تھی۔ اس ستونوں کی دوسری صف پر بھی ایک صف محرابوں کی تقریباً اسی بلندی کی تھی پھر محرابوں کی اس دوسری صف پر ایک تیسری صف محرابوں کی قائم کر کے نہایت خوبصورت چھت بنائی تھی جس کی اونچائی فرش مسجد سے ۳۵ فیٹ تھی۔ محرابوں کو بھرا نہ تھا بلکہ اُن کے بیچ کی جگہ خالی چھوڑتے گئے تھے۔ اس لئے کسی رُخ سے دیکھیئے تاحد نظر ستونوں کی صفوں پر محرابوں کا ایک ماہی جال نظر آتا تھا۔ ستونوں کے پتھر طرح طرح کے تھے جس کی تفصیل آگے بیان ہوگی۔

"محراب" مسجد جہاں منبر رہتا تھا نہایت خوشنما پتھر کی تھی اور اُس سے ملے ہوئے دروں میں مقصورہ تھا جہاں بادشاہ نماز پڑھتے تھے۔ مسجد کے باہر جانب مغرب قصر شاہی تھا۔ قصر سے مسجد کی دیوار قبلہ تک ایک راستہ خاص بادشاہ کے لئے تھا اور قبلہ کی دیوار میں مغرب کی جانب ایک دروازہ تھا جس سے بادشاہ مسجد میں داخل ہو کر مقصورہ میں نماز پڑھتے تھے۔ یہ مسجد نو برس میں بن کر تیار ہوئی اور

بعد وہاں کے گرجا کو عیسائیوں اور مسلمانوں میں نصف نصف تقسیم کر دیا تھا یہ ہی عمل اب شنت بنجنت کے گرجا کے متعلق قرطبہ میں ہوا۔ یعنی گرجا کا نصف حصہ مسلمانوں نے اپنی مسجد کے لئے مخصوص کر لیا اور نصف حصے میں عیسائیوں کو اُن کے طریقے کے مطابق عبادت کرنے کی اجازت دیدی۔ لیکن جب السمح مالک بن خولانی والی اندلس کے زمانۂ امارت (۱۰۱ھ) میں قرطبہ مسلمانوں کا دارالحکومت ہوگیا تو وہاں مسلمانوں کی آبادی بڑھی۔ بہت سے امرائے عرب نے وہاں سکونت اختیار کر لی۔ اب مسجد میں نمازیوں کے لئے جگہ کی تنگی ہونے لگی۔ گنجائش نکالنے کی بہت سی ترکیبیں کی گئی مگر وہ سب ایسی تھیں کہ نمازیوں کو مسجد میں داخل ہونے میں بڑی مشقت اور دشواریاں اٹھانی ہوتی تھیں۔ ایک مدت تک یہ ہی حالت رہی۔ حتیٰ کہ امیر عبدالرحمٰن ابن معاویہ ابن ہشام اندلس میں بادشاہ ہوئے (۱۳۸ھ) اور انہوں نے قرطبہ ہی کو اپنا پایۂ تخت قرار دیا۔ جب ان کی حکومت کو استحکام ہوگیا تو شہر کی ضروریات اور آرائش کی طرف توجہ کی۔ پہاڑوں سے نہر کاٹ کر شہر میں لائے۔ بازار، حمام، سرائیں بنائیں، پرتکلف باغات اور عمارات کی بنا ڈالی۔ اس کے ساتھ ہی جامع مسجد کو وسیع پیمانہ پر بنانے کا خیال گزرا۔ مگر شرائط صلح کے مطابق جو حصہ گرجا کا عیسائیوں کو مل چکا تھا اُس کو کیونکر حاصل کر کے مسجد کو وسیع کر سکتے تھے۔ بہرکیف کوشش کی۔ عیسائیوں کے بڑے بڑے رئیسوں کو بلوایا اور اُن سے کہا کہ گرجا کا جو حصہ اُن کے قبضہ میں ہے اُسے مسلمانوں کے ہاتھ فروخت کر دیں۔ وہ نہایت گراں قیمت دینے کو تیار ہیں۔ عیسائیوں کو صلح کی شرائط معلوم ہی تھیں انہوں نے بیع سے قطعی انکار کیا۔ لیکن پھر کچھ سوچ سمجھ کر اس شرط سے اپنا حصہ فروخت کرنے پر راضی ہوگئے کہ شہر کے باہر جو گرجا اُن کے گرا دیئے گئے تھے اُن کو از سر نو بنانے کی اجازت دی جائے۔ امیر عبدالرحمٰن نے یہ فیصلہ سن کر جو بھاری قیمت اُن کو دینے کو کہی تھی وہ دی اور گرے ہوئے گرجاؤں کے بنانے کی بھی اُن کو اجازت دیدی۔ اور اس طرح عیسائیوں کے گرجا پر مسلمانوں کا قبضہ ہوگیا۔

قبضہ پانے کے بعد امیر عبدالرحمٰن نے گرجا کو گرا کر اُس کی جگہ ایک عالی شان مسجد کی بنا ڈالی۔ یہ زمانہ اُن کی حکومت کا آخری زمانہ تھا۔ یعنی اُن کی وفات سے صرف دو برس پہلے یہ مسجد شروع کی گئی (۱۶۹ھ) دمشق کے ایک بڑے ماہر فن نے مسجد کا نقشہ تیار کیا تھا۔ چونکہ مسجد کو ایک بڑے پیمانہ پر بنانے کا تھا اس لئے اُن کی زندگی میں وہ ختم نہ ہو سکی۔ اُن کے بعد اُن کے فرزند امیر ہشام بادشاہ ہوئے۔ (۱۷۲ھ) انہوں نے بڑے شوق سے مسجد کی تعمیر جاری رکھی اور اپنے جلوس کے ساتویں سال یعنی (۱۷۹ھ) میں اُس کو ختم کر دیا۔ جس شکل و صورت میں امیر ہشام کے وقت میں یہ مسجد تیار ہوئی تھی اُس کی

قرطبہ کی جامع مسجد

بزرگ و محترم مولوی محمد عنایت اللہ صاحب بی اے (علیگ)، ناظم دار الترجمہ جامعہ عثمانیہ حیدرآباد (دکن)، ہمارے بہترین شکریے کے مستحق ہیں کہ انہوں نے ہماری درخواست پر ذیل کا عالمانہ اور محققانہ مضمون عنایت فرمایا۔ مولوی صاحب قبلہ کو اسپین کی اسلامی تاریخ و جغرافیے سے خاص شغف رہا ہے، چنانچہ ان دنوں بھی سرکاری مشاغل کے باوجود، موصوف اسپین کا تاریخی جغرافیہ لکھنے میں منہمک ہیں۔ فن تاریخ (اور علی گڑھ میں بالخصوص استاد محترم قاضی جلال الدین صاحب) کے طالب علموں سے مخفی نہیں کہ تاریخ اور جغرافیہ میں کس قدر قریبی باہمی تعلق ہے اور کس طرح مستقلاً جغرافیہ تاریخ کو متاثر کرتا رہتا ہے اور تاریخ جغرافی حدود کو بدلتی رہتی ہے۔

مولوی صاحب اس وقت تک چند ہزار موجودہ شہروں کی اُن کے قدیم اسلامی ناموں، جائے وقوع، تاریخ، تعمیرات وغیرہ سے تطبیق کر چکے ہیں۔ جس تحقیق و انکشاف کو موصوف اس جامع و مانع تالیف میں دخل دے رہے ہیں، اس کا اندازہ قرطبہ کی جامع مسجد کی تاریخ تعمیر اور اُس کی تعمیری ہیئت میں وقتاً فوقتاً جو تبدیلیاں ہوتی رہی ہیں، اُن کا حال پڑھکر ناظرین کو خود ہو جائیگا۔

(اڈیٹر)

پرانے زمانہ میں جب کہ رومانی بت پرست تھے قرطبہ کے شہر میں ان کا ایک بڑا معبد یا بت خانہ تھا۔ جب اسپین میں عیسائی مذہب پھیلا تو اس معبد کی جگہ ایک بڑا کلیسا بنجنت نامی ایک مسیحی شہید کی یادگار میں تعمیر کیا گیا اور کلیسائے شنت بنجنت کے نام سے مشہور ہوا۔ قوطی بادشاہوں نے اُس کی عمارت میں تکلفات پیدا کئے۔ مدت تک یہ گرجا اسی طرح رہا۔ جب اسلامی دور آیا اور مسلمانوں نے اندلس پر لشکر کشی کی تو قرطبہ کے شہر پر بشرائط صلح قبضہ کیا اور جس طرح حضرت عمرؓ کے حکم کے مطابق حضرت عبیدہ ابن الجراحؓ اور حضرت خالد بن ولیدؓ نے دمشق پر قبضہ حاصل کرنے کے

مسیحی جو سمجھتے تھے کہ ہیں بیمار عثمانی — چھپے سر خجلت تشخیص سے اُن کے گریباں میں
زمانہ دیکھ کر ترکوں کو حیرت سے یہ کہتا ہے : — "نہنگ ایسے نہ دریا میں، نہ شیر ایسے نیستاں میں"

شجاعت کا دم آگے اُن کے دشمن بھر نہیں سکتے
جو یوں مرنے پہ ہوں راضی، وہ ہرگز مر نہیں سکتے

بند ہفتم

یہ جوہر ہو اگر شاخوں میں، وہ تیغ رواں بن جائیں — یہ جرأت بکریوں میں ہو، تو وہ شیر ژیاں بن جائیں
یہ دارو ناتوانوں کو اگر دو، ہوں توانا وہ — پئیں بوڑھے اگر اس آتش مے کو، جواں بن جائیں
یہ طاقت عورتوں میں ہو، تو مرد اُن سے نہ سر بر ہوں — غلاموں میں ہو یہ جذبہ، تو پھر وہ حکمراں بن جائیں
روانی یہ طبیعت میں ہو جن کی، سیل ہو جائیں — حرارت یہ ہو جن کے خون میں، برق تپاں بن جائیں
یہ قوت جن کے دل میں ہو، نہ ہوں شاہوں سے وہ کمتر — یہ دولت پاس جن کے ہو، وہ گنج شائگاں بن جائیں
غرض یہ ہے کہ جن کے دل ہوں روشن نور ایماں سے — عجب کیا ہے کہ وہ فطرت کے گہرے رازداں بن جائیں
نچائیں وہ اگر چاہیں جہاں کو اک اشارے میں — قوی فطرت کے اُن کے ہاتھ میں کٹ پتلیاں بن جائیں

یقیں جانو کہ ان ہاتھوں میں ہے زور ید اللّٰہی
انھیں کی انگلیوں میں ہے کلید مخزن شاہی

بند ہشتم

مسلمانو! اگر ملت کے ہو تم جاں نثاروں میں — تو پسپا کس لئے ہو زندگی کے کارزاروں میں
تمھارے دل میں بھر دی ہے خدا نے روشنی ایسی — کہ چرچا اُس کا رہتا ہے شب و روز ان ستاروں میں
رگوں میں ہے تمھاری دوڑتا جو خون غیرت کا — یہ سرعت اور یہ بیتابی نہیں دیکھی شراروں میں
دکھاؤ معرکہ میں زندگی کے دوڑ دھوپ ایسی — کہ ہو ممتاز نام آور جہاں کے شہسواروں میں
سمندر میں بھی گھوڑے ڈال کر جو بڑھنے والے تھے — تمھارا ہے شمار اُن فاتحوں کی یادگاروں میں
نہیں ممکن پتا اُس کو ملے تم جیسے شیروں کا — کرے گر جستجو ہندوستاں اپنے کچھاروں میں
تمھاری دل کی بھٹی میں ہیں شعلے عزم صادق کے — لگا دو آگ ظلم و جبر کے خاشاک زاروں میں!

تغافل تابکے، یاراں؟ ز ریب و رنگ باز آئید
نشان فتح بر سر از فضائے جنگ باز آئید

(سلیم)

شترِ بانوں پہ چڑھ کر آئے تھے طیارہ بان، لیکن — دکھائے اُن کو وہ غمزے کہ ہوش اُن کے ہوئے پرّاں
حریفوں کو دکھائے رِیف کے شیروں نے وہ تیور — کہ تھے صیدِ زبوں کی طرح خاکِ رِیف پر غلطاں
صدا احسنت کی دی موسیٰ و طارق کی روحوں نے — مراکش کے جفاکش ہو گئے ملت پہ جب قرباں
عرب کے پہلے ملّاحوں کی یہ نسلِ دلاور ہے — کہ ساحل پر بھی اب تک ہیں لاکھوں تجھیل کر طوفاں
تمدن اس سے ٹکرا کر ہوا پسپا ہے یورپ کا — وہ سدِّ آہنیں ہے اس دلاور نسل کا ایماں

رہے ثابت قدم اُن کے شجاعت کی رکابوں میں
کبھی لرزے نہ قلب اُن کے فلک کے انقلابوں میں

بندِ پنجم

یہی قوت تھی جس نے دل کو افغانوں کے گرمایا — جہاں گرتی تھی برف، اُس جا تنورِ آتش کا دہکایا
پڑے تھے قافلے سے ملتِ بیضا کے دور اب تک — لیٹروں نے تھا غولِ راہ بن کر اُن کو بہکایا
نظر آتا نہ تھا نورِ اتحادِ اہلِ ملّت کا — اندھیرا غفلتوں کا وادیِ کابل پہ تھا چھایا
فنا ہونے کو تھی موجِ خطر سے ملتِ افغاں — یکایک رعبِ حق بن کر امان اللہ خاں آیا
اُٹھا انگڑائی لے کر جب وہ شیرِ بیشۂ غیرت — تو اُس کے نعرۂ ایماں نے دل غیروں کا دہلایا
دیا توڑ اُس نے زنجیرِ فریبِ اہلِ مغرب کو — عطا منشورِ آزادی کا افغانوں کو فرمایا
نکالا قوم کو اس خضر نے ظلماتِ غفلت سے — پھر اُن کو چشمۂ آبِ بقا کے پاس پہنچایا

جواں اس قوم کے نکلیں گے اب آتش کے پرکالے
کہ غیرت کا سبق سیکھیں گے اُن سے ایشیا والے

بندِ ششم

یہی جذبہ تھا جس نے روح پھونکی آلِ عثماں میں — سفینہ رہ گیا تھا آ کے باقی جس کا طوفاں میں
خدا نے ناخدا جس کو دیا تھا مصطفےٰ کا سا — سفینہ غرق وہ کس طرح ہوتا بحرِ عمّاں میں
ہلالِ آلِ عثماں از سرِ نو اس طرح چمکا — کہ نور ایسا نظر آتا نہیں مہرِ درخشاں میں
ہلالی تیغ جب ترکوں کی چمکی صاعقہ بن کر — تو اس کے عکس سے لرزہ تھا جسمِ فوجِ یوناں میں
ہوئی ترکی تمام اُن کی جو سمجھے تھے یوناں کے حامی — کمال ایسا دکھایا لشکرِ ترکی نے میداں میں

بند دوم

مسلماں تھے جو سوئے غفلتوں کی چادریں تانے ۔ ہلائے گردشِ ایام نے اُن کے بھی اب شانے
اُمنگیں جن کی بجھ کر رہ گئی تھیں یاس و حرماں سے ۔ لگی پھر آتشِ غیرت دلوں کو اُن کے گرمانے
صدا ہاتف نے دی اُن کو، کہ "اے توحید کے مستو! ۔ یہ کیوں آباد مغرب میں ہیں گمراہی کے میخانے؟
مساواتِ اسود و احمر میں یہ رکھتے نہیں جائز ۔ عدالت سے ہیں بیگانے، ملوکیت کے دیوانے
زبان و رنگ کی توڑی تھیں زنجیریں کبھی تم نے ۔ وہی مشرق کے دیوانوں کو یہ آئے ہیں پہنانے
نہ ہونا شیفتہ نسل و وطن کے دیوتاؤں پر ۔ اگر دورِ خلافت کے تمھیں ازبر ہیں افسانے
نہ کرنا تم طوافِ پیکرِ جذباتِ حیوانی ۔ وہی اک شمع ہے اسلام، تم جس کے ہو پروانے

نہیں جائز ہے فرقِ این و آں توحیدِ مطلق میں
ہوس کی گرد اُڑنے دو نہ راہِ دینِ برحق میں

بند سوم

کرو باطل پہ حملہ، حق کی تم شمشیر ہو جاؤ ۔ مصافِ عدل میں فاروقؓ کی تصویر ہو جاؤ
فدا ہونا ہے تم کو کعبۂ دیں کی حمایت میں ۔ اُٹھو اور خوابِ ابراہیمؑ کی تعبیر ہو جاؤ
صدا ہے "فاستقم" کانوں میں گر گونجتی اب تک ۔ تو پھر اس آیتِ محکم کی تم تصویر ہو جاؤ
رہا کرتے تھے گردش میں جہاں ساغر شہادت کے ۔ تم اب اُن میکدوں کے درپئے تعمیر ہو جاؤ
نہ ہونے پائیں ظلمِ ناروا کی ظلمتیں حائل ۔ اگر تم آفتابِ عدل کی تنویر ہو جاؤ
نمائش عظمتِ حق کی اگر فرض اب تمھارا ہے ۔ تو پھر سرتا بپا تم نعرۂ تکبیر ہو جاؤ
خدا کا آخری پیغام کہتا ہے تمھیں عالم ۔ تو پھر تم شرق سے تا غرب عالمگیر ہو جاؤ

خدا کو ایک مانا ہے، تو پھر یکتا تمھیں تم ہو
دلوں میں ہے اگر ایماں، تو پھر اعلیٰ تمھیں تم ہو

بند چہارم

یہی ضو تھی کہ جب اقصائے مغرب میں ہوئی عریاں ۔ گری اسپین کی فوجوں پہ برقِ ہیبتِ یزداں
سبق بھولا ہوا طارق کا پھر یاد آگیا اُن کو ۔ لیا سامان چھین اُن کا، جو تھے فرعون بے ساماں

مولانا کا وجود کس حد تک جامعہ عثمانیہ کی علمی تحریکوں کا روحِ رواں رہ چکا ہے اور ان میں من جملہ اور علمی خدمتوں کے، محققانہ اور مجتہدانہ انداز میں وضعِ اصطلاحات کے اصول اُردو میں پہلی مرتبہ منضبط کرنے کا سہرا مولانا ہی کے سر ہے، اور یہ ایک ایسا کارنامہ ہے جس کا ذکر اُردو ادب کی تاریخ میں زبان پر نمایاں احسانات کے زمرہ میں کیا جائیگا۔

"جذبۂ ایمان" کو پڑھکر ناظرین خود اندازہ لگا سکیں گے کہ مولانا جس طرح نثر میں ایک کہنہ مشق ادیب کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اسی طرح اُن کی نظم میں بھی استادی کے جوہر نمایاں ہیں۔ قوتِ ایمان کے اعجاز او کرشموں کا مولانا نے جس جذبہ و ولولے سے ذکر کیا ہے، اس سے یاس و حرماں کی گھٹاؤں میں نورِ ہدایت و تقویت کا کام لیا جا سکتا ہے فی الحقیقت ایمان ہی وہ قوت ہے جو اک مشتِ خاکستر میں شعلۂ گردوں نورد فروزاں کر دیتی ہے۔ بقول اقبال ؎

جب اس انگارۂ خاکی میں ہوتا ہے یقیں پیدا
تو کر لیتا ہے یہ بال و پرِ روح الامیں پیدا

یہی وہ جذبۂ حیات افروز ہے جو انفرادی زندگی کا سرمایۂ تعمیر اور مقدرِ ملت کا صورتگر ہے

(اڈیٹر)

بند اول

قیامت خیز جذبہ ہے بلندی کا جو پستوں میں
تو کیسی کھلبلی برپا ہے ان دولت پرستوں میں
یہی ہمت ہے گر فرشِ زمیں پر رہنے والوں کی
تو جا پہنچیں گے بامِ عرش پر دو چار جستوں میں!
تڑپنے میں ہے مظلوموں کے پنہاں، تم یقیں جانو
وہی طاقت، نظر آتی ہے جو فوجوں کے دستوں میں
حوادث باد و باراں کی طرح آکر گزر جائیں
پہاڑوں کی توانائی بھری ہے زیر دستوں میں
قدم رکھتے ہی اُڑ جائیں گے اہلِ جبر چھو ہو کر
سرنگیں صبر نے اُن کے بچھا دی ہیں وہ رستوں میں
شکستیں کھائی ہیں مشرق نے مغرب سے بہت، لیکن
چھپا بیداریِ مشرق کا تھا راز ان شکستوں میں
قریب آیا ہے شاید وقت ہشیارانِ مغرب کا
کہ اک طوفانِ محشر ہے بپا غفلت کے مستوں میں

نہیں ممکن کہ یہ آندھی تھمے، اور تھم کے رہ جائے
در و بامِ جہاں پر گرد سی اِک جم کے رہ جائے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

علی گڑھ میگزین

جلد (۲) نمبر ۵ تا ۸	بابت مئی تا جولائی سنہ ۱۹۲۳ء	قیمت سالانہ للعہ مع محصول ڈاک قیمت فی رسالہ فرادی ۸ر

جذبۂ ایمان

(از مولانا وحید الدین صاحب سلیم پانی پتی، پروفیسر اردو، جامعہ عثمانیہ، حیدرآباد (دکن)).

ہم محترمی مولانا سلیم مدفیوضہ کے تہ دل سے سپاس گزار ہیں کہ انھوں نے ہماری خاص استدعا پر ذیل کا ولولہ انگیز ترکیب بند میگزین میں اشاعت کے لئے مرحمت فرمایا۔ مولانا کا شمار ان نفوس قدسیہ میں ہے جنھوں نے شہرت کے ہنگاموں سے بیزار ہو کر، محض اپنے جذبۂ کار کی بنا پر، خاموشی کے ساتھ علم ادب کی خدمت کو اپنا شعار زندگی بنالیا ہے باخبر اصحاب ناواقف نہیں کہ

جلد (۲) نمبر (۵ تا ۷)

بابت مئی تا جولائی سنہ ۱۹۲۳ء

قیمت سالانہ چار روپیہ محصول ڈاک
قیمت فی پرچہ سالانہ ہر

فہرست مضامین

مرتبہ خواجہ منظور حسین (علیگ)

پرنٹر و پبلشر۔ محمد مقتدیٰ خاں شروانی منیجر مسلم یونیورسٹی انسٹی ٹیوٹ پریس علی گڑھ

علی گڑھ میگزین

نہیں ہوئی۔ شاید میرے کسی عمل کو ارادہ سے تعلق نہیں۔ خدا کرے یہ بے تعلقی قائم رہے، ورنہ مجھ میں اور آن ل طبع اشخاص میں کوئی امتیاز باقی نہ رہے گا جن کی پیدائش ہی ان کی قوت ارادی کا نتیجہ تھی۔"

اس سلسلہ میں رشید صاحب کے دورِ ادارت کے متعلق پر تحسین کلمات فرماتے وقت ہماری ہمت افزائی نہایت بلیغ انداز میں کی جاتی ہے:-

"۔۔۔۔ رشید صاحب سے مجھے غائبانہ انس ہے، میگزین سے اُن کی علٰحدگی کا مجھے اس قدر افسوس ہوا جتنا صحت مذاق کے لئے ممکن تھا۔ اس لئے نہیں کہ آن کے بعد میگزین کی حیثیت میں کوئی فرق آجائے گا، بلکہ محض اس وجہ سے کہ میگزین کے ساتھ اُن کی شخصیت کے لئے مسلمہ انداز وابستہ ہیں۔ کئی بار جی چاہا کہ انہیں یہ لکھوں، لیکن وہ اُنس ہی کیا جو تخاطب کا محتاج ہو۔۔۔۔ ہر رسالہ کو کامیاب بنانے کے لئے صحتِ مذاق لازمی ہے۔ رشید صاحب کی تمام خصوصیات میں سے یہ خصوصیت بالاتر تھی۔ اُنھوں نے جس روش کو کانٹوں سے صاف کر دیا وہ اس قدر دل فریب ہو گئی ہے جس کا اندازہ صرف آپ کر سکتے ہیں یا میگزین کے پڑھنے والے۔ خوش مذاق پڑھنے والے۔۔۔۔ واقعہ یہ ہے کہ آپ نے اسی انداز کو قائم رکھا ہے۔۔۔۔"

اشعار حسب ذیل ہیں:-

میرا ہر پارۂ دل برقِ سرِ طور ہے آج
اپنی ہستی کا تماشا مجھے منظور ہے آج

چشمِ پر شوق کی یہ خیرہ نگاہی کیسی!
کل تھی عریاں جو حقیقت، وہی مستور ہے آج

حسنِ فریاد سے معمور ہے اندازِ سکوت
لب خاموش مرا غیرتِ منصور ہے آج

ہوش نے روک لیا لغزشِ پیہم سے مجھے
سامنے کل تھی جو منزل وہ بہت دور ہے آج

حقیقتِ عُریاں

از جناب سجاد علی صاحب انصاری بی اے ال ال بی (علیگ)

ذیل کے چار اشعار عنایت فرماتے وقت سجاد صاحب اپنے کرامت نامے میں ہمیں یوں یاد فرماتے ہیں :-

"میری سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ میں کبھی نادم نہیں ہوتا۔ میرا عقیدہ ہے کہ احساسِ ندامت محض بزدلی کا نتیجہ ہے۔ یہ بھی ایک قسم کا جُرم ہے، اور نہایت رکیک جرم، کہ انسان اپنے کسی انداز پر متاسف ہو۔ یہ سب کچھ ہے مگر پھر بھی اس وقت کچھ جھجک رہا ہوں، گو یہ جانتا ہوں کہ جھجکنے کی کوئی وجہ نہیں اتنے دنوں تک خاموش رہنا کوئی جرم نہیں۔ تاہم کچھ ندامت سی محسوس رہی ہے۔ اُمید ہے آپ اس کمزوری کو معاف فرمائینگے۔ خاموشی کو نہیں بلکہ میرے احساسِ ندامت کو ....

(سجاد صاحب کی ندرتِ معذرت ایک مستقل حیثیت کا دلآویز رنگ و ذائقہ رکھتی ہے، جو اربابِ ذوق سے مخفی نہیں)

...... کوئی عذر نہیں پیش کرنا چاہتا، صرف اس لئے کہ عذر ہمیشہ بے معنی ہوا کرتا ہے۔ میرے نہ لکھنے کا عذر یہی ہے کہ میں نے نہیں لکھا۔ آپ کہینگے کہ یہ نسوانی منطق ہے مجھے یہ تسلیم ہے۔ یہی نہیں، بلکہ میں اس منطق کو صرف اس لئے صحیح کہتا ہوں کہ یہ نسوانی ہے ......

(نظرت کے اس دور میں "نسائیات" کے نشاۃ ثانیہ کے سلسلہ میں، سجاد صاحب کی نسوانی تحریم و تکریم اُن کے لطفِ نظر کی ایک بین دلیل ہے)

...... اس طرف مسلسل ارادہ کرتا رہا کہ آپکے رسالہ کے لئے کچھ بھیجوں لیکن صحیح ارادہ کی طرح یہ ارادہ بھی ناکام رہا۔ میری خامہ فرسائی آج تک ارادہ کی ممنونِ

بن لرجناب صدر سے تقریر کرنے کی اجازت حاصل لی۔ صدر ممدوح نے اپنی تقریر ختم کی اور نوجوان کو اشارہ کیا کہ وہ بھی اپنے خیالات کا اظہار کرے۔ پہلے تو نوجوان نے اپنی نیازمندی کا اعتراف کیا اس کے بعد اپنے چند در چند مشغولیتوں کا اعادہ کیا اور اب نفس مضمون پر آنے والا ہی تھا کہ اس کی نظر جناب صدر پر جا پڑی جو حقہ منہ سے لگائے بورئے پر دراز ہو چکے تھے۔ نوجوان کو اپنی تقریر از بر تھی۔ پہلے تو اس نے ایسی ترکیبیں کیں کہ کچھ لوگ بیدار ہو جائیں، لیکن اس نے یہ مناسب نہ خیال کیا کہ ساری محنت یونہی رایگاں جائے۔ اس لئے اس نے نہایت بلند آہنگی سے سب سے پہلے یہ شعر پڑھا ؎

در دشتِ جنونِ من جبریل زبوں صیدے
یزداں بکمند آور اے ہمتِ مردانہ

تھوڑی دیر کے بعد کسی طرف سے ایک نحیف آواز آئی۔

عالم تمام حلقۂ دام خیال ہے

ناظرین بتائیں نوجوان کو کیا کرنا چاہئے تھا؟

(رشید احمد صدیقی علیگ)

ے متعلق عجیب عجیب قسم کے قصے اور افسانے تراشا کرتے ہیں۔ اصل یہ ہے کہ عوام صرف
دس افیونی دیکھ سکتے ہیں جن کے افعال اور کردار کا جائزہ لینا اور اس پر رائے قائم
نطرناک ہے۔ اصلی اور حقیقی افیونی وہ ہے جس کے یہاں مدت حیات "کیف و سرور"
نا پائی جاتی ہو نہ کہ دن مہینہ یا سال سے انسان کی زندگی کا سب سے بڑا دشمن "وقت" کا تخیل
اگر یہ ذہن سے مفقود ہو جائے تو پھر تمام زندگی ایک مسلسل کیف ہے۔ ہمیں دیکھئے ہم کو نہیں
آفتاب کب نکلا، کب غروب ہوا، رات کب آئی، اور سپیدۂ سحر کب نمودار ہوا۔ ہم صرف
سکتے ہیں کہ روح نے اس جسد خاکی میں آکر کتنی بار کروٹیں لی ہیں اور فردوس کے جھولے
م نرم پینگیں لیتے لیتے ہم کب یکایک گر پڑے۔
آج دنیا میں جو اضطراب رونما ہے، ہماری پُرجوش دوست نے اس کا پچھلی بار تذکرہ
ا، اور آج اس جلسہ کا مقصد بھی یہی ہے کہ ہم دونوں اپنے اپنے خیالات کا اظہار کریں
یال ہے کہ بجائے کسی اور کوشش کے اگر وہ افیون کی طرف توجہ کریں تو ان تمام مصیبتوں
نجات پا جائیں گے۔ آج تک آپ نے کسی افیونی کو دوسرے پر غصہ ہوتے نہیں دیکھا
وہ غصہ میں اپنا مخاطب خود ہوتا ہے۔ کیا نفس کو مطیع بنانے کی اس سے بڑھ کر کوئی اور
نکالی جا سکتی ہے۔ اشتداد اس کے یہاں کفر ہے، پھر اور کیا چاہئے۔ اور پھر انصاف
سے نہ دینا چاہئے۔ ہم گورنمنٹ کے لئے پانی کے علاوہ ہر قسم کی سختیاں جھیلنے کے
یار ہیں۔ اس نے افیون کی سرپرستی جس فراخ دلی کے ساتھ کی ہے وہ ہم کبھی نہیں
سکتے۔ اس نے افیونی حاکم مقرر کئے جنھوں نے بڑے بڑے ذی ہوش لوگوں کا
کرا کر دیا۔ اس نے بہت کوشش کی کہ اہل چین اپنی حماقت سے باز آجائیں اور افیون
آمد نہ روکیں لیکن یہ نہ مانے۔ آخر جو کچھ ہونے والا تھا ان کے سامنے آیا۔ بیداری میں
اہی اور مصیبت کے علاوہ اور کیا نظر آئے گا۔ اب دیکھتے ہیں کہ کہیں جاپان وحشت
ی کر رہا ہے، کہیں دوسرے برادر شغال موجود ہیں غرضکہ ایک عجیب آفت میں
یں ....

جناب صدر پر اضمحلال طاری ہو چلا تھا، حاضرین بھی بے کیف ہو رہے تھے، حقہ بھی جل
، کچھ لوگ غنودگی کی حالت میں تھے، کچھ مراقبہ میں اور بقیہ دوسرے عالم میں پہونچ
تھے۔ بیداری اور بدحواسی صرف ہمارے نوجوان پر طاری تھی، جس نے ہمہ تن آرزو

اُدھر جناب صدر نے ایک گولی منہ میں رکھی اور حقہ سے ہم آویز ہو کر، تقریر کا سلسلہ شروع کر دیا)
حضرات اب تک جو کچھ میں نے عرض کیا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ دنیا اور انسان دونوں کچھ "یونہی سے" ہو کر رہ گئے ہیں اس لئے ضرورت اس امر کی متقضی ہے کہ یا تو انسان کے لئے کوئی دوسری دنیا خلق کی جائے یا اس دنیا کے لئے دوسرے لوگ پیدا کئے جائیں۔ لیکن خرابی یہ ہے کہ فطرت کا فیصلہ کسی کمیٹی کے ہاتھ میں نہیں ہے اور نہ وہاں کسی مجلس شوریٰ کا وجود ہے، فطرت ایک حکومت مطلقہ ہے جو کسی دستور یا آئین کی متحمل نہیں ہو سکتی اس لئے ہم نے اپنے لئے ایک نیا راستہ تجویز کیا ہے، جسے خیرالامور اوسطہا کہہ سکتے ہیں۔ یعنی زندگی اس طور پر بسر کی جائے کہ "رند کے رند رہیں اور ہاتھ سے جنت" بھی نہ جانے پائے۔ بالفاظ دیگر ہم افیون کی طرف رجوع کریں۔ اس میں شک نہیں کہ ہمارے بھائی فلسفی اس وادی کے امام رہ چکے ہیں اور ہم ان کے نقش مقدم پر چلتے ہیں۔ لیکن ہم ایک طرز نو کے موجد بھی ہیں یعنی فلسفہ میں کیف پیدا کر دینا ہمارا اعجاز ہے۔ فلسفی اور ہم دونوں بحر حیات کے گم شدہ مسافر ہیں فرق صرف یہ ہے اُسے ساحل نہیں ملتا ہم کو کشتی نہیں ملتی۔ لیکن ان امور سے قطع نظر بھی کریں تو ہمارا مسلک ہر طرح سے قابل رشک تسلیم کیا جائے گا۔ چشم بد دور اس وقت جامع المتفرقین نے ہم سب کو اکٹھا کر دیا ہے، آپ سب صاحبان جانتے ہونگے کہ افیون کا ایک جرعہ جس وقت حلق سے اُترتا ہے اس وقت رگ رگ میں شبنم حیات نفوذ کر جاتی ہے۔ آنکھیں ماسوا سے پھر جاتی ہیں۔ یہ معلوم ہوتا ہے کہ تمام جسم صرف روح ہے اور روح ایک کیف محسوس! صاحبو اس حالت میں عالم سفلی کے کوتاہ بیں نظریں ہمیں صرف ایک از کار رفتہ افیونی خیال کرتی ہیں (شور و آوازیں ..... شرم شرم!)
لیکن ان سادہ لوحوں سے کوئی پوچھے کہ افیونی سے افیون کی مذمت کس منطق سے استنباط کی جاسکتی ہے۔ میرا خیال ہے کہ ایسے لوگ کبھی حقیقی معنوں میں افیونی نہیں ہو سکتے۔ یہ حضرات تو صرف یہ دیکھتے ہیں کہ ہم شکستہ حال کسی بوسیدہ بورئے پر بیٹھے ہوئے مراقبہ میں ہیں یا اونگھ رہے ہیں اور حقہ (اتنا ہی کہہ پائے تھے کہ یک بیک ذہن اس حقہ کی طرف منتقل ہوا جس کے سہارے نون غنہ کا طوفان برپا کر رکھا تھا فرمایا" لاحول ولاقوۃ باتوں ہی باتوں میں حقہ بھی ہاتھ سے گیا تھا" یہ کہکر دو چار کش کھینچے ایک آدھ چسکی بھی لی، لیکن فوراً ہی سنبھل گئے) ...... ہمارے منہ سے لگا ہوا ہے۔ لیکن ان کو کیا معلوم اس وقت ہماری روح کہاں ہوتی ہے
جب روح علیین کی طرف گرم پرواز ہوتی ہے اس وقت عالم سفلی میں صرف ہمارا جسد خاکی رہ جاتا ہے اور یہ حقہ ان دونوں عالموں کا زاویہ اتصال! لیکن لوگ ان کیفیات سے واقف تو ہوتیں نہیں سکتے

انسان کی ایک صفت اضافی ہے۔ اس لئے ہر تہذیب جس کی بنیاد ایسی کمزوری ہو، شرفِ انسانیت کے لئے مہلک ہے۔ آپ کا دوسرا سوال یہ ہوگا کہ یہ دنیا اگر انسانوں کے لئے نہیں بنائی گئی ہے تو پھر اس کی آبادی کن نفوسِ قدسیہ پر مشتمل ہونی چاہئے۔ اس کے لئے میں یہ عرض کروں گا اس میں صرف دو جنسیوں کا گذر ہو سکتا ہے یعنی فلسفی یا ملائک کا۔ ایک انسانی صفات کا منکر دوسرا انسانی کمزوریوں سے محروم (حاضرین نے تالیاں بجانی شروع کر دیں اور جناب صدر نے جلد جلد حقہ سے شغل شروع کر دیا)

دوسری بات میرے ذہن میں تھی کہ اگر انسان کے لئے کوئی دنیا خلق نہ کی گئی تو پھر ان ناخواندہ مہمانوں کو کیا کرنا چاہئے جن کے وجود کے جواز میں صرف یہ کہا جا سکتا ہے کہ یا میزبان ضرورت سے زیادہ سیر چشم ہے یا مہمان اس سے زیادہ عقلمند! دنیا کا موجودہ طور و طرز دیکھ کر مجھے ان کمزور حکمرانوں کی حالت یاد آجاتی ہے جو دوسروں کو مغلوب رکھنے کے لئے ایک زبردست فوج قائم کرتے ہیں لیکن رفتہ رفتہ یہی فوج خود ان کی عزل و نصب کی عنان اپنے ہاتھوں میں لے لیتی ہے، قحط، وبا، جنگ، خودکشی، فلسفہ، غرض ان میں کوئی آفت ایسی نہیں ہے جو انسان کو صفحۂ ہستی سے مٹا دینے کے لئے کافی نہ ہو لیکن فطرت کی ایک ذرا سی بے اعتدالی سے توالد و تناسل کے رازہائے عریاں ان پر کچھ اس طرح منکشف ہو گئے ہیں کہ انھوں نے بطور پروسٹ اپنے تمام اضطراری افعال کو اختیاری بنا لیا ہے۔ زن و شو کے تعلقات پر اگر کوئی معقول بات سمجھانے کی کوشش کرے تو نہایت غیر ذمہ دارانہ طریقہ سے کہتے ہیں "یہ تو آزمیری کا کام ہے جو بدہی کیسی"!

یورپ کے بعض اکابر کا خیال ہے کہ خواہ انسان شادی کرے، خواہ پھانسی پر لٹک رہے دنیا کی گلو خلاصی ناممکن ہے۔ وہاں کے ایک مستند صحیفہ میں ان لوگوں کی تصاویر دی گئی تھیں جنھوں نے خودکشی کر کے دنیا کو خیر باد کہا تھا ان کا خاکہ الّو کی شکل میں پیش کیا گیا تھا۔ لیکن ان لوگوں کو یہ کون سمجھائے بسا اوقات زندہ الّو (جس کی کمی نہیں ہے) اپنے مردہ دوست سے زیادہ قابلِ مضحکہ نظر آتا ہے۔ لیکن یہ مسئلہ ایسا ہے کہ اس میں غلط فہمی کی گنجائش باقی ہی نہیں رہتی اور یہ بحث کا نہایت خطرناک پہلو ہوتا ہے اس لئے میں اسے یہیں ختم کرتا ہوں۔

(غور کرنے سے پتہ چلا کہ اس سلسلہ تقریر کے ختم ہونے پر بہت سے حضرات جن پر اضطرابی حالت طاری ہونے لگی تھی مطمئن ہو گئے تھے)

حضرات اب میں نفسِ مطلب پر آتا ہوں۔ آپ بھی غور فرمائیں۔ ۔ ۔ ۔

(صدر کا یہ کہنا تھا کہ ہر افیونی نے اپنی اپنی خورجی سے ایک ایک ڈبیا اور پیالی نکالی، ادھر گھلنے لگی

ایک دوسرے بزرگ نے اس تحریک کی تائید میں کچھ مختصر الفاظ ادا اور باتفاق آرا انتخاب عمل میں آیا۔

جناب صدر کو ضعف اور کبر سنی کی وجہ سے کھڑے ہوکر تقریر کرنے میں تکلف ہوتا تھا لیکن لوگوں کے اصرار سے اسی رو بقبلہ حقہ کی ٹیک لگا کر کھڑے ہوکر جس کا تذکرہ کیا جاچکا ہے ۔ کچھ لوگوں نے پڑھ کر پوست کے پھولوں کے ہار جناب صدر کے گلے میں ڈالدئے ۔ حاضرین تالیاں بجانے سے باز نہ رہ سکے اور جناب صدر نے اس موقع کو غنیمت سمجھ کر دوچار دہوال دھار کش کھینچ لئے اور لوگوں کو عالم ہوا میں پاکر یوں گہر افشانی شروع کی ،

برادران مشرب : میں آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے اپنا صدر بنا کر میری عزت افزائی فرمائی ۔ جن حالات یا واقعات کی بنا پر آپ نے مجھے اپنا صدر بنایا ہے اُن کا میں نے بغور مطالعہ مطالعہ کیا ہے ۔ آپ یقین فرمائیے میں آپ کے سامنے کوئی ایسی بات نہیں پیش کرونگا جس کی اہمیت یا صداقت کا میں خود قائل نہیں ہوں ۔ میں اُن لوگوں میں نہیں ہوں جو تقریر کرتے وقت یہ امر بالکل نظر انداز کر دیتے ہیں کہ کبھی وہ بھی انسان رہے ہیں اور اُن کی ہدایات و نصائح پر عمل کرنے والے بھی انسان ہی ہوں گے ۔ میں نے جب سے ہوش سنبھالا اور غالباً اُس وقت آپ میں کوئی صاحب ہوش نہ تھا ۔ میں نے دو باتوں پر غور کیا ہے اول تو یہ کہ دنیا انسانوں کے لئے نہیں بنائی گئی ہے اور میرا خیال ہے کہ انسانوں کے بسنے کے لئے اب تک کوئی فضا تعمیر نہیں کی گئی ہے اور نہ اس کا عالم وجود میں آنا ممکنات سے ہے ۔ ممکن ہے میں غلطی پر ہوں لیکن میرے اس خیال کی معقول تردید اب تک نہیں ہوسکی ہے کہ یا تو دنیا میں کوئی انسان نہیں ہے یا پھر "انسانیت" کے صفات غلط وضع کئے گئے ہیں ۔ اور اس کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ اب تک جتنے الفاظ وضع کئے گئے ہیں وہ یا تو اصلی مفہوم کو بالکل نہیں ادا کرتے یا پھر غلط طور پر ادا کرتے ہیں ۔ انسان اپنی معاشرت کے مختلف پہلوؤں کی ترتیب و تنظیم کے اصول و قواعد وضع کرتا ہے جسے ہم قانون کہتے ہیں اور تہذیب نام ہے اُسی قانون کے نفاذ و اثر پذیری کا !

اس لئے تہذیب ۔ اصول و قوانین کا مظہر خیال کی جاسکتی ہے نہ کہ انسان و انسانیت اگر غور کیا جائے تو یہ راز نہایت آسانی سے واضح ہوجائیگا کہ جو چیز کسی شے کے لئے وضع کی جاتی ہے وہ اس شے کی ذات نہیں خیال کی جاسکتی ۔ تہذیب نام ہے تلون کا جو

"مشیت ایزدی میں کس کا چارہ ہے" (برجستہ خیالی دا طلب ہے)

جلسہ کی تاریخ قریب ہے۔ میر صاحب صدر مجلس ہونیوالے تھے، لیکن اس میں یہ دقت پیش آئی
اسی زمانہ میں اُن کا مسہل تھا اس لئے ایک دقیع تر ذمہ داری کے مقابلہ میں انھیں اس فرض
بول کرنے میں تامل ہوا، دوسری بات یہ بھی تھی کہ اُن کا خطبہ صدارت اس وقت تک
نسر نہیں ہو سکتا تھا جب تک کہ اُسے کوئی دوسرا شخص نہ لکھ دیتا اور اس کے بعد اتنی
ت بھی مل جاتی کہ وہ اس کے الفاظ اور معنی پر پورا عبور حاصل کر سکیں۔ ورنہ اُن کی حالت
ں پروفیسر کی ہو جاتی جو لکچر دینے کے مقابلہ میں نوٹ لکھانا زیادہ محفوظ خیال کرتا ہے
مگر بہت تلاش و جستجو کے بعد ہمارے دوستوں کی نظر ایک ایسے ہم مشرب پر جا پڑی
ں کے انتخاب پر تمام انیو نیوں کی پسلی پھڑک اٹھی، آخر کار جلسہ کا دن بھی آ پہونچا جس طرح
جود تمام حیلہ شرعی کے براتیوں کی تعداد ہمیشہ تعداد متعینہ سے بڑھ جاتی ہے اسی طرح
رین کی تعداد میں بھی کافی اضافہ ہو گیا تھا، فریبی کا خوانچہ جہاں رکھا جاتا تھا وہ حصہ
ں قدر وسیع اور مرتفع تھا اس لئے کرسی صدارت کے لئے وہی جگہ منتخب ہوئی تھوڑے
عرصہ میں تمام جگہ پُر ہو گئی میر صاحب نے انتخاب صدر کی تحریک پیش کرتے ہوئے حسب ذیل
یر فرمائی۔

حضرات! انتخاب صدر کی تحریک پیش کرنے کا خوشگوار فرض میرے سپرد کیا گیا ہے
اپ مجھے اجازت دیں تو میں اپنے بزرگ دوست کی شان میں کچھ معرفانہ الفاظ و خیالات
ارنے کی عزت حاصل کروں، وقت بہت کم ہے جناب صدر اُن مغتنم ہستیوں میں ہے جنہوں
وں نے اس عالم انقلاب میں زمانہ کی نیرنگیوں کا بنظر احسان مطالعہ کیا ہے، جن
ات اور واقعات کی بنا پر آج اس مجلس شوریٰ کی ضرورت پیش آئی ہے اُن پر صحیح و
ائب رائے قائم کرنے کا جناب ممدوح کو صرف حق ہی نہیں حاصل ہے بلکہ ممدوح کے
تجربات عالیہ" ایک بڑی خدمتک ہمارے میدان عمل کے لئے خضر راہ بن سکتے ہیں۔ موصوف
نے اپنے چند در چند مشاغل کے باوجود جس اخلاق و ہمدردی کے ساتھ ہماری دعوت
ول فرمائی ہے اس کے ہم سب شکر گذار ہیں۔ اب میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں اور آپ سے ملتجی ہوں
اپ ممدوح کو اپنا صدر منتخب فرمائیں۔

میرصاحب :- میاں صاحبزادے تمھاری نیت اچھی ہے، لیکن طرز عمل بالکل غلط ہے، تم نے ابھی ہمارے مسلک کی اہمیت پر غور نہیں کیا ہے تم جس جنت کا خواب دیکھ رہے ہو وہ

اک گلدستہ ہے ہم بیخودوں کے طاقِ نسیاں کا

اچھا اگر تم اس بات پر مصر ہو کہ ایک جلسہ منعقد ہونا چاہیئے تو مجھے انکار نہیں ہے لیکن دیکھو یہ کوئی اجتماع عظیم نہیں ہوگا کہ اخبارات واشتہامات سے تم تمام شہر سر پر اٹھالو ہماری طرف سے کوئی مدعو نہیں ہوگا تمھیں یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ کوئی نا اہل ایسا نہ آنے پائے جو مطلب اور کہنہ کو نہ سمجھے تو تالیاں بجائے ہاں اس کا ضرور خیال رکھنا کہ جلسہ میں کوئی سی آئی ڈی کا بھی ممبر ہو بہت ممکن ہے ہم یا تم کچھ مہمل اور بے معنی فقرے بول جائیں اور اس کا سمجھنے والا کوئی نہ ہو پھر ساری محنت برباد ہو جائیگی میں یہ بھی چاہتا ہوں کہ تم آنے والوں کی تخمینی تعداد بھی مجھے بتادو۔ کیونکہ اس تمام جلسہ کا انتظام شرعی ہوگا۔

نوجوان :- جناب سب باتیں آپ کی مرضی کے مطابق ہوں گی آپ مطمئن رہیں۔

(یہ کہکر جلسہ کا وقت و تاریخ مقرر کر کے نوجوان نے مصافحہ کے لئے ہاتھ بڑھایا لیکن پیر صاحب دوسرے عالم میں پہونچ چکے تھے۔

ہمارے ایک افیونی دوست جن کے ذہن میں سوائے جلسہ یا مدعو کرنے کے کوئی اور مفہوم پناہ گزین نہیں رہتا تھا مراقبہ ہی میں کچھ کلبلائے اور ایک طویل نون غنہ کے ساتھ بولے،

آور کیوں بھائی گانا کس کا ہوگا..... کمبخت دھوبی ہے کہ کپڑے ہی نہیں دیتا"۔

دوسرے بزرگ جو نیم بیدار حالت میں تھے، ٹھنڈی سانس لے کر بولے" میاں گانا کیا سب کام شرعی ہوگا۔

پہلے بزرگ (آہ سرد کھینچکر) تو یوں نہیں کہتے " قوالی" ہی پڑھا یا "

ایک تیسرے بزرگ بولے، اور کیوں بھئی دن تاریخ کیا مقرر ہوئی کہیں قمر در عقرب تو نہیں پڑ رہا"؟

ایک طرف سے آواز آئی،

نازک کا جواب نظر آسکتا ہے، چار بیویوں کو تو علحدہ ہی رکھئے۔ اگر چار شادیوں کا
کا خیال محبت کی توہین ہے تو شاید تم ایسے چار نوجوانوں میں ایک ہی..... محبت
کی حرمت ہے"

نوجوان :- (غضبناک ہوکر) "اور کیوں جناب غیر تعلیم یافتہ بیوی اور آپ سے چہار دیواری
کے اندر محبوس رکھنا چہ معنی دارد ؟"

افیونی :- یا حضرت ، "بیویاں تو ہماری بھی پڑھی لکھی ہوتی ہیں - ہاں تعلیم یافتہ" نہیں ہوتیں۔
آپ کے مسلک" صلائے عام ہے یاران نکتہ داں کے لئے" سے تو چہار دیواری کی قید
اختیاری اچھی ہی ہے"

نوجوان :- (بے بس ہوکر) دیکھئے معاملہ کہاں سے کہاں تک پہونچ گیا میں یہاں آیا تھا
کہ آپ کے پاس موجودہ دنیا کے سب سے بڑی ہستی کا پیام پہونچاؤں، یہ امر مسلمہ ہے کہ
ہندوستان کی نجات عدم اشتداد اور چرخے پر ہے - کدر استعمال کیجئے اور اشتداد سے
پرہیز کیجئے"

میر منجھو :- "میاں ، میں نے تم سے دو کپڑے زیادہ ہی پھاڑے ہوں گے اپنا تو خیال ہے
کہ دنیا کی سب سے بڑی ہستی گذر چکی ہے، موجودہ اور آئندہ ، ایک مہمل خیال ہے کیا معلوم کل
دنیا کی ایک اور بڑی ہستی تمہاری آنکھوں کو خیرہ کرنے لگے پھر کمزور ہستیاں تو کہیں کی
نہ رہ جائیں گی ، عدم اشتداد کا پیام ہمارے پاس لائے ہو؟ ہم نے تو اس کے ہاتھ پہ
بیعت کی ہے جس کے تصرف سے بڑے بڑے متمرد سربسجود ہو جاتے ہیں - کپڑے
کے لئے کیا کہوں جامہ ندارم دامن از کجا آرم - چرخہ کا مسئلہ طویل بحث چاہتا ہے اور اس وقت
طبیعت بے کیف ہو رہی ہے - یہ لیجئے حقہ بھی دم توڑ رہا ہے"

نوجوان :- مجھے افسوس ہے کہ میں آپ کے مشاغل میں مخل ہوا میں چاہتا ہوں کہ آپ حضرات
ایک مجلس منعقد فرمائیں - میں آپ کے سامنے ان خیالات کا اعادہ کرنا چاہتا ہوں
جن پر میرے خیال ناقص میں ملک وملت کی فلاح ونجات کا انحصار ہے آج کل تمام
ملک میں بیداری کے آثار نمایاں ہیں اور میرے لئے یہ خیال نہایت روح فرسا ہے کہ
آپ حضرات کی توجہ مبذول کرانے میں نہایت غفلت شعاری سے کام لیا گیا ہو
مجھے یقین ہے کہ آپ ہمارے خیالات سے ہمدردی فرمائینگے۔

اس طرح پر جھرجھری لیتے جیسے ناول کو اپنی خوش قسمتی پر ناز ہوتا ہے یا آج کل کے نوجوانوں کو بیوی سے زیادہ اس کی دولت ملنے کی مسرت ہوتی ہے اب اس ہنگامہ رستخیز میں کسی قدر اضمحلال پیدا ہو چلا تھا کہ یکایک ایک نوجوان آدھمکا۔ ہمارے ناظرین مضمون کے پچھلے حصہ میں ان سے روشناس ہو چکے ہیں اس لئے ان کے اغراض و مقاصد اور ہیئت کذائی کا تذکرہ تحصیل حاصل ہوگا

نوجوان :۔ "السلام علیکم"

یکے از حاضرین :۔ "میاں وعلیکم السلام" (یہ جملہ اس حزن آفریں موسیقیت کے ساتھ اور اتنے عرصہ میں ادا کیا گیا گویا ہر شخص نے دن کا پورا کام ہو گویائی سے متعلق تھا ختم کر دیا ہے۔

نوجوان :۔ (بے صبری کے ساتھ) "مزاج شریف"

وہی بزرگ :۔ "میاں شکر ہے الحمد للہ" (ناک میں) نزلہ و زکام ...... کریا بخشا ئے بر... ۔

نوجوان :۔ "حضرات میں ایک خاص سے آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں، آپ ......"

میر صاحب :۔ (بات کاٹ کر) "ارے میاں اب کیا رکھا ہے، کب کا گل ہو چکا، ذرا پہلے آئے ہوتے"

نوجوان :۔ (بے اختیار ہو کر) "آپ ایسے روشن خیال بزرگوں پر یہ امر اظہر من الشمس ہے کہ آج کل قوم و ملت کی کیسی ابتر حالت ہو رہی ہے....."

ایک افیونی :۔ "اس میں کیا شک ہے ایک افیون ہی کو لے لو"

نوجوان :۔ (چیں بجبیں ہو کر لیکن نرمی سے) یہ تو دیکھئے مسلمان تباہ ہو رہے ہیں۔ بیوہ اور یتیم فاقہ کر رہے ہیں، گورنمنٹ ......"

دوسرا افیونی :۔ "میاں صاحبزادے، شادی کر چکے ہو"

نوجوان :۔ (طیش میں آکر) "شادی کی کیا ضرورت ہے، میں جب تک برسرکار نہ ہو جاؤنگا بیوی بچوں کی ذمہ داری ایسا گناہ سمجھتا ہوں۔ مسلمانوں پر کیا آفت ہے، چار چار شادیاں روا رکھتے ہیں، کیا یہ میت کی صریح توہین نہیں ہے؟"

منجو :۔ (مراقبہ میں سر جھکائے ہوئے) "صاحبزادے سچ کہتے ہو لیکن کہیں تم سے پہلے تمہاری بیوی نہ برسرکار ہو جائے چار چار شادیوں کا زمانہ (آہ سرد کھینچکر) تو کچھ ہم نے دیکھا ہے تم کیا دیکھو گے، ایک پیالی چائے اور ...... کے کھانوں پر، تو صرف منیف۔

مجبول نوسِ سخن سمجھ کر ہمیشہ چشم پوشی سے کام لیا ہے لیکن ان کا یہ اشتداوی پہلو دیکھ کر اپنا جبری مہمان بنانے کے لئے مجبور ہو جائیگی۔ ایک طرف طلسم ہوشربا کی ایک ضخیم جلد پڑی ہوئی تھی۔ جس کے اول و آخر کے تقریباً دو دو سو صفحات "سحر سامری" سے نذر نساد ہو چکے تھے اس وقت ہر شخص شغل میں معروف تھا۔ رطب اللسانی اور زبان کی "گھلاوٹ" کچھ تو اس پیالی میں چسکیوں سے کھرل کی جا رہی تھی اور کچھ اس لب و لہجہ میں مضمر تھی جس کا پورا ساز (ار غنون) صرف نون غنہ کا رہین منت تھا۔ مخاطب کوئی نہ تھا ہر شخص اپنے اپنے خیالات، اقوال اور ملہمات کی صورت میں پیش کر رہا تھا۔ کچھ حضرات گنے چھیل رہے تھے اور اُن کی یکسوئی اور انہماک میں اگر کوئی چیز مخل ہو سکتی تھی تو زکام و بلغم کے متحدہ مساعی تھے، ایسی حالت میں چاقو علیحدہ رکھ دیا جاتا تھا ورنہ اندیشہ تھا کہ عالم خود فراموشی میں ناک و چاقو کا وصال، ناک صاف کرنے کا موجب نہ بن جائے۔ یوں تو دوکان خرید و فروخت کے لئے رکھی ہی گئی تھی۔ لیکن اگر کوئی ایسا خریدار آجاتا جو فرینی کے پیالوں کا طلبگار ہوتا یا "ہم پیشہ و ہم مشرب و ہم راز" نہ ہوتا تو پھر ہر شخص پلکوں کی آڑ سے کچھ اس طور سے گھورتا کہ قدرت ہوتی تو اسی سلسلہ میں اُسی طرح چسکیوں کے فشار سے آشنا کر دیتے۔ تعجب تو یہ ہے کہ خود میر صاحب بھی کسی گاہک کی آمد سے خوش نہ ہوتے تھے اور ہمیشہ قیمت ایسی بتاتے تھے کہ خریدار کو ردوقدح کی ضرورت پیش آئے۔ میر صاحب اس حالت کے منتظر ہی رہتے فرماتے "میاں راستہ سیدھا کرو یہ خود ہمارے شوق کی چیز ہے تمام دن سر کھپاتے ہیں تو اتنی سی تیار کر پاتے ہیں۔ میاں صاحبزادے عمل کرتے ہو تو آجاؤ۔ سب سامان تیار ہے، اک ذرا حقہ رنگ پر آیا اور میاں منجھو نے سفالہ میں گنڈیریاں لگائیں اور ہم نے چنیا جان کو منہ لگایا" مریدوں نے صدائے لبیک بلند کی، واہ واہ سبحان اللہ۔ "ارے بھی ہم تو اسی شہنشاہی مزاج پر مرتے ہیں" کے غلغلہ سے خریدار مبہوت ہو کر لاحول بھیجتا ہوا چل دیا۔ میر صاحب کوئی وزیر اعظم تو تھے نہیں کہ کہتے کچھ اور کرتے کچھ، اُن کے وابستگان دامن اُن کے قول و فعل کو یکساں سمجھتے تھے ورنہ میر صاحب کی عظمت عرصہ تک قائم نہ رہ سکتی اور وہ بھی آخر میں موچی کے موچی رہ جاتے۔ غرضکہ فوراً تمام سامان درست ہو گیا۔ خورد و نوش کے بعد کتاب کھولی گئی اور بدیع الزماں کی داستان شروع ہوئی۔ میاں منجھو اس دم خم کے ساتھ پڑھتے تھے گویا تمام واقعہ انھیں کی بذات سے وابستہ تھا۔ یہ حالت کچھ انھیں کی ذات کے ساتھ مخصوص نہ تھی۔ حاضرین بھی اسی زیر و بم کے ساتھ داد دے رہے تھے۔ سامری اپنا طلسم ناریل پھینکتا اور اژدھوں کا یلغار ہوتا تو

آ سکے۔ صورت ظاہری کے متعلق اتنا کہدینا غالباً کافی ہوگا کہ "صورت سوال" تھی عمر کے
سے "فرو ریزد پر و بال" کے مرحلہ تک نہیں پہونچے تھے۔ سن و سال کے تعین کے!
اس امر کی بھی حاجت باقی نہیں رہتی کہ ان کے قول و فعل کی تشریح کے لئے کسی:
کے اس ساکن و جامد ستون کی مثال پیش کی جائے جو آیندہ و ندگان کو منزل مقصود
بتاتا ہے لیکن خود متحرک نہیں ہوتا۔

شہر کی ہمہ آزیں آبادی سے الگ " ہیچ آفت نہ رسد گوشہ تنہائی کی مصداق " افیون
کی ایک خانقاہ تھی جس میں تقریباً ایک درجن تریاکیوں کی یاد اللہ تھی، شیخ خانقاہ ایک طویل
نحیف الجثہ میر صاحب تھے جنہیں نیر بنی کی دوکان اور مٹی کا حقہ اپنے جد امجد سے وراثت
ملا تھا فیر بنی کی دوکان افیونی کا حیلہ شرعی اور بوسیدہ حقہ ہو حق کا عذر لنگ تھا جنہ
" عرق مطبوخ ہفت روزہ" جرثیم بصارت کے لئے پیام وصال تھا۔ دھوئیں کی سیاہی
کی پردہ دار اور دروازہ کواڑ کی دست و گریبانی سے آزاد تھا۔ سپیدی نے ہر جگہ سر
ہو کر اپنا آخری خط دفاعی ثیر برنج کی سطح پر قائم کیا تھا جس کی جھلک کبھی کبھی کسی اف
کی نیم باز آنکھوں میں بھی نظر آجاتی تھی۔ اراکین اکثر و بیشتر مراقبہ میں رہتے تھے۔ اس
دوکانداری کا پورا انتظام ان مکھیوں کے سپرد تھا جو بیسویں صدی کے حکمرانوں کی طرح حکم
کی کامیابی محض مارشل میں مضمر سمجھتے تھے۔ لیکن یہ انتظام کچھ زیادہ کامیاب نظر نہ آیا تو حقہ
اُس اِسکیئر کرد (ہوّا) کا کام لیا جانے لگا جو زراعت و پیداوار کو چرند و پرند سے محفو
رکھنے کے لئے کسان اپنے کھیتوں میں نصب کر دیتے ہیں۔ مجھے ان بزرگوں کی سادہ دلی
حیرت ہوتی ہے کہ انھوں نے خواہ مخواہ اپنی فکر کو زحمت پرواز دی، اُن کا باہمہ اور بے
وجود خود اس فرض کو بطریق احسن پورا کرتا تھا۔ لیکن کسی پُرعظمت ہستی نے اپنی شخصیت
احساس کب کیا ہے جو یہ کرتے!

ان بزرگوں کے پاس جامہ عریانی کے علاوہ صرف عشاق کے دامن و گریباں کی دھجیاں
رہ گئی تھیں اور چونکہ انھوں نے دھجیوں کی مقامی حیثیت بدلنے میں احترام شریعت کو ستر پوشی:
قربان کر دیا تھا اس لئے آپس میں یہ اقرار صالح کیا گیا تھا کہ ان دھجیوں کو زیب عریانی کرلے۔
بعد کوئی صاحب عاشقی کا دم نہ بھریں ورنہ پھر میونسپلٹی کا جام صبر لبریز ہو جائیگا اور کہنے نہیں اب

افیونی

اک چلتی پھرتی چھاؤں ہے ساری یہ کائنات
دیکھا تو ہم نے خوب جہاں تک نظر گئی

دنیا کے بہترین دل و دماغ اب تک اس فوق الستی کا پتہ نہیں لگا سکے ہیں جس نے سب سے پہلے سونے کا فن ایجاد کیا اور اڈیسن سے لیکر کسی ہندوستانی شاعر یا عاشق (دونوں تقریباً مرادف الفاظ ہیں) کی زندگی پر نظر ڈالئے، آپ کو معلوم ہو جائیگا کہ اس حیرت انگیز انکشاف کی طرف سے جو غفلت برتی جا رہی ہے اس کا یہ انجام ہونے والا ہے کہ لوگ آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھیں گے اور نیند کا پتہ نہ پائیں گے۔ ستم ظریفی تو دیکھئے ابھی اس فن کا موجد نظروں سے پنہاں ہی تھا کہ کچھ لوگوں نے بے صبر ہو کر قبل از وقت، اس وجود کا پتہ لگانا شروع کر دیا جس نے جاگنے کا فن دریافت کیا تھا، انتہائی جستجو اور کاوش کے بعد صرف اتنا معلوم ہو سکا کہ ان دونوں کا موجد ایک ہی شخص ہے۔ رہا یہ سوال کہ وہ شخص کون تھا۔ کس صنف سے تعلق رکھتا تھا، سلسلۂ ارتقا کی کس کڑی سے وابستہ تھا، آج تک نہ معلوم ہو سکا۔ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ یہ سعادت صرف افیونیوں کو نصیب ہوئی۔ ہندوستان کے مسلمان اسے اپنی قسمت کے ساتھ وابستہ کرتے ہیں بہتر یہ ہے کہ اس مسئلہ کو یہیں ختم کر دیا جائے۔ بہرحال کچھ عرصہ کے بعد خدا خدا کر کے، زمانہ نے کروٹ بدلی اور ملک میں بیداری کے آثار نمودار ہوئے۔ ہر طرف تحریک و حرکت کی کشمکش شروع ہوئی نوبت بانیجا رسید کہ دماغ نے بھی مرکز سے مغائرت کی اور نیم بیدار ہستیوں نے اپنی زندگی کا یہ مقصد بنا لیا کہ تمام دنیا ہمخیال بنالی جائے۔ اس گروہ کے ایک پرجوش اور سرگرم ممبر نے اپنے ذمہ یہ کام لیا کہ وہ ہر طبقہ کے لوگوں سے ملیگا اور اُن کے افعال و کردار کو اُس اصول کا پابند بنائے گا جس کے انکشاف پر لوگ اپنا اور بشرط امکان دوسروں کا سر پیٹ لیں گے۔ تشریح مقصد کے بعد غالباً اس امر کی ضرورت نہ محسوس کی جائیگی کہ ہمارے دوست کا سراپا کاغذی پیرہن سے ملبوس ہو کر ناظرین کے سامنے

لکھتے ہیں کہ "ایک علمی وادبی رسالہ جس میں نظم کا حصہ صفحہ دو صفحہ سے زیادہ وقعت نہیں رکھتا اور ساتھ عاشقانہ غزلوں اور سائنس کی آپس میں بن نہیں آتی (؟) ہم کسی طرح فقرات کے سلسلہ میں ایڈیٹر صاحب کہہ سکتے کہ "نامہ نگاروں کی رائے کے ہم ذمہ دار نہیں" شاید ہی کوئی شعبہ ایسا باقی رہ گیا ہو جس کے متعلق یہ یقین دلایا گیا ہو کہ ناظرین کی تفریح وتفنن" کے لئے کچھ نہ کچھ پیش کیا جائے گا۔ اس اصول سے ہمیں سخت اختلاف ہے۔ اب وقت آگیا ہے اور دور زمانے میں تقسیم عمل کو سمجھیں اور بجائے اس کے کہ ایک ہی رسالہ میں "دل بیقرار سو جا" بھی ہو اور "مست ناز بت طناز بہ آغوش رقیب" بھی۔ عبدالماجد کے فلسفیانہ اور محققانہ دماغ کا داد دینے کی بھی داد دیجائے اور خواجہ حسن نظامی کی فطرت نواز قلم اور جودت طبع کے رنگین نمونے بھی "قومیم فلسفی" اور "خاین بسیرا" اس وقت ہی یکجا ہو سکتے ہیں جب دونوں میں ایک ایک وجود کو دوسرے میں مدغم کر دے۔ منیجر صاحب لوہاری دروازہ ملتان کے پتہ پر (ع) محصول ڈاک میں دل بہلا سکتا ہے۔

"الکمال" "طب۔ تجارت۔ تاریخ صنعت۔ مذہب حرفت۔ علم ادب۔ . . . کو زندہ کرنے اور ان شعبہ جات زندگی سے متعلق مضامین مہیا کرنے کے لئے یہ ماہوار رسالہ حکیم محمد حسین صاحب کی سرپرستی۔ اور ریاض شیروانی محمد تقی شہرت دہلوی اور تدبیر احمد خاں صاحب کی (جو اڈیٹر جائنٹ ایڈیٹر آنریری ایڈیٹر اور پبلشر کی حیثیت سے رسالہ کے سرورق پر رونما ہیں) نگرانی میں لاہور سے شائع ہوا ہے۔ خدا معلوم اس ہمہ گیری سے ہمارے لٹریری میگزین واخبارات کب نجات پائیں گے اس قدر مختلف النوع مقاصد کو حد تکمیل پر پہونچانا دشوار ہی نہیں بظاہر بالکل ناممکن معلوم ہوتا ہے۔ لکھائی گنجان اور خوبصورت ہے اور چھپائی بھی عمدہ ہے۔ اشتہارات وغیرہ ملا کر قریب چالیس صفحات کے حجم ہوگا۔ قیمت چار روپیہ سالانہ رکھی گئی اور یہ وعدہ کیا گیا ہے کہ امریکہ۔ جاپان وجرمنی کی قیمتی دستکاریوں کو مشرح وواضح کرنے والے مضامین ہر ماہ شائع کئے جائیں گے اگر کارکنان رسالہ کی کرامت نفس اس وعدہ ہی کو وفا کر دے تو حقیقتہً اُردو لٹریچر میں ایک بیش بہا اضافہ ہوگا۔

ظل بیگم۔ بھوپال اور فرماں روائے بھوپال کے جو احسانات اُردو لٹریچر پر ہیں اُس کا اندازہ ہر باخبر شخص کو ہوگا اور اسی اعتبار سے اُس کے عوض جذبات تشکر دلوں میں موجزن ہیں۔ مولانا سعید زمی جنکی خاک پاک سے متعلق اور صحیح معنوں میں بھوپالی ہیں۔ اکتوبر ۱۹۲۱ء سے انھوں نے اس رسالہ کو بھوپال ہی سے جاری کیا ہے۔ تقطیع سرورق (اگر ظل محل کی تصویر کو مستثنےٰ کر دیا جائے) سب نگار آگرہ سے ملتا جلتا ہے۔ مضمون نگار زیادہ تر بھوپال یا بھوپال سے متعلق حضرات ہیں اور یہ کوشش معلوم ہوتی ہے کہ نئے لکھنے والے پیدا کئے جائیں۔ مولوی محمد علی بھوپالی کا نام اس سے پیشتر شاید نہ سنا ہوگا مگر ظل پر آپ کا مضمون اگرچہ مختصر ہے مگر دلاویز ہے۔ مسٹر احتشام علی ایم۔ ایس۔ سی بھی بحیثیت اُردو مضمون نگار ملک کے سامنے نہیں آئے ہیں مگر "حیوانات کے رنگ اور اُن کے فوائد" کے عنوان سے آپ کا بھی ایک قیمتی مضمون دوسرے نمبر میں موجود ہے۔ ایڈیٹر صاحب "اشارات" کے ذیل میں "کچھ لکھتے ہیں بہت ہی مختصر۔ تکلف سے بری اس خوان یغما پر ہر شخص کے لئے برابر اور سادہ طریقہ پر سامان دلچسپی مل سکتا ہے۔ معیار کو ذرا اور بلند کرنے کی ضرورت ہے اور چھپائی کو بہتر کرنا ناگزیر ہے۔ ہم حیران ہیں کہ اس رسالہ پر اہل بھوپال کو مبارکباد دیں یا اُن کے ہموطن ادیب سعید زمی صاحب کو۔ اُردو کو اب اسی کی ضرورت ہے کہ مختلف مقامات۔ مختلف سمتوں سے مختلف مقصدوں اور مختلف ضروریات پوری کرنے کے لئے اخبارات یا میگزین نکالے جائیں لاہور و لکھنؤ۔ کلکتہ والہ آباد کے "ادبی اجارہ" سے خائف و ہراساں نہیں ہونا چاہیئے۔

احتشام حسین (علیگ)

تنقید و تبصرہ

شفق — جنوبی ہند کا مشرقی ساحل اپنی رصدگاہ اور انگریزیت کے لئے مشہور ہے شکر ہے کہ اُسی سرزمین سے ایک موقت الشیوع رسالہ "شفق" اس لئے نکالا گیا ہے کہ اُردو علم و ادب کی خدمت کرے۔ ایڈیٹر صاحب یقین دلاتے ہیں کہ "ہم اس امر کی جہاں تک ہو سکے گا کوشش کریں گے کہ ہماری زبان میں انگریزی انشا پردازی کی ایسی دلچسپیاں پیدا ہوں جس سے پُرانا مذاق بگڑنے نہ پائے" خواہ "شفق" کوئی علمی خدمت نہ کر سکے اور ناموافق آب و ہوا کی وجہ سے (خدانخواستہ) یہ نونہال پروان نہ چڑھ سکے (جو آج کل کے رسالوں کا حشر ہوتا ہے) مگر اُن حضرات کی ہمت اور ولولۂ خدمت قابلِ مبارکباد ہے کہ اُس دیس میں جہاں بوچی کوچیان قلی تک سب ہی انگریزی کے اندھے عاشق ہیں وہاں سے ایک علمی و ادبی رسالہ نکالا جائے اور وہ بھی اُس زبان میں جس کے حامی اپنے مذاق کو تباہ کر چکے ہوں۔ بے یار و مددگار ہوں اور اپنی بے کسی پر جو آنسو بہاتے ہوں اُن کو خشک کرنے کے لئے اُن کے بدن پر ایک تار بھی سفید کپڑے کا باقی نہ رہا ہو۔

لکھنؤ و لاہور سے بھی اُردو رسالہ و اخبار نکالنا معمولی بات نہیں مگر دور و دراز مدراس سے "شفق" کی اشاعت اُن معترضین کی غلط منطق پر بُرہان قاطع کی حیثیت رکھتی ہے کہ اُردو ہندوستان کی مشترکہ زبان نہیں۔

شفق میں تقریباً ساٹھ صفحات ہوتے ہیں جن میں اگرچہ مشاہیر کے مضامین نہیں ہوتے ہیں مگر نئے تعلیم یافتہ حضرات کے دماغ کاوی کے نمونوں سے بھرپور ہوتے ہیں۔ چوں کہ اس کا "مقصد واحد اُردو زبان کی اشاعت اور ترقی ہے" اس لئے اس رسالہ کا وجود وہی ایک علمی برکت ہے ہماری ملک کی مشترکہ زبان کی ترویج و صحت کی ضمانت

ایڈیٹر صاحب شفق دعا فرماتے ہیں کہ "ہم خدائے باری سے بارائے خدمت، قوم کی توفیق کی دعا اور بزرگانِ قوم سے دستگیری کی استدعا کرتے ہیں" ہم اس پر صرف ایک لفظ کا اضافہ کر سکتے ہیں۔ آمین

اب تک دو نمبر شائع ہو چکے ہیں۔ لکھائی چھپائی معمولی کاغذ ذرا خراب ہے ۴۸ صفحات کم سے کم ضرور ہوا کریں گے قیمت ([illegible]) مع محصول ڈاک ہرگز زیادہ نہیں۔

ملنے کا پتہ :- دفتر شفق ۶ آلو چہ ارنا چلم اچاری ترپلکھڑی مدراس۔

انعام — محمد احسان اللہ خاں صاحب اسد کی زیرِ ادارت یہ رسالہ ملتان سے شائع ہونا شروع ہوا ہے۔ اب تک تو پنجاب سے صرف لاہور اور حد سے حد امرتسر تک یہ خصوصیت محدود تھی مگر غنیمت ہے کہ اب دوسرے مقامات سے بھی ادبی خدمت کا بیڑا اٹھایا جا رہا ہے۔ اصلی مقصد سائنٹیفک مضامین تھے مگر ملک کی بے توجہی و فقدان مذاق کو پیش نظر رکھتے ہوئے بدیں سبب ادبی مضامین کا بھی التزام رکھا گیا ہے۔

"عرضِ حال" جو ہر نئے ایڈیٹر کو بطور سنت (بلکہ بطور مثل "فرض") لکھنا پڑتا ہے اس رسالہ میں بھی ہے اسی میں ایک جگہ

کیا حسنِ تعلیل ہے! شعرا منہیات شرعیہ کا جواز ثابت کر دینا اعجاز خیال کرتے ہیں۔ اسی شعر میں کس خوبصورتی سے وہی سنت ادا کی گئی ہے۔

کبھی کشمیر میں آجاتا اگر قیصرِ روم
پاؤں پر دخترِ دہقان کے وہ سر رکھدیتا

اس حکایتِ لذیذ کو اس قدر دراز اس وجہ سے کیا گیا کہ شاعر خود اپنی بہترین آرزو اور جانِ تمنا اسے خیال کرتا ہے۔

جب میں سمجھوں کہ بر آئی ہے تمنائے دلی
ایک کشمیری ہو، خنجر ہو اور مرا ہو حلقوم
میں بھی اے کاش! کسی وادی میں کھو جاؤں
یا کسی حسن کی دیوی پہ فدا ہو جاؤں؟

مگر یہ قصہ جب کا کہ آتش جواں تھا۔ اب تو چہل سالگی سے متجاوز و الامضمون ہے۔ اس لئے کہ

نشاطِ عمر باشد تا بہ سی سال
چہل آمد فرو ریزد پر و بال

یہ سب کچھ صحیح سہی، مگر ناظرین کرام! آپ نے اندازہ فرمایا کہ ان نظموں میں ایک شان ہے جو صرف پیدائشی اور فطری شاعروں کے کلام کا خاصہ ہوتی ہے۔ ایک ایک حرف سے بے ساختگی اور جذبات صحیحہ کی ترجمانی ٹپکتی ہے۔ افسوس کہ زمانہ کی گوناگوں مشکلات اور پیچیدگیوں نے مہلت نہ دی ورنہ جو تارا آج نثر کی سرزمین پر طلعت ریز ہے، اقلیم نظم پر بہت ممکن تھا کہ آفتاب کمال بنکر ضو فشاں ہوتا۔

قبل اس کے کہ میں اپنے سرسری مضمون کو ختم کروں، ایک کمی کا اعتراف کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ میں نے صرف محاسن دکھلانے کی کوشش کی ہے اور اس طرح تمام مضمون سجاد صاحب کی شاعری پر ایک قصیدہ معلوم ہوتا ہے، مگر یہ کمی سہو کی وجہ سے نہیں، دانستہ ہے۔ خوردہ گیری اور نکتہ چینی کا حقیقی مقصد صرف اس قدر ہوتا ہے کہ آئندہ را احتیاط، مگر شاید سجاد صاحب اب دنیا کے سامنے بحیثیت شاعر کے کبھی نہ آئیں گے۔ لہذا اصلاح و مشورہ کا اب موقع نہیں، نہ کلام میں تعقید ثابت کرنے سے کوئی ممکن فائدہ ہو سکتا ہے۔ نہ زبان کی خامیاں دور کرنے سے نتیجہ، مقصود صرف اس قدر تھا کہ ان کے بے شمار احباب اور صدہا پُر خلوص مداحوں کو جو اُن کی "شعریت" کی قدر کرتے ہیں، یہ دفتر پارینہ پھر دکھلا دیا جائے، اُن کے تفنن طبع کا سامان مہیا کر دیا جائے اور سید صاحب کی خدمت میں اُن کے ایام گرمجوشی و سرگرمی او عہد عمل کی ایک تصویر پیش کر دی جائے جو انھیں بھولا ہوا خواب شاید یاد دلا دے اور وہ اپنی آنکھوں اور اپنے کانوں سے ادب لطیف اور شعر کو یہ کہتے ہوئے سُن لیں کہ:

کبھی ہم بھی تم بھی تھے آشنا، تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

اور شاید پھر ان کے دماغ میں ہیجان اور قلم میں جنبش پیدا ہو اور ادبیات کا ستارہ چمک جائے۔

احتشام حسین

آگے بڑھتے ہیں۔ فضائے کشمیر کا مطالعہ کرتے ہیں تو انھیں دنیا میں جنت نظر آتی ہے اور ظاہر ہے کہ موجودہ مسرت ہر اعتبار سے موعودہ حصول مسرت سے زیادہ دلاویزی اور جاذبیت اپنے اندر پنہاں رکھتی ہے۔ چنانچہ سید صاحب فرماتے ہیں:

میں نہ جاؤنگا، نہ جاؤنگا جو کشمیر نہیں لاکھ جنت ہو یہ ایسی تو وہ تعمیر نہیں

کیا حسن تکرار ہے اور پھر کس قدر بے ساختہ!

خطہ کشمیر وہ جگہ ہے جو ہر انسان کو شاعر بنا دیتا ہے اور پھر شاعر ... خدا معلوم کیا ہو جاتا ہے، سجاد صاحب کشمیریوں کے متعلق فرماتے ہیں۔

ان کو بزدل نہ سمجھنا، ہیں بلا کے سفاک پاس گو کہنے کو شمشیر نہیں تیر نہیں

اس لئے کہ جب شمشیر و تیر کے بغیر ہی پہلی نظر کے بعد ہر شخص (بشرطیکہ وہ بقول رشید صاحب ۴۰ سال سے متجاوز یا پھر منطقی شاعر نہ ہو) پکار اٹھتا ہے کہ ع عجب تیر بے کماں زدۂ! (میرے ایک ظریف طبع دوست نے خوب کہا تھا کہ اگر وہاں کی گورنمنٹ سر ولیم ولسنٹ یا مہاتما گاندھی کا کہا مانتی ہوتی تو تنک یا قانون اسلحہ کے ذریعہ یا رضا کارانہ طور پر ان اسلحہ کا استعمال بھی ممنوع یا غیر مشروع قرار دیدیا جاتا)

کیا عجب گر ہوئے بے پیر بتان کشمیر ہیں یہاں سب ہی جواں، نام کو بھی پیر نہیں

اس شعر میں ایک پر لطف مبالغہ بھی ہے اور وہاں کی آب وہوا کی تر و تازگی اور صحت بخشی سے کچھ بھی بعید نہیں کہ مدت تک انسان کو اپنی ضعیفی اور پیرانہ سالی کا احساس نہ ہوتا ہو۔

اس بے نظیر ملک کی عدیم المثال شگفتگی و صحت آوری کے بعد شاعر کی نظر وہاں کی کثرت اموات پر پڑتی ہے تو ان جلوہ ریزیوں اور قدرت کی فیاضانہ مہماں نوازیوں کے باوجود اس کا قلب بے چین ہو جاتا ہے

پر غضب ہے کہ یہاں موت چلی آتی ہے غربت امراض کو بھی ساتھ لگا لاتی ہے

اس کشاکش ذہنی و نظری کے بعد حسن کشمیر کا جادو اپنا کام پورا کر دیتا ہے۔ انسان (بشرطیکہ اس کے پہلو میں مضغۂ گوشت (دل) کی بجائے برف کی قاش نہ ہو) مسحور ہو جاتا ہے۔ سید صاحب بھی اپنی قوت متخیلہ کی ولولہ خیز و طرب انگیز ہیجان کی تاب نہ لاسکے اور ایک عالم بیخودی میں منہ سے نکل ہی گیا

ہم کو اس عالم بالا کی خبر ہے معلوم جس کی مدت سے ہے دنیا میں پڑی ایسی دھوم
بیش ازیں نیست کہ کشمیر کی ہوگی اک نقل وہ بھی دھندلی سی، پریشاں سی، مثال موہوم

تھے جو لاتعنی صنم ان کی پرستش ہوئی منع نیں کشمیر میں اصنام پرستی مذموم

کیجئے کشمیر کے بصارت افروز لیکن بصیرت سوز مناظر کے متعلق کس نے کچھ نہ کچھ نہیں دیکھا یا سنا۔ ارباب نظر جاتے ہیں، وہاں کے آبِ شفاف میں اپنی نظر کو غسل دے کر چلے آتے ہیں۔ گلچین اس طرف توجہ کرتے ہیں تو پھولوں پر حسن گلو سوز سے بقول اکبر "آنکھوں کا مزہ" حاصل کرتے ہیں خوشبوؤں اور رنگینیوں سے مشامِ جان معطر کرتے ہیں اور اپنے گھر کی راہ لیتے ہیں۔ فرطِ انبساط سے دل تو دل اُن کا دماغ بھی قوتِ متخیلہ کو معطل کر دیتا ہے اور تمام توجہات کسی ایک نقطہ پر مرکوز ہو جاتی ہیں۔ میں نے کشمیر جنت نظیر کے سیاحوں میں سے (فرلیش صاحب کے سوا) جس کسی کے متعلق پڑھا یا جس کسی کی زبانی سنا تو یہی سنا کہ انھوں نے وہاں ایسے ایسے نظر فریب اور تقویٰ شکن مناظر دیکھے ہیں کہ اب اُن کا جی چاہتا ہے کہ وہیں کے ہو رہیں، مگر وہاں کے مسلمانوں کی عسرت، اخلاقی پستی اور تعلیمی افلاس سے شاذ ہی متاثر ہوتے ہیں۔ قدرت کی وہ فیاضی جو وہاں کے شجر و حجر، کوہ و وادی کو دلآویز بنانے میں اپنی پوری مشاطگی صرف کرتی نظر آتی ہے، اُن کی نظروں کو خیرہ کر دیتی ہے مگر فلک کج رفتار کے وہ مظالم نفس پرست انسان کے وہ ستم جو وہاں کی دوشیزگان معصوم کی عصمت پر توڑے جاتے ہیں، اس کی انھیں مطلق خبر نہیں ہوتی اور اگر ہوتی بھی ہے تو وہ اُسے وہاں کی دلفریبی کی افزائش کا ایک مرجع ذریعہ تصور کرتے ہیں۔ شعرا نے نظمیں لکھی ہیں اور خوب خوب لکھی ہیں، مگر وہاں کے مناظر کی رنگینی اور بوقلمونی نے ان کے دل و دماغ کو اتنی مہلت نہیں دی کہ وہ اُن بیکس لڑکیوں کے حالِ زار پر بھی چند قطراتِ اشک بہا سکیں جو محض قوتِ لایموت کی خاطر عصمت کا سی گراں مایہ متاع اور انمول جوہر سیاحوں کی ہوس کی قربان گاہ کی نذر کر دیتی ہیں۔ اُن کا جسم اُس چار کپڑے کی قسمت پر رشک کرتا رہتا ہے جو اُن کے زیادہ خوش قسمت ہمسایوں کو نصیب ہے، کیونکہ وہ پوشش کی گرانباریوں سے کم و بیش ہمیشہ ناآشنا رہا۔ سجاد صاحب سب سے اول انھیں عبرت انگیز مناظر سے متاثر ہوتے ہیں اور اپنی نظم "کشمیر و حسنِ کشمیر" کی ابتدا یوں کرتے ہیں:

یا انھیں فخرِ حسیناں نہ بنایا ہوتا — یا انھیں جامۂ شاہانہ پہنایا ہوتا
تو نے جنت جو یہ دنیا میں بنا رکھی ہے — کاش شیطان کبھی اس میں نہ آیا ہوتا!
مملکت یہ جو ہے پریوں کی سلیمانوں کی — اہرمن نے تو یہاں دخل نہ پایا ہوتا!

اس وادی کے عفت سوز و عصمت شکن مرخ پر چار آنسو بہا لینے کے بعد کشمیر کے کسی چشمۂ رواں سے آنکھیں تر و تازہ کرتے ہیں اور پھر اس قدر اپنے تخیں گرد و پیش میں محو ہو جاتے ہیں کہ بے اختیار زبان پر یہ شوخ التجا جاری ہو جاتی ہے۔

حوضِ کوثر کے عوض "چشمۂ شاہی" ہی ملے — یہ نہیں ہوگا تو منعم سے نہیں ہونگے گلے

ہاں مگر ملتے نہ تھے برچھیوں سے یہ کچھ کم   یہ مطاعن! یہ شماتت! یہ ستم! اور یہ غم!

پانسہ پلٹتا ہے اور دنیا میں ان نحیف الجثہ، ضعیف الدماغ، مفلس اور بے علم لوگوں کی شجاعت، جرأت، فوجی نقل و حرکت، دانشوری و سیاست کے ڈنکے بجنے لگتے ہیں۔ شاعر فخر و انبساط کے مارے پھولا نہیں سماتا اور وجد میں آ کر کہتا ہے۔

دھوم ہے دھوم ہے مشرق کا دلارا اٹھا   پہلوان ایشیا کا، سب کا پیارا آ ٹھا

اس کے بعد معرکۂ جنگ کو قیامت کے زور اور غضب کی چستی کے ساتھ نظم کیا ہے۔

مائلِ جنگ ہے، بے جان ہوا جاتا ہے   مشرق کے نام پہ قربان ہوا جاتا ہے
ایک بچہ ہے اِدھر اور اُدھر خرسِ عظیم   ایک تارے کے مقابل میں ہے شیطان رجیم
ایک بجلی ہے کہ خیرہ ہے نظر عالم کی   مدعی نے ابھی تدقیقِ نظر کم کم کی
بحر و بر کانپ رہے ہیں کہ کیا ہوتا ہے   کہتے ہیں یوں کوئی مصروفِ وغا ہوتا ہے!

(زبان بھی مرثیہ کی ہے اور ہر شعر بھی یہ معلوم ہوتا ہے کہ کسی ایسے بند کی ٹیپ سے لیا گیا ہے جو تمام حضارِ مجلس کو گرما دیتی ہے اور خراجِ تحسین از خود وصول کر لیتی ہے)

آخر میں تمام اہلِ مشرق کی ترجمانی کی جاتی ہے۔

قالبِ مردۂ مشرق میں پھر آتی ہے جاں   حاسد افسردہ ہے، دشمن کے خطا ہیں اوساں
نیزیؔ! اے سببِ فخر و مباہاتِ عظیم   نیزیؔ! تو نے ہی خاموش کئے سارے لئیم

اس سلسلہ میں ایک بات البتہ اور کہہ دینی چاہیئے اور وہ یہ کہ آزادی و حب الوطنی کی لہریں گنگا جمنا میں نہیں آئیں، یہ سعادت دجلہ و فرات کو نصیب ہوئی۔ حریت اور دیش بھگتی کی یہ ہنسی ہمالیہ کی چیون چوٹیوں کے حصے میں نہ تھی بلکہ عراق کے کسی ٹیکرے یا عرب کے ریگستان کی سنہرے ریت کی قسمت میں تھی۔ وہیں سے یہ راگ الاپے گئے تھے اور اسی سرزمین سے یہ پُرجوش کلمات نکلے تھے جہاں وہ پیغمبرِ برحق پیدا ہوا۔

عرب کی زمیں جس نے ساری ہلا دی

یعنی ان تمام منظومات اور واردات قلبی کو لفظی جامہ اس زمانہ میں پہنایا گیا جب کہ سجاد صاحب "یلدرم از بغداد" لکھا کرتے تھے۔

دل کا تڑپنا بھی دیکھ لیا، جگر کی سوزش بھی دیکھی، حب الوطنی کے راگ بھی سن لئے یعنی فردوسِ گوش کی سیر کر چکے، اب چلئے جنتِ نگاہ اور لطفِ نظر کی کرشمہ سازیاں بھی ملاحظہ

اس وقت وہ جو ازجاپان کی فتح اور روسیہ (روس) کی ناکامی سے اس ایشیائیت کے شیدائی، اس مشرقیت کے فدائی پر کیف و سرور کا عالم طاری ہوا تھا۔
جس وقت کہ جاپان و روس میں جنگ ٹھنی تھی تو "ارباب بصیرت" کا یہی خیال تھا کہ مور و فیل کا مقابلہ ہے۔ اس کے علاوہ مشرقی فلسفہ اور وسط ایشیائی تصوف کی روئے جو جذبات کی پائمالی کردی تھی اور یورپ کی مادیت نے جو قلوب پر اپنا سکہ جما لیا تھا، اس کے بعد کوئی ہندوستانی بلکہ ایشیائی ایک لمحہ کے لئے بھی خیال نہ کر سکتا تھا کہ اشوک و بابر، تیمور و قاآن، فغفور و چنگیز، دارا و کیخسرو کے براعظم کا ستارہ پھر چمکے گا اور وہ چاول خور، کریہ المنظر زرد سے جزیرہ میں رہنے والے مٹھی بھر آدمیوں کی وساطت سے۔ جب اپنوں ہی اس قدر بے اعتمادی تھی تو اغیار سے کیا شکایت اگر وہ ناکارہ و ہیچمداں خیال کرتے تھے، مگر اسٹیج کا پردہ اٹھتا ہے اور مفتوح فاتح اور مغلوب غالب بن جاتا ہے۔ اس موقع پر سجاد حیدر صاحب "تبریک جاپان نیزی" کے عنوان سے ایک نظم لکھتے ہیں۔

ہاں ترقی نہ رکے ملک طلوع خاور — ساری دنیا کی ہے تعریف کا سہرا ترے سر
مشرقی عزت و حرمت کو سنبھالا تو نے — سارے عالم کو تحیر میں ہے ڈالا تو نے

اس قسم کے چند اشعار کے بعد جن سے عربی رجز کی شان پیدا ہوتی ہے۔ دشمنوں کے مطاعن کو خوبی سے نظم کیا ہے۔

کہتے تھے کچھ نہیں اب ان میں لیاقت باقی — اور تنازع للبقا کی نہیں طاقت باقی
صفحۂ ہستی سے نابید ہوا چاہتے ہیں — قعر گمنامی میں یہ جلد گرا چاہتے ہیں

یہ طعنہائے دل خراش تھے اور ایشیائیوں کے جگر جراحت آشنا، ایک طرف تو اپنی تہی مائیگی کا یہ عالم تھا اور اس پر اغیار کا زہرخند۔ یہی نہیں کہ وہ پامال و بیکس مشرقیوں کو استعاروں اور تشبیہوں میں برا بھلا کہتے ہوں۔ نہیں، اب تو وہ صاف صاف کہتے تھے (سجاد صاحب کی زبان سے سنئے کہ کیا کہتے تھے)

اب نہ جہد اور مجاہد کی تمنا رکھو — اب نہ عالم کی نہ زاہد کی تمنا رکھو
اب نہ محمود نہ چنگیز نہ اکبر ہوں گے — ہوں گے گر اب تو نپولین و سکندر ہوں گے
اب نہ کنفوشس سکیا کا زمانہ ہوگا — اب نہ فارابی و سینا کا زمانہ ہوگا

ان مطاعن سے شاعر تلملا اٹھتا ہے۔

پاس نہ آئے مرے اب نہیں اس کا دماغ — پھیلی ہی پھیلا کرے نکہتِ مشکِ تتار
میں تو سمجھتا ہوں ہی خندۂ گل زہر خند — سوگ میں ہیں سبز پوش باغ کے شب گو رہا
آنسوؤں کی ہو جھڑی آنکھ سے جبکہ لگی — واسطہ مجھ کو ہی گرد سر میں ابر بہار؟

تم کو بتاؤں میں کیا، روتا ہوں کیوں اس طرح — دل سے نکلتی ہی کیوں آہِ حزیں بار بار؟

بغداد میں اپنی غربت اور کسی ہمزبان و ہمنوا کے نہ ہونے کی شکایت یوں فرماتے ہیں۔

کس کو سناؤں بیاں اپنی حزیں داستاں — کوئی نہیں ہم نوا، کوئی نہیں ہم زباں

درد سے نا آشنا، عیش سے بآرام لوگ ایک دور افتادۂ وطن کو حزین وملول دیکھ کر ازرہِ غمخواری

"پوچھتے ہیں تیری کیوں آنکھیں ہیں یوں خونچکاں"؟

غریب الوطن اس "پرسشِ احوال" کا "منت پزیر" ہی۔ لیکن اپنے نالۂ دل خراش اور آہِ نارسا کی توجیہ اس سے زیادہ تفصیل کرنے سے معذوری ظاہر کرتا ہی کہ

ہو گیا خاموش آہ بلبلِ ہندوستاں!

اور کہے بھی تو کیا:

نغمۂ بلبل بہت، مینا کی قلقل بہت — غیر کی پر انجمن، غیر ہی کا بوستاں

الغرض اس مرثیہ میں کم وبیش پچیس اشعار ہیں جن سے اس خلوص ومحبت کا پتا لگتا ہی جو سید صاحب کو داغ سے تھی۔

سجاد صاحب کی نہ تو شبیر کی مداحی میں ساتویں پشت گزری ہی اور نہ شاعری ذریعۂ عزت ہے بلکہ

نہ اس کے لئے ہیں نہ اُس کے لئے — نہ اشعار ہیں یہ صلہ کے لئے (اکبر)

بلکہ ایامِ جوانی میں جب ولولہ انگیز ملکی وقومی اور نیز قلبی جذبات مردہ نہیں ہوئے تھے، کبھی کبھی جب دل عمیق تاثرات سے متہیج ہوتا یا مستقبل منور نظر آتا تو کبھی مرثیہ کی شکل میں، کبھی رجز خوانی کی حیثیت سے اور گاہ ترجمانیِ جذبات و مترجمِ حیات کا فرض پورا کرنے کے لئے اُن کے طوفانِ قلبی اور طبعِ موزوں میں تصادم ہو جاتا اور اس جنگِ زرگری کا ماحصل کچھ جگر پارے (جواہر ریزے) شیخ عبدالقادر کے مخزن میں جمع ہو جاتے۔ ہندوستان کے دو مایۂ ناز اور سرمایۂ صد افتخار شعراء (امیر و داغ) کے ماتم میں آپ نے سجاد حیدر کو سوگوار دیکھ لیا۔ آیئے اب آپ کو دکھلائیں کہ جب سید صاحب کا دل زندہ کہ ؎ زندگانی عبادت ہی جس کے جینے سے، مردہ نہ ہوا تھا:

سرد بازارِ خوبرویاں ہے ۔ اب وہ تعریفِ خد و خال کہاں

ان نقصانات کو گنانے کے بعد کس پُر درد طریقے سے فرماتے ہیں :

گوش کن اے فدا فغانِ سخن ۔ دل خراش ست داستانِ سخن

پانچواں بند اس قابل ہے کہ میرا جی چاہتا ہے پورا نقل کر دوں ۔ اس سے یہ اندازہ بھی ہو جائیگا کہ ایک ہی بحث پر اور ایک ہی سلسلۂ تخیل میں دس شعر بھی اگر سید صاحب نکالتے ہیں، تب بھی اپنی خصوصیاتِ شعری کو برقرار رکھتے ہیں۔

کون کہتا ہے، ہے سخن باقی ۔ ہے زباں بند اور دہن باقی
آج بے جاں پڑا ہے جسمِ کلام ۔ سر نہیں، گو ابھی ہے تن باقی
جب وہ ساقی نہیں رہا ہم میں ۔ کیوں ہے رندوں کی انجمن باقی؟
جب نواسنج عندلیب نہیں ۔ کیوں ہے آرائشِ چمن باقی؟
ایک سلیمانِ ملکِ شعر نہیں ۔ ہے بھی کوئی تو اہرمن باقی
اس کے دم تک تھا شعر کا چرچہ ۔ اب کہاں ذوقِ علم و فن باقی
کس پہ اہلِ وطن کرینگے ناز ۔ اب نہیں نازشِ وطن باقی
کیسا مہماں نواز ہے تو بھی ۔ زندہ رکھا نہ اے دکن، باقی!
اس کے مرتے ہی ہوگئے سب گنگ ۔ کیوں ہے سجاد نعرہ زن باقی

اس کا مرنا جہاں کا مرنا ہے
اور اردو زباں کا مرنا ہے

تم نے دیکھا کہ ان چند سیدھے سادے بندوں میں سید صاحب نے جن کی حیثیت دنیائے شاعری میں محض ایک طفلِ ابجد خواں کی ہے، صرف اپنے ذوقِ سلیم اور دلِ درد آشنا کی استعانت سے اپنے پُرسوز جذبات کے کیسے پاکیزہ نمونے پیش کئے۔

امیر کا غم ابھی تازہ تھا کہ خاکِ پاکِ دہلی کا آخری چشم و چراغ بھی دکن کی بادِ صرصر سے بجھ گیا وہ کون سلیم المذاق ادیب یا شاعر ہوگا جو اس سانحۂ روح فرسا سے تلملا نہ اُٹھا ہوگا۔ مگر دیکھئے کہ رضِ عراق کا ایک دہنگامی وعارضی) بادیہ نشیں شاہ دکن کے اُستاد کی موت پر کس سوز و گداز سے آنسو بہاتا ہے۔

مجھ کو مسرت نہیں گر ہے ہوا مشکبار ۔ مجھ کو غرض ؟ ہے اگر چار طرف لالہ زار

وتصانع کا اعادہ ہے، آن خودساختہ، غیر ضروری قیود کی پابندی، ان گرانباریوں سے سجاد حیدر صاحب کا توسن خیال آزاد ہے۔ وہ صرف ایک کیرکٹر کو پیش کرنا چاہتے ہیں اور آپ خود انصاف کر سکتے ہیں کہ اس مقصد کو انہوں نے کس خوبی سے پورا کیا ہے۔

ابھی حضرت یلدرم کا زمانہ طالب علمی ختم نہ ہوا تھا اور ہندوستان کا مایۂ ناز ادیب اس وقت تک "انجمن آردوے معلیٰ" کا صرف ناظم اعزازی تھا کہ "بلبلِ ہندوستان کا ہم سفیر" خلد آشیاں والیِ رامپور نواب کلب علیخاں کا استاد، یعنی منشی امیر احمد مینائی اس دنیا سے چل بسا اور اپنے معرفین اور مداحوں کے دلوں پر ایسا کاری زخم لگا گیا کہ ہر سمت سے نوحہ خوانی کی آوازیں بلند ہونے لگیں اور وہ علی گڑھ جسے اُردو کے حقِ خدمت سے غافل اور علمی اور عملی جمود کا گہوارہ سمجھا جاتا ہے اس زمانہ میں اس حادثۂ جانکاہ سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکا۔ ایک مرثیہ مولانا حسرت موہانی نے لکھا اور دوسرا سید سجاد حیدر صاحب نے۔

کس قدر سادگی کے ساتھ اور کس بے معنی تمہید کے بغیر آپ لکھتے ہیں:-

وہ تقدس مآب ہم میں نہیں — مرجعِ شیخ و شاب ہم میں نہیں
رابطہ جس کو روحِ قدس تھا — وہ ملائک مآب ہم میں نہیں
جو سپہرِ سخن پہ تھا تاباں — آج وہ آفتاب ہم میں نہیں
جس کے نشہ سے مست تھا ہر ایک — وہ مئے تند و ناب ہم میں نہیں

ہر ایک مصرع بلکہ ہر ہر حرف اثر میں ڈوبا ہوا ہے اور "ز دل خیزد۔ بہ دل ریزد" کی تصویر ہے۔

دوسرے بند میں ایک دوسری شان کا ظہور ہے۔

لوگ کہتے ہیں کون شاعر ہے؟ — آج ہم کس کا نام بتلائیں!
ہم کو تحقیقِ لفظ ہے منظور — کس طرف اس کے واسطے جائیں
دل یہ کہتا ہے مرگئی اردو — کس طریقہ سے دل کو سمجھائیں

ان پر حسرت استفہامیہ اشعار کے بعد کس قیامت کی سادگی اور بھولے پن میں کہتے ہیں۔

ہم نہیں مانتے ہمارا امیر — حیدرآباد والے دے جائیں

چوتھے بند میں اس سانحۂ عظیم سے جو تباہ کن نتائج مرتب ہوئے ہیں پیش کئے جاتے ہیں۔

ساتھ اس کے گیا تخیل بھی — "اب وہ رعنائی خیال کہاں؟"

کورنش، مجرا، بندگی، آداب — سب کی یاں ہو گئی ہے مٹی خراب
ان کے بدلے ہے بس سلام علیک — گویا ڈھیلا سا کھینچ مارا ایک

خدا کی شان ہے وہی حضرات جو علی گڑھ والوں کو نیچری، مرتد اور ایک حد تک دائرہ اسلام سے خارج سمجھتے تھے، تسبیح کے دانے تھے اور ان کی سخت سخت انگلیاں، جبین نیاز اور جائے نماز کو ہمیشہ یکجا رکھتے تھے وہی شعار اسلامی کے اس عالمگیر اصول کو تقریباً ترک کر چکے تھے، علی گڑھ، سید احمد خانی علی گڑھ، نیچری علی گڑھ، انگریزیت پناہ علی گڑھ نے دوبارہ اس کی احیاء کی اور "السلام علیکم" کو بجائے ان مستعمل بے روح رسمیات کے نئے سرے سے رواج دیا اس کے علاوہ پرانے تمدن کے دلدادہ حضرات نے یہاں تک گوشہ نشینی اختیار کی کہ اپنی تمام تفنن و تفریح کی جولانگاہ کو قالین و گاؤ تکیہ کی سرحد تک محدود کر دیا، علی گڑھ نے جسمانی ورزش اور دماغی تربیت کو لازم ملزوم قرار دیا چنانچہ مرزا پھویا کا نرم و نازک بدن اس ریاضت جسمانی کی تاب نہ لا سکا اور مرزا چیخ اٹھے کہ:

گیند بلا، سواری اور فٹ بال — یہ یہاں کے ہیں کھیل یہ اشغال

. . . .

صبح تڑکے ڈرل کراتے ہیں — ایسے بے رحم ہیں تھکاتے ہیں
جو قواعد کراتے ہیں سب کو — کیا دعا دوں میں ایسے بدڈھب کو

لطف زبان، تسلسل خیال اور اس پر دونوں تہذیبوں کی کس قدر تمیز تفریق کی ہے کہ ان نو گرفتار مصیبت کا نقشہ آنکھوں میں پھر جاتا ہے۔

مثنوی کے آخر میں خاتمہ کلام مرزا صاحب کی نئی ضروریات کی فہرست پر ہوتا ہے

یاں کی آزادی ہے بہت محدود — شہر جانا بھی ہو گیا مسدود
اس لئے عرض ہے کہ یہ چیزیں — لکھنؤ سے روانہ آپ کریں
ایک ڈبیا دیا سلائی کی — پوڑیا اک نیلی روشنائی کی
ایک برش جوتہ صاف کرنے کا — اور برہانکو بھی ساتھ تھوڑا سا
بوٹ کے لیس کی ضرورت ہے — اور موزے بھی چند اچھے سے
دو گھڑے اک صراحی پیالے چار — اور ممکن ہو گر تو تھوڑا اچار

ضروریات زندگی کی یہ مختصر فہرست دعا و سلام پر ختم ہو جاتی ہے۔ اس مثنوی میں غیر متعلق پند

یہاں پر وہ کیفیت دکھائی ہے جو کسی بچے کو پہلے پہل گھر سے بلکہ اپنے متعلقین سے جدا کرتے وقت بالخصوص ماں اور عموماً صنفِ نازک کے دیگر رشتہ داروں پر طاری ہوتی ہے۔ اب وہ منظر ملاحظہ کیجئے جب کہ مرزا صاحب کالج کی راہ لینے اور اپنے مولد و منشا کو خیرباد کہنے کے لئے آخری رسومات ادا کرتے ہیں۔ یعنی۔

شور و شیون تمام کرنے کو ۔ گھر میں آئے سلام کرنے کو
ان کے آتے ہی مچ گیا کہرام ۔ روتا تھا ایک ایک ان کو تھام
خالہ اماں، ممانی، بھابھی جان ۔ اپنے مرزا پہ سب ہوئیں قربان
آپا جانی نے بھی بلائیں لیں ۔ سب نے مل مل کے یہ دعائیں دیں

یا الٰہی یہ خیریت سے پھرے
اور دشمن پہ اس کے بجلی گرے

اب مرزا علی گڑھ پہونچتے ہیں اور ایک ہفتہ رہنے کے باوجود ان کی حالت یہ ہے کہ

آہ برلب درونِ سینہ فغاں

چنانچہ آخر کار

ایک عریضہ کی یوں بنا ڈالی ۔ قبلہ ام مدظلہ العالی

بھونڑے میں تمامی عمر گزارنے کے بعد علی گڑھ کی دنیا میں قدم رکھا تو انھیں ہر چیز اجنبی اور عجیب معلوم ہوتی ہے حتیٰ کہ:۔

جنس ہر اک نئی دکان نئی ۔ اور تو اور ہے زبان نئی
"ایک دال" "ایک گوشت" کہتے ہیں ۔ جانے کس دیس میں یہ رہتے ہیں

اس "ایک دال" اور "ایک گوشت" کا لطف صرف علی گڑھ ہی والے اٹھا سکتے ہیں جہاں ایک طرف خلوے معدہ کی شکایت اور بھوک کی شدت ہوتی ہے اور دوسری جانب ڈائننگ ہال کا وہ استغنا اور تعجیل کاری سے اصولی اور روایتی تنفر جو "طعام کا سنکھ" پھونکنے نہیں دیتا۔ اس وقت کا نظارہ صرف محسوس کرنے اور یہ نہیں تو دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے۔ بیان سے اس کو مناسبت نہیں ہے۔ اس سے آگے چل کر کہتے ہیں۔

بوتنعم کی ہو ذرا سی بھی ۔ اس کو کہتے ہیں یاں یہ عیاشی

آج تک آپ نے کلام منظوم کا پتا آپ نے نہ بتایا۔ مجبوراً اتنے ہی پر اکتفا کرتا ہوں جو میسی تک دو دو اور ایک دوست عزیز کی خوش مذاقی کی بدولت مہیا ہو گیا۔

زمانۂ طالب علمی میں ایک صاحبزادے پہلے پہل اپنے گھر سے رخصت ہو کر علی گڑھ پہونچتے ہیں۔ چہیرے صاحب اہل و عیال ہیں گویا ماں باپ کے سایہ اور ناز و نعم میں پرورش پائی ہے۔ دنیا اور اس کے مکروہات سے بالکل بے خبر ہیں۔ کالج میں پہونچے تو گویا "بیضہ آسا تنگ بال پر پیچ قفس" سے رہائی پاکر "از سرِ نو زندگی حاصل کی۔ حرکات و سکنات سے حیرانی و توحش ٹپکی پڑتی ہے۔ علی گڑھ میں ان صاحبزادے کے نزولِ اجلال نے "مرزا پھویا علی گڑھ کالج میں" کی ادبی پھلجڑی فروزاں کی۔ اس آتش بازی کی کچھ ٹوٹے ہوئے شرارے نذرِ ناظرین ہیں:۔

ہو وطن سے کبھی جدا نہ کوئی	گھر سے بے گھر ہوئے خدا نہ کوئی
وہ وطن وہ بہنا نہیں جاتا	رنج فرقت کہا نہیں جاتا
یاد احباب کی جو آتی ہے	دل میں اک درد سا اٹھاتی ہے
بی بی بچوں کا آگیا گر دھیان	سینہ کوبی سے ہو گئے ہلکان

ان تمہیدی اشعار کے بعد مرزا پھویا کو روشناس کرایا جاتا ہے۔

ایک صاحب اودھ میں رہتے تھے	مرزا پھویا سب ان کو کہتے تھے
گھر سے نکلے نہ تھے تمامی عمر	ساری پھوڑے ہی میں گزاری عمر
رات دن کھیلتے گر پھرتے	سارے گھر والے "بچہ" کہتے تھے

اس طرح ان کے اوائل عمر کے حالات کا نقشہ کھینچنے کے بعد اصل واقعہ کی طرف کس بےساختگی سے آتے ہیں۔

چین تھا دن کو لطف راتوں میں	وقت کٹتا تھا یونہی باتوں میں
کہ فلک ہو گیا خلل انداز	تجھ سے سمجھے خدا ارے دغاباز!

نواب محسن الملک کا زمانہ تھا۔ وہ اکثر دورہ پر نکلتے اور کالج کے چندے کے ساتھ ساتھ امرا و شرفا کو ترغیب تعلیم بھی دیتے تھے۔ مرزا پھویا کی شامت کہ ان کے والد ماجد جو "مشرقی تمدن کے آخری نمونہ" تھے نئی تہذیب اور انگریزی تعلیم کے نام سے کانوں پر ہاتھ دھرتے اس لکچر میں جا پہنچے اور اس قدر متاثر ہوئے کہ دوسرے روز مرزا کو علی گڑھ کی تیاری کا حکم دے دیا مگر

اس ارادہ کو جب کہا گھر میں	پڑ گیا رونا پیٹنا گھر میں

تھی تو شاید میں بھی ملک کے اس طبقہ کو سجاد صاحب کی اس حیثیت سے روشناس نہ کرا سکتا جو
ان علمی ذخائر کے یکجا نہ ہونے سے روشن نہیں ہے۔

عہدِ طفولیت کے متعلق مبالغہ آمیز حکایات و روایات جو وثوق کے ساتھ پیش کی جاتی ہیں
ہر شاعر یا ادیب کی سیرت کا سرمایہ ہوتی ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ سوائے غیر معمولی عقیدت رکھنے
والوں کے عام لوگوں کے لئے وہ ملول داستان بے سود و بے مزہ ہوتی ہے اور جی چاہتا ہے کہ اس
حصہ مضمون سے جلد جلد گزر کر اس مقام پر پہنچ جائیں جہاں سے نقد و تبصرہ شروع ہوتا ہے۔ لہذا
میں بھی اس حصہ کو قلم انداز کرتا ہوں۔ شاعری کا ذوق سب کو تسلیم ہے کہ فطری ہوتا ہے۔ اسی طرح
سجاد حیدر صاحب جن کو قسام ازل کے دربار سے حسیاتِ لطیف۔ دلِ دردمند اور چشمِ بصیرت
کے عطیاتِ گرانمایہ نصیب ہوئے ہیں "فطری شاعر" ہیں خواہ ان کے خیال آفرینی کا جولانگاہ
نثر کا میدان ہو یا زمین نظم۔

اسکول کا حال نہیں معلوم مگر جب کالج میں پہونچے تو سید حسرت موہانی۔ مولانا محمد علی۔ سید
محفوظ علی ایسے رفقا اور علامہ شبلی ایسے استاد کی صحبت میسر آئی۔ جوہرِ قابل کو چار چاند لگ گئے
رفتہ رفتہ کالج کے ممتاز شعرا میں شمار ہونے لگا۔ جب کوئی کالج یا ملک سے عارضی یا دائمی طور پر
رخصت ہوتا تو سجاد حیدر کا دلِ دردمند نوحہ خوانی کرتا۔ خود روتا دوسروں کو رلاتا۔ جب
کبھی دار السرور علی گڑھ میں کوئی سادہ لوح "شئے لطیف" سے عاری داخل ہوتا تو وہی سجاد حیدر
کشمیر علی گڑھ کو کشتِ زعفران زار بنا دیتا۔ اور ایک شوخ و شنگ انداز میں اس عجیب و غریب ہستی
کا خیر مقدم کر کے اس کی یاد کو آنے والی نسلوں کے لئے محفوظ کر دیتا۔ تھوڑے دنوں میں وہ پیغام
آ گیا جو تعلیم سے فراغت کے بعد اکثروں کو "رہینِ ستمہائے روزگار" اور حیدر کو مصروفِ عیش
کر دیتا ہے۔ یعنی آپ سفارت خانہ بغداد سے متعلق ہو کر ہندوستان سے باہر تشریف لے گئے، مگر
اتنے دور ہونے کے باوجود اس غریب الدیار سے ہندوستان کی یاد فراموش نہ ہو سکی۔ داغ کے
انتقال پر نالۂ دلدوز وہیں سے کھینچا اور کشمیر کی دل آویزی کی پرسوز داد بھی اسی جگہ سے
دی گئی۔

اب تمہیدی فقرات سے رخصت ہو کر میں سجاد حیدر صاحب کے اس کارنامہ کی یاد تازہ
کراتا ہوں جس کی اشاعت سے آپ نہ صرف اب تک محترز رہے ہیں بلکہ اس کی طرف توجہ
کرنے والے کی راہ میں رکاوٹیں پیدا کرنے سے بھی دریغ نہیں فرمایا چنانچہ باوجود اصرار شدید

سید سجاد حیدر صاحب (یلدرم) بحیثیت ملک کے بہترین نثر نگار کے محتاجِ تعارف نہیں۔ ادبی دنیا ان کے جواہر ریزوں سے اپنے دامنِ تہی کو مالا مال کر چکی ہے۔ "خیالستان" عالمِ خیال میں ایک محشر انقلاب برپا کر چکی ہے۔ زہرا کی طلعت ریزیاں ناول بین طبقے کے دماغوں کو منور کر چکی ہیں۔ ثالث بالخیر کے جادو نگار کیرکٹر اور سلاست زبان کی شیرینی سے ہزاروں کام و دہن لذت یاب ہو چکے ہیں۔ لیکن آج کتنوں کو علم ہوگا کہ جس ادیب نثر نگار کی گلکاریاں صفحاتِ جمیل کو نگار خانۂ چین بنا چکی ہیں وہ مملکتِ نظم میں بھی ایک عرصے تک حکومت کر چکا ہے۔ اب جب کہ اس شہسوار نے، اس چلبلے سپاہی نے اپنی زرہ اور نیزہ قلم کو اپنے ڈمانگ روم کی آرائش کے لئے وقف کر دیا ہے، کسے معلوم ہے کہ وہ کارزارِ نثر میں بے محابا رعنائی کے ساتھ فرس رانی کرنے کے ساتھ ساتھ نظم کے مرصع دیوان میں ایک دلآویز پیکرِ نزاکت و لطافت کی صورت میں اپنے وجود کو پیش کر چکا ہے۔

سید صاحب کو شہرت طلبی اور نمود و ظاہر داری سے جو بغض ہے اور اس کے ساتھ عامۃ الناس جس بد مذاقی میں مبتلا ہیں اس کا تقاضا تو یہ ہونا چاہیئے تھا کہ ادبِ لطیف کے وہ لعلِ بدخشانی جو خیالستان وغیرہ کی صورت میں جلوہ پاش ہیں، قعرِ گمنامی میں روپوش ہو چکے ہوتے لیکن مالکانِ مطابع کی قدردانی اور اس سے زیادہ کسبِ زر اور طلبِ منفعت نے ان نغموں کو خاموش نہ ہونے دیا اور داغہائے سینہ کو تازہ رکھنے کے لئے اس دفترِ پارینہ سے دعوت دیتے رہتے ہیں۔ مگر منظومات کے اوراقِ پریشان گمنامی کے نقاب سے پرتو فگن نہ ہو سکے۔ اور اب ۱۹۲۲ء میں نوجوان رسائل بیں حضرات کو یہ بھی علم نہیں کہ اس تصویر کے دو رخ ہیں اور یہ کہ وہ قلم جو نثر کے کھلے ہوئے میدان میں عشوہ طرازیاں کر سکتا ہے وہ نظم کی محدود زمین میں بھی گل کھلا سکتا ہے۔

یہی نہیں کہ سجاد حیدر صاحب نے خود کبھی اس طرف توجہ نہیں فرمائی بلکہ ستم تو یہ ہے کہ دوسروں پر بھی یہ تاکید ہے "کہنا نہ کسی سے" اگر اس مخوف و تہدید آمیز گفتگو کو نظر انداز کر دینے کی جسارت مجھ میں بھی نہ ہوتی جو ابھی پچھلے دنوں نصیر الدین حیدر صاحب کے دولت کدہ پر سید صاحب سے ہوئی

غزل

سب کا اک محشر جدا ہی، میرا اک محشر جدا

جوشِ دردِ دل جدا ہی، جوشِ چشمِ تر جدا — اک تلاطم ہی بپا، اندر جدا، باہر جدا
کیفِ حسن و عشق میں جو تھا وہ بیخود ہو گیا — میں جدا، ساقی جدا، بادہ جدا، ساغر جدا
پیشِ داور پائے قاتل پر تڑپتا ہوں پڑا — سب کا اک محشر جدا ہی، میرا اک محشر جدا
گاہ وقفِ یاس ہوں، گاہ محوِ آرزو — اِس کا کچھ منظر جدا ہی، اُس کا کچھ منظر جدا
رہروِ راہِ محبت وائے ناکامی تری! — گم شدہ منزل جدا، بھٹکا ہوا رہبر جدا
اے وفورِ ضعف! کروٹ تو بدلوا دے ذرا — سوزِ غم سے جل اُٹھا، پہلو جدا بستر جدا
لغزشِ مستانۂ ساقی جدا بیتاب کن — دستِ رعشہ دار میں چھلکا ہوا ساغر جدا

کس درجہ جنوں خیز ہی پیمانِ تمنا — مجبورِ تمنا ہی پشیمانِ تمنا
تیری نگہِ ناز ہی شاید نہ تمہیں ہو — اک تیر ہی پیوستِ رگِ جانِ تمنا
دل تھا یوں ہی اک شعلۂ بیتابِ محبت — پھر اُس پہ یہ پیہم جنبشِ دامانِ تمنا
اے بیخودیِ یاس، نہ مٹ جائے کہیں آہ — یہ اک خلشِ درد جو ہی جانِ تمنا
دل ضبط پہ مجبور ہی، اُف پاسِ وفا سے — اور اُس میں کھٹکتا ہوا پیکانِ تمنا
پُردرد بہت ہی تری آشفتہ بیانی — خاموش بس اے سوختہ سامانِ تمنا

عبدالحی صدیقی (علیگ)

سرور صاحب اس نظارے کی اثر دیزی سے مرعوب ہوگئے لیکن تھوڑی دیر میں مرعوبیت کافور تھی اور وہ ایک عالم تاثر میں خدا جانے کیا کچھ حیات و ممات کے دقیق لاینحل عقدے جو میری یاد سے محو ہوگئے، بیان کر رہے تھے، یہی خیال گزرتا تھا کہ ایک فلسفی بلند آہنگی سے سوچ رہا ہے، اُن کی نظر پانی میں سورج کے عکس پر تھی، سورج ڈوب گیا، تھوڑی دیر میں یہ معلوم ہونے لگا کہ شام گزرے ہوئے دن کا خواب دیکھ رہی ہے لیکن وہ برابر پانی کی سطح پر ایک عمیق انجذاب کے ساتھ نظر جمائے رہے، اُن کی نگاہ میں ایک عجیب جاذبیت تھی، یہ محسوس ہوتا تھا کہ شام کے سناٹے اور پھیلتی ہوئی تاریکی میں وہ رازِ کائنات پانی کی تہ سے کھود کھود کے نکالنا چاہتے ہیں، میں مبہوت بت کھڑا تھا کہ لیتے ہیں اُن کے "لاحول ولا قوۃ، کہاں سے کہاں پہنچ گیا!" نے انھیں عالم خیال کی بلندیوں سے دنیائے واقعیت پر کھینچ بلایا اور مجھے اپنے تئیں لاکر سونپ دیا، معاً میر کا یہ شعر میری زبان پر جاری ہوگیا۔

سرسری تم جہان سے گزرے
ورنہ ہر جا جہانِ دیگر تھا!

اور دیر تک دل ہی دل میں "جہانِ دیگر" کی وسیع المعنی ترکیب پر غور کرتا رہا، اس جہانِ دیگر میں عالم نقش و نگار اور حیات کی ایک دنیا پوشیدہ ہے۔

منظور

غزل

ازل سے ہی دلِ مشتاق ہے نشانۂ عشق
سرِ نیاز مرا وقفِ آستانۂ عشق

ملے گدائی ترے در کی پر نصیب سے تجھے
الٰہی، مجھ سے ہو کیونکر ادا دوگانۂ عشق

بنائے دستِ حقیقی نے ربط باہم سے
مری جبینِ نیاز اور آستانۂ عشق

امید و بیم کی لاکھوں ہیں کشمکش دل میں
دلِ حزیں ہے مرا یا نگار خانۂ عشق

میں مبتلائے الم ہوں مجھے ہی کیا بیخود
کھلا رہے گا کھلا یہ شراب خانۂ عشق

سوائی و آلودگی سمجھتا ہوں، یہی نہیں، میں اُن لوگوں کی لطافتِ طبع اور نزاکتِ احساس کے
علق سنجیدہ شکوک و شبہات رکھتا ہوں جو بعض دفعہ اس قسم کے جذبات سے مغلوب نہیں ہو جاتے
ن کو وہ بظاہر نہ کسی مادی وجہ سے منسوب کر سکیں اور نہ لفظی کی صورت دے سکیں۔ میں ایک نام
بے دلی، بے زاری محسوس کرتا (کون ہے جس کی زندگی میں اس قسم کی بے اطمینانی رو نما نہیں ہوتی؟
اگر کوئی ہو تو اسے کہدو، کہ اس کی برودتِ انجماد موت سے بدتر ہے) یوں کہ میں

آئینہ مشرب ہوں، رازا پنا چھپا سکتا نہیں

لیکن غم شکن پیشانی بنے بغیر نہیں رہتی، سرور صاحب مجھے افسردہ دیکھتے اور تہدید آمیز تحکمانہ انداز
ں اس افسردگی کی وجہ دریافت فرماتے، میں اُن کی "دو اور دو چار" والی حمیت پسندی (یا دوش
تخیر) کو کس طرح تشفی دے سکتا تھا؟ میں کہتا

کیا جانئے کہ کیا ہے!

وہ اسے جذبات آفرینی سمجھتے اور منغض ہو کر قولِ فیصل کے انداز سے یہ فیصلہ صادر فرماتے کہ میرا تخیل
میرے دل و دماغ کی حالتوں کا ذمہ دار ہے (میں حیران ہوں کیا تخیل کے علاوہ کوئی اور چیز بھی انسان
کی ذہنی حالتوں کی ذمہ دار ہو سکتی ہے) اُن کی ہمہ گیر ہمہ داں آنکھوں سے رحم و تاسف کے
جذبے پیرتی ہوئی نگاہیں بن بن کے نکلتے، میں دل میں کہتا کہ ایک دوسرے کے متعلق شدید
غلط فہمیوں کے باوجود ہماری مردم شناسی و معاملہ فہمی کی لن ترانیاں کس قدر مسخر انگیز ہوتی ہیں!
ایک دن میں اور میرے فاضل دوست ایک تالاب کے کنارے کھڑے تھے، ڈوبنے سے چند
لمحے پہلے شام کے اداس دھندلکے میں سورج کا شہابی چہرہ غالب کی شاندار تمثیل

اک نگارِ آتشیں رُخ سر کھلا

کا مصداق بنا ہوا تھا، گرد و پیش ایک پر اسرار۔ چپ چاپ مسلط تھی، قدرت مراقبۂ تعمق میں
ڈوبی ہوئی تھی، گویا۔

فطرتِ نظارۂ امکاں سراپا درد ہے
اور خاموشی لبِ ہستی پہ آہِ سرد ہے!

ایسا معلوم ہوتا تھا کہ دم توڑنے سے قبل سورج غور و فکر کی الجھنوں میں غلطاں و پیچاں ہو کر
جیسے دل ہی دل میں اپنی دن بھر کی زندگی کا جائزہ لے رہا ہے، چہرہ تمتمایا ہوا تھا لیکن یہ سرخی
حیات نہ تھی بلکہ دمِ نزع کی اندرونی کشمکش کا بیرونی اچٹتا ہوا عکس! کچھ دیر کے لئے تو

اگر مجھ میں قدرت ہوتی کہ مناظر اور اُن کے متعلق اپنے جذبات کو حقیقت اور لطافت کی معیت میں الفاظ میں جلوہ گر کر سکتا تو میں ضرور بتا تا کہ کوئی میری اس سریع قوت انتقال کو دیکھے، مجھے یہ ہے اگر میرے پاس شاعرانہ الفاظ ہوتے اور حسن نظر تو میں بھی ورڈزورتھ، وایئن، کیٹس، و فاآنی کی کی طرح قدرت کی نقاشی کرتا، شام کے بادلوں کی سنہری جھالروں میں جو خیالات خوابیدہ ہیں انھیں بیدار کرتا، ٹمٹماتے ہوئے تاروں کی ڈبڈبائی ہوئی آنکھوں میں کرب و الم کا جو طوفان متلاطم ہے اسکی ترجمانی کرتا، لیکن قدرت کی عریاں نظارگی پر میرا درماندہ تخیل پژمردہ ہو کر اپنی پتیاں اس طرح سمیٹ لیتا ہے جیسے صبح بہاراں کے آفتاب سے متاثر ہو کر بنفشہ کا پھول، میں فی البدیہہ سوچنے اور اپنے خیالات کو مجتمع کرنے کی قوت سے معذور ہوں۔

میرے دوست خواجہ سرور حسن، شدید قوتِ احساس اور حیرت ناک قوتِ بیان دونوں سے متصف ہیں، مجھے اکثر دیکھنے کا اتفاق ہوا ہے کہ کسی خاص منظر میں اُن کی نظر کھوئی ہوئی ہے اور زبان برابر جو آنکھ دیکھتی ہے اُسے مناسب موقع اور موثر الفاظ میں منتقل کرنے میں مصروف ہے، میں کسی چیز کو دیکھ کر سوچتا بھی ہوں تو خالی سے انداز سے، خیالات کو سلجھانے اور ترتیب دینے کی کبھی کوشش نہیں کرتا، سوچتے سوچتے جی اکتا گیا اور خیالات رنجیدہ ہوئے تو اپنی اداسی اور مایوسی کو ایک گہری آہ میں اور مسرور ہوئے تو ہلکی سی مسکراہٹ کے عمق میں دفن کر دیتا ہوں، سرور صاحب کا ذہنی شعلہ اس سے مختلف ہے، وہ جب تک ایک خیال کو سادہ قابل فہم مادی شکل نہیں دے لیتے اُس کا پیچھا نہیں چھوڑتے، میں اُن سے بارہا کہتا کہ بہت سی دماغی حالتوں کے تسمیہ و بیان سے نفسیات عاجز ہے، وہ ہمیشہ جواب دیتے کہ کوئی نازک سے نازک ذہنی کیفیت ایسی نہیں جو بیان نہ کی جا سکتی ہو، کاش انھیں علم ہوتا کہ فطرتِ انسانی بیچے تلے قاعدوں کی پابند نہیں بلکہ ان قاعدوں تک رہنمائی کرتی ہے، علم النفس کے نظریوں کے شکنجوں سے جذبات بے نیاز اور آزاد ہیں، نفسیات کی حیثیت فطرت کے نقاد اور ترجمان کی ہے مقنن کی نہیں اور یہ میری رائے میں نفسیات اس تنقید و ترجمانی کو کماحقہ انجام دینے سے ہمیشہ قاصر رہی ہے، لیکن سرور صاحب کے نزدیک یہ شعبۂ علم انسان کے جملہ محسوسات و موثرات پر حاوی ہے، میرے دل میں ایسی صراحت پسندی و موشگافی کی مطلق عظمت نہیں جو ہر رائے، ہر جذبے، ہر عقیدے کو لفظوں میں جکڑنے کی دھن میں رہے، جس طرح بعض چیزوں کا تخیل اُن کے تجربے سے زیادہ خوشگوار ہوتا ہے اسی طرح بعض کا احساس اُن کے اظہار سے زیادہ پُر رمز لطافت رکھتا ہے، میں اظہار کو بعض صورتوں میں احساس کی

میرے مبہم خیالات دماغ کی سطح پر اسی نزاکت و رعنائی سے تیریں جس طرح گلاب کا پھول نسیم سحر کے زیر اثر لہلہاتا ہے، میں نہیں چاہتا کہ انھیں بحث و مناظرہ کے کانٹوں سے مجروح کروں، گلاب اور ستارہ کا مشاہدہ میرے دل کو حسن و حسین چیزوں کی آرزو سے گدگداتا ہے، ایک آتشیں سیل جذبات دل کی گہرائیوں میں ہیجان پیدا کرتا ہے اور بھڑک بھڑک کر جلنے یا جلانے، کسی کو اپنا کر رکھنے یا کسی کا ہو رہنے کی مضطرب تمنا سے بے قراری بپا کرتا ہے، دل کے کسی عمیق مخفی گوشے میں ایک نوزائیدہ، بے نام تڑپ مجھے اضطراری خود فراموشی کے ساتھ الفت کے گہرے پانیوں میں کود پڑنے کی دعوت دیتی ہے بربط دل کی لرزشوں کو متشکل موسیقی میں جلوہ گر دیکھنے کی آرزو میری روح میں تھرتھری پیدا کر دیتی ہے، یہ چنگاری مشتعل ہو ہو کے آن کی آن میں میرے ہذیان پرستی کو سوز و التہاب کی بیتاب محبت لمعہ پاشیوں سے محصور کر دیتی ہے، میرے دل و دماغ پر ایک سلگتی ہوئی خوابی کیفیت مستولی ہو جاتی ہے۔ اب اگر کوئی مجھ سے وجہ طلب کر بیٹھے کہ میں نے آتشیں گلاب یا آسمانی آنسو کی تھرتھراہٹ میں کیا دیکھا کہ میرے رکے ہوئے جذبات آتش سیال بن کر بہ نکلنے پر آمادہ ہو گئے، تو مجھ سے کیا جواب بن پڑے ؟ اسی طرح کوئی بھینی بھینی خوشبو مجھے مست کر دیتی ہے، ممکن ہے وہ کسی دوسرے شخص کے مشام کو وہ فرحت نہ بخشے، بادل کے ایک ٹکڑے کی بوقلموں رنگینی مجھے مخمور کر دیتی ہے، اب میں کیونکر بتاؤں کہ ایک خاص ساعت میں ایک خاص قسم کا احساس میرے دل میں ان مرئی مناظر کو دیکھ کر اور غیر مرئی عناصر کو محسوس کر کے کیوں پیدا ہوتا ہے ؟ میرے تحیر و سرور کے لئے اس حقیقت کا علم کافی ہے کہ سفید رنگ میں تمام آفتابی الوان مضمر ہیں، میں نہیں چاہتا کہ طبیعی یا کیمیائی اعمال سے یہ حقیقت مجھ پر منکشف کی جائے، جب ہی تو میں کہتا ہوں کہ صحیفۂ قدرت کا مطالعہ اسی صورت میں خمارسامانی کا باعث ہو سکتا ہے کہ اوروں کے لئے ان نرم و نازک احساسات کو غیر شاعرانہ زبان میں منتقل کرنے کی ضرورت پیش نہ آئے جو اُس کے مطالعہ سے میرے دل میں بیدار ہوتے ہیں، میرے نزدیک یہ سکوت ہی (جس پر ہزاروں سخن سنجیاں نثار) مکمل فصاحت ہے

آہ، یہ لذت کہاں موسیقیِ گفتار میں !

اقبال نے اسی احساس کو یوں بیان کیا ہے:

زندگانی ہے مری مثل رباب خاموش — جس کے ہر رنگ کے نغموں سے ہے لبریز آغوش

بربط کون و مکاں جس کی خموشی پہ نثار — جس کے ہر تار میں ہیں سیکڑوں نغموں کے مزار

محشرستانِ نوا کا ہے امیں جس کا سکوت — اور شرمندۂ ہنگامہ نہیں جس کا سکوت

خیالات و احساسات کو غیر منقلب مادی شکلوں میں مقید کرنے کی کوششوں کو نہ صرف مسترد کرتا ہے بلکہ نفرین کی نظر سے دیکھتا ہے۔ ڈاکٹر بجنوری مرحوم نے اپنے عالمانہ و مجتہدانہ مقدمہ دیوانِ غالب میں ایک موقع پر لکھا ہے کہ :۔

"ہومر جب کسی معشوق کی شاعرانہ تصویر کھینچتا ہے تو، چونکہ استادوں کا استاد ہے کبھی اس سے زیادہ نہیں کہتا کہ ہیلن میں دیویوں کا سا حسن تھا، حالانکہ تمام رزم نامہ ایلیڈ کی بنیاد ہیلن کے حسن پر قائم ہے"

متقدمین شعرائے اردو کا کلام اسی قسم کی استادانہ بلاغتوں سے مالا مال ہے، کسی ابتدائی دور کے شاعر کا یہ شعر۔

تیری آنکھوں کو دیکھ ڈرتا ہوں
الحفیظ الحفیظ کرتا ہوں !

اسی اجمالِ جمیل کی ایک پیاری مثال ہے، اس اسلوب بیان کے اختصار و سادگی میں جو کشش و دلآویزی ہے وہ ہرگز وضاحت و رنگینی سے نہیں پیدا ہو سکتی، نہ جانے اس ڈرنے اور بے اختیار الحفیظ الحفیظ کرنے میں موثرات کا کیسا کچھ سمندر پڑا موجیں مارتا ہے، پھر بھی نہیں، یہ سیدھے سادے الفاظ جو بظاہر ہر قسم کی نزاکت و لطافت سے معرا ہیں آنکھوں کی ایسی تصویر نگاہِ دل کے سامنے لا کر کھڑی کر دیتے ہیں کہ دل میں کھبی جاتی ہے، میں یہ نہیں سمجھتا کہ نرگسی، شرابی، غزالی یا کسی اور تفصیل کی مد سے آنکھوں کا ایسا حسین مرقع پیش کیا جا سکتا تھا جس میں کشش کے ساتھ ساتھ آنکھوں کا قاتلانہ حسن جھلکتا اور جھلکتا نظر آتا ہے، انداز بیان ہی تو ہے جس نے چند لفظوں کے مجموعے میں خدا معلوم کیا کچھ بھر دیا ہے، بقول میر تقی میر "یہ فیضانِ سخن ہے"۔ اور میر کا یہ شعر

میرے تغیرِ حال پر مت جا
اتفاقات ہیں زمانے کے

اسی قبیل کا ہے، 'تغیرِ حال' کی کوئی تصریح نہیں کی گئی مگر اندازِ بیان ایسا اختیار کیا گیا ہے کہ شعر موثراتِ درد کا ایک آتش کدہ بنکر رہ گیا ہے، نہیں کہا جا سکتا دکھ کی کتنی بپتائیں، درد کی کتنی کہانیاں، محزونیت کے کس قدر افسانے اس تغیرِ حال کی باریک نقاب سے نکل پڑنے کو بیتاب ہیں، اس شعر کی عدم صراحت سے دل میں کیسی کچھ قیامت برپا ہو ہو کے نہیں رہ جاتی،

کچھ اسی وجہ سے میں تحلیل زاویۂ نظر سے زیادہ ترکیبی کا قائل ہوں، میں چاہتا ہوں کہ

یہ ممکن ہو کہ قدرت کے کسی کیف آور منظر کو مشاہدہ کرتے وقت آپ "انعطاف" (میں اس لفظ کے لیے بیاز رضا کا ممنون ہوں) میں ڈوب جائیں لیکن یہ انعطافی عرفانی قوتِ خیال کو کلی طور پر ناکارہ کر دیتی ہی، ایک کیفِ نہاں چشم و حواس پر اس طرح چھا جاتا ہی کہ قوتِ انفعال معطل ہو جاتی ہی، ایک عالمِ استغراق طاری ہو جاتا ہی سکوت مسرور کا، اس حالت میں ہم کچھ سوچتے بھی ہیں تو اس کا تعلق منظرِ مشہود سے زیادہ ہمارے تخیل سے ہوتا ہی۔ میرے نزدیک اس قسم کی قدرت پرستی، جو روحانی یا اخلاقی تعلیمات مناظرِ قدرت سے منسوب کرے، ایک مبہم خیالی قسم کی آذر پرستی ہی میں اس شاعری کو جو اس خیال کی تبلیغ کرے علم الاصنام کی ایک نحیف صدائے بازگشت سمجھتا ہوں۔

کثرت آرائی وحدت ہی پرستاری وہم
کر دیا کافر ان اصنامِ خیالی نے مجھے

اس سے آپ یہ نتیجہ نہ استنباط کریں کہ میں لمحاتِ وجدانیت کا منکر ہوں، میرے نزدیک روح کا رشتہ اپنے مادّی ماحول کے ساتھ وہی ہوتا ہی جو ایک شاعر نے کسی اور سلسلہ میں یوں بیان کیا ہی۔

دمبدم با من و ہر لحظہ گریزاں از من

لیکن جب تک روح زندانِ جسم میں مقید ہی یہ گریز، قفسِ عنصری میں اہتزاز کی حد سے تجاوز نہیں کرتا۔ سوائے بعض شاذ استثنیات کے جب روح وفورِ روحانیت میں جسم کے تاریک محبس کی آغوش شعلۂ برق کی مانند ایک لمحۂ مختصر کے لئے تڑپ کے جدا ہو جاتی ہی اور تصور کی انتہائی رسائیوں کو پیچھے چھوڑتی ہوئی روحانی بلندیاں حاصل کر لیتی ہی، اس آنی لمحہ پرواز میں عظیم الشان روحانی صداقتیں ایک فردوسی ضیاء میں تحلیل ہو کر عینِ حق کے طور پر مشاہدہ ہوتی ہیں، لیکن ان مشاہدات کا تعلق ہرگز کسی مادّی منظر سے نہیں ہوتا، نظیری کا ایک شعر ہی۔

مشاطہ را بگو کہ بر اسبابِ حسنِ دوست
چیزے فزوں کند کہ تماشا بہ ما رسید

فطرتی حسن کو مشاطہ کی مصنوعی آرائشوں کا محتاج خیال کرنا میرے نزدیک تخیل کی اسی کم نظری پر محمول کیا جا سکتا ہی جو روحانی ارتقاء اور مادّی کثافت میں رشتہ دیکھتی ہی۔

حسن سے اخذ تاثرات کے دوران میں ان تاثرات کے متعلق صراحت سے کام لینا اُن کے حسن و تاثیر میں ایک زہریلے انقباض، ایک مہلک آسودگی کی کیفیت داخل کرنے کے مرادف ہی، آرٹ

گونج سے معمور نغماتی، بھیانک، غیر مربوط، بے مقصد زندگی میں حسن، ربط یا آویزش کی روح دوڑ گئی عالم موجودات نے ایک ارگن کی صورت اختیار کر لی جس میں سے نشاط آور نغمے میرے دل کے ساز سے ہم آہنگ ہو کر، ایک برقی اثر میں لپٹ لپٹ کر دل و دماغ میں پیوست ہونے لگے۔ میں ایک مثال سے اپنے بیان کے ایک رخ کو واضح کروں گا، گرمی کی ایک رات میں ماہ شب چاردہم پانی کی وسیع البسط چادر پر رقیق چاندی برسا رہا تھا، نور کی فراوانی کا یہ عالم تھا گویا

صبح صادق سو رہی ہو رات کی آغوش میں

کائنات پر ایک پُر ہیبت سکوت طاری تھا

رنگِ خاموشی میں تھی ڈوبی ہوئی موج ہوا

ماحول غور انگیزی کی تاثیر سے پُر معلوم ہوتا تھا، میں نردرہ کے پل کے بالائی حصے میں ایک بنچ پر بیٹھا تھا، ایک برقی اضطراب میری طبیعت میں کارفرما تھا اور میرا دماغ چبھتی ہوئی بے اطمینانیوں کا گہوارہ، میرا دل وزنی نظر آتا تھا، میرے سینے میں کوئی بے نام بوجھ مجھے افسردہ کئے دیتا تھا، مجبوری و بیچارگی، ذہنی و خلقی خامیوں، فطرت کی خونیں مزاج ستم ظریفیوں اور منتقم مزاجیوں کے احساس کے شکنجوں میں میری روح کھنچ کھنچ کے رہی جاتی تھی، رکتی ہوئی دھیمی آواز میں ایک سوچتے ہوئے انداز سے میں یہ شعر پڑھ رہا تھا۔

اک مشقِ اضطراب کا رکھا ہے نام زیست

اُف بیکسی، کہ وہ بھی نہیں اختیار میں!

چاہیئے تھے کہ چاند کی سکون آمیز روشنی میں۔ ایک غیر مسموع نغمۂ لطیف۔ کے نور و سرور میں میری حس ڈوب ڈوب کے رہ جاتی، چاہیئے تھا کہ میں ایک سرشاری، ایک نشہ کا سا عالم محسوس کرتا اور دنیا کو وفورِ سرور میں ایک بہشت کہہ کر پکار اٹھتا، لیکن میں اداس تھا اور بے چین!

نگہِ یاس، ارے تو یہ جدھر اٹھ جائے

دل تو کیا، عالمِ ایجاد بھی ویرانہ بنے!

کچھ اس قسم کے تجربات نے میرا یہ عقیدہ راسخ کر دیا کہ پھولوں میں اخلاقی نظریئے یا تاروں میں نظام فلسفہ کا ماخذ ڈھونڈنا ایک پیارا شاعرانہ خیال ہو تو ہو لیکن قدرت کی ان اخراعاتِ جمیل کو رشد و ہدایت کی صلاحیتوں سے برتر تصور کرنا ایک ناقابلِ اعتبار روحانی اصول استقرار کے معتقد ہونے کے برابر ہے، میرا خیال ہے کہ قدرت میں بالذات اخلاقی یا روحانی تلقین و عظمت کی مطلق صلاحیت نہیں

ہماری زندگی اور فطرت میں تطبیق نہیں پیدا ہونے دیتیں؟ کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ بیرونی حالات کی نامساعدت سے زیادہ ہماری اندرونی کمزوریاں۔ روح فروشی، بلند نظری و علو ہمتی کا فقدان اس افسوس ناک حالت کے ذمہ دار ہیں؟ ہر ممکن قسم کے سنجیدہ و متین خیالات کی اُلجھن سے نجات حاصل کرنے کے لئے میں جب تک اُس تفرج گاہ میں رہا روزانہ صبح و شام ذہنی گم گشتگی کی غرض سے وسیع مرغزاروں میں نکل جاتا، سر پہ نیلیں آسمان، پاؤں تلے سبزہ حدِ نظر تک پھیلا ہوا، گویا:

ایک دریائے زمرد ہے کہ لہراتا ہے

برسات کی تسکین آمیز فضا کہ "غالب کی بادہ نوشی ہے بادہ پیمائی" کا مصداق بنائے دیتی تھی۔ ایسے لطیف گرد و پیش میں میں ایک ایسی فراخی محسوس کرتا۔ گویا جنت حیات کے مسدود دروازے مجھ پر کھول دیئے گئے۔ اقبال کی بیراگ والی نظم کے جادو نے اس حسین منظر میں مجھے بارہا مسحور کر دیا ہے کبھی کسی چلتے ہوئے بادل۔ "فیلِ مست بے زنجیر" کو دیکھ کر میں اپنی گزشتہ زندگی کے بعض ایسے سانحات میں غرق ہو جاتا جو میرے وجود کے متعلق ایک مستقل اثر و حیثیت رکھتے ہیں، عرصہ کی بھولی ہوئی یادوں کی موجیں نرمی و نزاکت سے میرے بحرِ تخیل پہ آ آ کر ٹوٹتیں، جو نقش دل سے محو ہو گئے تھے یکایک اُبھر آتے۔ کبھی میں محسوس کرتا کہ سنہری لمحات پر موسیقانہ رقص کر رہا ہوں، مجھے کبھی ایک لمحہ درخشاں کے لئے خیال گزرتا کہ میں طغیانِ اشک میں ڈوبتا چلا جا رہا ہوں، مجھے "گل کی پتی" میں رازِ ہست و بود کبھی نظر نہیں آیا، نہ میں کبھی ورڈز ورتھ کے اس خیال کی عملی تصدیق کر سکا کہ بادِ بہاری کا ایک جھونکا ایسے تاثرات برانگیختہ کر دیتا ہے جن کی استعانت سے نفسیات و اخلاقیات کے مہتم بالشان مسائل خود بخود حل ہو جاتے ہیں، مجھے بادِ بہاری نے آج تک اخلاقی برائی بھلائی یا نفسِ انسانی کے متعلق کبھی ایک نکتہ تک نہیں سمجھایا، میں نے تو ہمیشہ یہی دیکھا کہ جس رنگ کے میرے خیالات ہوئے وہی رنگ میرے گرد و پیش کے مناظر نے بھی اختیار کر لیا، میں سوگوار ہوا تو مجھے اُداسی فضا پر روحِ بسیط کی طرح حاوی نظر آئی، کوئل کی کوک اور پپیہے کی الاپ سے بھی کانوں کے ذریعہ سیال غمگینی دل کی تہوں میں جذب ہوتی محسوس ہوئی، غروب آفتاب کے بعد، برسات کی شام میں، آسمان کی رنگارنگ آئینہ داریاں بے رنگ، ملول، جاذبیت سے معرا معلوم ہوئیں غرض ہر رنگین و حسین نقش پر آنکھوں نے عمومیت و بے لطفی کی مہر ثبت دیکھی اس کے برعکس اگر میں مسرور ہوا تو جو سما رنگینیوں اور دلفریبیوں سے مالا مال، کائنات، ہلکے ہلکے لطیف قہقہوں کی شیریں

شہود و شاہد و مشہود

کچھ عجیب بات ہے کہ چھوٹے چھوٹے واقعات بعض اوقات دماغی توازن کو زلزلہ کی طرح منتشر کر دیتے ہیں، کبھی بڑے بڑے صدمے دماغ سے ٹکراتے ہیں اور اُس کے بے حس منجمد پردوں میں خفیف سا تموج تک نہیں پیدا کر سکتے، اس مرتبہ دہلی کی گنجان، دیوانگی فزا زندگی نے میرے دل و دماغ میں ایک خستگی و دل برداشتگی پیدا کر دی، چند معاشرتی سانحات ایسے پیش آئے (اُن کی نوعیت خاص طور پر ڈراؤنی اور پُر مضرت نہ تھی، سوسائٹی ان سے کہیں زیادہ مہیب و مہلک نظارے دیکھتی ہے اور ٹس سے مس نہیں ہوتی بلکہ اس قسم کے نظاروں کی عمومیت اس درجہ بڑھ گئی ہے کہ اُن سے عافیت سوزی تو درکنار استعجاب تک کی لہر نہیں پیدا ہوتی) کہ میں متمدن و شائستہ زندگی سے یک لخت بیزار ہو گیا، خستہ دماغی اور شہری تعجیل کاریاں زرا امل بے جوڑسی چیزیں ہیں، ایک کے وفور کے باعث دوسرے کی تاب برداشت اپنے میں نہ پا کر میں نے تہیہ کر لیا کہ چندے زندگی کو فطرتی سادہ پن۔ گویا جہاں تک اس تہذیب و شائستگی کی معاشی و معاشرتی الجھنوں اور الجھیڑوں میں اس قسم کی زندگی بسر کی جا سکتی ہے اور قدرت کو آزاد و بے پروا حسن میں دیکھوں۔ خیال ہوا شملہ جاؤں کہ شملہ جہانِ کیف و میکدۂ خمار ہے، لیکن وہاں جانے سے اس خیال نے باز رکھا کہ وہ قدیم طرزِ معاشرت جس کے دیکھنے کو میری آنکھیں ترستی ہیں وہاں کہاں؟ بہت رد و بدل کے بعد چھوٹی سی بیرونِ راہ پُر فضا بستی میں تعطیلات کا ابتدائی حصہ بسر کرنے کا تصفیہ کیا۔

عہدِ حاضرہ کا مصنوعی طریقہ زندگی وہاں چھو تک نہ گیا تھا، نہ وہاں متمدن ہئیت اجتماعیہ کے تکلفات تھے نہ اُس کی سطحیں۔ معیشت و معاشرت میں فطرتی پن، چہروں پر لبریز زندگی کے آثارات، میں نے وہاں کے سادہ، قوی اور آزاد لوگوں کا اپنے وطن کے پُر تکلف، نحیف، معاشرتی خطروں اور تفکرات سے سہمے اور دبے ہوئے عزیزوں سے موازنہ کیا، انحطاط آفریں شہری تمدن کے زہر آلود نتائج پر دل خون کے آنسو رویا، میں نے سوچا کیا اس یقینی جسمانی و اخلاقی ہلاکت سے بچنے کی کوئی صورت نہیں جس کا پیش خیمہ ہماری بے راہ رویاں ہیں؟ آخر وہ کون سی رکاوٹیں ہیں جو

انتہائے یاس

گر تمناؤں کو اس دل کے سوا کچھ نہ ملا
تھا یہی لکھا اگر سارے ہوں ارماں یکجا
حسرتوں کو نہیں دنیا میں کوئی اور جگہ
خواہشیں وار کریں دل پہ ہر اک شام و پگاہ
تو مجھے عذر نہیں

مجھکو قسامِ ازل نے نہ دیا کچھ جز یاس
دل شکستہ ہوں، سیہ بخت ہوں، اور ہوں بے آس
نا امیدی کے لئے میں ہی تو ہوں خاص الخاص
مجھ پہ ہی پڑتے ہیں تیرِ ستم و تیغِ قصاص
یہ بھی ہوتا ہے کہیں؟

رخصتِ نالہ و فریاد ہے، نے فرصتِ آہ
فی المثل غم ہے اگر کاہ ربا، میں ہوں کاہ
خونِ دل، خونِ جگر کھانا ہے ہر وقت مباح
چین اک لحظہ کو، اک لمحہ کو امیدِ فلاح
اپنے حصہ میں نہیں

کاش معلوم ہو مجھکو کہ ملی کیوں یہ حیات
اپنی ہستی میں تو شاید ہی ملے ان سے نجات
سارے عالم کا الم اور یہ چھوٹی سی بساط!
لاکھ کوئی کہے مجھ سے کہ ہے عالم میں نشاط
کون کرتا ہے یقیں!

دست و پا اپنے ہی جب ہو گئے اپنے غماز
اب تو اس عالمِ عصیاں کی ہوا ہے ناساز
تو ہی اے خاک چھپا لے ہمیں ہو کر فیاض
ہم سے خالی ہو کہیں جلد یہ دنیا کی بیاض
لے اجل جانِ حزیں!

(یلدرم)

کے ساتھ ساتھ اس قدر عیب چینی کا بھی موقع ملا کہ مصنف نے ہر نوعیت کی معلومات کو کتاب میں بھر دیا ہے اور ہر طرح کی دیدہ اور شنیدہ انکشافات سے اس کو پُر کر دیا ہے گویا ایک ہی کتاب گنجینہ ہے علم ہیئت و جغرافیہ و تاریخ کا۔ خزینہ ہے کیمیا۔ و ریاضی و علم ادب کا۔ یورپ والے اس کے ہر باب اور فصل اور فقرہ کو ایک ایک انمول جوہر اور لولوے آبدار مانتے ہیں لیکن یہ اعتراض بھی کرتے جاتے ہیں کہ علامہ مسعودی نے رنگ برنگ کے چھوٹے بڑے جواہرات ایک ہی ڈورے میں پرو کر غلط ملط کر دیا ہے ان کی رائے ہے کہ انتخاب اور اقتباس صحیح۔ تنقید کامل۔ منصفانہ تبصرہ۔ دل پسند تدوین اور عالمانہ نکتہ چینی جو زمانہ حال کے شعار علمیہ میں اعلیٰ ترین پایہ رکھتے ہیں۔ مسعودی کی تصنیف میں اگرچہ کامل طور پر جلوہ گر ہیں لیکن امام موصوف عروج اسلام کے نشہ اور عظمتِ ملت کے جوشش میں ہر وہ چیز جو اسلامی قوت کی شاہد ہو لا کر ایسی جگہ درج کر دیتے ہیں جس کے لئے دوسرا موقع زیادہ موزوں ہوتا " چنانچہ یہ خاصہ علمائے مشرق میں اب تک موجود ہے۔ بڑے سے بڑے عالم حاشیے پنڈت کا بیان بطور وعظ کے سنئے تو معلوم ہوگا کہ مقرر کی برابر یہ خواہش ہے کہ جو کچھ اس کے علم میں ہے بلا ترتیب خیالات سب کچھ ایک ہی نشست میں حاضرین کی گوش گزار کر دے۔

تخلیق عالم کے متعلق بکثرت ضعیف اور قوی روایات نقل کر دی ہیں اور کم ایسی ہیں جن پر اپنی رائے ظاہر کی ہو۔ دوسرے سیاحوں کے بیانات سے بھی اقتباسات کئے ہیں چنانچہ ابو معشر بلخی کی کتاب سے (جن کی بابت کہا جاتا ہے کہ علوم سنسکرت حاصل کرنے کی غرض سے انہوں نے دریائے گنگ تک سفر کیا تھا) اپنی تصنیف میں بحر ہند کے موسمی ہواؤں کی کیفیت نقل کی ہے۔

امام مسعودی کی دوسری تصانیف

علاوہ مروج الذہب و معادن الجوہر کے ان کی دوسری کتاب فن تاریخ و جغرافیہ میں کتاب التنبیہ والاشراف ہے جو لیڈن واقع جرمنی سے سنہ ۱۸۹۳ء میں شائع ہوئی۔ اپنی کتاب میں جن کتب کے حوالے دیئے ہیں وہ اکثر مفقود ہیں ایک کتاب مصنفہ حکیم الکندی کا بھی تذکرہ ہے جس کا نام رسم المعمور من الارض تھا۔ نام سے ظاہر ہے کہ اس میں ربع مسکون کا نقشہ ہوگا۔ کیونکہ نقشہ کے لئے عربی میں کئی لفظ مروج ہیں۔ مثلاً رسم۔ صورۃ۔ مثال۔ خارتہ جو یونانی کارتہ کا معرب ہے اور انگریزی میں چارٹ کہلاتا ہے۔

اور اجرام فلکی جن کے تحت اثر میں یہ چیزیں نہیں لکھی گئی ہیں۔ اکثر ایسا ہوا ہے کہ جس ملک کی تاریخ ختم ہوتی ہے۔ وہاں اس کا جغرافی زندگی بلحاظ موقع و قوع۔ وسعت و عجائب و غرائب حالات کے لکھدیا گیا ہے۔ یقیناً یہ اس زمانہ میں رواج ہوگا ورنہ مصنف کو جغرافی اور تاریخی حالات کے تقدیم و تاخیر میں کوئی دشواری نہ تھی آجکل کتب تواریخ کا دستور ہے کہ ملکی واقعات سے پہلے اس کا جغرافیہ مجملاً بیان کردیتے ہیں۔ پہلے دستور اس کے برعکس معلوم ہوتا ہے۔ لہذا یہ نکتہ چینی یورپی مبصروں کی کچھ زیادہ اہم نہیں۔ جامعیت کی یہ کیفیت ہے کہ اقوام عالم کے حالات مثلاً مجوسی ہندی چینی۔ قدیم کلدانی۔ ایرانی۔ کفار یونان و روم۔ نصرانی اہالیان قسطنطنیہ۔ مصری۔ قبطی، حبشی، سوڈانی، سلافی روسیہ، فرنگی، ہسپانوی، یلمارڈی وغیرہ یکے بعد دیگرے اسٹیج کے تماشے کی طرح سامنے سے گزرتے جاتے ہیں۔ گیارھویں باب میں مسئلۂ جزر و مد پر مختلف رائیں درج ہیں۔ اور سولھویں میں عجائبات بحری کا نقشہ جمایا ہے۔ بعض ابواب میں عقل و روح عالم حیوانی۔ دیو۔ عفریت۔ جن۔ بھوت۔ سحر۔ جادو۔ شگون وغیرہ کی تفصیل ہے۔ نیز گردش آفتاب و ماہتاب۔ جدول اوقات ممالک مختلفہ بھی زیب قرطاس کی گئی ہے۔

سیاحت ہند ۹۱۶ء میں مسعودی نے ہند کے ساحل مالابار پر قدم رکھا وہ اپنی کتاب "مروج الذہب و معادن الجوہر" میں لکھتے ہیں کہ " دوران سفر میں وہ مسلمانوں کی نوآبادی مقام صیمور میں پہونچے جہاں دس ہزار مسلمان آباد تھے۔ یہ جگہ بمبئی کے قریب واقع تھی۔ مورخ اس امر کے یقین کرنے کے وجوہ رکھتے ہیں کہ شیوع اسلام سے پیشتر عرب تجار ساحل ملابار اور جزیرہ سرندیپ میں آباد ہو چکے تھے۔ نویں صدی کے آغاز میں ملیبار کا راجہ مسمی بہ کرن پرمال وملقب بہ زمورن نے دعوت حق قبول کرکے اسلام کی حلقہ بگوشی اختیار کی اور اسی وقت سے ہند غربی کے بنادر عرب مسلمانوں کے لئے کھول دیئے گئے۔ جس کے سبب عربی ہندی تجارت میں گرم بازاری شروع ہوگئی۔ بقول مسعودی بہت سے باشندے ان سواحل کے عربی النزاد تھے اور ان کو چین کی اسلامی نوآبادی خانفو کی طرح پوری خود اختیاری گورنمنٹ کے حقوق حاصل تھے۔

مروج الذہب پر یورپی مبصرین کی نکتہ چینی اسم بامسمّی اور جواہرات کی کان بھی نکتہ چینی کی زد سے نہ بچی۔ یورپی تبصرہ کنندوں کو تعریف اور توصیف

اور آخری عمر میں ان جنوبی قطعات افریقہ کو دریافت کرتا ہے جہاں پہلے کسی عرب کا قدم نہ پہونچا تھا۔ حتیٰ کہ زنجبار اور مدیناسکر تک اس کے دائرہ تحقیقات میں شامل ہیں۔ چنانچہ وہ خود اپنی نسبت کہتے ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ " میں اتنی دور مغرب کی طرف گیا کہ مشرق کی یاد ہی فراموش ہو گئی اور پھر اتنے فاصلہ تک مشرق کی طرف بڑھا کہ مغرب کا نام تک مجھے یاد نہ رہا۔"

مختصراً اس کی جہاں گردی کے منازل کی فہرست اس طرح ہے کہ وہ بغداد سے ایران، ایران سے ہندوستان اور سیلان گئے۔ دوسری طرف وسطی ایشیا میں فرغانہ سے چل کر بحر قزوین (کاسپین یا بحیرہ خزر) پر دم لیا۔ شمالی افریقہ کے ہر ہر فرسخ کو روندمارا۔ عراق فلسطین۔ مصر ہوتے ہوئے اور ممالک بربری کو اپنی لاثانی ہمت سے عبور کرتے ہوئے اسپین میں جا دھمکے۔ اور یونان کے مختلف حصص سلطنت کا معائنہ کیا۔ ۳۰۱ھ ۹۱۵ء میں بصرہ سے چل کر اصطخر پہونچے اور دوسرے سال ہندوستان دیکھ کر لوٹے اور بیت المقدس کی زیارت سے شرف اندوز ہوئے۔ جنوب میں زنگبار اور کمبالو تک پہونچکر عمان کی طرف مراجعت کی اور ایک حصہ تک جنوبی عرب کی سیر میں مصروف رہے حتیٰ کہ تیس سال غائب رہ کر ۳۳۱ھ ۹۴۳ء میں بصرہ کی راہ سے اپنے وطن بغداد کو واپس ہوئے۔

مسعودی ہر فن مولا قسم کے متقدمین بزرگوں میں سے ہیں۔ وہ فن تاریخ اور سیاحت کے امام ہیں۔ ریاضی و ہئیت و جغرافیہ و ادب میں دستگاہ کامل رکھتے تھے۔ اجنبی زبانوں مثلاً یونانی اور سنسکرت پر اس قدر دسترس حاصل نہ تھی جیسے کہ ابوریحان بیرونی کو تاہم مختلف ذرائع سے مصنف ممدوح نے پر از معلومات عامہ ایسی ضخیم کتاب تالیف کی جس پر دوسری کتاب فوق نہ لیجا سکی۔ آپ ہر مسئلہ میں اپنا قول فیصل کم دیتے ہیں بلکہ اقوال حکما کو باترتیب اور بلاترتیب نقل کر دیتے ہیں مثلاً تخلیق عالم۔ یا تشکیل و استقرار کرہ ارض۔ رقبہ ربع مسکون تقسیم اقالیم سبعہ۔ اطراف چہارگانہ اور آثار علوی و سفلی کی نسبت ہر رطب و یابس کے قسم کے اقوال حکماء قدیم و حال سے درج کر دیتے ہیں۔

مروج الذہب آپ کے مشہور ترین کتابوں میں سے ہے یہ نو جلدوں میں مع فرانسیسی ترجمہ کے پیرس سے شائع ہو چکی ہے۔ اس میں ایک سو تیس باب ہیں جن میں سے پہلے اور دوسرے میں مقدمۃ الکتاب۔ چار میں تاریخ قبل از اسلام۔ سترویں باب تک تاریخ اسلام۔ اور آخری ۶۳ ابواب میں تاریخ عہد رسالت و خلافت مندرج کی گئی ہے۔ چند ابواب میں خالص جغرافی تذکرہ ہے۔ مثلاً آٹھویں میں کرہ زمین۔ سمندر۔ دریا۔ پہاڑ۔ آب و ہوا

ابن خلدون فن تاریخ کے امام مسعودی نے جو مبسوط کتب نہایت تفصیل اور شرح و بسط کے ساتھ لکھیں اس نے اس سیاح عالم اور مصنف متبحر کا درجہ اپنے شعبہ علمیہ میں ان رجال الکبیر اور مکتشف الشہیر لوگوں پر جت کچھ بڑھا دیا جنہوں نے عروج اسلام کے زمانہ میں ذاتی سیاحت یا تالیف و تصنیف کے ذریعہ جغرافیہ کی باقاعدہ تدوین شروع کردی تھی۔ مسعودی کی سیاحی کی یہ کیفیت ہے کہ انہوں نے اس زمانہ میں جب کہ رسل و رسائل اور قطع منازل کے ذرائع نہایت مخدوش اور طئی مراحل کے اسباب نہایت دقت طلب تھے۔ بحر ظلمات یا اوقیانوس (اطلانٹک) کے افریقی ساحل سے لیکر سواحل چین و ماچین تک شرقاً غرباً اور زنجبار سے حدود روس تک شمالاً جنوباً قدم فرسائی کی اور چشم دید حالات اور جدید انکشافات سے مسلمانوں کے مبلغ علم پر اور اضافہ کیا۔ جن کی تصانیف کی ورق گردانی کے بعد لارڈ سٹین جیسے شخص کو بھی یہ ماننا پڑا کہ اس عہد کے تمام ضروری معلومات پر مسعودی کو دسترس کامل حاصل تھی اور یہ کہ زمانہ قریب و بعید میں بلحاظ حجم اور تنوع کے چند ہی مصنف علم جغرافیہ میں ایسے ہیں جن کو مسعودی پر فوقیت دیجا سکے یا ان کی صف میں کھڑا کیا جا سکے۔

شخصیت آپ کا وطن مالوف بغداد۔ تاریخ ولادت صحیح معلوم نہیں۔ البتہ وفات کی تاریخ ۹۵۷ء کتب میں مندرج ہے۔ ان کی اور ان کے معاصرین کی رحلت سے ماموئیہ اسکول کی نیابت اور نمایندگی کا سلسلہ ختم ہوگیا اور عربوں سے گزر کر سائنس اور علی الخصوص جغرافیہ دانی کی خدمت دربار خلافت کے ان علما کے ذمہ آگئی جو عربی نژاد نہ تھے بلکہ صرف رعایا کی حیثیت سے تخت خلافت کے مطیع و منقاد تھے۔ مثلاً حکیم ابوریحان بیرونی مصنف قانون مسعودی دربار سلطان مسعود بن سلطان محمود غزنوی کا مہندس اور جغرافیہ کا امام ایرانی النسل تھا۔ علامہ اصطخری ابن حوقل امام مسعودی کے ہمعصر ہیں۔

وجہ تسمیہ مسعودی کے اجداد میں ایک شخص مسعود نامی تھے جن کے بڑے لڑکے عبد اللہ بن مسعود آں حضرت صلعم کے صحابی اور مہاجرین مکہ میں شامل تھے اس پاک نسبت کے سبب ابو الحسن علی بن الحسین نے اپنی کنیت مسعودی قرار دی۔

رقبۂ سیاحت یہ غیرت دہ کولمبس و واسکوڈی گاما اور فخر مسلمانان عالم اپنی نوجوانی میں وطن مالوف بغداد کو خیرباد کہکر بادیہ نوردی اور صحرا گردی پر آمادہ ہوگیا ہسپانیہ اور شمالی افریقہ کے ہزارہا کوس وسیع اور لق و دق بیابانوں اور بے آب و گیاہ ریگستانوں کو قطع کرتا ہوا ہندوستان سے گزرا اور بحر بنگال عبور کرکے چین اور ماچین تک پہونچ جاتا ہے

تیسری صدی ہجری کے علمائے جغرافیہ — ابن خورداد بہ - قدامہ - یعقوبی - ابن سرافی ملک التجار سلیمان - ابن رستہ - ابن الفقیہ ابن فضلان - المقلیب - سندباد جبازی - البلاد زمی

چوتھی صدی ہجری کے 〃 〃 〃 — امام مسعودی - علامہ اصطخری - ابن حوقل مقدسی - خلیفہ واثق باللہ سلم - جعفر معروف بہ ابو معشر - محمد الہمدانی -

پانچویں صدی ہجری کے 〃 〃 〃 — حکیم ناصر خسرو - البکری

چھٹی صدی ہجری کے 〃 〃 〃 — ادریسی - ابن جبیر - ابو اسحق اصطخری - علامہ ابو زید بلخی - المازنی - الموصلی

ساتویں صدی ہجری کے 〃 〃 〃 — علامہ یاقوت - امام قزوینی - ابن شداد

آٹھویں صدی ہجری کے 〃 〃 〃 — ابو الفدا - حمد اللہ مستوفی - ابن بطوطہ شہاب الدین العمری - الحرانی - دمشقی

نویں صدی ہجری کے 〃 〃 〃 — حافظ آبرو - علی یزدی - ابو الوردی

دسویں صدی ہجری کے 〃 〃 〃 — ابو العازی - ابو ریحان بیرونی - الجیہانی ابن ایاس - البطنی - محمد فرغانی - علی مغربی علامہ زمخشری - الزہری

امام ابو الحسن علی بن الحسین بن علی مسعودی بغدادی

علمائے جغرافیہ اور سیاحان اسلام نے آغاز عہد بنی عباس سے معلومات جغرافی کو کتابی صورت میں مدون اور مستنبط کرنا شروع کر دیا تھا لیکن اس چمنستان بہارین کے گل سرسبد اور بقول علامہ

ڈائنز۔ واسکوڈی گاما۔ کوک اور لونگ اسٹون وغیرہ کے کارناموں سے مرعوب ہیں وہ اپنے بزرگوں کی ہمت و حوصلے اور میدان علم کی نبرد آزمائیوں کا بھی ذکر سن لیں تاکہ اپنی خودداری اور خودشناسی میں فرق نہ آسکے اور غیر مسلم اقوام کا رعبِ علم ابر غلیظ کی طرح ان کے دل پر نہ محیط ہو سکے۔ مجھے اس وقت تک تقریباً ساٹھ ایسے نام مل چکے ہیں جن کے کم و بیش حالات سپرد قلم کر چکا ہوں۔ اُمید ہے کہ مولنا اسلم جیسے میرے علم دوست احباب مجھے اس حصہ جغرافیہ کی افزائش میں مزید مدد دینگے اور اگر کوئی نام میری فہرست سے باہر ملجائے تو اُس سے اطلاع بخش کر مجھے ممنون فرماوینگے۔ اگر ساتھ ہی کچھ حالات بھی میسر ہوں تو اور بھی باعث ممنونیت ہوگا جس کو میں انھیں کے نام سے چھاپنے میں اپنی عزت سمجھوں گا۔

یہ امر بھی قابل لحاظ ہے کہ فن جغرافیہ کی تدوین اور تکمیل میں صرف طبقہ علما نے ہی حصہ نہیں لیا بلکہ خود خلفاے بغداد اور دیگر شاہان عظام اور ان کے وزراے باتدبیر اور گورنران باتوقیر خصوصاً ان سپہ سالاران ظفر پیکر نے جن کے قدم کے ساتھ فتح و نصرت لگی ہوئی تھی اس فن شریف کو چار چاند لگا دیئے اور سرکاری طور پر کتابیں تیار کرائیں۔ مولفین کو دفتری گوشواروں اور سرکاری نقشوں سے مدد پہونچائی۔ ماسوا ان کے بہت بڑا احسان اس علم پر اُن دلیر تجار۔ زائرین۔ افسران بحری اور سیاحین عالم کا ہے جن کی کدوکاوش کا نتیجہ وہ عالم اسلامی ہے جو اب بھی آبادی کے لحاظ سے بحر الکاہل سے بحر ظلمات تک بلا شرکت غیرے قائم و دائم ہے۔ غرض کہ جغرافی تفتیش۔ تفحص اور تجسس کرنے والے لاتعداد ہیں لیکن کتابوں کے ذریعے جن کی یاد تازہ ہے اور جو آسمانِ علم جغرافیہ پر مثل آفتابِ نصف النہار تاباں ہیں حسب ذیل ہیں:۔

یہ فہرست بہت طولانی ہو سکتی اگر اس میں ان مورخین کو بھی شامل کیا جاتا جنھوں نے اپنی تاریخوں اور سیر کی کتابوں میں جغرافیہ کو شامل کیا ہے۔ لیکن چونکہ خصوصیت سے ہمیں صرف جغرافی طبقہ کا اظہار مقصود ہے اس لئے مورخین میں سے ہم نے ان رجال الکبیر جیسے بزرگوں کو بھی اس دائرہ سے خارج رکھا ہے جو فن تاریخ کے امام ہیں اور دنیاے علم و فضل میں ابن خلکان۔ ابن خلدون۔ واقدی اور مقری کے نام مشہور ہیں۔

دوسری صدی ہجری کے علماے جغرافیہ ۔ نضر بن شمائل۔ الجاحظ۔ خلیفہ ہارون الرشید
خلیفہ مامون الرشید۔ ابو موسیٰ خوارزمی۔
لائبسریرین خلیفہ مامون۔ الکندی۔ خلیفہ منصو

جن کی تعداد ہزاروں میں ہے۔ علم جغرافیہ پر بھی جس کو مدت سے مسلمانوں نے طاق نسیاں پر رکھ چھوڑا ہے عربی میں اس قدر ذخیرہ مرتب ہو چکا تھا کہ اقوام سابقہ میں اس لحاظ سے کوئی مسلمانوں کا اس فن میں مقابلہ نہیں کر سکتی تھی۔ لیکن اس شعبہ علمی میں اسپین اور اندلس (جنوبی حصہ اسپین) کی تباہی کے ساتھ ہی ایکدم ادبار اور زوال شروع ہو گیا۔ عرب اور مصری تو پھر بھی کچھ نہ کچھ کرتے رہے لیکن علمائے مشرق نے حدود ایران سے لے کر حدود چین تک علم المسالک اور بالخصوص جغرافیہ عامہ کو ایسا بھلایا کہ آج تک ایسا چھوٹا رسالہ بھی عربی مدارس کے نصاب تعلیم میں کئی صدیوں سے داخل نہیں ہے اور یہ کہنا مبالغہ سے بالکل خالی ہوگا کہ ایران۔ افغانستان اور ہندوستان کے وسیع حدود میں جغرافیہ پر حکیم ابوریحان بیرونی مصنف قانون مسعودی نے بعہد سلطان مسعود بن سلطان محمود غزنوی گیارہویں صدی عیسوی کے آغاز میں چند مبسوط اور مستند حکیمانہ درجہ کی کتابیں لکھیں اور اس کے بعد یہ سلسلہ ان اطراف میں مسدود ہو گیا جس کو آج نو سو برس کا عرصہ گزر چکا ہے۔ علم سیر۔ تاریخ اور تزوک اور تذکرہ جات کا سلسلہ البتہ جاری رہا لیکن تعلیمی نصاب میں اس شعبہ علم کو وہ جگہ نہیں دی گئی جو فلسفہ و منطق کو عطا ہوئی۔ اور آج کل تو ہم اس رباعی کے مصداق ہیں جو مجھکو حسب حال لکھنا پڑی۔

اسلاف کے ہاتھ تھی بنائے تاریخ ۔۔۔ سیر و خلاء رض مبتدائے تاریخ

آج ان کے خلف یہ پوچھتے ہیں کیوں جی ۔۔۔ کس درد کو کھوتی ہے دوائے تاریخ ؟

علم جغرافیہ روئے زمین اور اہل زمین کے حالات کا آئینہ ہے۔ جو قوموں کو اپنے مذہب و ملت کی طرف مائل کرنے اور کلمۃ الحق کی اشاعت کرنے دولت و ثروت بڑھانے قومی اقتدار جمانے کی امنگ پیدا کرتا ہے اور تاریخ جذبات قومی اور حسیات ملی کو تازہ کرتی ہے۔ دونوں کی ترکیب سے ایک معجون کیمیا اثر تیار ہوتی ہے جس کے استعمال کرنے والے ربع مسکون کی ملکیت کے مستحق سمجھے جاتے اور علی قدر ہمت خدائے برتر و بالا کی درگاہ سے حصہ پاتے۔ خدا جانے کتنے باہمت و باحوصلہ جوانان عرب و عجم نے نامعلوم دشت و ہاموں کی سیاحت کر کے کیا کیا حالات لکھے ہونگے اور نہ معلوم کتنی لاجواب اور گرانبہا کتابوں کے خزانے سلطنت گردیں۔ غارت گریوں اور جہاں سوزیوں میں نذر آتش ہوئے ہونگے لیکن پھر بھی بچی بچائی کھرچن علم جغرافیہ پر اس قدر موجود ہے جس سے مسلمانوں کی سعی و افر اور پامردی کا خاصہ ثبوت اور کافی نمونہ مل جاتا ہے۔ مجھے اپنی تالیف جدید یعنی قاموس الجغرافیہ کے لئے ایک باب کی ضرورت محسوس ہوئی جس میں عالم اسلامی کی ایک جزو کے طور پر مسلمان جغرافیہ دانوں اور عرب سیاحوں اور مدونین علم جغرافیہ کی کم از کم اجمالی حالات درج ہوں تاکہ جو مسلمان طلبہ کولمبس اور کیبٹ۔ میگیلان

علم جغرافیہ اور مسلمان

جو زمانہ یورپ میں عیسائیوں کی تہذیب و تمدن کے لحاظ سے زمانہ تاریک کہلاتا ہے وہ عہد اسلامی دنیا کے لئے بلحاظ علم و فضل مدنیت و سیاست و ایجاد و اختراع و اکتشافات جدیدہ و ترویج آئین و قوانین ملک گیری و ملک داری کا ایک روشن ترین عہد رہا ہے۔ چنانچہ معلومات جغرافی پندرہویں صدی عیسوی تک اہل یورپ کے لئے اس قدر محدود تھے کہ ان کی کسی قوم کو ساحل مراکش کے چند سو میل کے ماورا افریقہ یا بحر ظلمات کی افریقی سواحل کا پتا تک معلوم نہ تھا حالانکہ مسلمانوں کی سلطنت بلاد الغنا Guinea سے لے کر جو پرانی دنیا کا مغربی چھور تھا۔ جزائر فلپائن واقع بحر الکاہل تک جو ایشیا کی حد مشرقی سمجھنا چاہیئے مسلسل اور غیر منقطع طور پر پھیلی ہوئی تھی۔ بحر ہند۔ بحر عرب۔ بحر روم۔ بحر قلزم۔ بحر بنگال۔ بحر چین اور بحر الکاہل۔ بحر روم اور نیز بحر ظلمات مسلمان اور عربی ملاحوں کے چوبی کشتیوں کے جولانگاہ بنے ہوئے تھے۔ بڑے بڑے سیاحوں نے چپہ چپہ بھر زمین براعظم ایشیا اور یورپ جنوبی کی چھان ماری تھی۔ عرب تجار اپنی دولت اور اپنے پاک مذہب کو چار دانگ عالم میں پھیلا چکے تھے۔ کوئی معلوم الاسم جزیرہ ایسا نہ تھا جہاں عربی اقتدار کا پرچم نہ لہلہاتا ہو۔ کوئی حصہ بحر و بر پچاس درجہ خط عرض شمالی اور بیس درجہ عرض البلد جنوبی میں ایسا نہ تھا جو آوازہ تکبیر و تہلیل سے نہ گونج رہا ہو۔ اسلامی سفینے شب تاریک اور بیم موج کے خوفناک منظروں کی ذرہ بھر پروا نہ کرتے تھے اور عینی مشاہدات سے متلذذ ہو کر اپنے علم جغرافیہ کو روز بروز ازدیاد معلومات سے مالا مال کر رہے تھے۔ حکمائے عراق ریگستان کے ہموار افق پر راتوں کو جاگتے اور اختر شماری کر کے ہر ہر مقام کے عرض البلد اور طول البلد قائم کرتے اور ریاضی داں حکما زمین و آسمان کی پیمائش میں شب و روز سرگرداں رہتے قل سیروا فی الارض کے عامل صحارائے بے آب و گیاہ کو اس خوشی سے طے کرتے گویا کہ وہ کسی پر بہار باغ کی سیر میں مشغول ہیں۔ فدایان علم و فضل کوہ نوردی اور صحرا گردی کو تماشاگاہ صنائع الٰہی تصور کر کے ہر نوع کی تکالیف روحانی اور مشقت جسمانی میں اس سے کہیں زیادہ لطف اٹھاتے تھے جو آج ہم ان کے اخلاف کو تھیٹروں اور سینما کے تماشوں میں آتا ہے۔ اس ایثار۔ خود فراموشی اور علم دوستی کا نتیجہ ہے کہ آج ہم اپنے بیس ہزار مصنفین ماہران علوم عقلیہ و نقلیہ پر فخر کرتے ہیں جن کی بآب و تاب تصانیف باوجود ارتقائے علمی کے اب تک علمائے یورپ کی نظروں کو خیرہ کرتی ہیں۔ کتب تواریخ کا تو ذکر ہی کیا

ایک پیکرِ محبت کے دردانگیز پیام سے

(از جناب سید ظہیر حسین صاحب رضوی متعلم بی۔ اے کلاس)

ترا حسنِ آمد آمد، تری شانِ دلستانی
تو پیام ہے اسی کا، تو اسی کی ہے نشانی
یہی کہہ رہی ہے گویا بادائے ترجمانی
مرے دل کی گوشہ گوشہ یہ ہے جس کی حکمرانی

ترا دل خراش لہجہ مگر اس سے بے خبر ہے
اسی پیکرِ حیا کا تری حنا مشی اثر ہے
کہ وہ حسنِ درد پرور بھی اسی میں مستتر ہے
تری شوخیوں میں ہاں ہاں وہی شوخ جلوہ گر ہے

تجھے یک بیک جو دیکھا مری چشمِ آرزو نے
انھیں بوالہوسیوں نے کیا شرمسار تجھ سے
میں کہاں تھا کیا بتاؤں مرے ہوش کب بجا تھے
تری پرسشِ نہاں کے مری جانِ زار صدقے

تجھے نذر دوں تو کیا دوں مرے پاس ہے تو کیا ہے
یہی دم رہا سہا ہے! جو لبوں تک آچکا ہے
رہے چشمِ ناز یارب! کہ دل اس کا ہو چکا ہے
ہو اسی کا یہ بھی خدیہ، یہی آخری دعا ہے

یہ ستم نہیں ہیں مجھ پر نگہِ کرم ہے باقی
مجھے عیشِ جاوداں ہے اگر اس کا غم ہے باقی
مری بے بسی کا ہدیہ مری چشمِ نم ہے باقی
اور اسی کا غم ہے جب تک مرے دم میں دم ہے باقی

مرا حالِ زار جو کچھ ہو وہ اس کا حال کیوں ہو؟
کوئی غم پسند ہو تو اسے ملال کیوں ہو؟
مرے غم کا غم کرے کیوں وہ عبث نڈھال کیوں ہے؟
جو ستم ہوں حسبِ خواہش تو پھر انفعال کیوں ہے؟

فراق و وصل دونوں ہیں مرے لئے برابر
جو ملول ہوں تو کیوں ہوں میں شکستِ آرزو پر
کہ ہے رات دن تصور میں وہ چہرۂ منور
کہ شکستِ آرزو ہی سے کھلیں گے میرے جوہر

وہ یونہی ہی کی قسمت میں لکھا ہے خونِ ارماں
میں کبھی امید توڑوں، نہیں اس کا کوئی امکاں
مگر اپنی کامیابی کا یہی ہے رازِ پنہاں
مرے دردِ جستجو کو نہیں احتیاجِ درماں

مرے دلنواز پیغام! یہ جان تجھ پہ صدقے
کوئی چل بسا جہاں سے یہ خوشی میں کہتے کہتے
یہ پیام میرا بنکر یہ اب اس سے جا کے کہدے
مجھے شاد کرنے والے، مجھے یاد کرنے والے!

ترے در پہ جو پڑا تھا وہ فقیر بھی تھا کوئی
تری زلفِ مشک پرور کا اسیر بھی تھا کوئی
جو غنی تھا دو جہان سے، وہ فقیر بھی تھا کوئی
غرض اتنا یاد رکھنا کہ ظہیر بھی تھا کوئی

(ظہیر رضوی)

یہ ایک غیر متعلق بحث ہے اور اس نقص کا مجھے اعتراف ہے۔ لیکن میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ اخلاقی کمزوریوں میں سب سے بدتر کمزوری وہ ہے جو انسان کو اپنی بدترین دشمن یعنی تقدیر کے سامنے ہتیار ڈال دینے کی تعلیم دیتی ہے۔ وہ شخص انسان ہی نہیں جس کی کمر ایک استخوان مستحکم کی رہین منت نہ ہو اور جو خس و خاشاک کی طرح ہر باد مخالف کے جھونکے کے سامنے سر عجز خم کر دے! انسان کا عزم مصمم اس کی تقدیر پر حکمرانی کر سکتا ہے۔

انسانیت کا مایۂ ناز اور قابل تعریف خاصہ یہی ہے کہ انسان اپنی تمام کوششوں کو تقدیر کی ستم آرائیوں کا مدمقابل بنا دے۔ خود حالات اور واقعات کے سانچے میں نہ ڈھلے۔ بلکہ رفتار زمانہ کو اپنی مرضی کے تابع بنا لے۔ ممکن ہے کہ اس مرحلے میں اس کو بسا اوقات ناکامیوں کا سامنا کرنا پڑے۔ لیکن لطف حقیقی اور طمانیت قلب کاوش اور جد و جہد میں پنہاں ہے نہ کہ عزائم کی تکمیل میں!

خواجہ غلام السیدین

بیخود

کیا طلسم حیات ٹوٹ گیا؟ قیدیِ غم سنا ہے چھوٹ گیا

آس ہی تجھ سے آج کیا ٹوٹی تیری باتوں سے دل بھی ٹوٹ گیا

تھا جو باقی اک آبلہ دل میں جوشش گریہ سے وہ پھوٹ گیا

حالِ بیخود جو دیکھنے آیا

دیکھ کر سینہ اپنا کوٹ گیا

اختیاری یا اضطراری طور پر کو دخل اور رنگ میں "شکست" پیدا ہو جائے تو یہ قصور وار۔ عرض
اس کو ضرورت سے زیادہ بدنام کر کے ایک غیر معمولی اہمیت دیدی گئی ہے۔ اور تقدیر کی
بے انصافی عقل انسانی کی نارسائی۔ اُمیدوں کا انقطاع۔ تدابیر کی شکست خیر کا زوال۔ شر کا
عروج غرض تمام باتیں جو دراصل بازیچہ تقدیر ہیں اس عجیب وغریب لیکن قابلِ رحم ہستی کے
گلے ڈالے جاتے ہیں گویا تقدیر ایک بادشاہ ہے جس کی حقیقی وقعت صفر کے برابر ہے اور اس کی
اندرونی اور خارجی پالیسی کا ذمہ دار نوآبادیوں کا معتمد، مجلس کابینہ کا وزیر امور خانہ داری
کا مہتمم صیغہ راز کا مشیر اور رشوت خواری کا سرچشمہ سب کچھ شیطان ہے۔ یہ ہی حضرت انسان
کی کوتاہ فہمی کہ اپنے مسلمہ دشمن کی بھی تحقیر نہیں کرسکتے" بلکہ اس کو غیر معمولی قوتوں کا مالک کہکر
اس کی عظمت کرتے ہیں ؎

کیا ہنسی آتی ہے مجھکو حضرتِ انسان پر
فعل بد تو خود کریں لعنت کریں شیطان پر

یہاں تک تقدیر کا شکوہ تھا۔ لیکن بنی نوع انسان کے ان کرم فرماؤں کا کیا
کیا جائے جو بلا اُجرت تقدیر کے وکیل بن گئے ہیں۔ اور بجائے اس کے مطلق العنان
تغلّم کے خلاف بغاوت اور شورش کی تعلیم دینے کے یہ سکھاتے ہیں کہ تقدیر جو کچھ دکھائے
اس کو نہ صرف برداشت کرنا چاہیئے بلکہ خندہ پیشانی کے ساتھ مصیبتوں کا استقبال کرنا
انسان کا فرض منصبی ہی کہتے ہیں۔ اہلِ بینش کو ہے طوفان حوادث مکتب۔ لطمۂ موج کم از سیلی
استاد نہیں۔

مجھے اس شعر سے کئی شکایتیں ہیں۔ اوّل تو اس میں قدامت بہت جھلکتی ہے اور رسوماتِ
متروکہ کی فضا اس کے گرد محیط نظر آتی ہے۔ عرصہ ہوا کہ سیلی استاد غیر مہذب سمجھی جانے لگی۔
اب اس کی تعریف کرنے سے حاصل! خصوصاً جب کہ اس کے بجائے چھڑی اور رول کا
استعمال کیا جاتا ہے اور بعض روشن خیال اور جدید تعلیم گاہیں تو صرف جرمانے پر اکتفا
کرنے لگی ہیں جس کی وجہ سے تھپڑ رخسار پر نہیں پڑتا بلکہ جیب اور بٹوے کی "خبر" لیتا ہے۔ اور
جماعت کی غیر حاضری یا نماز کے ترک کرنے کا ایک مہذب اور آسان طریقہ مہیا ہو جاتا ہے علاوہ
اس کے تصنع کو برطرف رکھ کر اگر کسی "شریف آدمی" سے پوچھا جائے تو وہ بلا تکلف یہ جواب دیگا
کہ اس کو سیلی استاد اور مقاصد مکتب میں کوئی بالواسطہ یا بلاواسطہ تعلق نظر نہیں آتا۔

تھا اور لولاک لما خلقت الافلاک کی حدیث دعنی ان میں سے ہر فرد کی شان میں متصور ہوتی تھی لیکن حالات بتا رہے ہیں کہ اب دولت سے نفرت متنفر اور افلاس کی طرف طبعی میلان ولایت کا ثبوت نہیں حماقت کی دلیل ہے مصلحان قوم نے ایک مقصد خاص کی تکمیل کے لئے فقر میں قناعت اور غنا میں ایثار کی تعلیم دی تھی۔ وہ اہل ثروت کو تکبر اور بنی نوع انسان کی جانب بے تعلقی سے بچانا چاہتے تھے اور غریبوں کی دلجوئی اور ان کو ناامیدی سے محفوظ رکھنے کو اپنا فرض سمجھتے تھے لیکن ہر شخص اس ترقی اور روشنی کے زمانہ میں تقدیر کے اس دھوکے میں نہیں آسکتا کہ غربت کو افتخار کے ساتھ قبول کر کے سوکھے ٹکڑوں میں طعام لذیذ اور پھٹے کپڑوں میں لباس فاخرہ کا لطف اٹھائے۔ کیا خلوئے معدہ کا مریض اپنے سر کو اتنے ہی تکبر کے ساتھ بلند کر سکتا ہے جس قدر ایک شکم سیر انسان؟ اب تقدیر کی کرشمہ سازی کو دیکھئے کہ ایک بچہ کو کسی ملک کے شہنشاہ کا نور بصر بناتی ہے اور دوسرے کو ایک نان شبینہ سے محتاج ہستی پر نا قابل برداشت بار بھلا تقدیر کے غیر جانبدارانہ رویہ پر تو کوئی حرف لا ہی نہیں سکتا۔ ضرور ہے کہ اوّل الذکر نے اپنی پیدائش سے پہلے ہی حضرت شیطان کو رشوت دے کر اپنے لئے ایک معقول اور آسودہ جگہ تلاش کرائی ہو اور دوسرا بچہ اپنی نیک طبیعت یا حیا فطرتی کے باعث اس قسم کا سودا نہ کر سکا تو اس کی پیدائش یا جائے نزول میں اس کی رائے کو ایسے قطعی طور پر نظر انداز کر دیا جیسے گورنمنٹ برطانیہ ہندوستان کے معاملات میں ہندیوں کی رائے کو کر دیتی ہے۔ آپ پوچھیں گے کہ یہ ذات شریف جناب شیطان کون ہیں؟ ان کا تقدیر سے کیا تعلق ہے؟ کہتے ہیں کہ یہ دُور پار ایک زمانہ میں افسر ملکوت تھے ہوں گے۔ کوئی کیا جان سکتا ہے؟ میرا ذاتی خیال تو یہ ہے کہ یہ ہستی تقدیر کی اختراع فائقہ ہے اور اس کی چالاکی پر ہمیشہ قائم رہنے والی مہر یا یہ ایک سدّ سکندری ہے جو طعن و تشنیع زجر و توبیخ کے ہر حملہ کو تقدیر نازک بدن تقدیر سے دفع کرتی ہے۔ یہ ایک ڈھال ہے جو ہر وار کو اپنے اوپر لیتی ہے۔ اور اس ہاتھ کی حفاظت کرتی ہے جو اس کا حامل ہے۔ جب ہم قسمت کے ہاتھوں تنگ آکر اس کا گلہ و شکوہ کرنے کے لئے لب وا کرتے ہیں تو بددعا اس کے لئے نہیں شیطان کے لئے نکلتی ہے۔ اپنی بد احتیاطی سے کام بگڑتا ہے تو لعنت شیطان پر کیجاتی ہے۔ جن خطاؤں کے لئے ہم خود کو مطعون نہیں بنانا چاہتے اور پس پردہ تقدیر کے ہاتھ کو کٹ پتلیاں نچاتا ہوا نہیں دیکھ سکتے ان کا ذمہ دار بھی یہی غریب بنتا ہے۔ امتحان کا پرچہ بگڑ جائے تو یہ گنہگار صبح کی نماز قضا ہو جائے تو یہ ملزم۔ پہلی گیند میں وکٹ تین کے دو رہ جائیں تو اس کی خطا سراسر اس کی خطا۔ چھت پر سے

دلہن کی شگفتگی نے دولہن کی قبل از وقت موت نے، غرض کہ ہر گوشے اور پہلو سے مغرب جیا کی لی اور اپنے ہی قلم سے صفحۂ تصویر کو سیاہ بنا دیا۔ لیکن اس سے بھی اس کی حریص طبیعت سیر نہ ہوئی اور اس کو مواد بہم پہونچانے کے لئے عالم حیات سے عالم ممات کا بھی سفر اختیار کرنا پڑا۔ یہاں طرفہ تماشا دیکھئے کہ وہ نوجوان جس کے لئے عیش نے گہوارہ جنبانی کی اور جس کی صفائی قلب کو گناہ کے علم نے بھی مکدر نہیں کیا۔ اب بھی تقدیر کا منظورِ نظر بنا ہوا باغ بہشت میں حور و حور اور شراب اور حور و قصور سے لطف اندوز ہو رہا ہے اور دوسرا بدنصیب جس کو تصویر نے اپنا کھلونا سمجھکر بنایا اور بگاڑا، جس کو فلک کج رفتار نے اپنی ایک ایک گردش میں پیا اور پیا ہر مرحلے خاک بنا کر اڑا دیا یہ بدنصیب اب بھی عتاب کا مورد ہے۔ اب بھی جہنم کے شعلوں کی آغوش میں اپنے ان جرائم کی جزا بھگت رہا ہے جن پر اسے بھی ایسی ہی قدرت تھی جیسی کاغذ کی کشتی کو اپنی رفتار کی سمت پر! دہلی کے فلسفی شاعر نے کہنے کو تو کہدیا ؎

ہو چکیں غالبؔ بلائیں سب تمام
ایک مرگِ ناگہانی اور ہے

لیکن اُسے کیا خبر کہ اس حادثۂ موت کے بعد سانحات کا تسلسل منقطع ہونے میں نہیں آتا اور انصاف پسند اور توازن نواز تقدیر کی بدولت مر کر بھی چین نصیب نہیں ہوتا اور دُور اندیش دماغ سے یہی سوال نکلتا ہے ؎

اب تو گھبرا کے یہ کہتے ہیں کہ مر جائیں گے
مر کے بھی چین نہ پایا تو کدھر جائیں گے

لیکن صدائے بازگشت کے سوا اور کوئی آواز اس کے سامعہ تک نہیں پہونچتی۔ ہاں البتہ چند لمحوں کی متوقع خموشی کے بعد ایک گونجتے ہوئے قہقہے کی آواز کہیں قریب ہی سے پیدا ہوتی ہے اور اپنے مقصد سمع خراشی میں پوری کامیابی حاصل کر کے گردوپیش کی سنسان خموشی میں کھو جاتی ہے یہ تقدیر کا قہقہہ ہے جو ہماری بے بسی پر نمک پاشی کر رہا ہے یہ جذبہ شادمانی کا اظہار ہے جو تقدیر اپنی ان تھک کوششوں کے معراج تکمیل پر پہونچنے کی وجہ سے کرتی ہے۔ یہ بے تعلقی ہے جو ہماری کس مپرسی پر ہنس رہی ہے ہمارے آنسوؤں کو دعوتِ خروج دے رہی ہے۔ ہمارے صبر کو پاش پاش کر رہی ہے۔ یہ تقدیر کا انتظام ہے۔ یہ تقدیر کا انتقام ہے!

وہ زمانہ گیا جب بادشاہوں کو بحیثیت جماعت کے "تجمل حسین خاں" جیسا قیمت دہ سمجھا جاتا

وہ پیوستہ کشتیاں ایسی سُبک روی اور خرام بے تکلفی سے پیراں ہیں جیسے وہ خود پانی کی "امواج رنگین" ہوں ایک نوجوان ان میں سے ایک کشتی کو زینت دیتا ہے اور ناز و نعم کی گود میں کھیلتا دوسرے کنارے جا لگتا ہے پردہ بدلتا ہے۔ رات کی مہیب تاریکی، غول بیابانی کے خوفناک شور و غوغے سے محشرستاں کا نمونہ بنی ہوئی ہے۔ ایک طوفان خیز سمندر جس کی جولانی طبیعت حدِ اعتدال سے تجاوز کر گئی ہے اور جس کی ایک ایک موج جہازوں کو لقمہ بنانے پر آمادہ ہے۔ سامنے تارِ نظر بنا ہوا ہے۔ کنارہ پر ایک شخص مبہوت اور متفکر کھڑا ہوا ہے۔ گویا اپنے گرد و پیش کی تاریکی کو سمجھنے سے قاصر ہے۔ اور تخیل کے بازوؤں پر طائر بنا ہوا صحرائے حال سے مرغزار ماضی میں پہونچ گیا ہے تقدیر، یک چشم تقدیر، یعنی دنیا کو ایک آنکھ سے دیکھنے والی تقدیر مہر و الفت سے مُزین۔ تقدیر اپنا طویل ہاتھ بڑھا کر اس غریب الوطن کو ایک بھنور میں آئی ہوئی کشتی کے سپرد کر دیتی ہے۔ پانی اپنے شکار کو پا کر نہیں چھوڑتا۔ تند ہواؤں کی ستائی ہوئی موجیں جذبہ رحم سے واقف نہیں ہوتیں قوانین قدرت افراد کی خاطر تعویق میں ڈالے جاتے ہیں۔ ضمیر کی ایک ہلکی سی روشنی اس تاریکی پر ضرور توجہ کھینچتی ہے لیکن آب و باد کی اس متفقہ سازش اور ان کی چراغ پائی کا کیا مقابلہ؟ چند جھونکے اس کو بھی گل کر دیتے ہیں اور تحریصاتِ رذیلہ کے محیط سمندر میں وہ مجبور مسافر اپنا نقدِ حیات جفائے تقدیر کے ہاتھوں فروخت کر دیتا ہے۔ تقدیر اس پر اپنی مضحکہ انگیز ہنسی کو متحرک کرتی ہے اور ایک انسان جس پر اشرف المخلوقات کا خطاب ایک تضحیکِ دائمی معلوم ہوتا ہے گم ہو جاتا ہے مگر تقدیر ٹس سے مس نہیں ہوتی ذرا نہیں ہوتی۔ موجوں کا اضطراب سینۂ بحر کی کیفیت انتشار کا آئینہ معلوم ہوتا ہے۔ لیکن اس کو اپنے رخِ زیبا کی جبین بجبینی کا بار بھی گوارا نہیں ہوتا۔ ہرگز نہیں ہوتا!

کاشکہ اس کی بداعمالیوں کا یہ دفتر یہاں تک ختم ہو جاتا اور تقدیر اس پر تصدیق کی مہر لگا دیتی۔ اور مجھے میرے فرائض کراماً کاتبین سے سبکدوشی حاصل ہو جاتی۔ لیکن حق گوئی کا اصرار ہے کہ اس فتنہ پرداز تقدیر کے ان کارناموں کو فاش کر دوں، جو ماوراء الموت اس کی جدت ستم کوشی پر دلالت کرتے ہیں۔ اس چابک دست مصور نے اپنی تصویر سیاہی کی ایک دنیا سے نقاشی کی رات کی تاریکی سے سیاہی لی، حسرت و اندوہ کی آہ سے سیاہی لی، رنج و الم سے نا امیدی و یاس سے، عزائم کے فسخ سے، آرزوؤں کے خون سے

نہ تھا کچھ تو خدا تھا کچھ نہ ہوتا تو خدا ہوتا ڈبویا مجھکو ہونے نے نہ ہوتا میں تو کیا ہوتا

مجبییت کے صفحہ پر ذلت کا حاشیہ اس طرح چڑھا دیا گیا کہ اس بے تعلقی کا احساس بھی چند دن میں نقش ونگار طاق نسیاں ہو گیا۔ ایک طرح سے البتہ یہ بات قابل معافی ہو گئی کہ اس کی بدولت بچہ کو اپنے ماحول کے ساتھ مانوس ہونے میں آسانی ہو گی۔ خیر یہاں تک تو بھی اس عمومی ذہنی میں ایک قسم کی مساوات قایم کر سکتی ہے۔ یعنی تقدیر کی ستم آرائیاں مادر گیتی کے ہر بد قسمت فرزند کو بلا تفریق تدر کر دی گئیں۔ لیکن کائنات کے مجوزہ انتظام خیالی میں آگے چل کر چند ایسے ناقابل تشریح بنائن ؟ پائے جاتے ہیں جن سے تقدیر کی انصاف پسندی پر حرف آتا ہے۔

ہستی کی موجیں بحر وقت پر خندۂ عارضی کی طرح ضیا پاش ہیں۔ اس پر بے شمار چھوڑ اور بڑے سفینے لنگر زن ہیں۔ ہر نو وارد کو ان سفینوں میں سے ایک ودیعت کر دیا جاتا ہے تاکہ وہ اپنی عقل و تدبیر کے چپوؤں سے اس کو ساحل فنا تک بخیر و خوبی پہونچا دے۔ لیکن سمندر وسیع ہے اور اس کا مزاج موقع بموقع اختلاف پذیر۔ کہیں طوفان اور بھنور کے تلاطم نے ماہر شناوروں کو نا امیدی کی تصویر بنا رکھا ہے تو کہیں پانی کا جمود اور اطمینان کمزور طبیعت مسافروں کی ہمت افزائی کرتے ہیں۔ نکتہ چیں طبیعت مصر ہے کہ اس تقسیم کا اصول بیان کیا جائے۔ کیا وجہ ہے کہ ایک بچہ ایک مجرم کی جھونپڑی میں پیدا ہوتا ہے اور گرد و پیش کے حالات سے متاثر ہو کر جرایم پیشہ بنجاتا ہے۔ اور اپنے سرمایہ حیات کو پھانسی کے تختہ پر قربان کر دیتا ہے۔ تاکہ تقدیر کے مظالم اپنے خون سے قلم بند کرے۔ برخلاف اس کے ایک اور بچہ (جو غالباً اپنی جائے پیدائش کے لئے اتنا ہی ذمہ دار ہے جتنا کہ اس کا بد نصیب ساتھی) ایک متمول اور شریف گھرانے میں پیدا ہوتا ہے۔ نیک تربیت کی فضا میں اپنے قوائے اخلاقی اور دماغی کو نشو و نما دیتا ہے۔ جماعت متمدنہ کا ایک مفید اور باکار فرد بن کر راحت و طمانیت کی زندگی پر نیک نامی کی موت کی مہر لگاتا ہے اور اس کی روح اس کی قوم کی تشکر زا نگاہوں میں اپنے اعمال خیر کی جیتی جاگتی تصویریں دیکھتی ہے۔ "توازن تقدیر" کے حامی اپنے فرضیوں کی خلوت علم سے نکلیں اور بتائیں کہ یہ دونوں ہستیاں اپنے اپنے انجام کی کہاں تک ذمہ دار ہیں۔ اپنے اپنے اعمال کی کس حد تک جوابدہ اور اپنی جزا اور سزا کی کس درجہ مستحق ؟ ایک وسیع تالاب پانی کے سکون کو اپنے آغوش میں لئے ہوئے ہے۔ ماہتاب کی کرنوں نے اسے نقاطِ نقرئی کی ایک جگمگاتی ہوئی چادر بنا رکھا ہے۔ جس کا ہر ہر ذرہ ایک چشم جیتاب بنا ہوا اس کرہ نور سے عید نظارہ کا جشن منا رہا ہے۔ اس پر آراستہ

سے نغمہ تو ہمرد دی کی یادگار تھا وہ پرندہ تھا۔ وہ چاند جو تیرا کھلونا تھا، یہ سب اب تجھ سے نا آشنا ہوگئے۔
شب و روز یہ ایک غیر اختیاری نثر یہ تواتر کے ساتھ نمایاں ہونگے۔ لیکن تیرے لئے ان کی موسیقی
ان کی شعریت سب جاتی رہی، سب مفقود ہوگئی۔ ان کی محبت استغنا میں تبدیل ہوگئی ہے۔ اور ان کا
تعلق بے تعلقی میں۔ بیشک رو رہی بدنصیب بچے اپنی ریشمی پلکوں میں آنسوؤں کے موتی پرو۔ کیونکہ
تو اب چاند کی طرف وفور محبت میں ہاتھ بڑھائے گا۔ لیکن اس کی سرد مہری تیری گرمجوشی پر
دُوری سے مسکرائے گی۔ تیرے ادعائے محبت کو باور نہیں کرے گی۔ تیرے نئے رفیق اور احباب
تیری اس طلب اس چاہ کو بیوقوفی اور تحصیل غیر ممکن کی خواہش پر محمول کریں گے۔ اور تیرے اس
ریخ، اس پر خلوص ریخ کو اپنے تفکر کی سنجیدہ دنیا میں نہیں لائیں گے۔ ہرگز نہیں لائیں گے۔ تیرے
حساس، تیرے شاعرانہ، تیرے جذبات پر درد سے مملو قلب پر اپنی مسرت اور شادمانی سے بلا
ارادہ ظلم کریں گے۔ تیری پیدائش پر گھر کی رونق کے لئے نغمۂ شادی کا ہنگامہ بپا کریں گے۔
حالاں کہ اگر تیرے ذکی الحس محسوسات سے مشورہ کیا جائے تو نوحۂ غم زیادہ موزوں ہوگا۔ میں
خوب جانتا ہوں کہ تیرے ع

دل میں سب کچھ ہے مگر طاقتِ اظہار نہیں

اور تو خاموش ان تمام ہزلیات کا ناظر و سامع بنا ہوا ہے۔ اور تقدیر تیرے سامنے بیٹھی ہوئی اپنے
ستم ظریفیوں پر متبسم ہے۔ مسرد رہی جھوٹا ہے وہ شاعر، جاہل ہے وہ شاعر جو کہتا ہے کہ باغ خلد صرف
آدم ہی سے چھٹا۔ میرا تو یہ خیال ہے کہ ہر آدم زادہ باغ خلد چھوڑ کر آتا ہے۔ فرق اتنا ہے کہ آدم نے
گندم کھا کر ترک ادبی کیا تھا اس کی سزا میں انھیں اس نور اور موسیقی کی دنیا سے نکال دیا گیا
لیکن جہاں تک تاریخ یا انسانی ادراک کا تعلق ہے یا جہاں تک حافظہ ماضی کی تاریک مملکتوں
میں سیاحت کرسکتا ہے۔ آدم زادوں کا کوئی قصور نہیں معلوم ہوتا۔ وہ اب تک اپنے مورث اعلیٰ
کی ابتلا میں گرفتار ہیں۔ کون کہتا ہے کہ حضرت آدم کی توبہ قبول ہوئی؟ اگر ان کے آنسو فی الحقیقت
خطا کے داغ کو دھو چکے ہوتے تو آج ہمارا وجود کیا معنی رکھتا؟ نہیں نہیں، میں خوب سمجھتا ہوں تقدیر
انسان کی محدود نظر سے فائدہ اٹھا رہی ہے۔ اور انسان کو دھوکہ دے رہی ہے۔ ایک حضرت آدم
کو اگر دوبارہ جنت میں بھیج دیا تو کیا ہوا؟ ان کی بے شمار اولاد تو ماشاء اللہ ابھی تک اسی معلق
حالت میں ہے تسلیم کرتا ہوں کہ وہ ابتدا ریخ تھی۔ لیکن ابتدائی ریخ کا عطر عطر کی روح اس ابتدا ہی
میں موجود تھی اور مرورِ ایام نے اس سلسلہ کی غیر متناہی کڑیوں کو نہیں توڑا، بالکل نہیں توڑا۔

قایم ہوتی جیسے "گول میز" کے گرد بیٹھے ہوئے ہیں لیکن فریب نظر کا پردہ اٹھا کر دیکھئے سو معلوم ہوتا ہی کہ تقدیر نے آلہ ہائے اقلیدس (پرکار وغیرہ) کا استعمال زمین کو شکل مدوردینے کے بعد ہی ترک کر دیا۔ اور فطرت انسانی کی گوناگوں ممکنات اور لاینحل عقاید کو ریاضی دانوں کی ناخنوں سے بالاکر دیا ہی۔

تنقید اپنا امتحان منزل حیات کے اِس ہنگامی مسافر انسان کے ابتدائی کارنامے سے شروع کرتی ہی۔ اِن کی پہلی اجتہادی غلطی وہ ہی جو ان کو عالمِ ارواح کی بے فکر اور آزاد زندگی سے عالم اجسام کی قیود اور سلاسل میں محبوس کر دیتی ہے۔ طفل نوزائیدہ اپنی غلطی کو اِس وقت محسوس کرتا ہی جب حسرت دانددہ اِس کے معین کار نہیں ہو سکتے۔ اور پچھتانے کا زمانہ ہمیشہ کے لئے گزر چکتا ہی تاہم یہ فطرتِ انسانی کا اقتضا ہی کہ بچہ پیدا ہوتے ہی آوازِ گریہ بلند کرتا ہی تا کہ اِس کے پس آمدگان عبرت پکڑیں اور اِس کے نوحہ "من نہ کردم شما حذر بکنید" کو اپنے صراطِ عمل کا رہبر بنا کر اِس غلطی میں مبتلا نہ ہوں لیکن نو واردوں کا جوق جوق سرائے حیات میں آ کر مقیم ہونا اِس بات کو ضمناً ثابت کرتا ہی کہ اِس صلائے عام کی شنوائی نہیں ہوتی کیوں کہ عدم اور وجود کے درمیان ایک ایسا جاذبِ سمع پردہ حائل ہے جو ہر قسم کی دُنیاوی صداؤں کو ادھر ہی روک لیتا ہی۔ لیکن اِس بیچارہ نوگرفتارِ بلا کو کیا خبر کہ اِس نے قیمت گراں ادا کر کے دردِ سر مول لیا ہی۔ وہ تو نیک نیتی سے اپنے ہمجنس کو (یہ دو ٹانگوں والے فردِ ثقّا سیئین سے مشابہ ہمجنس نہیں بلکہ وہ ہمجنس جن کے ساتھ وہ کنول کے کٹوروں میں سے شبنم کا عرق پیا کرتا ہے۔ اور تاروں کی چھاؤں میں اشجار جنت کے پتوں پر شبنم کے موتی گنا کرتا تھا) متنبہ کرنے کے لئے چیختا ہی۔ پکارتا ہی۔ صدائے احتجاج بلند کرتا ہی۔ لیکن تقدیر اپنا سر ہلاتی ہی اور کہتی ہے ؎

ابتدائے عشق ہے روتا ہے کیا
آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا

اے قابلِ رحم اجنبی! اے نادان مسافر!! تیرا گھر تجھ سے چھوٹ گیا۔ سورج کی کرنوں کو زینہ بنا کر بامِ فلک پر چڑھنے کی طاقت تجھ سے سلب کر لی گئی ہے۔ فلکِ نیلگوں پر تیرتے ہوئے منور مقیش جو تیرے کھلونے تھے۔ نسیم عرش جو تجھے تیرے ہی زبان میں لوریاں دے دے کر سلایا کرتی تھی اور چاند، ہاں وہ نقرئی کرنوں والا چاند جس کو شب تاریک نے اپنے چراغِ دل کی یادگار کے لئے بنایا اور آفتاب کی تمازت خیز شعاعوں کو بادلوں کی نمی میں بجھا کر اپنی لانبی لانبی انگلیوں

توازنِ تقدیر

فلسفۂ حیات کے طالب علموں کو جن مسائل سے ہمیشہ برسرِ پیکار رہنا پڑا ہے ان میں قسمتِ انسانی کا مسئلہ ایک نہایت خوفناک حیثیت رکھتا ہے۔ عقلِ سلیم اپنی فطری سنجیدگی کے ساتھ اس مسئلہ سے دوبدو ہوتی ہے۔ لیکن اس کے مضحکات اور روایاتِ متینہ کی پیچیدگیوں میں تصویرِ حیرت بن کر رہ جاتی ہے۔ نفسیات کے اطبا اپنے دستِ مسیحائی کو اس کی متحرک نبض پر رکھتے ہیں لیکن اُن کا طبعی وقار تاسف یا تبسم میں ہی تحلیل ہو جاتا ہے جب وہ دیکھتے ہیں کہ اِس کی تشخیص میں ان کے تمام مرغوب فرضے فاسد ہیں۔ تخیل کی بلند پروازیوں نے اپنی سرعتِ رفتار کو اس کے مقابل کیا لیکن اُفقِ گریزاں کے مانند اس نے "بُعدِ قریب" کا جرأت شکن منظر پیش کر دیا۔ اس عقدہ کے حل کرنے میں ہماری وہمیہ کامیابی ایک خوابِ پریشاں کی دھندلی تصویروں سے زیادہ قابلِ وثوق حیثیت نہیں رکھتی!

فلسفہ کی احمقانہ جدتوں میں سے وہ دعویٰ جسے اختراعِ فائقہ کہہ سکتے ہیں یہ ہے کہ عالمِ کون میں جس قدر ہستیاں عدم کی خاموش اور مطمئن تاریکیوں میں سے وجود کی پر اضطراب روشنی میں صورت پذیر ہوتی ہیں اُن کو بحیثیت مجموعی شرابِ سرور اور زہرِ الم کے برابر جام پلائے گئے ہیں۔ ثروتِ دنیوی کو بے شمار تحریفات کا آماجگاہ بنا دیا گیا ہے اور فقر کو قناعت کا تاج پہنا کر میزانِ انصاف کے دونوں پلڑوں کو مساوی الوزن کر دیا ہے۔ جہاں علو مرتبت کو ابتلا کی گرانی سے سرنگوں کیا گیا ہے وہاں گمنامی اور گوشہ نشینی کو کشمکشِ حیات کے طوفان سے بچا کر پہلوئے عافیت میں جگہ دیدی ہے۔ گویا ان کرسی نشین اور "شکن بستر" عالموں کے نزدیک تقدیر ایک انصاف پسند قوت ہے جو معاوضہ کے اصول کو مدِ نظر رکھکر ہر رُوح کو جو اپنے گناہانِ نامعلوم کی پاداش میں سزائے ہستی کی مستحق ٹھیرائی گئی ہے رنج و راحت کی معجون تقسیم کر رہی ہے اور اس معجون کے اجزاء ترکیبی کی وزنی نسبت ہر شخص کے لئے یکساں ہے۔ کاش حقیقت ان کے اس طلسمِ خیالی کے نقشِ قدم پر چلتی اور دنیا ایسے ہی سیدھے سادے اصول پر موضوع کی گئی ہوتی جو ان سادہ لوحوں کے لئے جنتِ فکر ہے۔ کاش نظامِ عالم پرکار اور پیمانہ ہی کی مدد سے بنایا گیا ہوتا تاکہ اس کے کسی مکیں کو شکایت کا موقع نہ ملتا اور ان میں ایسی ہی قابلِ تعریف مساوات

رشحاتِ نیاز

ہم غزل کی دلکش غزل کے لیے حضرت نیاز کی خدمت میں عقیدت و تشکر کا ہدیۂ نیاز پیش کرتے ہیں اور متوقع ہیں کہ اظہارِ عقیدت و تشکر کا شرف و افتخار ہمیں اکثر حاصل ہوتا رہے گا۔ (اڈیٹر)

وداعِ جاں بہ لبے گرچہ من یقیں دارم — حضورِ حسن ہمہ نالۂ حزیں دارم

بہ حالِ گریہ بگیرم ز دامنِ تو ہنوز — ہزار شکوۂ رنگیں در آستیں دارم

بہ تازہ عشوۂ ہر شب ترا کشم بہ خیال — فراغِ خلوتِ صد جلوہ آفریں دارم

بجرعۂ ز لبش زخمہا بہ جاں افتاد — ہزار نیش بہ یک نوشِ انگبیں دارم

کشیدنِ نفسِ گرم ہم شدست محال — ازیں خیال کہ در دل ترا مکیں دارم

ز دیدہ تا جگر و دل جراحت آباد است — ز بزمِ حسن ہمیں یادِ دلنشیں دارم

چہا گذشت بہ دل مختصر شنو از من — ہزار نقشِ خرابی بہ یک نگیں دارم

وفورِ خندہ بہ تبخالہا پدید آمد — ترا کہ گفت بہ لب آہِ آتشیں دارم؟

چگونہ وا رہدم آستانِ حسنِ نیاز

ازیں گناہِ عظیم کہ من جبیں دارم

کہ زندگی اک غفلت ہی۔ دُنیا میں انسان کی خوشی اِک غفلت سی عبارت ہی غفلت کو ہٹا دیجئے پھر انسان کی زندگی کا ہر لمحہ شکنجہ و تکلیف میں گزرے گا۔ تم کہتے ہو کہ ہم اپنے مقصد کو ایک سیاسی شکل ظاہر کریں، بہت خوب، یعنی تم چاہتے ہو کہ جلال کا دل ضرورت اور مجبوریت سے میری طرف مائل ہو۔ اُس قلب کو کون مجبور کرسکتا ہی؟ برسوں سے وہ دل دُنیا کے لئے خون ہو رہا ہے مگر اُس کی تمکنت میں فرق نہیں آتا۔ سالہا سال سے وہ قضا سے پنجہ لڑا رہا ہے لیکن تھکا نہیں میری اُمید تو صرف اُس کی مرحمت سے ہی۔ ہاں یہ بھی ہے کہ شاید ایسی خالص ایسی شدید محبت کی معنوی تاثیر جاذبۂ روحانی ہو۔

عزالدین۔ سلطان جلال اِس بات کا بہت التزام رکھتا ہی کہ جب تک فی الحقیقت احتیاج مبرم نہو اسلام کے درمیان تلوار نہ کھینچے۔ محبت ملت اور غیرت اسلام کی نمایش، وہ اپنے مقصد کے لئے سب سے بڑا اسلاح ظفر خیال کرتا ہے۔ جب وہ اِس بات کو خیال کرے گا کہ اِس سلاح سے تبریز جیسا ملک اور حضور جیسا قیمتی جوہر اُس کے خزینۂ اقبال کو زینت دے سکے گا تو ہم سے زیادہ خود وہ ہماری طرف جھکنے کی کوشش کرے گا۔ اور حضور صاف بات تو یہ ہی کہ کچھ ہو ہمیں احتیاط کا دامن ہاتھ سے نہ دینا چاہیئے اس عاجز نے دنیا میں اللہ کے بندے بہت دیکھے مگر اللہ کا خادم کوئی نہ دیکھا۔

مہرجہاں۔ دیکھو یہ آدمی کیا بک رہا ہی۔ جس طرح آفتاب کی شعاعیں سنڈاس میں پڑکر اپنی لطافت کھو بیٹھتی ہیں اسی طرح اِس کے مُردار دل میں اُس جلال کا عکس جو انوار معالی سے خلق ہوا ہی کیسا خراب پڑا ہی۔ چل اپنی احتیاط علیٰحدہ رکھ۔ قلعہ کی کنجیاں سلے اور جا اور میری سفارت کو میری ہدایات کے مطابق پورا کر۔ اِس سفارت کی زبان وہ ہوگی جو ایک لونڈی کو ایک بادشاہ جہانگیر کے سامنے اک شیوۂ عبودیت سے کرنی چاہیئے۔ جلال کو جو ناراض کرنا چاہے وہ میری نظر میں چنگیز سے بدتر ہی۔

عزالدین۔ جو حکم۔ (عزالدین جاتا ہے)

مہرجہاں۔ کیا کروں۔ کاش یہ ممکن ہوتا کہ اپنے دل کو میں زبان دے سکتی تاکہ اپنے حیات کو جیسا میں چاہتی ہوں جا کر بیان کرتا۔

(پردہ گرتا ہی)

وہ سب میرے نقطۂ نظر میں آکر جمع ہو گئی تھی۔ آفتاب سے اُس کا چہرہ سونلا گیا تھا۔ معلوم ہوتا تھا کہ آفتاب کو اُس کے حسن سے حسد ہوا تو اُسے کم کرنے کی کوشش کی۔ نہیں نہیں بلکہ یہ کہنا چاہیے کہ ضیائے آفتاب بھی اُس کے نورِ جمال کے قریب آئی تو ماند پڑ گئی۔ وہ بھی ہم ہی جیسا انسان ہے مگر ہم ہی جیسا انسان ہونے کے باوجود وہ اپنی ہزاداؤں میں ایک ہستی معلوم ہوتا تھا جو تمام دُنیا سے زیادہ عظیم الشان، تمام دُنیا کو اپنی تضیق ہمت سے کچل دینے پر مقتدر ہو۔ آہ! کیا وہ دُنیا کی طرح مجھے بھی اپنا پرستار کرلے گا۔ مجھے بھی دنیا کی طرح غیروں سے چھین لے گا۔ مجھے بھی دنیا کی طرح یہ چاہیگا کہ اس کے ہر حکم ہر آرزو کی متابعت کروں۔ ایسے بڑے بادشاہ کو البتہ ایک دنیا بھی کافی نہیں۔ کیا یہ خیال کرکے کہ ایک دنیا تو فتح کرچکا یہ دوسری دنیا ہے جو میرے ذوق میرے حکم کے تابع ہونے کے لئے پیدا کی گئی ہے۔ مجھے بھی زیر فرمان کرے گا۔ کیا ایسے بڑے بادشاہ کے دل میں دُنیا کا رقیب بننا میرے نصیب میں ہوگا۔

عزالدین۔ حضور! آپ تو یہ خیال کرتے ہیں کہ جلال الدین نے ساری دُنیا کو فتح کرلیا۔ حالاں کہ اُس کی شکستیں اُس کی فتوحات سے زیادہ ہیں۔

مہرجہاں۔ کیا تم اِس بات کو نہیں مانتے کہ سکندر کی شان اس کی جہانگیری سے زیادہ اُس کی کسی مصیبت بھری شکست میں نظر آتی تھی، کیا تم نہیں دیکھتے کہ وہ مقامات جو تباہ و برباد ہو رہے تھے وہ وہاں گیا اور انھیں اُس نے دوبارہ زندہ کیا۔ ملّتِ اسلامیہ جس بلا کو جھیل نہ سکی اُس کا دل اُسے سہ رہا ہے۔ اپنے تنہا سر سے فلک کا مقابلہ کر رہا ہے۔ اس بڑی دنیا کو بدبختی کے پنجے سے چھڑانے کی کوشش کر رہا ہے۔ نہ معلوم تم اُسے جیسا میں چاہتی ہوں سمجھا بھی سکوگے یا نہیں کہ میں اُس کی اِس قدر مفتوں ہوں کہ اس کی اک چھوٹی سی چینِ جبیں بھی مجھے دنیا کی بزرگ ترین آرزوؤں میں سے ہے، اور اُس کا ایک خندۂ التفات میرے لئے عمرِ ابدی سے زیادہ پُرلذت ہے۔

عزالدین۔ آپ تو مجھے عجیب و غریب حکم دے رہی ہیں۔ اگر ہم ذرا اپنے تئیں لئے دیئے نہ رہیں اور اپنے مطلب کو ایک سیاسی مقصد کی شکل میں ظاہر نہ کریں تو حصولِ مرام کی کیا اُمید ہوسکے گی آپ اُسے دیکھکر عاشق ہوئیں یا وہ آپ پر؟

مہرجہاں۔ کچھ مت کہو، کچھ مت کہو، میں جانتی ہوں جو تم کہوگے۔ مگر میں اُسے جاننا، اُسے سوچنا نہیں چاہتی۔ میں اپنے تئیں بھلا رہی ہوں مگر میری زندگی کا انحصار اس دعوے پر ہے، میری روح کی غذا یہی غفلت ہے۔ شاید میری باتوں کو تم اچھا خیال نہیں کرتے؟ مگر کیا تمھیں معلوم نہیں

جدائی وہ چیز ہوتی ہے جو خدا کے قہر سے مشابہ ہوتی ہے۔ وہ ہزاروں رنگ کے نور افشانی
کی کھینچی کے نقش اور وہ ہزاروں لطافتیں ہوا سے بجز کالی ہوئی طوفان آتش سے زیادہ
خوفناک معلوم ہوتی ہیں۔ ہوا کا ہر ایک ذرہ زہر بھرا قطرہ معلوم ہوتا ہے۔ انسان کی زندگی
کا ہر دقیقہ ایک لاکھ برس گزرنے کا زمانہ معلوم ہوتا ہے۔ وہ محنت خانہ جسے چند روز قبل تم
یک مستغرق بہار جنت خیال کر رہے تھے اب ایک ایسی دوزخ معلوم ہوتی ہے جس میں عذاب
ابدی کا مجموعہ چند دنوں میں اس لئے لا کے بھر دیا گیا ہے کہ یہ فانی ہے۔ نتیجہ کیا ہوتا ہے۔ یا تو
شدید انفعالات اُسے پیس کے محو کر دیتے ہیں یا وہ عشق کی ہر مصیبت میں لذت حاصل کرنے
کی کوشش کرنے لگتا ہے۔ اپنے قطرات اشکِ خوں کو وہ پھول اور اپنی آتش بار آہوں کو دھوپ
کو ڈوبتے ہوئے آفتاب کے وقت کا فلک تصور کرنے لگتا ہے۔

عزالدین۔ آپ نے فردوسِ محبت کی ازل سے اس وقت تک کی بہترین حالت کی تصویر کھینچی ہے؟

مہرجہاں۔ نہیں نہیں جسے میں بیان کر رہی ہوں وہ صرف ریاض محبت نہیں وہ دوسرا
ہی عالم ہے۔ میں نے محبت کو اس شکل میں نہیں دیکھا کہ اسم ہے مسمیٰ نہیں، ایک بُعد ہے جس کی
انتہا نہیں۔ میرا محبوب، طراوت شباب، رونق جمال کی طرح ایک وجود مخیل نہیں ہے۔ میں نے
انسان کو انسان کی طرح، جلال کو انسان کی طرح چاہا ہے۔ میں نے اُسے اُس کے ہر نوع کمالات
ہر قسم نقص کے ساتھ چاہا ہے۔ تین راتیں قبل میں اس کھڑکی سے خوارزمیوں کے حملے کی جو وہ
خندق کو عبور کرنے کے لئے کر رہے تھے سیر کر رہی تھی۔ میرے سامنے ایک درخت کے نیچے
ایک جوان اپنی تلوار سے ٹیک لگائے کھڑا تھا اور اس متانت سے کھڑا تھا کہ گویا تلوار کی نوک کو
اس عظیم الشان دُنیا کے سینے کھبو کر زبانِ حال سے کہہ رہا ہے "میرے حکم کی مطیع ہو تو میرے
پاؤں تلے ہے" فوج میں جو مشعلیں جل رہی تھیں اُن کی سُرخی نے اُس کے آدھے جسم کو روشن
کر رکھا تھا۔ دوسری طرف سائے نے ایک ہلکے نور کے ساتھ تاریکی کا پردہ ڈال رکھا تھا۔ غرض
ایک ایسا عجیب ایسا عاشقانہ لوحۂ تماشا پیدا کر رکھا تھا کہ جنھوں نے نہیں دیکھا اِن کے سامنے
اُس کا بیان کرنا تو مشکل ہے ہی جنھوں نے دیکھا وہ بھی اپنے حافظہ میں پوری لطافت کے ساتھ
اُس کا نقش قائم نہیں رکھ سکتے۔ معلوم نہیں تم بھی اِسی بات کو جانتے ہو کہ نہیں بعض لطافتیں
ایسی ہوتی ہیں کہ چونکہ کمال قدرت کی جامع ہوتی، عالم خیال میں بھی اُن کی نظیر نہیں مل سکتی
میں نے سیما کو دیکھا اور ایسے وقت دیکھا کہ میری رُوح میں جس قدر قدرت، جس قدر قابلیت تھی

میرے سپرد ہوئی ہے۔ انشاء اللہ آپ کے سایہ میں دونوں اسلامی سلطنتوں کے اتحاد کی کوشش کروں گا۔ خدا حضور کو سلامت باکرامت رکھے۔ (نورالدین جاتا ہے)

مہرجہاں۔ مولانا! میں نے آپ کی تقریر جو آپ نے نورالدین کے سامنے کی بہت توجہ سے سنی۔ آپ کی باتیں دماغ کے سامنے یہ منظر پیش کرتی ہیں کہ حنائے شفق جیسے پھول کھل رہے ہیں اور نورِ سحر سے بنے ہوئے یاسمین کی کلیاں چٹک رہی ہیں۔ دماغ آپ کی باتوں کو سمجھتا ہے مگر دل پر اثر نہیں ہوتا۔ آہ! کاش یہ ممکن ہوتا کہ میں اپنے دل کو زبان عطا کر سکتی تو اُسے اپنا سفیر بنا کر بھیجتی کہ میرے حیات کو جیسا میں چاہتی ہوں ظاہر کر سکتا۔ سنئے! چار سال ہوئے میں اُس کے نکاح میں آئی تو بہارِ شباب کے سب سے زیادہ پُر رونق سب سے زیادہ روش زمانے کو میں نے اُس زندانِ اسارت میں کاٹا جسے آپ لوگ حرم سرائے دولت کہتے ہیں۔ جو لوگ موسم بہار میں قید خانہ میں جلادوں کے ہاتھوں میں ڈال دیئے جاتے ہیں اُن کا دل بہلاوا، نالۂ بلبل کے سوا اور کیا ہوتا ہے۔ اس زمانۂ اسارت میں میرا بھی بہلاوا اُن بلبلوں کے نغمے تھے جنھیں لوگ شاعر کہتے ہیں۔ محبت کی بہت سی خیالی تصویریں شاعروں کی کھینچی ہوئی میری نظر سے گزریں۔ سب میں میں نے یہ دیکھا کہ دل کی اُس وقت کی حالت جب کہ لڑکپن اور شباب کے درمیان کا زمانہ ہوتا ہے اس طرح کی ہوتی ہے گویا ایک نازنین ہے جس کا وقت معصومانہ کھیلوں اور اُمیدوں میں گزر رہا تھا، جو ایک شیریں غفلت پاک جان پرور راحت میں تھی جس کے خواب آلودہ انکھڑیوں کو نو طلوع آفتاب کا نور آہستہ آہستہ کھول رہا تھا کہ یکایک حُسن کی بجلی آنکھوں کے سامنے کوندنے لگتی ہے۔ اب وہ جو چاروں طرف نظر ڈالتی ہے تو اپنے تئیں ایک ریاضِ جنت میں پاتی ہے جو ہزاروں لطیف الوان و انوار سے منور ہے جس ہوا میں سانس لیتی ہے وہ زائیدۂ حیات جس زمین پر قدم رکھتی ہے وہ رُوح جوہر سے بھری معلوم ہوتی ہے۔ رفتارِ عمر میں اُسے وہ لذت محسوس ہوتی ہے گویا ایک نہر کی روانی کی سیر کر رہی ہے جس کے کنارے سرو سمن استادہ اور چاند اپنی روشنی ڈال رہا ہے۔ اور وہ اُس سرور سے بیہوش رہتی ہے جو اُس جاودانی سعادت کے پا لینے سے حاصل ہوتا ہے جسے ہر رُوح "قالو بلیٰ" کے بعد حسرت سے ڈھونڈھتی پھرتی ہے۔ یہ نازنین جب اپنے حال پر غور کرتی ہے تو کہتی ہے" غالباً فلک نے مجھے دُنیا میں بھیجنے کے بجائے جنت میں بھیج دیا ہے اور اس ابدی نزہتگاہ کے ایامِ بہار میں یہاں آئی" اتنے میں ایک ایسی رقابت پیدا ہوتی ہے جس کے سامنے موت آسان معلوم ہوتی یا ایسی فرقت کا ظہور ہوتا ہے جو موت ہی سے ختم ہو یا کوئی ایسی

(جو نیند سے جاگتے وقت اِس کی آنکھوں سے اس طرح چمکتا ہے جس طرح موسم بہار میں نو طلوع آفتاب) ملکہ کے انوار التفات کے ساتھ ہو جب کہ اُن کا وجود حسرت کش ابر سحر جیسے بیاض یاسمین جیسی لطیف چادر میں چھپا ہوا ہو اور وہ اُن کا چہرہ خواب راحت میں اس طرح ہو جس طرح خزاں کی رات میں بدر کامل، اُس وقت کی نسبت، شب حسرت سے یہ ہو گی: ایک سانولی عورت اپنے سیاہ بالوں کو بکھیرے ہوئے سو رہی ہے۔ اُدھر ایک شفق رُو لڑکی ہے جو اپنے سینے اور اپنے کندھوں پر گیسوئے زرتار پھیلائے ہوئے نیند سے اُٹھ رہی ہے۔

اِک مرتبہ جلال کے ساتھ جمال اِک نقطہ میں جمع ہو کر تجلّی دکھائیں اس وقت اُن مقامات میں جنھیں ہم ریاض جنت سے تشبیہ دیا کرتے ہیں اور اُن مقامات میں جنھیں ہم جہنم کہتے ہیں صرف یہ فرق رہ جائے گا کہ یہ پھولوں میں عرق نوبہار ہوں گے تو وہ نور کے دریا میں ڈوبے ہوئے شہر آئیں۔

نورالدین سبحان اللہ! کیا روشن تشبیہات ہیں لیکن ہم اگر ایسے شاعرانہ خیالات کو حقیقی چیزوں میں ملا دیں گے تو گویا جواب میں اٹھائے ہوئے لطفوں کو لذتِ حیات شمار کریں گے۔ استقبال کے اُمیدوں پر نظر جا کر ہمیں حال سے نہ گزر جانا چاہیئے۔ قدرتِ الٰہی کے سوا کون حکم لگا سکتا ہے کہ مستقبل جو جہان کی آدمی عمر سے زیادہ طویل اور امکان کی آدمی وسعت سے زیادہ بڑا ہے کیا ہو گا میں جس وقت حضور شاہی سے رخصت ہوا تھا تو مجھے خیال نہ تھا کہ یہاں اس قسم کی خواہش پیش کی جائے اِس لئے اس بارہ میں ارادۂ ملوکانہ دریافت نہ کر سکا۔

لیکن جس وقت ایک بادشاہ کے ہاتھ میں ایک مملکت تسلیم کی جائے۔ اگر اس وقت اُس کے جسم کو ایک رُوحِ ثانی بھی دیا جانا چاہا جائے تو اُس جواب کا معلوم کرنا جو وہ دے گا مشکل نہیں ہے؟ اس بارے میں رسمی اور باضابطہ طریقوں سے ہزار درجہ مضبوط طور پر میں عرض کرتا ہوں کہ حضرت ملکہ اب سے یہ سمجھ لیں آج کا مقصد حاصل ہو گیا۔

مہرجہاں آپ اب جائیے ملا کے گھر میں آرام کیجئے شام تک وہ بھی آپ کی خدمت میں آئیں گے تب آپ اپنے کیمپ میں جا کر سفارت کو پورا کیجئے اور یقین رکھیئے کہ آپ کی خدمات قدر ناشناس لوگوں کے لئے نہوں گی ریلیجو قبوں کے مذہب مکارم میں جیسا یہ حرام ہے کہ کسی سے دیکھی ہوئی بُرائی کو یاد رکھا جائے اسی طرح یہ بھی حرام ہے کہ کسی سے دیکھی ہوئی بھلائی بھلا دی جائے۔

نورالدین میرے حق میں حضرت ملکہ کی اِس سے بڑھکر اور کوئی عنایت نہیں ہو سکتی کہ یہ خدمت

پردۂ پنجم

تبریز میں ایک محلسرا

مجلسِ اوّل

مہرجہاں۔ عزالدین قزوینی۔ نورالدین منشی

عزالدین۔ آپ کو اچھی طرح معلوم ہو کہ آج کے دن حضرتِ ملکہ، حاکمۂ تبریز ہیں۔ جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ عورتیں حکومت نہیں کر سکتیں، وہ شاید شیراز میں سعیدہ کی حکومت۔ اندلس میں صبیحہ کی سلطنت سے واقف نہیں ہیں۔ ہاں، اس قلعہ میں تاتاریوں کے حملوں کا مقابلہ کرنا کسی مرد سورما کے بس کا نہ تھا۔ بادشاہ، اتحادِ اسلام پر ایک سلطنت کی بنیاد رکھنا چاہتا ہے۔ انشاءاللہ یہ قلعہ جو خدمت کرے گا وہ اس سلطنت کی سنگِ محراب کا کام دے گا۔ مگر ساتھ ہی اس کے یہ بات ہے کہ آج کے دن تبریز اُس نازنینِ محبّت کا جہیز ہے جو فکر و احتیاط کے دولتسرائے اہل میں پائی گئی ہے، اور دل جس کا مہر ہوگا۔ ہم اس قلعہ کو تسلیم کرنے کے لئے حاضر ہیں مگر اُس کے عوض میں دُنیا کے سب سے بڑے بادشاہ، سب سے بڑے انسان کا دل جیسا قیمتی مہر وصل مانگتی ہیں۔

نورالدین۔ ذرا مشرح فرمایئے تاکہ آپ کا مطلب سمجھ میں آسکے۔ یہ ثابت ہے کہ آج کے دن عملاً قلعہ کی حکومت ہمارے بادشاہ کے ہاتھ میں ہے اس حقیقت کے سمجھنے کے لئے صبیحہ یا سعیدہ کی مثالوں کی ضرورت نہیں ہے آپ قلعہ کو جہیزِ محبت قرار دے رہی ہیں، مجھے وہ عروس نظر نہیں آتی جو اِس جہیز کی مستحق ہو۔

عزالدین۔ اللہ رے آپ کا تجاہلِ عارفانہ! ملکہ جہاں کے سوا اور کوئی وہ عروس ہوسکتی ہے۔

نورالدین۔ تو جو خبریں مشہور تھیں کہ حضرت ملکہ اتابک سے جُدا ہوگئیں وہ صحیح ہیں۔

مہرجہاں۔ چار ماہ قبل اتابک، کے قلعہ میں چلے گئے ہیں اور اس پائے تخت کی محافظت میرے سپرد کر گئے ہیں۔ اور نکاح میں دینے کا اختیار جو انھیں حاصل تھا وہ بھی مجھے دے گئے ہیں۔

عزالدین۔ میں خیال کرتا ہوں کہ زیادہ تشریح کی ضرورت نہیں اگر بادشاہ کا شعشۂ اقبال

جلال الدین غیر معمولی طاقت سے پیرتا ہے لیکن بوجھ کی وجہ سے ڈوبنے کے قریب ہو جاتا ہے۔
نیرہ (غم انگیز آواز سے) اگر آپ دین کی محبت رکھتے ہیں تو مجھے چھوڑ دیجئے۔
قطب الدین۔ میں ان زخموں سے ویسے ہی نہ بچوں گا۔ ابا جان۔ آپ اپنے تئیں بچائیے۔
ملک نصرت۔ (سامنے کے ساحل سے پکار کر) میرے بادشاہ! خدا کے واسطے اپنا خیال کیجئے ہوش میں آئیے۔ دشمن جو آپ کے پیچھے پیرتا چلا آ رہا ہے۔ آپ کو بھی اور انھیں بھی قید کر لیگا۔
جلال الدین (پیچھے دیکھتا ہے۔ ایک تاتاری اس قدر قریب پہونچا ہوا نظر آتا ہے۔ کہ وہ ان تینوں میں سے ایک کو ضرور پکڑ لے گا۔ جلال الدین نیرہ اور قطب الدین کو ہاتھ پر اٹھا کر) یا ربی! یا ربی! جو سلطنت تو نے مجھے احسان و عنایت کی تھی، اس کی تمام نعمتوں میں سے صرف یہ دو پیارے بچے وجود باقی تھے۔ یہ بھی تیری راہ میں قربان ہوں۔ دونوں کو ہاتھ سے چھوڑ دیتا ہے۔ اور ہلکا ہو کر جلدی سے ساحل پر پہونچ جاتا ہے۔ جو تاتاری کہ اس کا پیچھا کرتا ہوا آتا ہے اسے پتھر سے مار ڈالتا ہے۔
نیرہ۔ (ڈوبتے ہوئے) میرے بادشاہ! میرے جلال! اپنی نیرہ کو بھول مت جانا۔
قطب الدین۔ (غرق ہوتے ہوئے) میں بھی اپنی اماں جان کے پاس جا رہا ہوں۔ عرش میں پہ فرشتوں کے پاس جا رہا ہوں۔
جلال الدین۔ (بیہوشانہ عالم میں) قطب الدین! قطب الدین!
قطب الدین۔ (پانی کے اندر آخری مرتبہ جاتے ہوئے) بابا جان! بابا جان!
جلال الدین۔ اپنے دادا جان سے ملنا تو کہنا کہ گو میں ان سے آکر نہیں ملا، لیکن میں نے اس قسم کو پورا کیا۔ جو میں نے ان کے جنازے پر کھڑے ہو کر کھائی تھی۔ تجھے بھی اور تیری ماں کو بھی اللہ کے اوپر قربان کر رہا ہوں۔

(جلال الدین اس دس پندرہ سپاہیوں کے ساتھ جو اس سے آملے تھے۔ دریا کے کنارے ٹھہر جاتا ہے۔ اور تیروں سے ان تاتاریوں کا مقابلہ کرتا ہے۔ جو اس کے تعاقب میں دریا میں کود پڑے تھے۔ اور ساحل تک پہونچتے جا رہے تھے۔ تھوڑی دیر کے بعد جلال الدین کے چند ساتھی دریا میں تلاش کر کے نیرہ اور قطب الدین کی لاشوں کو ساحل پر نکال کر لاتے ہیں)
جلال الدین۔ (بیہوشانہ طرز میں) بھائیو آؤ ان شہیدوں کو خشک زمین میں دفن کریں مومن تھے تو یہ تھے۔ تاتاریوں کے شر نے انھیں بھی نہ چھوڑا۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ ۝

زخم خوردہ حالت میں اور قطب الدین کو گود میں لئے آتی نظر آتی ہے) وہ یہیں۔ اے میری بادشاہ آپ کا غلام ڈوبا۔ جلال الدین سیدھا نیرہ کی طرف جاتا ہے۔ باقی لوگ پیرکر دریا کے دوسرے کنارے پر پہونچ جاتے ہیں چند سپاہی آگے پیچھے اپنے تئیں دریا میں پار ہونے کے لئے ڈال دیتے ہیں)

نیرہ۔ میرے بادشاہ! ہمیں اس حال میں چھوڑ کر کہاں تشریف لے جا رہے تھے۔

جلال الدین (طمانہ اور منصور طریقے سے) دین اور ملک کی خدمت کے لئے جا رہا تھا تم کس حالت میں ہو۔

نیرہ۔ میرے جلال تاتاری آپ کو پکڑنا چاہتے تھے۔ مگر وہ آپ سے زیادہ آپ کے ناموس کے دشمن ہیں۔ آپ کے زیر سایہ آپ تک مجھے ایک کانٹا بھی نہ چبھا تھا۔ مگر اس وقت دیکھئے میرے جسم پر بیس تیروں کے زخم ہیں۔ یہ بے چارہ بچہ بھی موت کے قریب ہے خدا کے واسطے ہمیں ان ملعونوں کے ہاتھ میں نہ چھوڑ جائیے۔

جلال الدین۔ میں اپنے دین وملت کی خدمت کے لئے جا رہا ہوں۔ اب تمہاری حفاظت پر میں مقتدر نہیں ہوں۔ خدا تمہارا معین و مددگار ہو۔

نیرہ۔ میرے بادشاہ! اگر آپ کو ہم پر رحم نہیں آتا تو حرمت اسلام اور غیرت انسانیت کے لئے ہمیں اسی پانی میں ڈبو دیجئے۔ مگر یہاں نہ چھوڑئیے۔ میں نے اپنے کانوں سے ملعون محمود یلواج کی آواز سنی ہے وہ خنزیر کی طرح چلا جا رہا تھا۔ "نیرہ کو چنگیز کی ہم بستر باندی اور قطب الدین کو اپنا ساقی بناؤں گا۔"

قطب الدین۔ میرے بادشاہ! میرے بابا جان میرا تمام جسم زخموں سے چور چور ہے مجھے مار ڈالئے میں ان ملعونوں کی خدمتگاری، ساقی گری نہ کروں گا۔ نعوذ باللہ میں مشرکوں کو شراب دوں گا؟ شیر کا بچہ کتوں کے کو پانی نہیں لاکر دیتا۔ میرے بادشاہ مجھ پر ترس کھائیے۔ رحم یا ربی رحم۔ ہم تیرے کیسے گناہگار بندے ہیں کہ ہمیں یہ دن دیکھنے نصیب ہوئے۔

جلال الدین۔ آؤ، نیرہ تم اس طرف آؤ، بیٹے تم اس طرف آؤ۔ ممکن ہے کہ ہمیں خدا اس دریائے بلا سے پار لگا دے۔ بسم اللہ (نیرہ کو داہنی بغل میں اور قطب الدین کو بائیں بغل میں لے کر پانی میں گھس پڑتا ہے۔ اسی اثنا میں تاتاری سپاہی آپہونچتے ہیں اور حملہ کرنا شروع کر دیتے ہیں جو مسلمان سپاہی دریائے سنت میں پیرہے تھے ان میں سے بہت سے پار پہونچ جاتے ہیں۔

یہ چند مشت استخوان و خاک اگر پامال ہوں۔ تو ہوا کریں۔ جوہر انسانیت پر اس سے کچھ اثر نہیں پڑا۔

اورخان جن تاتاریوں کو اس کے گھوڑے نے پامال کیا، اگر ان کی ہڈیاں ایک جگہ جمع کی جائیں تو اس کو دفن کرنے کے لئے ایک معقول تربت تیار ہو جائے۔ لیکن کیا پرواہ۔ اگر اوزبیک کی لاش چند گھوڑوں کی ٹاپوں سے روندی گئی۔ یا اس کے جسم کو چند عنبر بر صفت آدمیوں نے دانتوں سے کاٹا۔ اگر وہ مزار میں دفن کیا جاتا۔ تو نہ معلوم اس کے جسم کو کتنی چیونٹیاں کھاتیں اور کتنے جانور اس کی مٹی کو پامال کرتے۔ ایسا قیمتی جسم کیسی ہی ذلت میں پڑا ہو۔ کئی دنیاؤں کے برابر ارزش رکھتا ہے۔

ملک نصرت۔ میرے بادشاہ تاتاری قریب پہونچ گئے۔ سلامتی آخرت مردوں میں نہیں نہیں بلکہ زندوں میں تلاش کرنے کا وقت آپہونچا۔

جلال الدین۔ ہاں! ہاں۔ میری بدبختی کو دیکھو مجھ جیسا آدمی جو موت کا خواہاں ہو۔ وہ اس وقت دشمن کے سامنے سے بھاگنا، سب سے بڑا، سب سے مقدس فرض خیال کر رہا ہے۔

جلال الدین، اورخان، ملک نصرت، نور الدین اور چند سپاہی اپنے تئیں ایک دوسرے کے بعد دریا میں ڈالتے ہیں۔ اتنے میں دریا کے کنارے ایک چھوٹے سے ٹیلے کے پیچھے سے چند سپاہی اور ملکہ اور قطب الدین نظر آتے ہیں۔

مجلس چہارم

اشخاص سابق۔ چند سپاہی۔ نیرہ۔ قطب الدین

ایک سپاہی (کئی جگہ زخم کھائے ہوئے گرتا پڑتا آتا ہے) اے میرے بادشاہ۔ مدد۔ مدد۔ مدد۔ بشر مرد اپنے ناموس کو تاتاریوں کے ہاتھ میں نہ چھوڑ جایئے اپنے دین و ملک کے لئے مجھ میں اب زیادہ خدمت کرنے کی قابلیت نہیں رہی (سپاہی اپنے تئیں دریا میں ڈال دیتا ہے۔ اور اس کی آواز فریاد سن کر، جلال الدین پانی سے باہر آتا ہے۔)

جلال الدین۔ آہ! میں نے ملکہ کا تو خیال ہی نہیں کیا۔ وہ کہاں ہے۔

سپاہی (ڈوبنے سے بچنے کی کوشش کرتا ہوا اپنی انگلی کے اشارے سے ملکہ کو دکھاتا ہے۔ جو خود

جلال الدین۔ کیا ستّر آدمیوں سے ایک فوج ترتیب دی جاتی ہی۔ اور ایک سلطنت قایم کی جاتی ہی۔

نورالدین۔ دولتِ محمدی جو اِس رعب واقبال کے ساتھ چھ برس سے آدمی دُنیا میں حکمت الٰہی کا اعلان کر رہی ہے۔ کیا صرف چالیس آدمیوں سے قایم نہیں ہوئی۔ میرے پادشاہ! حضور شرع الٰہی کی تائید فرما رہے ہیں۔ یقیناً اِس کا فیض بھی جاری ہو جائے گا۔ اِس کے احکام کی ہم صدق نیت کے ساتھ تعمیل کریں۔ انشاءاللہ ہر طرف سے تائیداتِ غیبی حاصل ہوں گی۔ انشاءاللہ ایک نہیں حضور کئی سلطنتیں قایم کر سکیں گے۔ نا اُمیدی کی کوئی وجہ نہیں۔ حضور جس وقت جزیرہ ابسکون سے نکلے ہیں۔ اور خوارزم کو تاتاریوں کے تسلط سے چھڑایا ہی تو کیا اِس وقت ہمیں اُمید تھی۔ کہ وہ فتوحات جو ہمیں حاصل ہوئیں حاصل ہو سکیں گی۔ حضور کو غیرت وشجاعت موت کی طرف لیجا رہی ہے۔ مگر باللہ العظیم یہ حمیت، حفظِ حیات کی کوشش کرنے سے زیادہ مبارک نہیں ہی۔ آج کے دن حضور کا وجود اسلام کے لئے لازم بلکہ الزم ہی۔ اگر حضور اپنی ہمت و درایت سے تاتار کے سیلاب کو نہ روکیں گے تو وہ ملعون روضۂ مطہرہ تک مکہ مکرمہ تک۔ ۔ ۔

جلال الدین (بات کاٹکر) خدا کے لئے چپ رہو۔ میرے ذہن کو ایسے دہشتناک خیالات سے پریشان مت کرو۔ واہمہ میرے سامنے، آگ کی لپٹیں دکھا رہا ہی۔ میں سینکڑوں دفعہ موت کے مقابلہ میں کھڑا رہا دل میں کوئی خلجان پیدا نہ ہوا۔ لیکن اب واہمہ جو مجھے دکھا رہا ہے۔ اِس سے میرے رونگٹے کھڑے ہو رہے ہیں۔ کیا روضۂ مطہرہ تک، کعبۂ مکرمہ تک ۔ ۔ ۔ الٰہی تیری پناہ! اگر تیرا ارادہ اپنے بندوں کو سزا دینے کا ہی تو جہنم کو دُنیا میں لے آ۔ لیکن تجھے اپنی عزت اپنے جلال کا واسطہ، اُمتِ محمدی کو اِس مصیبت اور اِس بلا کے دیکھنے سے بچا۔ تم سچ کہتے ہو۔ اللہ ملک و قوم کی خدمت کرنے والے پادشاہوں کو تم جیسے صلاح کاروں سے، تم جیسے معاونوں سے محروم نہ رکھے۔ اگر مقصد اظہار شجاعت ہی۔ تو ہمیں لازم ہے کہ اِس طرح اظہار شجاعت کریں۔ کہ چنگیز کو عاجز کر دیں۔ جب اسلام کو ہماری ضرورت ہی۔ تو بے فائدہ کیوں ہم اپنے تئیں ضائع کریں۔ اِس قدر خون کی نہروں، آگ کے دریاؤں، اور مصیبت کے طوفانوں میں سے ہم لوگ سالم بچکر نکل آئے ہیں۔ آئندہ بھی خدا اپنا فضل وکرم شامل حال رکھیگا (اوزبیک کی نعش کو دیکھکر) اے غیور شہید، کیا تیرے جسم کو بھی ملعون تاتاری اپنے گھوڑوں کی ٹاپوں سے کچل کر محو کریں گے۔ تیری رُوح عرشِ اعلیٰ سے فتح اسلام کی دُعا کر رہی ہے

موت حقیقتاً ایک نعمت ہوتی ہے۔ کہو میرا گھوڑا فوراً تیار کریں۔

مجلسِ سوم

(اشخاص سابق، اورخان۔ بعد میں ملک نصرت)

اورخان (کئی زخم کھائے ہوئے آتا ہے) اب اس کا موقع نہیں رہا۔ میرے بادشاہ! چنگیز خود اپنی فوج کی مدد کو پہنچ گیا ہے۔ اس کے ایک حملہ میں ملکِ ہرات، خاین، یہاں تک کہ فوج بیشتر حصہ شہید ہوگیا۔ صرف سو آدمی باقی رہ گئے۔ ان میں بھی کوئی ایسا نہیں جو زخمی نہ ہوا ہو۔ مقابلہ کا امکان اب باقی نہیں۔ وہ مسبب الاسباب جس نے بنی اسرائیل کے لئے سمندر میں رستہ پیدا کر دیا شاید ہمارے لئے ان کے درمیان میں سے ایک راہِ نجات پیدا کر دے۔

جلال الدین۔ میں اتنے برادرانِ اسلام و برادرانِ دین کے جنازوں کو جنھوں نے دین اور حق کی راہ میں اپنی جانیں فدا کی ہیں۔ ملعون تاتاریوں کے پاؤں تلے روندے جانے کے لئے چھوڑ کر خود کہاں جاؤں گا شہادت! شہادت! اب میرے لئے زندگی آخرت میں ہے۔ میں ان بہادروں کے ساتھ راہِ خدا اور میدان غزا میں برابر رہا۔ تو کیا اب جنت کے کشادہ ترین دروازہ یعنی شہادت میں ان سے جدا ہو جاؤں گا۔ میں ایسا نہیں۔ میں کیا دنیا میں قیامت کے بوریئے سمیٹوں گا۔ شہادت!

ملک نصرت۔ (داخل ہوکر) کیا غزا میں ہم نے کافی شہید نہیں دیئے۔ اب حضور پر قیامت کے بوریئے سمیٹنے کے لئے نہیں۔ بلکہ اسلام کی اعلائے شان کی خدمات کے لئے حفظ حیات کرنا فرض ہے۔

جلال الدین۔ ملک! کیا تم بھی یہی رائے دینے لگے۔ تم بھی مجھے بھاگنے کی ترغیب دینے لگے۔

ملک نصرت۔ میرے بادشاہ! یہ بھاگنا نہیں ہے۔ اسلام کے حال پر رحم کھایئے۔ شاہانِ اسلام میں حضور کے سوا، خدا کے بندوں کا کوئی پشت و پناہ نہیں رہا۔ حضور اور حضور کے ساتھ ہم سب شہید ہو کر، مشرق و مغرب کو تاتاریوں کے پنجے میں دیدیں گے۔

جلال الدین۔ اس کے بعد میرے لئے شہادت حاصل کرنے کے سوا اور کوئی کام باقی نہیں رہا حالتِ موجودہ کو تم نہیں دیکھ رہے؟

ملک نصرت۔ میں اچھی طرح دیکھ رہا ہوں کیا اس کے بعد یہ کام باقی نہیں کہ از سرِ نو تاسیس سلطنت کی جائے۔ از سرِ نو ایک فوج ترتیب دی جائے۔

بڑی ہی اسی طرح سے شجاعت دکھا رہا تھا۔ کہ اس نے دشمن پر تین دفعہ گھوڑا ڈالا۔ دو جگہ خود زخمی ہوا۔ معلوم نہیں اب کہاں ہیں۔ مگر جہاں کہیں بھی ہوں۔ آ ہی رہے ہوں گے۔

جلال الدین۔ یہ کیا ہوا۔ کیا غضب ہو گیا اس وقت تک مجھے اس شکست کی خبر نہ کی۔ ایک گھنٹہ قبل ہی خود دشمن کے مقابلہ میں تھا اور مجھ سے کہا گیا تھا کہ ہماری فوج جیت میں ہے۔ اگر یہ معلوم ہوتا تو میں خود کیوں یہاں زندہ آتا۔

نور الدین۔ میرے پادشاہ! کسی کو یہاں تک خبر پہونچانے کی مہلت کہاں ملی۔ جس وقت حضور علیحدہ ہوئے ہیں اسی وقت تاتاریوں کی مسلسل فوج ایک دوسرے کی مدد پر آنی شروع ہوئی فوج میں سے ایک آدمی کو بھی اس وقت علیحدہ کرنا گویا اسلام کے بازو کو شکستہ کرنا تھا۔ حضور چھ راتوں سے مطلق نہیں سوئے۔ اور ۴۲ گھنٹے میں ۲۰ گھوڑے کی پشت پر ہی گزرے تھے حضور کو چند منٹ کی آرام کی ضرورت ہوئی۔ تو عین اس وقت خبر بھیج کر حضور کو تکلیف دینا مناسب خیال نہ کیا۔

جلال الدین۔ (طرز بدل کر) میں! اتنی فتوحات اتنا مال غنیمت حاصل کرکے پھر غداری۔

نور الدین۔ میرے پادشاہ! ان بداخلاق حشرات میں کیا وہ دل آسانی سے مل سکتا ہے۔ جو محمود بلوان خبیث کی رشوتوں چنگیز کی دہشتوں کے مقابل میں ٹھہر سکے۔

جلال الدین۔ آہ ابا جان جس یاس و ناامیدی کا اظہار آپ فرمایا کرتے تھے۔ وہ گو آپکے شایان نہ تھا۔ لیکن بلا سبب بھی نہ تھا۔ کیا ان آدمیوں کے دل صرف بے وفائی اور غداری کے اجزا سے مرکب ہیں کیا ان کی رگوں میں خون کے بجائے غلاظت دوڑ رہی ہے؟ انسان میں اس قدر ذلت اور کمینہ پن پائے جانے کا مجھے وہم بھی نہ ہوتا تھا۔ ایک خبیث فرعون بن بیٹھا ہے۔ جو دنیا سے توحید الٰہی کے اعتقاد کو محو کرنا چاہتا ہے۔ ایک ملت موحد اس خبیث کے مقابلہ کے لئے کھڑی ہوئی ہے۔ دین و ناموس و وطن و حیات و ملک ان سب کی محافظت میں اپنے تئیں فدا کر رہی ہے کہ اتنے میں سیف الدین کا گھوڑا ان مقدس مقصدوں سے بھی اعلیٰ شمار کیا جانے لگتا ہے۔ دنیا میں جتنے انسان ہیں۔ وہ اس حنزیر کی حرص اور اس بدگھوڑے کی شامت کی وجہ سے اپنے زخمہائے جگر کے خون میں ڈبو دیئے جائیں گے۔ کہو میرے گھوڑے پر زین کسیں۔ اس دنیا کو ترک کرکے مرجانا چاہیے دولت شہادت نصیب بھی نہ ہو تو ان رذیلوں کے ساتھ زندہ رہنے سے بدرجہا بہتر ہے پرسچ ہے۔ انسان کی زندگی میں ایسا وقت بھی آتا ہے۔ جب کہ ذلت حیات کے مقابلہ میں

کے لئے اِک جان باقی تھی۔ وہ بھی دین و دولت و ملت کی راہ میں نثار کر رہا ہوں۔ حضور کا فرمان
ی تو یہی تھا۔ ۔ ۔ ۔ خدا اسلام کو مظفر و منصور کرے گا۔ انشاء اللہ اس خوش بختی کے وقت آپ
وجود ہوں گے۔ "لا الٰہ الا اللہ وحدہٗ لا شریک لہٗ" (کہتا ہوا اور زمین پر گر کر جان
ق ہوتا ہے)

جلال الدین۔ (اس کے قریب جا کر) آہ اوزبیک شہید ہو گیا۔ موت کے تمام مظاہر مجھ دکھائے
ائیں گے۔ مگر اس کا چہرہ کیسا متبسم ہے۔ ملت کی مصیبت کے خیال سے جو حزن و ملال اس کے چہرے
پہ ہر وقت طاری رہتا تھا، وہ سب رفع ہو گیا۔ چہرے پر اس بچے کی سی مسکراہٹ ہے جیسے
سکا عزیز ترین مقصد حاصل ہو گیا ہو۔ چہرے کا رنگ نئے کھلے ہوئے زرد پھولوں سے مشابہ ہو گیا
ہے۔ اوزبیک! تو مسلمان تھا، مرد تھا، دنیا میں کسی کا حق اپنے ذمے لئے کر نہ گیا۔ خدا نے
س کے عوض میں تجھے درجۂ شہادت عطا کیا۔ آخرت کے سوال و جواب سے چھٹکارا پایا۔ تجھ
جیسے انسان کو تابوت میں، افعال کے متعلق امام کی تفتیش، مزار میں منکر نکیر کے سوالات
کیسے گراں گزرتے۔ اللہ کی دیوان عدالت سے بچنا، تیز و تند جرح کی ضیق و اضطراب سے
نجات حاصل کرنا۔ اگر چند زخموں کے کھانے سے حاصل ہو جائے تو گیا وہ ان چیزوں میں سے
نہیں جس پر عمر کے کئی برس فدا کر دیئے جائیں۔

مجلس دوم

اشخاص سابق۔ نورالدین۔ چند نفر سپاہی

نورالدین۔ میرے بادشاہ! فوج منتشر و برباد ہو گئی۔ غداروں نے دین کو تباہ کر دیا۔ لوگوں نے
سیف الدین کی عزت کو، خدا کے حکم پر ترجیح دی۔ اوزبیک جیسے چند فدائی شہید ہو گئے۔ چند
ذلیل سیف الدین کے طرفدار ہو کر اس کے ساتھ چل دیئے بہت سوں نے اپنے تئیں تاتاریوں
کے سپرد کر دیا صرف ملک ہرات اور اس کے آدمی رہ گئے۔ جو بقیہ فوج کو تاتاریوں کے حملوں
سے بچانے کے لئے ایک سد بن گئے۔ نصرت اور اوردخان کا حال مجھے معلوم نہیں کہ کیا ہوئے
ان کے سپاہیوں سے چند نفر جو ابھی شہید نہیں ہوئے تھے۔ میں نے دیکھا کہ ملک کے گرد جمع
ہو کر ان کی محافظت کی کوشش کر رہے تھے۔ وہ شیر بچہ قطب الدین جس کی تلوار جس کے قدرے

جلال الدین خوارزم شاہ

ایک ڈراما

(گذشتہ سے پیوستہ)

سلطنت خوارزم کا تاجدار جلال الدین اپنی دلنواز ملکہ نیرۃ الاقبال اپنے صغیر سن لخت جگر قطب الدین جانفروش امیر سلطنت اوزبیک اور دیگر عمائدین و مصاحبین کے ساتھ آوارۂ وطن ہے اور چنگیزیوں سے جنھوں نے ملت اسلامی کا شیرازہ منتشر کردیا ہے ستیزہ کار ایک عرصہ کے بعد جلال الدین اور نیرۃ الاقبال ایوان خوارزم میں جلوہ افروز ہوئے ہیں جلال الدین اُن خوارزمی امرا پر لعن و طعن کرچکا ہے جن کا شیوہ ناموس فروشی اور غداری رہا ہے۔ اور اب بیرون ملک ایک فوجی مہم پر روانہ ہوچکا ہے اوزبک خوارزم کی بربادی کی خبر لاتا ہے اور وہاں کے امرا کی بے حمیتی کا مرثیہ سُناتا ہے سیف الدین جلال الدین کے پاس شکایت لایا ہے کہ اس کی توہین کی گئی ہے۔ جلال الدین اس کی اس شکایت پر بیحد برافروختہ ہے اور سیف الدین کی سخت کلامی پر اوزبیک جلال الدین سے اِس غدار کا سرتن سے جدا کردینے کا اذن طلب کرتا ہے سیف الدین چلا جاتا ہے اور جلال الدین صرف یہ کہکر خاموش ہوجاتا ہے "یا الٰہی تیرا استغنا بھی تیرے حکمت کی کیا دلیل عظیم ہے۔ اگر تیرے ارادہ کا عمل میں آنا تیرے بندوں کی رائے پر معلق ہوتا تو تیرے مقدس نام کی قسم کھاکر کہتا ہوں کہ یہ ملعون ذات الوہیت کی خلعت آدم سے پشیمان کرنیکی کوشش کرتا"۔

پردۂ چہارم

دریائے سنت کے کنارے ایک فوجی کیمپ

مجلس اوّل

(اوزبیک جلال الدین)

اوزبیک۔ (جلال الدین کے قدموں پر گرکر) میرے پادشاہ۔ میرے ولی نعمت۔ آپ پر قربان کرنے

نظارۂ حیاتِ مسلم — سرشارِ تجلی حرا ہے
اس دور میں تو ہی مصطفیٰ اِک — اسلام کا درد آشنا ہے
ایثار پہ تیرے آج نازاں — ایثارِ شہیدِ کربلا ہے
لرزاں نہ ہو تجھ سے کیوں ستمگر — تو برقِ نشیمنِ بلا ہے
گہوارۂ رقصِ نازِ تیرا — آغوشِ حریمِ کربلا ہے
آئینۂ حیاتِ سرمدی کا — پرتو سے ترے چمک اٹھا ہے
تیری للہیت پہ رقصاں — صحرائے حجاز کی فضا ہے
ہو نصرتِ حق نہ کیوں ترے ساتھ — تو حلقہ بگوشِ مصطفیٰ ہے
افواجِ ملائکہ ہیں ہمراہ — سر پر ترے سایۂ خدا ہے

افسانۂ بدر پھر سنا دے
پھر روحِ حسینؓ کو جگا دے

(مرزا احسان احمد رملیگ)

فرمودۂ اقبال

عقل و ہوش

از من اے بادِ صبا گوئے بہ دانائے فرنگ — عقل تا بال کشود است گرفتار تر است
برق را ایں بہ جگر می زند آں رام کند — عشق از عقل فسوں پیشہ جگر دار تر است
چشم جز رنگِ گل و لالہ نہ بیند ورنہ — آنچہ در پردۂ رنگ است پدیدار تر است

رمزِ زندگی

دلِ من روشن از سوزِ درون است — جہاں بیں چشمِ من از اشکِ خون است
ز رمزِ زندگی بیگانہ تر باد — کسے کو عشق را گوید جنون است

(علامہ اقبالؒ)

عرضِ نیاز

بتقریب فتح غازی مصطفیٰ کمال پاشا خلد اللہ ملکہ

(از جناب مرزا احسان احمد بیگ صاحب بی اے ال ال بی (علیگ))

بے پردہ ہی آج حسن مخمور — ہر ذرّہ ہے غرقِ بادۂ نور
صہبائے ازل ہے آج سرشار — ہی نغمہ زنِ الست مسرور
ہی وجد میں آج شمع فاراں — اک عالمِ رقص ہے سرِ طور
توحید کی جلوہ ریزیوں سے — قندیلِ حرم ہی آج معمور
ہی آج زمیں سے آسماں تک — اک سلسلۂ ترادشِ نور
ہر قلب ہے آج یوسفستاں — ہر آنکھ ہے شمع جملۂ حور
سرشار ہی آج سازِ اسلام — ہر پردہ میں ہے نوائے منصور
گہوارۂ کفر میں بصد ناز — ہی رقص کناں شرارۂ طور
آلودۂ خاک و خوں ہے باطل — ہی رایتِ صدق آج منصور
آوازۂ فتح مصطفیٰ سے — ہے آج حریم قدس معمور

لایا ہے دبیر آسمانی
توقیع حیاتِ جاودانی

لبریز اثر لبِ دعا ہے — فردوسِ ارم کھلا ہوا ہے
سیراب نشاطِ معنوی سے — نزہت گہِ حسن مدعا ہی
ہر گوشۂ چشمِ مست سے آج — اک جرعہ سے اچھل رہا ہی

بمبئی میں مجھے کامیابی ہوئی۔ شہرت و عزت اور دولت اب میری کنیزیں تھیں۔ میں اکثر جمالی کے بے پتہ ہو جانے میں محو ہو جاتا ہوں۔ میری عزت و دولت مجھے مسرور نہیں کرتی اور میں اس کی تلاش میں کھو جانا چاہتا ہوں۔

دُنیا کی بیوقوفی ظاہر ہے کہ وہ کبھی کسی بات پر غور نہیں کرتی۔ اب میں ایک بہت بڑا مصنف سمجھا جاتا ہوں۔ کیوں کہ میں نے چند کتابیں لکھی ہیں حالاں کہ جس مبحث پر میں نے یہ کتابیں لکھیں ہیں میں خود اِسے کو نہیں سمجھتا۔ میرے لئے اس کے سوا چارہ نہ تھا۔ حماقت کی یہ قلتبازی کرنا ناگزیر تھی، کیوں کہ میں اتنا قوی نہ تھا کہ تاریکی و ذلت میں زندگی بسر کر سکوں۔

میں پھر لکھنؤ آگیا اور اب میں تازہ دم تھا مجھ میں طاقت تھی۔ میں اپنی شہرت و عزت کو وہاں بھی ثبت کرنا چاہتا تھا۔ جو مجھے جمالی کے ذریعہ سے حاصل ہوئی تھی۔ یہاں پہونچکر میں جمالی کے متعلق ایک عجیب روایت سُنی۔ یعنی اس نے ایک جرم کیا تھا۔ وہ مجرم تھا اور روپوش!

میں نے اسی کی کھلم کھلا طرفداری اور حمایت کی اور دُنیا نے وہی کیا جو وہ ہمیشہ سے کرتی آئی ہے۔ یعنی کسی کی ذلت و ہبوط پر پتھر پھینکے۔

امتداد وقت کے ساتھ جمالی لوگوں کے ذہن سے محو ہو گیا اور ساتھ ہی میری شہرت و دولت نے لوگوں کو جمالی کی حمایت کو نظر انداز کر دینے پر مجبور کیا، اور میں اب مقبول و معزز تھا۔ لیکن جمالی کی خوبیاں اور اس کا مجرم ہونا میرے خیالات کا تنہا موضوع بنا ہوا ہے!

(ل۔ احمد)

محبّت

کیا جانئے کیا دل پہ مصیبت یہ پڑی ہے | اِک آگ سی کچھ ہے کہ وہ سینہ میں گڑی ہے
اس طرح سے اک لخت جو تھمتے نہیں آنسو | معلوم ہوا درد کہیں آنکھ لڑی ہے
ہمنشیں! پوچھ نہ اس شوخ کی خوبی مجھ سے | کیا کہوں تجھ سے غرض جی کو مرے بھاتا ہے
ان دنوں کچھ عجب ہے دل کا حال | دیکھتا کچھ ہوں دھیان میں کچھ ہے
تجھ سے کچھ دیکھا نہ ہم نے جز جفا | پر وہ کیا کچھ ہے کہ جی کو بھا گیا

(درد)

ہم نے اس سفر میں اتنی باتیں کیں کہ معلوم ہوتا تھا ہم برسوں سے سفر ہی میں ہیں۔ الغرض ہم بمبئی پہونچ گئے۔ بمبئی! وہ عظیم الشان شہر! جس وقت ہم وہاں پہونچے، صبح طلوع ہو رہی تھی۔ ہم نے اسے اس وقت دیکھا جب وہ دن کی جد و جہد کے لئے آنکھیں کھول رہی تھی۔ میں اور جمالی پھرتے رہے، وہ پہلے بھی وہاں کا سفر کر چکا تھا۔ ہم بمبئی میں تھے۔ جسے دیکھنے کا مجھے از حد شوق تھا جس کے لئے میرے بہت سے خیالات وقف رہ چکے تھے!

میں نے محسوس کیا کہ میں اس مقام سے محبت کر سکتا ہوں، اس کی حالت تصدیق سے الفت کر سکتا ہوں۔ جب سورج اچھی طرح نکل آیا اور اس کی کرنیں یکسر جستجو بن کر ایک ایک گوشے میں پہنچنے لگیں تو تمام راستے اور گلیاں حیات انسانی کے طوفان سے لبریز ہو گئیں۔ لکھنؤ بھی ایک شہر ہے اور ایک شہر بمبئی ہی! میرا دماغ اس زمانہ کے لئے وقف ہو کر رہ گیا۔ بمبئی جو حیات کی لبریز نزاکت و پیچیدگی سے معمور ہی، وہ معانی پیش کر رہی تھی جس کی وسعت ذہن میں نہ سما سکتی تھی۔ لکھنؤ کا وجود اُن کے سامنے محو ہوا جا رہا تھا! بمبئی آرزو، مدعا اور مطالعۂ حیات کی زبان بنی ہوئی تھی، وہاں پہونچکر انسان دُنیا کی نبض پہچان سکتا ہی!

اس عظیم الشان شہر کی ہنگامہ خیزی ہیبت ناک تھی، لیکن اس طغیان شور و شین میں ہر آواز جو سامعہ تک پہونچتی نرم ہو کر پہنچتی۔ اِس کی درشتی اس کی عظمت میں گم ہو گئی تھی۔ کم درجہ شہروں میں شور و غل بہت زیادہ تکلیف دہ ہوتا ہے۔ بمبئی واقعتاً چھوٹے پیمانہ کی ایک دُنیا معلوم ہوئی۔ وہ تمدن جدید کے محل کا ماحصل بلور تھی۔ وہ ماضی کا نتیجہ تھی اور حال کا بھی۔ وہ ماضی کے معانی تھی اور حال کے بھی۔ ماضی و حال کا یہ امتزاج حیرت میں مبتلا کر دینے والا تھا اور دیوانہ بنا دینے والا بھی۔

یہ تھی بمبئی جسے میں نے پہلی بار دیکھا!

ہم دونوں مختلف مشہور مقامات کی سیر کو گئے۔ میں نے بمبئی کو اور تمام شہروں سے زیادہ اس بات کا اہل پایا کہ وہاں حیات کا مطالعہ کیا جائے۔ ایک شخص وہاں بیٹھکر اپنے ماخوذات و نتائج میں آنکھیں بند کر کے محو ہو سکتا ہی اور کوئی اسے پریشان نہ کرے گا یا وہ چشم بیدار کے ساتھ ماحول اور شعر آفرین زندگی کو سمجھنے کے لئے غور کر سکتا ہے اور کوئی دخل نہ دے گا۔

جمالی بمبئی میں زیادہ نہ ٹھیرا۔ وہ وہاں سے چلا گیا اور پھر مجھے معلوم نہ ہو سکا کہ وہ کہاں گیا

میں نے جمالی پر اپنا یہ خیال ظاہر کیا۔ ہم دونوں گفتگو کرتے رہے۔ اُس نے ایک اور ہی نظریہ پیش کیا۔ اس کے نزدیک مجرمیں حقیقتاً ایک زیادہ ارفع اور عظیم تمدن کے ہراول ہیں۔ اُن کے اعمال دجوارح اس اصولی توہین کے خلاف ایک طرز احتجاج ہی جس کے ارتکاب سے سوسائٹی نے ترقی کی راہ مسدود کر رکھی ہی۔ اور جس نے ذہن انسانی کی طبعی تربیت اور اُس کی قوت کے استعمال سے اور اس طرح اُسے اثمار فطرت کے حصول سے محروم کر دیا ہی۔ جتنے بڑے لوگ گزرے ہیں سب اپنے اپنے زمانہ کے مجرم تھے۔ جتنے انبیائے اور اوتار گزرے ہیں سب کے ساتھ مجرموں کا سا برتاؤ کیا گیا ہی۔ وہ طاقتیں جنھیں بدی سے تعبیر کیا جاتا ہی ہمیشہ سے قوائے متحرک اور ترقی پذیر رہی ہیں۔ نیکی کا مفہوم ہر زمانہ میں ایک ایسی اصطلاح رہی ہے جس کے معنی و مفہوم کچھ نہیں اور جو ہمیشہ ایک معمہ رہی ہے اور قوانین محرکت یعنی حیات کی مخالفت کراتی رہی ہے!

یہ اُس نے کہا کہ وہ ہمیشہ سے انسان کی عادت غور و تامل پر معترض رہا ہی جسے ذہن و تعقل کہا جاتا ہی۔ حالاں کہ جس چیز کو ترکیز ذہنی کی قوت کہا جاتا ہی وہ ایک مرض ہے ایک بیماری ہی اور اس بات کی بہترین تاویل ہی کہ انسان مادرگیتی کے پیش کردہ تحایف و انعام سے کیوں پورا پورا فائدہ نہیں اُٹھاتا۔ انسان نے جو دوسری مخلوق کے مقابلہ میں اس کا زیادہ اہل تھا کہ اُن قوتوں سے کام لے جو خود اس کے وجود کا سبب ہوئیں اپنی طاقتوں کو اپنی ہی حس تباہ کرنے میں استعمال کیا۔

"غور کرو" وہ کہتا رہا کہ ایک انسان کے مقابلہ میں ایک درخت کی زندگی کتنی مکمل ہی حالاں کہ انسان کی طرح تفحص نفسی کی اہلیت نہیں ہی یا بزعم انسانی وہ اس اہلیت سے معرا ہی لیکن اس کی تمام ترکوششیں اپنے مفاد کے لئے ہوتی ہیں۔ وہ آفتاب کی روشنی جذب کرتا ہی۔ اس کی بالیدگی حاصل کرتا ہے اور پھر اپنے ماحول کی دوسری صورتوں میں خاموشی کے ساتھ تحلیل ہو جاتا ہے اس کی فنا بھی حسن و شعر سے خالی نہیں۔

تم نے کبھی سوچا کہ ایک درخت اپنی شاخیں کس طرح روشنی کے لئے پھیلا دیتا ہی؟ اس کی پتیاں کیوں کر اوپر کی سمت دیکھتی رہتی ہیں۔ وہ اس پر قانع ہوتی ہیں کہ روشنی کا لطف اُٹھانے کے لئے زندہ رہیں ہا اور یہ حقیقت کہ دوسرے درخت بھی روشنی سے اتنا ہی مستفید ہوتے ہیں۔ کسی درخت میں رشک و حسد نہیں پیدا کرتی۔ جب میں ایک درخت کو سکون و طمانیت میں کھڑا دیکھتا ہوں تو مجھے اپنے انسان ہونے پر شرم آتی ہی۔ درخت، پھول، حیوانات سب کے سب خوفناک مرض ادراک یعنی ذہن و تعقل سے معرا ہیں، جو انسان کی مصیبت کی طرف رہنمائی کرتا ہی۔

سانپ کی پوجا" کی توہم پرستی تک ہماری حیطۂ بحث میں آگئی۔ تاریخ سلف اور حیات حاضرہ ہمارے سامنے پھیلی ہوئی تھی۔

ہر چند جمالی ابھی نوعمر تھا، لیکن اُس کی عقل نہایت پختہ اور دور رس تھی اور غالباً یہی وجہ تھی کہ لوگ اسے سمجھنے میں غلطی کرتے تھے، حتّٰی کہ ذہین ترین لوگ بھی۔ چنانچہ اس کے دوست بھی گنتی کے تھے۔ انسان کی فطرت ہے کہ وہ ہر چیز پر جو بلند ہو پتھر پھینکتا ہے۔ یہی راز جمالی کی مخالفت کا محرک تھا۔

اب مجھے دنیا کے ہر فلسفہ میں نقائص نظر آنے لگے، اور پہلی بات یہ معلوم ہوئی کہ فلسفہ کبھی انسان کی فطرت کے جذباتی پہلو سے ہم آہنگ نہیں ہو سکا۔ ہر غور و فکر کرنے والا آدمی نظر انداز کر دیتا ہے اور نہیں سوچتا کہ وہ ایک ایسا نظریہ مرتب کر رہا ہے جو دوسرے انسانوں کی، ایسے انسانوں کی جو گوشت و خون اور جذبات سے بنے ہیں رہبری کرنے کے لئے ہے۔ فلاسفہ کے درشت و محکم اصول نے لوگوں کو غیر انسان بنانے کا کام انجام دیا۔ برخلاف اس کے کہ وہ اُن کو اور زیادہ انسان بنانے چنانچہ فلسفہ کے نظریے ایسے تجربے ہیں جو صرف اُن کے بنانے والوں کے لئے ہی مناسب ہو سکتے ہیں لیکن ارباب غور و فکر اسی تخیلی غلطی میں مبتلا ہیں کہ اُن کے نتائج و اصول اُن لوگوں کے لئے بھی مناسب ہو سکیں گے جو ان فلاسفہ کے ماحول سے قطعاً متغائر حوالیات میں نشو و نما حاصل کر سکتے ہیں۔ اب مجھ پر ان حماقتوں کا انکشاف ہو گیا تھا اور میں متحیر تھا کہ یہ لوگ خود کیوں اس غلطی کا احساس نہ کر سکے۔ دُنیا کے سخت اور بے رحم حادثات سے اُن کو یہ احساس ہو جانا چاہیئے تھا۔ لیکن یہ جب ہی ہو سکتا تھا کہ یہ لوگ ماہیت اشیاء و واقعات کو اپنی شخصیتوں سے علٰیحدہ ہو کر دیکھتے۔ غرض اس نکتہ پر پہنچنے سے فلسفہ کے مسلمات کی وقعت میری نظروں سے گر گئی اور مجھے معلوم ہو گیا کہ تمام آدمی مساوی طور پر دانشمند یا اسی قدر بیوقوف ہیں۔ یہ راز کہ دنیا ایسے فلسفیوں کو "اعظم" کا لقب دیتی ہے۔ اس طرح واضح ہو گیا کہ چوں کہ ان کے اقوال بے معنی تھے یا دوسرے لفظوں میں دُنیا کی فہم و ادراک میں نہ آ سکتے تھے، اِس لئے دنیا نے اُن کو اپنی فہم سے بالاتر سمجھ کر "اعظم" کا لقب دے دیا۔ دُنیا کی فہم و ادراک سے بلند و ارفع ہونے کے صرف دو نتیجے ہو سکتے ہیں۔ یا تو وہ شخص ہلاک کر دیا جائے یا "اعظم" کا لقب پائے۔ عدم ادراک و افہام کی وجہ سے یا تو وہ شخص ہلاک کر دیا جاتا ہے یا اُس کی پرستش کی جاتی ہے۔ اور بلاشبہ ایک شخص یہ نہ سمجھ سکے کہ اُس سے کیا کہا جا رہا ہے تو دُنیائے حکمت کے لئے کوئی قابل توجہ بات نہیں۔ کیوں کہ اُن کے پاس کوئی امکانی ذریعہ نہیں ہوتا کہ اُن اصول کو سمجھا سکیں۔ اس نتیجہ پر پہنچ کر میرے خیال میں فلسفہ کا کوئی جدید سلسلہ مرتب کر لینا کوئی بڑی بات ہی نہ معلوم ہوتی تھی۔

پیدا شروع ہو جاتا ہے۔ تمہاری مثال اس شخص کی ہی جو صرف سفر کی صعوبتوں اور اپنے خستہ حالی سے مجبور ہو کر بے صبر یا کوتاہ ہمت ہو جاتا ہی اور آنکھ اُٹھا کر نہیں دیکھتا کہ منزل مقصود بالکل سامنے ہے
میں نے تمہارے لئے تمام انتظام کر لیا ہے۔ تمھیں صرف کچھ کپڑے بنوا لینے چاہئیں۔ اب پروگرام یہ ہی کہ میں تم کو یہاں سے نکال کر قلعہ آنسے حوالی میں پہونچانا چاہتا ہوں۔ اس لئے تم میرے ساتھ بھی چلو!"

"کیا؟"

"ابھی اور اسی طور پر کھڑے ہو جاؤ۔ آج رات کی ایکسپریس سے سفر شروع ہو جائے گا۔"

"لیکن!"

"کچھ نہیں! یہ لو دس ہزار کے نوٹ محض اس لئے ہیں کہ تم اس عمق سے اُبھر آؤ۔ روپیہ میں بڑی قدرت ہی ورنہ دُنیا پر بیوقوفی کا کبھی اطلاق نہ ہو سکتا۔ تم ہمیشہ اس کی مخالفت کرتے آئے ہو لیکن اب تم دیکھو گے کہ انسان کو غلط رائے قائم کرنے پر بھی قدرت حاصل ہی"

بازار سے میرے لئے نیا لباس خریدا گیا جسے پہن کر میں سفر کے لئے طیار ہوا۔ جمالی کا ارادہ اور اس کا نفاذ اتنا سریع اور غیر متوقع ہوتا تھا کہ میں اس پر کبھی غور نہ کر سکا کہ میں مصیبت اور فلاکت کو خیرباد کہکر بمبئی کا سفر کر رہا ہوں۔ تاہم مجھے یہ محسوس ہوتا تھا کہ جمالی مجھے ایک تاریک غار سے باہر نکال رہا ہی اور کائنات حیات کا روشن پہلو مجھ پر رفتہ رفتہ ظاہر ہو رہا ہی۔

جب ہم اسٹیشن جا رہے تھے بازاروں کا ہنگامہ میرے کانوں میں ایک حرف بشارت ہو کر پہنچ رہا تھا۔ میں لکھنؤ کو سب سے اچھی جگہ سمجھتا تھا کہ بہت سا وقت وہیں گزرا تھا، اور میری ذہنی نشو و نما وہیں ہوئی تھی۔ زندگی کے بعض حیرت ناک راز مجھ پر وہیں ظاہر ہوئے تھے۔

راستہ دلکش تھا: تارے جھلملا رہے تھے چاندنی نازک اور ڈھلی ہوئی تھی اور یہ ساری چیزیں ہم آہنگ ہو کر بیحد حسین و دلکش معلوم ہو رہی تھیں۔ صبح ہوئی۔ دشت و صحرا کی فراخی سکون بخش تھی اور طمانیت افزا۔ میں غرقِ تفکر ہو گیا اور مسافروں کے ساتھ جمالی کا وجود بھی میرے ذہن سے محو۔

لیکن میں اس غور و تفکر سے جلد باہر نکل آیا اور جمالی کے ساتھ اکثر مباحث پر گفتگو ہوتی رہی۔ ہم نے دُنیا بھر کے فلسفوں پر نظر ڈالی اور رُوحِ عام کی وحدت الکے عجیب و پُرشکوہ نظریہ سے لے کر

گونج رہی ہے۔ جمالی کشیدہ قامت تھا وہ حسین بھی تھا اگر بے وقتی اور مردانگی کا شمار حسن میں ہو سکتا ہے۔ وہ ایک مقتدر روزانہ اخبار کا نامہ نگار تھا۔ دنیائے صحافت میں اس کی خاص وقعت تھی اگر یہ ایک حقیقت ہے کہ ہر مقتدر ہستی بجا حاسدوں اور نکتہ چینوں کو کتم عدم سے ساتھ لاتی ہے تو مجھے یہ کہنے میں تامل نہیں ہے کہ بعض ایسی شخصیتیں بھی تھیں جو جمالی کی مخالفت کو اپنا ترکہ فطری سمجھتے تھے لیکن میرا دوست شریف النفس اور صاف باطن تھا۔ صاف باطنی کی صفت اس کی ذات میں اتنی ہی نمایاں تھی جتنی مدعیاں صاف باطنی میں مفقود ہوتی ہے۔

مجھے متامل دیکھکر اس نے میری شانوں پر ہاتھ رکھدیا اور اس طور پر مسکرایا گویا میری تمام کلفتیں صرف اس لئے بتائی گئی تھیں کہ اس کے خفیف سے تبسم میں جذب ہو جائیں میں اب بھی خاموش رہا اور تھوڑی دیر کے لئے یہ محسوس کرنے لگا کہ جمالی میری اندوہگینیوں کا مضحکہ اُڑانا چاہتا ہے، لیکن اس کے چہرہ پر نظر کرنے سے معلوم ہوا کہ قضائے تبسم صرف اس کے لبوں تک محدود تھی اور اس کی آنکھیں اتنی ہی سنجیدہ تھیں جتنا اس کا تبسم بے پروا۔ میری حالت دیکھکر اس نے اس طور پر گفتگو کرنی شروع کر دی گویا وہ جو کچھ کہتا تھا اس نے اسپر بالکل غور نہیں کیا تھا، لیکن اس کے نتائج سے بالکل آگاہ و آشنا تھا۔ کہنے لگا سنو۔ میرے ذہن میں ایک خیال آیا ہے تم اسے تجویز کی حیثیت دے سکتے ہو، نہایت اعلیٰ خیال ہے اور تم سے متعلق ہے۔ غور سے سُنو۔ لیکن ہاں یہ تو بتاؤ کیا تم ان دنوں بہت پریشان رہے۔ اچھا اب تم اپنی حالت کو بدل ڈالو۔

اُس کے تمام الفاظ تو میرے ذہن میں محفوظ نہیں ہیں لیکن واقعات اب بھی تازہ ہیں معلوم نہیں کیا بات تھی کہ میں نے اپنی حالت کا بے کم و کاست اقرار کر لیا۔ میں نے ذرا بھی عصبیت نہیں محسوس کی میں نے کہا۔ تمہارا خیال بالکل صحیح ہے میں صرف پریشان ہی نہیں بلکہ مایوس بھی ہوں میں سمجھتا ہوں کہ میرے مضامین جنھیں میں انتہائی جگر کاوی سے لکھتا ہوں شاید اڈیٹروں کی "نامنظوری" کے لئے وقف ہو چکے ہیں۔ مسترد کرنے کا حیلہ عام یہ ہے کہ کسی نئے انشا پرداز کو واقعات حاضرہ سے بحث نہ کرنی چاہئے اُسے اپنے آپ کو حصول فن کے لئے وقف کر دینا چاہیئے۔ لیکن "فن" کا مفہوم کیا ہے اس کا پتہ نہ تو ضخیم لغات میں ملتا ہے اور نہ کوئی اڈیٹر بتاتا ہے۔ انجام کار میں نے یہ نتیجہ نکالا کہ فن عبارت ہے ان حدود سے جس کے اندر باریاب ہونے کا حق صرف ایک طبقہ غیر متعین کے لئے مخصوص ہے۔

جمالی کسی قدر بے صبر ہو کر بولا۔ میں یہ سب نہیں جانتا اور نہ اس پر بحث کرنے کا کوئی موقع ہے میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ تم جدوجہد کے ان حدود تک پہونچنے والے ہو جہاں سے کامیابی کا

جمالی

مدّتِ حیات کے وہ لمحات بھی کتنے عجیب ہوتے ہیں جب انسان اپنے گزشتہ زندگی کے اوراق
لٹتا ہی اور ان واقعات اور سانحات پر نظر ڈالتا ہے جن کی یاد اس کی بیدار زندگی کا اصلی پیمانہ ہے۔
ا کشمکش بحیز میں کبھی ایسے عالم بھی تھا جہاں مجھے سب سے پہلے یہ معلوم ہوا کہ زندگی قایم رکھنے کے لئے زندگی
ی قیمت میں دینی پڑتی ہی۔ یہ ایک ایسا خیال ہی جس کی حقیقت کا قائل صرف ایک گروہ ہی یعنی انسانوں
ی وہ جماعت جن کے لئے کائنات عالم میں صرف تین چیزیں پیدا کی گئی ہیں یعنی جسم، روح اور احتیاج!
بں نے وہ مناظر بھی دیکھے ہیں جب انسان جسم و روح دونوں سے گلو خلاصی حاصل کر لیتا ہی اور اگر غور
یا جائے تو معلوم ہوگا کہ اس سے زیادہ اور معمولی واقعہ دُنیا میں کوئی نہیں ہی۔ لیکن وہ لمحات یقینی
جاں گُسل ہوتے ہیں جب انسان احتیاج سے مجبور ہو کر زندگی سے بے نیاز ہونا چاہتا ہی لیکن بے بس ہوتا
ہی۔ احتیاج اپنے مطالبات احتیاج ہی کی صورت میں پیش کرتی ہی اور انسان بعض اوقات یہ بالکل بھول جاتا
ہے کہ گرسنگی کا علاج خورد و نوش سے ہو سکتا ہی۔ وہ تو صرف یہ سمجھتا ہی کہ گرسنگی کا علاج صرف گرسنگی ہی
غربت اور فلاکت کی ستم ظریفیاں بھی عجیب ہوتی ہیں تعیش اور تموّل میں بھی انسان میں صلاحیت فکر موجود ہوتی
ہی لیکن افلاس اور ناداری میں یہ قوت اور زیادہ سریع الحس ہو جاتی ہے اور پرواز فکر بلند تر!

جس زمانہ میں میرا سرمایۂ حیات صرف ناداری تھی۔ میری دُنیائے تخیل صرف فراوانیوں سے
مملو تھی۔ ہر وہ عشرت جو میرے تصورات کا بار اُٹھا سکتی تھی کثرت سے موجود ہوتی کیوں کہ صرف میں ہی
ان سے لطف اندوز و بہرہ کام ہونے والا ہوتا۔ تصورات کی دُنیا میں اگر کوئی چیز نایاب ہی تو وہ میری
ہی اور عالم بیداری کی سب سے زیادہ جاں گُسل وہ لمحات ہوتے ہیں جب انسان یہ محسوس کرتا ہی کہ تصورات
کی دُنیا محض خواب و خیال تھی۔ میں بھی یہی محسوس کرتا اگر جمالی نہ ہوتا!

اُس پرلطف خواب کی طرح جن پر بیداری کی بہت سی ساعتیں قربان کیجا سکتی ہیں مجھے فطرت کا
وہ نورانی تبسم جسے عرف عام میں صبح کہتے ہیں نہیں بھولتا جب میرا کلبۂ احزان جمالی کے غیر متوقع ورود سے
اب بنیک جگمگا اُٹھا۔ اس کی آواز "کھڑے ہو جاؤ" اور "کپڑے پہن لو" اس وقت بھی میرے کانوں میں

کلامِ سہیل

(مولانا اقبال احمد خاں صاحب سہیل ایم اے، ال ال بی (علیگ))

بس اک سرشاریِ کیفِ نظر ہے حاصلِ ہستی

نہ دوں کونین کے بدلے یہ گنجِ بے بہا اپنا — کہ مقصودِ دو عالم ہے دلِ بے مدعا اپنا

بلا سے بے نیازِ گوش و لب ہے مدعا اپنا — وہ آنکھیں صاف کہدیتی ہیں حرفِ بے صدا اپنا

نگاہِ جلوہ سنج اپنی، دلِ درد آشنا اپنا — کسی کا کیوں کریں شکوہ ہمیں خود ہے گلا اپنا

بس اک سرشاریِ کیفِ نظر ہے حاصلِ ہستی — میں کافر ہوں اگر مجھ اس سے مقصد ہو سوا اپنا

شہیدِ عشق کے سر منت کا احسان ہے، ورنہ — دکھانا تھا انھیں خود سحرِ حسنِ جاں فزا اپنا

رہا ہونے چلے تھے قیدِ ہستی سے، خبر کیا تھی — کہ عمرِ جاوداں دیگا ہمیں ذوقِ فنا اپنا

سجودِ شوق نے پہنچا دیا ہے کوئے جاناں تک — نہ چھوڑا منزلِ الفت میں ہم نے نقشِ پا اپنا

محبت نام ہے اک عالمِ بے اختیاری کا — نہ عشقِ دل فروش اپنا، نہ حسنِ دلربا اپنا

دیارِ حسن میں اللہ رے وارفتگی دل کی! — انھیں سے پوچھتا ہوں بیخودی میں مدعا اپنا

بس اک پالغزِ مستانہ سے طے کی منزلِ ہستی — کہ تھا فیضِ خمارِ چشمِ ساقی رہنما اپنا

بلا کی کشمکش ہے، اس طرف برقِ تجلی ہے — وہ شوخِ سامری فن ہے اُدھر زہد آزما اپنا

طلسمِ جلوۂ سحر آفریں ٹوٹا تو اب سمجھے — کہ تھا افسانۂ عبرت سرانجامِ وفا اپنا

جفائے یار کے صدقے، یہ احساں اس کا کیا کم ہے — اسی نے کر دیا مجھ کو حقیقت آشنا اپنا

عجب کیا بال و پر میں طاقتِ پرواز اگر کم ہے — ہوا ہے خانۂ صیاد میں نشو و نما اپنا

بقدرِ یک طپش تھا اوجِ بامِ یار کا، لیکن — یہ شوقِ نا تمام اپنا، یہ بختِ نارسا اپنا

ما بندۂ آں بادۂ تندیم کہ از جوشش | از شیشہ بروں جست و ز مینا بدر افتاد
استہ از گرمی ہنگامۂ محشر گفتند | ہست بزمے کہ تو صد بار بہم بر زدۂ
خلیل آہنگ طرح کعبۂ اسلامیاں دارد | بدست آوردہ ام من نیز خاک آستانے را
یاد آں روزے کہ دست افشاں گذشتم از حرم | از غرورِ آنکہ من ہم آستانے داشتم
پیکر آرائے ازل طلعتِ زیبائے ترا | نقش می بست و ہم از ذوق تماشا میکرد

ان اشعار سے تم اس کا بھی اندازہ کر سکتے ہو کہ مولانا کی بندش الفاظ میں ایک خاص رعنائی ہوتی ہے، جس سے کلام کا حسن دوبالا ہو جاتا ہے۔

شوخی و رندی بقول مولانا حالی مرحوم کے واقعی حیرت ہوتی ہے کہ الفاروق کا مصنف اس قدر شوخ، رنگین، اور رندانہ اشعار کیوں کر لکھ سکتا ہے، چند مثالیں ملاحظہ ہوں۔

رندی و سیہ کاری مستی و نظر بازی | زیں گونہ اگر خواہی بسیار ہنر دارم
روئے و چنیں روئے شایانِ نہفتن نیست | بگزار کہ ایں پردہ از روئے تو بردارم
رسم و آئین ہم آغوشی نمیدانم کہ چیست | دست گستاخ انچہ فرمود ست من آں کردہ ام
ہر چند جور نیز ز معشوق خوشش بود | ما بندہ ایم دلبرِ عاشق نواز را
من فدائے بتِ شوخے کہ بہنگام وصال | بمن آموخت خود آئین ہم آغوشی را

غور کرو، یہ شعر کس قدر واقعیت سے لبریز ہے!

ان خصوصیات سے تم کافی طور پر اندازہ کر سکتے ہو کہ مولانا کی غزلوں میں غزلیت کا عنصر کس حد تک موجود ہے۔

اوپر جو کچھ لکھا گیا ہے وہ مولانا کے کلام پر محض اجمالی ریویو ہے، تاہم اس سے ہر صاحب ذوق اندازہ کر سکتا ہے کہ مولانا فارسیت کے لحاظ سے نہ صرف ہندوستان بلکہ ایران کے لئے بھی مایہ ناز ہو سکتے ہیں، مولانا نے نہایت سچ کہا ہے،

روشنم شد ز نوا سنجیِ شبلی کامروز | ہند را نیز قمے ہست و صفاہانے ہست

مرزا احسان احمد بی۔ اے (علیگ)

جمالِ محبوب کا نظارہ ہر شخص کرتا ہے، لیکن ایک ژرف بیں نگاہ کو جو جلوے نظر آتے ہیں وہ ہر شخص کو نظر نہیں آسکتے، "غور کرد و محض نہ عام ست و عام نیست"، کے ٹکڑے نے شعر میں جان ڈال دی ہے، ورنہ نفسِ خیال میں کوئی خاص ندرت نہ تھی۔

ایک نکتہ سنج عاشق ہر جلوے سے متاثر نہیں ہوسکتا۔

ہر جلوۂ مرا نتواند فریب داد　　پروانۂ چراغ سرِ طور بودہ ام

ثانی مصرع میں جو مخصوص کیفیت پنہاں ہے، اس کو ہر صاحب ذوق محسوس کر سکتا ہے۔

معشوق کا عتاب بھی عاشق کے لئے لطف انگیز ہوتا ہے۔

ذوق ہا بردم ہم از روے عتاب آلود او　　آتشے بودست و من بر خود گلستاں کردہ ام

وصل کی بے تابانہ حالت کو اس طرح بیان کرتے ہیں۔

آغوش شوق، و دیدۂ گستاخ و دستِ شوخ　　در وصل ہر چہ بود زمن خود بکار بود

" خود بکار بود" کا ٹکڑا، غور کرو، واقعہ کی کتنی صحیح تصویر ہے!

معشوق کے چہرے کے سامنے پھول کی کوئی وقعت نہیں

صد بار در حریم چمن پیش روے تو　　گلچیں بخاک ریخت گلِ تازہ چیدہ را

چند اشعار اور ملاحظہ ہوں۔

سنبلستاں میدمد از جیب و آغوشم ہنوز　　زلفِ مشکیں در برم روزے پریشاں کردہ بود

شب بود و صد ہزار تماشاے دل فریب　　صبح از کرانہ سر زد و دیدم کہ خواب بود

جائے آنست کہ گلشن دمد از کنج لبم　　بوسہ ہا بسکہ براں عارضِ خنداں زدہ ام

بیچارہ نکتہ داں ادا ہاے عشق نیست　　ضائع مکن لطیفہ نگہ ہاے راز را

شام وصلش ہست و ایمن گشتہ ام از بیم صبح　　آفتاب آوردہ ام در خانہ پنہاں کردہ ام

غرض اس قسم کی مثالیں اکثر مولانا کے کلام میں ملتی ہیں جن سے اندازہ ہوتا ہے کہ مولانا شاعری میں حسنِ ادا کا کہاں تک لحاظ رکھتے ہیں۔

جوش و مستی چونکہ مولانا فطرۃً شگفتہ مزاج اور رنگین طبع تھے، اس لئے جوش و مستی کا عنصر اکثر مولانا کے کلام میں نمایاں رہتا ہے، اس کا اندازہ مثالوں سے ہوسکتا ہے۔

صد دکاں لعل و گہر چیدہ ام از گفتارش　　طعنہ بر بے سرو سامانیِ عماں زدہ ام

شعر سے ہر شخص لطف نہیں اٹھا سکتا، میرا ارادہ تھا کہ اپنا فارسی کلام نظم و نثر
جو کچھ ہے، اس کو بھی چھپوا کر شائع کردوں، مگر دستہ گل دیکھنے کے بعد میری
غزلیں خود میری نظر سے گر گئیں" لہ

اس سے تم اندازہ کر سکتے ہو کہ مولانا تغزل کے میدان میں کیا درجہ رکھتے ہیں۔
حافظ خدائے سخن ہے، اس کے آگے بندوں کو لب کھولنے کی کیا جرأت ہو سکتی ہے، چنانچہ مولانا
خود فرماتے ہیں:

گر خداوندی ہوس داری در اقلیم سخن　　بندگی حافظ شیرازی بایست کرد

تاہم اس سے انکار نہیں ہو سکتا کہ مولانا نے نہایت کامیابی کے ساتھ حافظ کا تتبع کیا ہے اور بعض وقت
جب مولانا رندی اور بے باکی پر آتر آتے ہیں تو بالکل حافظ کا دھوکا ہونے لگتا ہے۔

ایرانی شعراء میں مولانا کو حافظ سے خاص عقیدت ہے، چنانچہ شعر العجم میں جہاں جہاں حافظ کا نام
آجاتا ہے، وجد کرنے لگتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ مولانا پر حافظ کا اثر بہت زیادہ غالب ہے، عجیب بات ہے، کہ
حافظ کی طرح مولانا بھی فطرتاً رنگین طبع اور شگفتہ مزاج تھے، اس لئے مولانا کے کلام میں زیادہ تر وہی
خصوصیات نمایاں ہیں جو حافظ کے کلام میں موجود ہیں، مثلاً جوشِ بیان، جدت ادا، رندی و
سرمستی وغیرہ، حافظ کی طرح مولانا بھی جذباتِ غم کی مصوری نہیں کر سکتے، چنانچہ نالہ و فریاد، درد و غم
ہجر و فراق وغیرہ کے مضامین مولانا کے کلام میں بہت کم ملتے ہیں، لیکن میرے نزدیک یہ کوئی عیب
نہیں، شاعر مرثیہ خواں نہ ہو، تو اس کی شاعری میں کیا نقص ہے۔

اب ہم مولانا کی خصوصیات تغزل کو کسی قدر تفصیل سے لکھنا چاہتے ہیں۔

حسن ادا　حسن ادا شاعری کا ایک نہایت ضروری عنصر ہے، بلکہ میرے نزدیک اسی کا نام
شاعری ہے، حافظ کا اصلی اعجاز یہی ہے کہ وہ معمولی سے معمولی خیال کو اپنے حسن ادا
سے پر لطف بنا دیتے ہیں، مولانا بھی حسن ادا کا خاص لحاظ رکھتے ہیں، حسن ادا ایک ذوقی چیز ہے
تاہم اتنا کہہ سکتے ہیں کہ فقروں کا دروبست بندش کی چستی، الفاظ کی لطافت وغیرہ اس کے ضروری
عناصر ہیں، چند مثالیں ملاحظہ ہوں

چشم ہر آنچہ دیدنہ ہر دیدہ دبنگرد　　نظارۂ جمالِ تو عام ست و عام نیست

لہ مطبوعہ معارف اپریل ۱۹۱۶ء صفحہ ۲۹

ما نہ آنیم کہ با حاجب و دربان باشیم — ما نہ آنیم کہ بام و درِ ایوان داریم
ما نہ آنیم کہ با مسند و بالین ارزیم — ما نہ آنیم کہ سرداب شبستاں داریم
ما نہ آنیم کہ یک شیوہ بآئین گیریم — ما نہ آنیم کہ یک کار بسامان داریم
خاکساران جہانیم و ز اسباب جہاں — بوریائیست کہ در کلبۂ احزان داریم
تو غلامان کمر بستہ بفرماں خواہی — ما غلام خود و خود گوش بفرماں داریم

ہم بیک حال بود بے سر و سامانی ما
کہ بہ ہرگز نشود چاک گریبانی ما

یہ پورا ترکیب بند مسلمانوں کے گزشتہ اور موجودہ حالات کا آئینہ ہے۔

ان مثالوں سے تم بخوبی اندازہ کرسکتے ہو کہ مولانا قصیدہ گوئی کے میدان میں کس حد تک کامیاب ہیں، قصیدہ گوئی کا اصلی کمال مداحی نہیں بلکہ مسلسل واقعات و حالات کی مصوری ہے۔ مولانا نے قصائد میں زیادہ تر اسی سے کام لیا ہے

غزل مولانا کی شاعرانہ طلسم کاریوں کا اصلی تماشا گاہ یہی ہے، جہاں وہ محض ایک رند بے باک کی صورت میں نظر آتے ہیں، مولانا کا کوئی مستقل دیوان نہیں ہے، غزلیات کے دو مختصر مجموعے موجود ہیں، جو دستۂ گل، اور بوئے گل کے نام سے مشہور ہیں، ایک تیسرا مجموعہ مولانا کی وفات کے بعد برگ گل کے نام سے شائع ہوا ہے، جس میں غزلیں بہت کم ہیں۔

مولانا حالی دستۂ گل کے متعلق ایک خط میں مولانا کو تحریر فرماتے ہیں۔

"کوئی کیونکر مان سکتا ہے کہ یہ اس شخص کا کلام ہے جس نے سیرۃ النعمان، الفاروق اور سوانح مولوی روم جیسی مقدس کتابیں لکھی ہیں، غزلیں کاہے کو ہیں، شراب دو آتشہ ہے جس کے نشہ میں خمار چشم ساقی بھی ملا ہوا ہے، غزلیات حافظ کا جو حصہ محض رندی و بیباکی کے مضامین پر مشتمل ہے ممکن ہے کہ اس کے الفاظ میں زیادہ دلربائی ہو، مگر خیالات کے لحاظ سے تو یہ غزلیں بہت زیادہ گرم ہیں۔

دو دل بودن دریں رہ سخت تر عیبست سالک را
خجل ہستم ز کفر خود کہ دارد بوئے ایماں ہم

شاید لوگ تعجب کریں کہ اس شعر میں وجد کرنے کی کونسی بات ہے، مگر اس

دست در گردنِ معشوق و غیرت عاشق — ہم بدستت ز پوشش گردن بماند
در چنیں وقت بہ تنہائی آشفتہ گرد — کہ قلم در کف و آمادہ اش مانند

قصیدے کی تشبیب بھی مولانا نے بے نظیر لکھی ہی، خصوصاً یہ شعر

بر سراپائے جمالِ تو نگاہم گوئی — رہروے ہست کہ از ضعف بہر جا ماند

یعنی جس طرح ایک مسافر ضعف کی وجہ سے ہر ہر قدم پر تھک کر بیٹھ جاتا ہی، اسی طرح میری تیرے سراپائے جمال پر جہاں پڑتی ہی، وہیں رہ جاتی ہی، غور کرو کس قدر نادر اور لطیف بیہ ہی۔

یہ پورا قصیدہ اس قابل ہی کہ اہلِ ایران بھی اس پر ناز کریں تو بجا ہی۔

فردوسِ کشمیر کا باصرہ نواز مرقع ان الفاظ میں کھینچتے ہیں۔

گرچہ شک نیست کہ آں ناحیہ در زیبائی — گر تنزل بکنم خلدِ بریں را ماناست
بس کہ جوشید ز ہر سوے گل و لالہ بدشت — از کراں تا بکراں روے زمیں نا پیداست
جادہ را خود ز خیاباں نتواں کرد تمیز — بس کہ گل صف زدہ سرتاسر او از چپ و راست
جامِ گلرنگ کہ در بزم بآئیں چینند — ہم بداں گونہ گل از پہلوِ گل جلوہ نماست
نقشبندِ چمنِ طبع ز تردستیِ فیض — دشت را ہم بہ گل و لالہ و شمشاد آراست
سبزہ بر کوہ فرو ریختہ از سرتا بن — یا قبائیست کہ بر قامتِ شخص آمدہ راست
راہرو را ندہد دل کہ نہد گام براہ — بسکہ بر ہر قدمش لالہ و گل در تہِ پاست
دیدۂ طفل کہ بر دامنِ ما در غلطد — جنبشش ما د، بداں گونہ بروئے صحراست

رکرو کس قدر نازک اور لطیف تشبیہ ہی! اور بھی اشعار ہیں، جن کو ہم طوالت کے لحاظ سے انداز کرتے ہیں۔ ناظرین ملاحظہ فرمالیں۔

عرفی اور فیضی نے بھی کشمیر کی تعریف میں قصیدے لکھے ہیں اور دادِ سخن دی ہی، ن صاحبِ ذوق اندازہ کرسکتا ہی کہ مولانا کسی سے پیچھے نہیں ہیں۔

مولانا کے ترکیب بند زیادہ تر قومی حالات و واقعات پر مشتمل ہیں، ایک ترکیب بند میں لمانوں کی دنیاوی بے سروسامانی کا نقشہ ان الفاظ میں کھینچتے ہیں۔

ایکہ پرسی چہ کسانیم؟ چہ ساماں داریم — انچہ با ہیچ نیرزد بجہاں آں داریم
ما نہ آنیم کہ دیہیم سکندر طلبیم — ما نہ آنیم کہ اورنگ سلیماں داریم

[illegible] زدہ از خویش گرفت آب — بلکہ بادہ [illegible] آمد
ہر جاے کہ سر از آب بر آرد گوید — باید از سر تماشاے گلستاں آمد
بوے گل ہست کہ بر دوش صبا تکیہ زدہ — من غلط کردم و گفتم کہ سلیماں آمد
آتش افروخت گل و مرغ چمن گشت خلیل — کہ بر و آتش سوزندہ گلستاں آمد
زین دو سہ حرف فزوں نیست معانی سخنے — کہ بہار آمد و ابر آمد و باراں آمد
بزم آرای و گل افشان و قدح گیر کہ یار — آمد آں شوخ و چگویم بچہ ساماں آمد
رخ بر افروختہ و طرہ فرو ہشتہ بدوش — جام در دست و گل و لالہ بداماں آمد

یہ قصیدہ نا تمام ہے، تاہم اس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ علاوہ تشبیہات کی طرفگی اور لطافت کے مولانا میں واقعہ نگاری کی صلاحیت کس تک موجود تھی، مولانا کے قصائد میں اکثر واقعہ نگاری کی مثالیں نظر آتی ہیں، ایک قصیدے میں سفر روم کے حالات و واقعات کا تذکرہ کیا ہے، یعنی کب روانہ ہوئے کہاں کہاں پہنچے، کب کب پہنچے، کیا کیا دیکھا، کیا کیا واقعات پیش آئے، غرض تمام جزئی واقعات کو شاعرانہ انداز میں بیان کیا ہے، اس قصیدہ کا مطلع یہ ہے۔

بہر تکمیل فن و ہم پئے تحصیل ہنر — روزگاریست کہ میداشتم آہنگ سفر

ایک قصیدہ کے آخر میں صبح کا سماں ان الفاظ میں کھینچتے ہیں۔

ہمثل گر سخن از صبح بر انم گویم — سحر آمد کہ جہاں گرم تماشا ماند
مشک شب جملہ بتاراج رود و زدم مہر — شوختہ سیم پراگندہ بہ ہر جا ماند
سحر از جیب افق سر بزند خندہ خندہ — شب بخود پیچد و از غصہ بسودا ماند
آید از صحن چمن بانگ موذن در گوش — دیر از نالۂ ناقوس پر آوا ماند
رند با شیشہ و مے راہ چمن گیرد و شیخ — در غم سبحہ و مسواک و مصلا ماند
چمن از غلغلۂ مرغ بہ جنبش افتد — کوہ از قہقہۂ کبک پر آوا ماند
پاسبانان ز سر کوچہ درہ برخیزند — در میخانہ بروے ہمہ کس وا ماند
کاروانہا برہ افتند و جرس نالہ کشد — دشت و صحرا پر از آوازہ و غوغا ماند
رہرو خستہ کہ از زحمت دوش است بتاب — دو سہ گامے رود و باز بر رہ وا ماند
رند میخوارہ کہ از بادۂ دوشیں مست است — ہمچناں فارغ از اندیشۂ فردا ماند
گاہ سر زند از خواب و رود باز بخواب — گاہ مخمور ز جا خیزد و از پا ماند

شاہد روز ہرگ کہ باتم بہ نشست | از چہ لیلائے شب آشفتہ و درہم بہ نشست

"لیلائے شب" کی آشفتگی کو مرثیت سے کیا تعلق! اسی طرح کے اور بھی اشعار اس مرثیہ میں ہیں جن میں سوز و گداز کا عنصر نہایت کم ہے، حالانکہ یہی چیز مرثیہ کی جان ہے۔

اپنے استاد مولانا فیض الحسن سہارنپوری کا مولانا نے جو مرثیہ لکھا ہے، اس میں البتہ مرثیت کا رنگ کسی حد تک موجود ہے اور یہ محسوس ہوتا ہے کہ واقعی مولانا کا قلب متاثر ہے، لیکن اس موقع پر بھی یہ شعر مولانا کے قلم سے نکل ہی جاتا ہے

نکیرین از کجا سنجد لطفِ طبع رنگینت | نہ ناخماں ندانم چوں پسندی ہم زباں بودن

اس مرثیہ کے چند اشعار درج ذیل ہیں۔

زبس در کار غم دل بودہ است و دیدۂ تر ہم | بخاکِ تربت او لعل افشاندیم و گوہر ہم
سخن را اینچنیں شیرازہ بستن تا کہ تواند | پس از وے دفترِ معنی پریشاں گشت و ابتر ہم
بادج پایہ اش من خود ندیدم در جہاں کس را | وزیں پس مثل او ہرگز نہ بیند چشم اختر ہم
بود شور غریب اما بایں ہنگامہ کے ماند | غم مرگش رواں فرماست آں آشوبِ محشر ہم
صبا گر بگزری بر تربتِ پاکش بگو از من | کہ اے در شیوۂ دانش مرا استاد و رہبر ہم
در و دے پیشکش آوردہ ام باشد کہ بپذیری | کہ شبلی خاکپے درگہت بودست و چاکر ہم

ازیں خوابِ گراں آخر چو روزِ حشر برخیزی
چو صورِ حشر ز نالہ ام وقت ست اگر خیزی

ایک مرثیہ والد مرحوم کا لکھا ہے، جس کا ایک ایک حرف خونِ جگر سے رنگین ہے، جنرل عظیم الدین خاں کا مرثیہ بھی خوب لکھا ہے، یہ مرثیے شائع ہو چکے ہیں طوالت کے خوف سے قلم انداز کرتا ہوں۔

قصیدہ متعدد قصیدے اور ترکیب بند لکھے ہیں، جن میں سے اکثر قومی ہیں، ایک بہاریہ قصیدہ لکھا ہے، جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ مولانا کا سحر نگار قلم نہ صرف حسن لب بام بلکہ مناظر قدرت کی بھی مصوری کر سکتا ہے، چند اشعار ملاحظہ ہوں۔

دوش ایں مژدہ بگوشِ گل و ریحاں آمد | کہ بہار آمد و بسیار لبساماں آمد
ابر گوہر ہمہ افشاند چو گریاں بگزشت | گل ہمہ زر بپراگند چو خنداں آمد
آب را سلسلہ بر پائے بہ بستند ز موج | بس کہ دیوانہ دوش از طرف بیاباں آمد
لالہ چوں مغبچگاں چہرہ برافروخت بباغ | سنبل آشفتہ تر از طرۂ خوباں آمد

دیر را رونق حرم گفتن | سغلۂ را حریف جم گفتن
سحر و اعجاز را قریں خواندن | وہم را برتر از یقیں خواندن
سخن عشق ہرزۂ چندست | چاک را با جگر چہ پیوندست
اینچہ خوار یست عشق ورزیدن | سادۂ را بجاں پرستیدن
خود بہ بیں از رش تاں چہ بود | پیکر سادہ جان جاں چہ بود
خواہم اکنوں عناں بگردانم | رسم پیشینیاں بگردانم
زیں بساط کہن چو برخیزم | پیکر تازۂ بر انگیزم
رسم دیر بینہ برا ندازم | در سخن طرح دیگر اندازم
بدلم خلق را فسون دگر | کردہ ام ساز ارغنون دگر
تا بسنجی کہ با کمال سخن | تنگی نیست در مجال سخن

ان مثالوں سے تم اندازہ کر سکتے ہو کہ مولانا مثنوی کے میدان میں کس حد تک کامیاب ہیں ہندوستانی شعرا میں فیضی اور امیر خسرو اس اقلیم کے بادشاہ ہیں، تاہم ان بزرگوں کے مقابلہ میں مولانا کی نکتہ طرازیاں بھی کچھ کم قابل داد نہیں ہیں۔

مرثیہ مولانا نے متعدد مرثیے لکھے ہیں اور نہایت جوش کے ساتھ لکھے ہیں، لیکن انصاف یہ ہے، کہ مولانا اس وادی کے مرد میدان نہیں، مولانا فطرۃً رنگین طبع، بلند حوصلہ اور شگفتہ مزاج تھے، اس لئے وہ درد و غم کے جذبات کو اچھی طرح ادا نہیں کر سکتے تھے۔ روتے بھی ہیں تو چہرہ سے شگفتگی نہیں جاتی، مثلاً نواب ضیاء الدین خاں نیرؔ کا مرثیہ لکھتے ہیں، تو اس انداز سے شروع کرتے ہیں۔

گرم ہنگامہ شو اے نالۂ دلہا برخیز | از پئے برہمی عالم امکاں برخیز
تو ہم اے آہ جہاں سوز بساماں برخیز | اے جنوں باز بتاراج گریباں برخیز

چشم خونابہ فشاں خواست چو طوفاں کردن
خوں شو اے دل کہ توانم سر و ساماں کردن

الفاظ کے شکوہ اور جوش بیان سے کس کو انکار ہو سکتا ہے، لیکن غور کرو کہ مرثیہ کا عنوان ہے، یا کسی رزمیہ نظم کا۔

دوسرے بند میں ایک شعر لکھتے ہیں :-

گرچہ نخواہم کہ نشینم خموش | فرصت آں کو کہ بیایم بہوش
گرچہ بعرضِ سخن آمادہ ام | مست زکیفیتِ ایں بادہ ام
بگزر ازیں حرف و مکرر مپرس | خوابِ خوشی دیدم و دیگر مپرس
خوانِ سخن گرنہ خود آراستم | عذر بنہ محو تماشا ستم
تندے بود و خوابم ہنوز | دیدۂ من باز بخوابم ہنوز
باتو چگویم کہ چہا دیدہ ام | شعبدہ ہا پیشِ نظر چیدہ ام
بزم چو از جلوۂ زیبا پُرست | دامنِ چشم زتماشا پُرست

اس کے بعد سلطان المعظم کے موکب ہمایوں کا سماں ان الفاظ میں کھینچتے ہیں۔

مہر چو در ہر جہت افشاند نور | کوکبۂ شاہ عیاں شد ز دور
گشت رواں از پے ہم خیل و فوج | موج تو گوئی کہ شکستی بموج

تشبیہ کی لطافت خاص لحاظ کے قابل ہے۔

بود شعار ہمہ از ہم جدا | ہر ہمہ رارایت و پرچم جدا
پرتو آں اسلحۂ تاب ناک | نور ہمی ریخت بدامانِ خاک
باہمہ تمکیں چو گزشت ایں گروہ | گشت بہ یک بار زمیں پرشکوہ
غلغلہ برخاست کہ باد انوید | مہر جہاں تابِ خلافت رسید
قاعدۂ دولت و دیں رامدار | آئینہ رحمتِ پروردگار
تازگی بدر و حنین از تو ہست | زیب وطرازِ حرمین از تو ہست

یہ پوری مثنوی مولانا کی شاعرانہ لطافت آفرینیوں کا ایک باصرہ نواز مرقع ہے، جس سے اہل ایران کی نکتہ سنج نگاہیں بھی لطف اندوز ہوسکتی ہیں۔
ایک دوسری مثنوی میں مولانا نے قدیم انداز خیال کے معائب کی پردہ دری کی ہے، جس کے چند اشعار حسب ذیل ہیں:۔

داستاں ہائے باستاں تاچند | شکوۂ جورِ آسماں تاچند
تاچہ سود ت دہد زیاں گفتن | قرہ را ابر خوں فشاں گفتن
دیدہ را معدن گہر خواندن | داغ را ہدیۂ جگر خواندن
دل نفکر محال خوں کردن | وحشت آموختن جنوں کردن

نہیں کرسکتا، موجودہ زمانہ میں اکثر فارسی غزلیں نظر سے گزرتی ہیں، جن کو پڑھکر ہنسی آتی ہے، لیکن مولنا کی ذات اس سے مستثنیٰ ہے۔ ان کا فارسی کلام پڑھکر قطعاً یہ محسوس نہیں ہوتا، کہ یہ کسی ہندی نژاد کا کلام ہے، مولانا نے نہایت سچ کہا ہے۔

در سخن با خاکیانِ ہند می سنجی مرا ہیچ میدانی کہ ایں فن را چہ ساماں کردہ ام

یہ محض شاعرانہ تعلی نہیں ہے، بلکہ انصاف سے دیکھو تو اس کا ایک ایک حرف حقیقت سے لبریز ہے، فارسی شعرا میں فیضی سے بڑھکر کوئی فخریہ نہیں لکھتا، نلدمن میں اپنا سارا زور قلم صرف کردیا ہے، دو شعر خاص طور پر ذکر کے قابل ہیں۔

دکانِ ہنر چنیں کشودن ساماں سخن چنیں نمودن
ایں کارِ من ست و کارِ کس نیست اندازۂ اختیارِ کس نیست

مولانا نے بھی سیرۃ النعمان کے دیباچہ میں فخریہ لکھا ہے، ان اشعار کے جواب میں مولانا کے اشعار حسب ذیل ہیں:

حرمتِ ایں کار نگہداشتن نامہ بہ لعل و گہر انباشتن
کارِ من ست ایں ہمہ ہر خامہ نیست ایں بود آں مے کہ بہ ہر جامہ نیست

ذوقِ صحیح اندازہ کرسکتا ہے، کہ مولانا کے اشعار میں جو شکوہ اور لطافت ہے، اس سے فیضی کے اشعار خالی ہیں۔

جامعیت مولانا ایک قادر الکلام شاعر ہیں، ان کے کلام میں ہر صنف شاعری کا نمونہ موجود ہے، قصیدہ، غزل، مثنوی، مرثیہ سب کچھ لکھا ہے، اور ہر میدان میں کافی طور پر دادِ سخن دی ہے، اب ہم ہر صنف شاعری پر اجمالی طور پر ریویو کرتے ہیں، جس سے اندازہ ہوگا، کہ مولانا ہندوستان کے فارسی گو شعرا کے مقابلہ میں شاعرانہ لحاظ سے کیا حیثیت رکھتے ہیں۔

مثنوی متعدد مثنویاں لکھی ہیں، لیکن ناتمام ہیں، ایک مثنوی سفر قسطنطنیہ کے متعلق لکھی ہے، جس کے چند اشعار درج ذیل ہیں۔

گرچہ خودم با سر و ساماں نیم نازکشِ حاجب و درباں نیم
نیست سرِ انجمن آرائیے ایں منم و گوشۂ تنہائیے
ونیکہ ہر سید کہ زاں جلوہ گاہ تاچہ بود حاصلِ چشم و نگاہ
ہیچ چہ تواں گفت کہ ذوقِ سخن ہر نفسم می برد از خویشتن

چنانچہ خود فرماتے ہیں:

من کہ در سینہ دلے دارم و شیدا چہ کنم　　میل با لالہ رخاں گر نہ کنم تا چہ کنم
ساغر بادہ و طرف چمن و لالہ رخے　　چوں بہ اینہا فتدم کار نظر تا چہ کنم

لیکن اس سے مقصود صرف ذوق نظر اور تفریح خاطر تھی، شاعری مولانا کا کوئی مستقل پیشہ نہ تھا۔
چنانچہ فرماتے ہیں:

گرچہ من مرد ہوسبازی و رندی نیستم　　ایں چنیں ہم گاہ گاہم اتفاق افتاد بود

غرض مولانا کی زبان قلم سے اشعار اسی وقت نکلتے تھے، جب کوئی موثر واقعہ یا دل فریب منظر پیش نظر ہوتا تھا اور صحیح شاعری بھی یہی ہے، جو لوگ بلا کسی خاص تحریک کے شعرگوئی کی کوشش کرتے ہیں، وہ حقیقت میں فطرت کے خلاف جنگ کرنا چاہتے ہیں، جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے، کہ بجز لفاظی کے ان کے کلام میں اور کچھ نہیں ہوتا، ورڈس ورتھ کا قول ہے:

"اصلی شاعر وہ ہے جو صرف اس لئے کہتا ہے کہ کہنے کے لئے مجبور ہے"

اسی نکتہ کی طرف مولانا نے اس شعر میں اشارہ کیا ہے:

باہمہ دعویٰ تمکیں تتواں خواست ز من　　کہ تو از پردہ بدر آئی و برجا باشم

فطری شاعر کی حقیقی شان یہی ہے۔

اس بنا پر مولانا جو کچھ کہتے ہیں، ان کے وارداتِ قلبی کا آئینہ ہوتا ہے، غزلیں پڑھو، تو صاف نظر آتا ہے، کہ یہ صرف فتنہ گرانِ بمبئی کے کرشمے ہیں، جو مولانا کی زبان سے ادا ہوتے ہیں، مولانا عشق و محبت کا مذاق ازل سے لے کر آئے تھے، لیکن اس میں شبہ نہیں کہ چوپاٹی اور اپالو کی نشاط انگیز آب و ہوا نے اس شراب کو دو آتشہ سہ آتشہ کر دیا تھا، چنانچہ جہاں جہاں بمبئی کا تذکرہ آجاتا ہے، تو صاف محسوس ہوتا ہے کہ یہ نام مولانا کی زبان سے ایک لذت لے کر نکلتا ہے، ایک پوری غزل بمبئی کی تعریف میں لکھی ہے:

نثارِ بمبئی کن ہر متاعِ کہنہ و نو را　　طرازِ مسندِ جمشید و فرِ تاجِ خسرو را
بہ ہر سو از ہجومِ دلبرانِ شوخ و بے پروا　　گزشتن از سرِ رہ مشکل افتاد است رہرو را
فغاں از گرمیِ ہنگامۂ خوبانِ زردشتی　　بہم آمیختہ از زلف و عارض ظلمت و ضو را
بدہ ساقی مئے باقی کہ در جنت نخواہی یافت　　کنارِ آبِ چوپاٹی و گلگشتِ اپالو را

یہ صحیح ہے، کہ کوئی غیر اہل زبان کسی غیر زبان میں اہل زبان کی ہمسری کا دعویٰ

علامہ شبلی

کی

فارسی شاعری

بیاورید گر ایں جا بود سخندانے — غریب شہر سخنہائے گفتنی دارد

عام طور پر مشہور ہے کہ مولانا صرف ایک مورخ تھے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ جس طرح شاعری نے عمر خیام کے دیگر علمی کمالات پر پردہ ڈال دیا تھا، اسی طرح تاریخی غلغلۂ کمال نے مولانا کی مختلف حیثیتوں کو دبا دیا ہے، چنانچہ یہ بہت کم لوگوں کو معلوم ہے، کہ الفاروق اور سیرۃ نبوی کا مصنف حسن لب بام کی اداؤں کا بھی لذت شناس ہے۔

مولانا اس پایہ کے شخص تھے کہ اگر صانع قدرت ان کے پیدا کرنے پر ناز کرے، تو چنداں ناموزوں نہ ہوگا، مولانا کی مختلف حیثیتوں پر نظر ڈالو، صاف نظر آئے گا، کہ وہ فلسفی بھی تھے اور ادیب بھی، فقیہ بھی تھے اور متکلم بھی، محدث بھی تھے اور مفسر بھی، مورخ بھی تھے اور شاعر بھی۔

مولانا کے اس وصف جامعیت پر بحث کرنے کے لئے ایک مستقل کتاب کی ضرورت ہے، ہم اس موقع پر صرف مولانا کی شاعرانہ حیثیت سے بحث کرنا چاہتے ہیں، مولانا کی اردو نظمیں بھی اگرچہ شاعرانہ حیثیت سے ایک خاص وقعت رکھتی ہیں، تاہم ان کے جوہر کمال کا اصلی تماشاگاہ فارسی ہے۔

فارسی بیں تا بہ بینی نقشہائے رنگ رنگ — انچہ در گفتار فخر تست آں ننگ من ست

اس لئے ہم اس وقت اپنی تنقید کو صرف مولانا کی فارسی شاعری تک محدود رکھنا چاہتے ہیں۔

مولانا خالص ایک فطری شاعر تھے، جن کو قدرت کی طرف سے صحیح ترین ذوق شاعری عطا ہوا تھا، مولانا کا اصلی فرض اگرچہ تصنیف و تالیف تھا، تاہم چونکہ دماغ میں شاعری کا فطری ولولہ موجود تھا، اس لئے ناممکن تھا کہ وہ قدرت کے دل فریب مناظر سے بالکل غیر متاثر رہتے،

محسوساتِ فانی

[از جناب مولانا شوکت علی خاں صاحب فانی بی اے ال ال بی (علیگ)]

بجلیاں ٹوٹ پڑیں، جب وہ مقابل سے اٹھا ... مل کے پلٹی تھیں نگاہیں کہ دھواں دل سے اٹھا

جلوہ محسوس سہی، آنکھ کو آزاد تو کر ... قیدِ آدابِ تماشا بھی تو محفل سے اٹھا

پھر تو مضرابِ جنوں، سازِ انا لیلیٰ چھیڑ ... ہائے وہ شورِ انا القیس کہ محمل سے اٹھا!

اختیار ایک ادا تھی مری مجبوری کی ... لطفِ سعیِ عمل اس مطلبِ حاصل سے اٹھا

عمرِ امید کے دو دن بھی گراں تھے، ظالم! ... بارِ فردا نہ ترے وعدۂ باطل سے اٹھا

خبرِ قافلۂ گم شدہ کس سے پوچھوں؟ ... اک بگولہ بھی نہ خاکِ رہِ منزل سے اٹھا!

ہوش جب تک ہے گلا گھونٹ کے مرجانے کا ... دمِ شمشیر کا احساں ترے بسمل سے اٹھا

موت ہستی پہ وہ تہمت تھی کہ آساں نہ اٹھی ... زندگی مجھ پہ وہ الزام کہ مشکل سے اٹھا

کس کی کشتی تہِ گردابِ فنا جا پہونچی

شورِ لبیک جو فانی لبِ ساحل سے اٹھا

باقی بلاّ، قدم شریف، کلو کا تکیہ، بختو کا تکیہ، مہندیاں، پرانا کوٹلہ، سلطان جی میں یہاں سے وہاں تک ایک چھت قبریں ہی قبریں، سارا چونسٹھ کھما، ہمایوں کا مقبرہ، منصور کا مدرسہ، سارا قطب صاحب، حضرت رسول نما، اجمیری دروازہ کا مدرسہ، یہاں سے واں تک شہر کے باہر ساری زمین قبروں ہی قبروں سے پٹی پڑی ہے اور پھر کون سی جگہ ہے کہ جہاں مسلمانوں کے مردے نہ گڑے ہوں؟ کعبہ شریف، مدینہ شریف، پیران کلیر، اب اپنے قول مطابق ایک جگہ نہیں لے سکتے اور نہ یہاں گورے پھینک سکیں، ان پر قبضہ کریں تو اپنے عیسیٰ مسیح سے پھریں، دیکھا، بیگم سارا جہاں دوسرے ناؤ کرکے مانگ لیا۔ ایک ایک قبر سے قیامت کے دن ستر ستر ہزار مردہ اٹھے گا۔ بھلا کیا ٹھیک ہے، بیگم، ستر ہزار کی مولوی کہتے ہیں، پر ان کی کس بات کا ٹھیک، یہ تو یہودیوں کے مرتی ہوگئے جو دنیا کے لالچ میں توریت کے معنی بدل دیتے تھے، یہ اب باہر والوں کے دباؤ اور دولت کے چاؤ میں حق چھپائیں اور جھوٹے فتوے دے دیں یا اب مسئلہ نکال کھڑا کریں جو آپس ہی میں خوب جوتی پیزار ہو اور اپنی اپنی چندیا کی فکر میں سب معروف ہو جائیں۔ خیر، بیگم، اب انگریز بڑا پریشان ہے کہ کیا کرے اور کیا نہ کرے۔ قول ہار چکا ہے اور یہ بات سوجھی بڑے حکیم صاحب کو، انھوں نے سوچا زہر کو زہر مارتا ہے۔ یہ چرس بھر زمین مانگ ملک بھر کے مالک بن بیٹھے۔ ان سے اب ایسی ہی چال چلنی چاہیئے کہ سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے، قبرستان مانگ لیا۔ بیگم، مسلمان تو ایسے جوشیلے ہیں کہ جہاں قبریں نہ بھی ہوں گی وہاں کٹ کٹ مریں گے، گڑیں گے اور اس طرح قبضہ بڑھاتے ہی چلے جائیں گے۔ یہ اوپر والے اس گھات میں ہیں کہ کچھ ایسا پیچ لا کے ڈالیں کہ اللہ نہ کرے، اللہ نہ کرے، شیطان کے کان بہرے، دور پار، بادشاہ اور رعیت میں چل جائے کل سیاہ سفید کا اپنے ہی ہاتھ میں رہے۔ بادشاہ کے چچا حضرت کو ڈی ڈک کا بھیس بھروا، لوا لائے اور کاٹ کے پیتے بنا اندر کل پرزوں سے لیس کر کرا لا کھڑے کر دیئے۔ بھلا وہ ان سے کیا خوش ہوتے، نہ سلام ہوا، نہ مجرا، بڑے رنجیدہ ہو کے گئے ہیں، دیکھئے کیا ہوتا ہے!

———•◊•———

کہ ہر ایک آن کی خوشامد کرے اور پوچھے اچھی! پھر وہ کیا چیز تھی جو سب بڑے بڑوں نے مل کے مانگی اور پھر اتنی مسکوٹوں کے بعد۔ آخر جب سب نے بہت خوشامد کی تو کہنے لگیں "دوئی! دماغ چاٹ لیا میں تو تھک گئی، کب سے بک بک کر رہی ہوں" بی داروغن بولیں "اچھا بوخالہ، پوزر دے کا ٹکڑا کھا کر تازہ دم ہوجانا اور پھر سنانا،" یہ کہہ جھٹ سے ایک پان زردہ اور چھالیا کا چورہ ڈال مسل، عمدہ خانم کے حوالے کیا۔ عمدہ خانم نے ایک آدھ سکوڑا کھا، دوپٹے کو سر پر سے ہٹایا، کرتے کی الٹی گریبان کی گھنڈی کھولی اور ہنسلی کی ہڈی پر سوکھی سوکھی جھریاں پڑی انگلیاں پھیر کہا "اے ہے ابھی سے بلا کی گرمی پڑنے لگی ہے، تم سب نے اور مل کے میری جان پہ نرغہ ڈالا ہے۔ دوئی ذرا پرے ہٹو۔ پلی چلی آتیاں ہیں۔ بلا کی تریوں، ساری سہاگ بھر روک لی، مرا دم بوہلایا جاتا ہے۔" ماہرخ سب یہ بڑی بی کے نخرے دیکھتی رہی، آخر کو کہا "ہاں بی عمدہ خانم، وہ کیا چیز تھی؟"

عمدہ خانم۔ بیگم تھی کیا، سب نے کہا بس فرنگی سے قبرستان مانگ لو۔ فرنگی نے ہامی بھرلی" آتو جی نے جو سنا کہ مسلمانوں نے قبرستان مانگا ہے تو ایک ٹھنڈا سانس لیا اور کہا کہ "ہاں بیچارے، اور کیا مانگتے۔ یاں تو مرنے کے بھی لالے ہیں۔ پچیس سے کم میں سرداوا نہ ملے، اور وہ بھی ایسا کہ جہاں برس دو برس گزرے اور کسی ولی خنگر نے خبر لی، گورکند نگوڑوں نے لیں اور ہڈیاں نکال پھینکیں۔ نشان برابر کیا پھر اور اسی گڑھے میں لادیا۔ ہندوؤں کے کیا کہنے! آن کے بڑے حوصلے، سوراج چھوڑ، سنسر راج چاہیں۔ ان کو سب بن آئے گی، آن میں ایکا ہے اور ایک کا ایک کو درد نہ بنگالی تہذیب دیکھ ان کے دیدے پھٹیں اور نہ پرائی ریس میں یہ مرمٹیں۔ اپنی مرن پہ جان دینے والے اور اپنے بڑوں کی آن تان پہ مٹنے والے ہیں۔ آج تک کوئی ہندنی کالی چاری بنتے نہیں دیکھی اور مسلمانیاں تو رنگ سے لاچار ہیں، کیا کریں منہدی منہ پہ نہیں رچتی، ورنہ یہ تو منہ لال کر کے پوری حرص کریں۔ یہی نگوڑے مسلمان مردوؤں کا حال ہے کہ اپنے طور طریقے چھوڑتے جاتے ہیں اور اپنی پرانی باتوں سے شرماتے ہیں۔ یہ کے راج مانگتے ہیں۔ آن کے تو جو گھر کے ہیں وہ چھنے جاتے ہیں ہاں مرنے کے دن قریب ہیں۔ ہائے قبر بھی مانگے سے ملے! ان دھاڑوں کو بھونچیے"

عمدہ خانم۔ بوا تم سمجھیں نہیں۔ اس میں بڑی باریکی ہے۔ اب جو انگریز نے سوچا ہے تو ہوش اڑ گئے۔ وعدہ کرتے تو کرلیا، بیگم، ہے کوئی ایسی جگہ جہاں جان ہار مسلمان نہ مرتے ہوں؟ شہر کے اندر ہزاروں قبریں اور مزار، رجبہ سجبہ، شاہ ترکمان، چتلی قبر، سید سرے بھرے، سید کھورے، حضرت کلیم اللہ شاہ جاناں بادی، حضرت پیر بیابانی، سارا قلعے تلے کا میدان، باہر شہر کے حضرت خواجہ

ماہرخ زمانی۔ وہ بتاؤ کہ انگریزی راج کو دس برس کیسے ہوئے؟ ہم نے تو جب سے آنکھ کھولی انہیں کو دیکھا۔

عمدہ خانم۔ بیگم، دیکھنے کی ایک ہی کہی! خواب میں وہ دیکھتے ہیں جو ہوتا ہوتا خاک نہیں۔ انگریز کی اصلی حکومت تو دلی دربار سے شروع ہوتی ہے کہ بادشاہ آئے اور ساری راجہ وائی اکٹھی ہوئی، اکبر کا سا دربار لگا۔ نہیں تو ہے بیگم، اس سے پہلے تو نرے محصل متصدی تھے اور اس دربار سے پہلے جو مچھ منڈے کرزن نے ہاتھیوں کا دربار کیا تھا، اس تک میں اس بات کا ادب رکھا کہ نشیمن ظلِ الٰہی میں نہ بیٹھے، بلکہ عرض بیگی کے چبوترے پر کرسیاں ڈلوا کے دربار کیا۔ نشیمن میں بیٹھنے کی مجال نہ ہوئی۔ لے بادشاہ ہوتے تو بیٹھتے، ادب آداب بھی کوئی چیز ہے۔ سات سمندر لانگ پھلانگ ہندوؤں کی فوج لے آئے۔ مساکر کے دس برس راج کرتے گزرے کہ گاندھی کی آندھی چلی، مہاتما جی کو بیاز کا مزا، دس برس کے راج کا سود، سوراج مانگتے ہیں۔ شہر کے بالسٹر، حکیم بھی اُن سے مل گئے اور باہر کے پڑھے لکھے بھی مہاتما جی کی جپنی جپنے لگے۔ البتہ، بیگم، مسلمانوں نے اب کے ذرا ہشیاری کی۔ راج تو جانتے ہیں آپس ہی میں ہے، سارے ڈیل میں زبان حلال، جس سے ایک دفعہ منہ بولا رشتہ قائم کر لیا بس پھر وہ اپنا ہی عزیز قریب ہے، جو جیسی ہم کوئی غیر تھوڑی ہیں، مسلمان ایک ذری سی چیز مانگتے ہیں اور اس میں سارا جہان آ گیا۔ میاں محمد علی شوکت علی۔ بڑے حکیم صاحب (مسیح الملک حافظ اجمل خاں صاحب) جہانگیر نگر والے سید حسین جو انگریزی کے مہین حرفوں کا اتنا بڑا اخبار نکالتے نواب محسن الملک کے بھتیجے سید بدر الحسن میاں، ایسے ہی میاں آصف علی بیلسٹر، خواجہ محمد یوسف وکیل کے بیٹے میاں خواجہ مجید بیلسٹر، ڈالی باغ والے جو لکھنؤ کے وکیل ہیں، ہیں نا، میاں محمد نسیم، اُن کے بھانجے خلیق میاں اور ڈھیر سارے مولوی اکٹھے ہوئے۔ سب نے مل کے مسکوٹ کی اور کسی نے اُس کی بھنبھنی بھی نہ پائی۔ یہ فیصلہ ہوا کہ انگریز سے کچھ نہ مانگو، بس ایک چیز مانگ لو اور انجیل اُٹھوا لو کہ قول سے پھریں تو اپنے مسیح سے پھریں اور دغا کریں تو خدا سے پائیں۔

عمدہ خانم یہ باتیں کر رہی تھیں اور ساری حویلی کی نوکریں دالان میں اُن کے گرد جمع تھیں، بڑے شوق اور استعجاب سے عمدہ خانم کی باتیں سُن رہی تھیں۔ ماہرخ زمانی خود پڑھی لکھی تعلیم یافتہ تھی لیکن وہ بھی یہ باتیں بڑی دلچسپی سے سُن رہی تھی اور مزا لینے کو ایک نہ ایک بات خود چھوڑ دیتی، ہر بات سے اپنی لاعلمی ظاہر کرتی کہتی کہ جی عمدہ خانم، لو ہمیں خاک کچھ خبر نہیں کہ باہر کیا کچھ گزر رہی ہے۔ عمدہ خانم تھرک تھرک کے اور اترا اترا کے باہر کی خبریں سناتیں۔ اب بی عمدہ خانم اس تمنا میں ہیں

ہی نہ رہی۔ بجلی کے قمقمے معلوم ہوتا ہے کہ غارتی تارے توڑ لائے ہیں۔ گیس کے ہنڈے سوا گز نیزے کی بلندی پر حشر کے میدان کا مزا چکھاتے ہیں۔ خریدار ہوتی ہوش، کا فرکرتی، اونی ٹاٹ کی کچھنیا پہنے، چرمی ٹوپی منڈھے، ادھر سے ادھر نکل گئے۔ نہ سلام نہ مجرا، نہ خیر نہ خبر، ایک نفسا نفسی۔ پہلے سی کوئی بات ہی شریفوں کی سی نہ رہی۔

ماہرخ زمانی۔ [اُکتا کے] اے بی، ہاں تو پھر انگریزوں نے جب بادشاہ چلے گئے تو کیا کیا؟

عمدہ خانم۔ بیگم، کرتے کیا؟ اس وقت سے نت نئی اڑنچیں کھونچیں نکالتے چلے جاتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ رعیت اور بادشاہ میں اَن بن کرا دیں۔ بادشاہ کا دل رعیت کی طرف سے میلا کرا دیں، موئے بلا کے ہیں، ہاتھوں لگائیں، پھروں کو بجھائیں۔ مہاتما گاندھی جی اور سب مولوں کو لگائی بجھائی کر اور بادشاہ کے نام سے ظلم توڑ، ننگی شمشیر میاں شوکت علی اور میاں محمد علی کو بھی اُکسا دیا۔ اودھا اودھا کے ایسی باتیں کرتے ہیں کہ جن سے دل پھٹیں، خلیفہ کے خلاف شریف مکہ کو کیا۔ سارے پاک مقاموں میں اس طرح گھس گئے جیسے جما مسجد کے آثار شریف میں جوتے پہنے، بے پاکی، بے طہارت، گھس جاتے ہیں۔ سنتے ہیں، کان گنہگار ہیں کہ، توبہ توبہ، نعوذ باللہ، کونسلوں

کے جو مسلمان ممبر ہیں وہ تو اس پر راضی ہو گئے۔ اے ہے، بیگم، قیامت آجائیگی۔ اللہ اپنی پناہ میں رکھے! جانے کیا اُن کے سر میں سمائی ہے جو ایسی اُلٹی اُلٹی سوجھتی ہیں۔ کبھی تو ان کی چونپ اُٹھتی ہے کہ سلطانِ روم خلیفہ اسلام کو اپنے قبضے میں رکھیں اور جس کل چاہیں نچائیں اور زور توڑتے توڑتے واجد علی شاہ اور بہادر شاہ کے دہاڑوں کو پہنچائیں۔ استمبول میں قدم جما ہی لئے ہیں۔ الٰہی دلی والوں کی سی درگت ترکوں کی نہ ہو! مولا تو ہی اپنے دین کا حافظ ہے، جانے اُن کو کیا ہو گیا ہے۔ دیدہ کا خوف ہی نکل گیا ہے۔ مارے طمع کے دیوانے ہو گئے ہیں کچھ سٹھیا ہی گئے ہیں اب یہ کون سی عقل مندی تھی کہ کسی چلم پھوڑ لاٹ نے شملہ پہاڑ پر ایک بل بنایا اور کہا کہ رو لٹ اس میں گھس۔ بھلا کون گھستا؟ سب نے انکار کیا۔ گولی چلوا دی۔ بھرے چاندنی چوک میں وہ اولوں کی طرح گولیاں برسائیں کہ سب کی ستھراؤ ہو گئی۔ بھر بھر لاشیں گاڑیوں میں دریا بُرد کیں۔ یہی حال پنجاب میں کیا۔ پیٹ کے بل چلوایا۔ بھرے بزار میں چوتڑوں پہ تازیانے بجائے اور بچارے بادشاہ کو کانوں کان خبر نہ ہونے دی۔ یہیں تو تعجب، لیپا پوتی کرتے رہے۔

شہزادیوں کو دے دیا گیا، بیگم، اللہ کی شان ہے، انھیں بادشاہزادیوں کا ایک وہ زمانہ تھا کہ یہ سلام سے لیں تو بڑی عزت سمجھی جاتی تھی اور جن کی ڈیوڑھیوں پر چکن پہنے جریب لئے، پگڑی سر پہ دھرے، کمر باندھے کھڑے رہتے ہیں چار جانوں میں بڑی آبرو سمجھی جاتی تھی اور آج ان کا سلام لینا کوئی گوارا نہیں کرتا۔ نہیں گھنٹوں ان کے سامنے مجرا اور کورنش بجالانے کو کھڑے رہتے تھے، سو، بیگم، جب انگریز نے یہ دیکھا کہ یہ داؤں بھی نہ چلا تو اور چل کھیلا ستیاناسی نے شہر کی فصیلیں تڑوانی شروع کیں، گھونگھٹ دروازوں کے اٹھوا، شہر کو رویت سے بے رویت کیا۔
چاندنی چوک کی نہر جو جنت کا چشمہ تھی اور دونوں طرف جنگی جنگی عالی شان چتر گیرنے، مولسری، آم، گولر، بڑ، پیپل، گل مہر، کچنال کے درخت تھے، ان کی ٹھنڈی ٹھنڈی چھاؤں تلے راہ چلتے آرام لیتے۔ پہلے تو نہر ٹوا پٹڑی بناوی۔ چلو یہاں تک بھی خیر گزری۔ شہر والے بھی کاتیاں، انہوں نے کیا کیا کہ اس پہ مینا بازار لگایا حاکم کو یہ بھی نہ بھایا۔ نت نئی ان سنی بیماریوں کے شیشے اپنے پادریوں سے آدھی رات کو شہر میں چھڑوا مئے۔ وہ لے دے اور تڑا تڑی کا بازار گرم ہوا کہ تو چل اور میں آیا۔ سارا لم ہرے بھرے چھاں دار درختوں میں دھرا گیا۔ بڑی بیگم کے بٹھائے درخت، پیسے گئے لا پچ بیدری سے کٹوا ٹھنی ٹھنی اور کدا گدا الگ کر جنگل بیابان کف دست میدان موئے میوڑے کرزن کی صورت بازار کر دیا۔ اب جیٹھ اساڑھ کی گرمیوں اور چلچلاتی دھوپ کہ چیل انڈا چھوڑے صبح پانچ بجے سے جو اس بازار میں بھرتی ہی، تو ساڑھے چھ بجے شام تک بلکہ چراغوں جلے تو ڈھی بزار فرنگی لہار کی بھٹی بنا رہتا ہے کہ آدمی ایک دوکان سے دوسری دوکان پر جائے تو تڑا اخا کھائے گرے، اور چہرا مہرا سب جھلس کر رہ جائے۔ الٰہی ٹوٹیں ظالموں کے ہاتھ میں نارو، پھوسٹے ان کی گرمی اور تن تن سے کوڑھ چوٹے۔ کیا بزار کو ملیا میٹ کیا ہی۔ ادھر دیکھو وہ بلائے ناگہانی موئے دجال کی سواری ٹن ٹن کرتی، ٹریم گاڑی درو دیوار پہ لرزہ ڈالتی، کانوں کے پردے پھاڑتی چلی گئی۔ ادھر دیکھو موئے شہدوں، بے شرموں کی سواری پوں پوں پر پر کرتی موٹر گاڑی اپنی جان پہ خاک اڑاتی، راہ چلتے بھلے مانسوں کو بھول بتا کرتی، ڈرے کے بول کی طرح سر سے نکل گئی۔
نالکیاں پالکیاں، رتھ انباریاں خواب ہو گئیں۔ چھم چھم کرتی سانڈنیاں جیسے اندر کے اکھاڑے کی پریاں چلنے میں جن کی گت، آر جار جن کی ناچ کی محفل، تام جھام، بوچے، ہوا دار، بزار کی گھما گھمی، کہاروں کے ہنکارے سب ہوا ہوئے۔ اب نگوڑے بازار میں نکلوں تو گھر سے خدا بخشوا کے ایک قدم دھرا دوسرے کی خبر نہیں، بجلی کے تار سر پہ۔ قدر برابر بجلی گرے، کوسنے کی کوئی حقیقت

ان کی بپت نہ تھی۔ غرض، بیگم کمپنی پہ لندن کی رانی کا غصّی خانہ اُترا۔ آخر کو کچھ بھی تھی، تھی تو رانی
بات کا پاس، اس نے کمپنی کا گھوجڑا ہی کھو کے چھوڑا اور کلکتہ میں اپنا انگریز بٹھا دیا۔ شہر تو بیگم، سارا
اُجڑ ہی گیا تھا، محل حویلیاں کھدّ کھدّا برابر ہوئیں۔ یہی حال قلعہ کا ہُوا، دو چار عمارتیں قلعہ میں رہیں،
دو ایک شہر میں، بستے بستے بھی عرصہ چاہیئے۔ پھر، بیگم، رانی مسلمان ہوگئی ملکہ کہلائی اور سب کی پرورش
کی۔ بڑھیوں ٹھڑیوں، محتاج اپاہجوں کے روپیہ روپیہ دو دو روپیہ مہینہ کر دیا، اور جتنے
بادشاہ سلامت کے بھائی بند تھے سب کا فراخ دلی سے پانچ پانچ روپیہ مہینہ مقرر کر دیا۔ بیچ میں کئی
دفعہ شہر کی حالت دیکھنے کو اپنے لاٹھ بھیجے۔ بیٹے کو بھیجا، پوتے کو بھیجا، لیکن شہر تو بستے ہی بستا اور
جمتے ہی جمتا۔ اب اب کر کے ذرا امی جمی ہوئی اور رونق پکڑی تو بیگم، ہمارے بادشاہ جرجیس پنجم نے
کہا کہ میں حکومت اپنے ہاتھ میں لونگا، دادا حضرت بہادر بادشاہ کا تخت میرا ہے۔ اللہ رکھو وہ آئے،
دلّی میں دربار کیا، تاج سر پر رکھا، بادشاہ ہوگئے اور دلّی راج دھانی جیسے پہلے تھی، پھر ویسے ہی
ہوگئی اور، بیگم، وہ تو قلعہ ہی میں رہتے، جم ہی جم سدھارتے کیونکہ ملکہ مریم زمانی میری محل کو ساتھ
کو لیکے آئے، لیکن محلوں کے سامنے للموؤں کی بارکیں دیکھ جی اُچٹ گیا اور حکم دیا کہ ارے ہاں رے
نئی لال حویلی بنائی جائے۔ اب یہاں سارے اوپر والوں کے پیٹ میں چوہے دوڑے کہ بڑا غضب ہوا،
جہاں پناہ یہاں رہ پڑے تو غضب ہی ہو جائیگا۔ جو اب ہماری عزت اور دھونس ہے، بادشاہ کے
مقابلے میں پھر ہماری کیا قدر و منزلت رہیگی۔ شہر والے تو اڑ لگنے اور درباری ادب آداب سے
واقف ہیں، یہی منہ چڑھ جائینگے تو بنائے نہ بنیگی اور ہم ازار کی جوں سے بدتر نکھتر ہو جائیں گے۔
لشمش دن کی ڈالیاں اور ہر بدھ کے چک چک لونڈے کہاں سے میسر آئیں گے، غرض بادشاہ کو کیا
نکارا کہ وہ نئی لال حویلی، چوپڑ کے بازار اور لال ڈگی کا حکم تال کٹورے کے پاس دے، اصل خیر
سے سدھارے اور شہر میں ملکی لاٹھ کو چھوڑ گئے۔ آپس ہی میں مل ملا، جوڑ توڑ کر لاٹ صاحب کے
دشمنوں پر گولا پھنکوایا۔ اللہ نے بال بال ویسرائی کو بچایا۔ لاٹ صاحب زخمی ہوئے، پر صدقے
اس کی کریمی کے جان پر آنچ نہ آئی، انھیں مدعیوں نے تو بادشاہ کے دل میں فرق ڈلوانے میں کسر
اٹھا رکھی تھی، کچھ یوں ووں ہو جاتی تو سب کا منہ کالا ہوتا۔ اچھی کی خدا نے، بُری کی بندے نے
ملائے کا نام نہ ہوتا، رُلائے کا نام ہوتا۔ بہتیرے تا وید (تعویذ) گنڈے ہوئے۔ حضرت خواجہ حسن نظامی
نے ایسا ایک پر ایک نقش بھیجا کہ پلک جھپکاتے میں پلنگ کو لات مار کھڑے ہوگئے۔ انھیں پھر بھی
شہر والوں کا بڑا خیال تھا، ویسرائی نے صدقے کا سارا روپیہ۔ کوئی ہزار بارہ سو ہوگا جنم جلی کم نصیب

پسِ پردہ

آغا حیدر حسن دہلوی (علیگ)

گزشتہ سے پیوستہ

ماہرخ زمانی (ہنسی کو ضبط کرکے) اے ہے بی، یہ نو دس برس انگریزی راج کو کیسے؟

عمدہ خانم — اے بیگم! ایسے۔ شہرآبادی[1] تک تو خلق خدا کی، ملک بادشاہ کا تھا ہی۔ یہ اب سے تین بیس بیتے کی بات ہے۔ کمپنی بادشاہ کی نوکر تھی اور بادشاہ کی طرف سے حکم احکام جاری کرتی تھی اٹھارہ صوبے میں بادشاہ کا سکہ چلتا تھا، سات ولایتوں کے وکیل حاضر رہتے۔ چھپن تلک دھاری راجہ واڑیاں چرن برداری کرتی تھیں۔ لندن کی رانی جانے کس رشتے سے بہادر شاہ غازی کی بہن تھیں قلعے سے اشتیاق نامہ ہمشیرہ اور جانے کیا کیا محبت کے لفظ لکھ کر بھیجے جاتے اور وہاں سے جانے کیا کیا لکھ کر آتا غرض یہ کاغذی گھوڑے اوپر اوپر دوڑتے اور ان میٹھی چپاتیوں میں کیا کیا نہ کچھ طے ہو گیا۔ بیلی کمپنی کی فوج بگڑی، کلموہے نگوڑے شہر میں گھس آئے۔ نہ کل سن نہ آج سن، بیگم یہ عجب تریوں کا نام ہی شیرو محرم کی پیدائش کوئی انگریز تھا اس نے جھنڈو باؤنے سکھوں کو جما کیا اور شہر پہ دوڑا۔ پٹیالے کپورتھلے والوں کو اپنی بیٹیاں دے۔ انھیں بھی ملا لیا۔ پنجابیوں اور سکھوں کو جانے کاہے کی شہر والوں سے پرخاش تھی اور دلی والوں پہ ادھار ہی کھائے بیٹھے تھے۔ کچھ نامراد ناشاد شہزادے بھی مل گئے۔ انگریز کو داخل کر لیا۔ اب کیا تھا خوب دھڑی دھڑی کرکے لوٹا۔ ان ہوئے ظلم انگریز نے توڑے۔ جہاں پناہ کی بدلی قلعے سے رنگون کر دی اور یہ خونی نلموئے رستہ گھیر قلعہ اور رنگون کے بیچ میں کلکتہ پہ جم بیٹھ گئے جو کچھ گوروں اور پنجابیوں نے شہر والوں پہ ستم ڈھائے ہم نے سب اٹھائے۔ چپ کی داد خدا کے ہاتھ۔ اس کی تھوڑی سزا لاہور اور امرتسر والوں نے بھگتی لیکن بیگم، ہماری مصیبت کا لاکھواں حصہ بھی

---

[1] اسی حجی کا زمانہ جب کہ اسلامی حکومت دلی میں تھی، انگریزی راج سے پہلے کا زمانہ شہرآبادی کہلاتا۔ ۱۸۵۷ء سے پہلے کا زمانہ دلی کا زمانہ، بہادر شاہی دور۔

وہ درس آموز فطرت، جس نے سب سے پہلے دنیا میں
مبرہن کر دیئے یکسر حقوق جنس نسوانی

وہ نساخ مذاہب، جس نے آکر کر دیا باطل
فروغ کیش زردشتی، شکوہ دین نصرانی

وہ کشاف سرائر، جس نے کھولا چند اشاروں میں
علوم اولین و آخریں کا گنج پنہانی

وہ بادل، جس کی گوہر باری جود و کرم سے
فضائے آسماں ہے شکوہ سنج تنگ دامانی

وہ عادل، جس کی میزان عدالت میں برابر ہو
غبار مسکنت ہو یا شکوہ تاج سلطانی

خدا جانے خود اس سرکار کا کیا مرتبہ ہوگا
غلام بارگہ جس کے کہیں ما اعظم شانی

وہ سلطان الامم، فخر دو عالم، برزخ کبریٰ
رسالت جس کی تصدیقی، جلالت جس کی اذعانی

مبشر جس کی بعثت کا ظہور عیسیٰ مریم
مصدق جس کی عظمت کا لب موسیٰ عمرانی

تراشا جس نے ناخن کا ہلال آسماں منزل
غسالہ جس کے تلووں کا زلال آب حیوانی

وہ مصلح، عقل و مذہب کو کیا شیر و شکر جس نے
وہ فارق جس نے کھولا پردۂ تعلیم رہبانی

مٹا کر خودکشی کی بزدلانہ رسم دنیا سے
بنایا مشہد توحید سر آئین قربانی

مطلع رابع

تعالی اللہ ذات مصطفیٰ کا حسن لاثانی
کہ یک جا جمع ہیں جس میں تمام اوصاف امکانی

دعائے یونسی، خلق خلیلی، صبر ایوبی
جلال موسوی، زہد مسیحی، حسن کنعانی

نہیں مہر درخشاں اس کے فیض جبہ سائی سے
چمک اٹھا ہے چرخ چارمیں کا داغ پیشانی

شہنشاہ سریر قاب قوسین احمد مرسل
کرے روح القدس جس کے سگ در کی نگہبانی

خرد عاجز، نظر خیرہ، زباں کج مج بیاں تاہم
زمین نعت میں کیا دیجئے داد سخندانی

زندگی

پرسیدم از بلند نگاہی حیات چیست
گفتا مئے کہ تلخ تر است او نکوتر است

گفتم کہ کرمک است و ز گل سر بروں زند
گفتا کہ شعلہ زاد و مثال سمندر است

گفتم کہ در زیاں کدہ عام است زندگی
گفتا بہائے او ز دو عالم فزوں تر است

گفتم کہ شوق راہ نہ بردست بہ منزلے
گفتا کہ منزلش بہ ہمیں ذوق مضمر است

گفتم کہ شر بفطرت خامش نہادہ اند
گفتا کہ تیر اندیشہ پیکانش شہپر است

گفتم کہ خاکی است و بجاکش ہمی دہند
گفتا چو دانہ خاک شگافد گل تر است

(اقبال)

کسی بے خندۂ دنداں نما کا کھینچ گیا نقشہ
لبِ گلبرگ پر شبنم نے جب کی گوہر افشانی

یہ صبح و شام ہو گیا، چشمِ عبرت بیں اگر وا ہو
تو اک دورِ بصیرت ہے سراپا بزمِ امکانی

چمن پیرائے کن! قرباں تری نیرنگ سازی کے
لبِ ہر غنچہ پر ہے کُلَّ یَوْمٍ هُوَ فِیْ شَانٍ

وہ تابستاں کے بعد ابرِ سیہ کا جوشِ تردستی
وہ آغازِ بہار اور رخصتِ فصلِ زمستانی

مطلعِ ثانی

بہار آئی، ہوئی آراستہ پھر بزمِ امکانی
ہوا گلزارِ عالم پھر جوابِ باغِ رضوانی

ہوا حشرِ تمنا پھر بپا دیوانہ دل میں
جنونِ دل کو دی پھر دعوتِ شوریدہ سامانی

چمن میں جس طرف دیکھو نظر بازوں کا جمگھٹ ہے
الٰہی! کوچۂ قاتل ہے یا صحنِ گلستانی

نجانے حسن ہے یا عشق، اتنا جانتے ہیں ہم
ہمیں کھینچے لئے جاتا ہے کوئی جذبِ پنہانی

نگاہیں جذب ہو کر رہ گئی ہیں دامنِ گل میں
رگِ گل کی حقیقت آج جا کر ہم نے پہچانی

یہ حسن و عشق کا ہے ایک لفظی تفرقہ ورنہ
مرا ہی پارۂ دل تھا کسی کا لعلِ پیکانی

چمن کا جلوۂ رنگیں ہے یا اک شعرِ فطرت ہے
کہ جس پر ذوقِ فطرت خود ہے محوِ آفریں خوانی

کمالِ عاشقی ہے آپ مرنا اپنے جلوے پر
مرے مذہب میں خود بینی کو کہتے ہیں خدادانی

خود اپنی شکل دیکھی پردۂ برقِ تجلی میں
تعجب کیا، ہوئی گردیدۂ موسیٰ کو حیرانی

کہاں کا دشتِ ایمن، طور کیا، برقِ تجلی کیا
یہ سب کچھ تھے جمالِ مصطفیٰ کی پرتو افشانی

مطلعِ ثالث

محمد وہ کتابِ کون کا طغرائے پیشانی
محمد وہ حریمِ قدس کا شمعِ شبستانی

وہ مقصودِ دو عالم، مستنداتِ قاصیٔ دانی
کیا جس نے مکمل نسخۂ اخلاقِ انسانی

محمد یعنی وہ نقشِ نخستیں کلکِ فطرت کا
محمد یعنی وہ اعصائے توقیعاتِ ربانی

وہ فاتح جس کا پرچم اطلسِ زرنگاریِ گردوں
وہ امی جس کے آگے عقلِ کل طفلِ دبستانی

وہ ناطق جس کے آگے مُہر بر لب طائرِ سدرہ
وہ صادق جس کی حق گوئی کا شاہد نطقِ قرآنی

وہ حاذق جس کا تنہا نسخۂ تنزیلِ فرقانی
دوائے جملہ علت ہائے اخلاقی و روحانی

وہ گنجورِ معارف جس کے ہر ہر حرف میں پنہاں
نکاتِ فلسفی، اسرارِ نفسی، رازِ عمرانی

وہ شاہِ بوریا مسند، سکھایا جس نے دنیا کو
یہ اندازِ جہانگیری، یہ آئینِ جہاں بانی

وہ جامع جس نے یکجا کر دیئے بکھرے ہوئے دانے
فسادی جس نے آ کر باہمی تفریقِ انسانی

قصیدۂ نعتیہ

از مولٰنا اقبال احمد خاں صاحب سہیل ایم اے ایل ایل بی (علیگ)

سہیل کی اعجاز نگاری مُسلّم، لیکن حسنِ استغنا بھی تو ایک چیز ہے۔ کچھ ہمارا ہی جی جانتا ہے ذیل کا حسین و جمیل قصیدہ ہمیں کس طرح حاصل ہُوا ہے، کاش جناب سہیل (محض تلون و تنوع کے سلسلہ میں) کبھی ہماری اُمیدِ التفات کو "پیچ و تاب" کی کشاکش سے نجات دلانے کی جانب مائل ہوتے! اب دیکھنا صرف یہ ہے کہ ہماری نا اُمیدانہ شکوہ سنجی کب اور کس حد تک "حسنِ طلب" کی مشکور مثال ثابت ہوتی ہے۔

اڈیٹر

کرے تارِ شعاعی لاکھ اپنی سعیِ امکانی — رفو ہوتا نہیں اب صبح کا چاکِ گریبانی

وہی سمجھیں گے جو واقف ہیں اسرارِ محبت سے — کہ بلبل جانِ گُل ہے ذوقِ وصل و دردِ ہجرانی

ابھی تک کہہ رہا ہے ذرہ ذرہ دشتِ ایمن کا — قیامت ہے قیامت جلوۂ جاناں کی عریانی

اُدھر دوشیزہ کرنوں کا نکلنا سمتِ مشرق سے — اِدھر بزمِ جہاں سے رخصتِ بزمِ شبستانی شمع

اُدھر صبحِ گریباں چاک کا راہِ عدم لینا — اِدھر خورشیدِ عالمتاب کا آغازِ رخشانی

صبا کا گد گدانے سے اُدھر کلیوں کا ہنس دینا سے — اِدھر شبنم سے پھولوں کی عرق آلودہ پیشانی

اُدھر پھولوں کے جھرمٹ میں شعاعوں کی نظربازی — اِدھر خود جلوۂ خور سے گُلوں کی چاک دامانی

اُدھر سبزہ کا جاگ اٹھنا خمارِ خوابِ نوشیں سے — اِدھر بادِ سحر سے زلفِ سنبل کی پریشانی

اُدھر شبنم کی ہستی کا فنا فی النور ہو جانا — اِدھر گُل کا صبا سے ادعائے پاک دامانی

اُدھر دوشِ صبا پر رقص کرنا نکہتِ گُل کا — اِدھر صحنِ چمن میں بلبلوں کی زمزمہ خوانی

رگِ گُل نے بچھا رکھا ہے ہر سو دامِ نظارہ — عبث ہے گر کرے مُرغِ نگہ سعیِ پرافشانی

اُدھر رندانِ مے کش کا صبوحی کے لئے اُٹھنا — اِدھر اشراق پڑھکر زاہدوں کی سبحہ گردانی

اُدھر ہر شاخِ گُل ساغر بکف ہے صحنِ گلشن میں — اِدھر محوِ اقامت ہے قطارِ سروِ بستانی

بجا ہے صبحدم گر چشمِ نرگس ہے خمار آگیں — چمن میں رات بھر کی ہے زرِ گُل کی نگہبانی

بھی موجود ہیں۔ انھیں اصول پر حکومت کی بنیاد پڑی، انھیں سے ملکی قوانین اخذ
کئے جاتے ہیں اور روزمرہ کے مقدمات جانی و مالی کے فیصلے ہوتے ہیں۔"

جب سے قرآن نازل ہوا ہے اسلام کے بڑے بڑے حکماء، علماء اور ادباء اسی کے عمیق بحر معانی میں غوطے کھاتے ہیں، ان لوگوں نے ہزارہا تفسیریں لکھیں اور اس کے سیکڑوں عنوان مثلاً احکام القرآن، اعجاز القرآن، حجج القرآن اور قصص القرآن وغیرہ الگ الگ قائم کرکے ان پر جداگانہ تصانیف کے انبار لگا دیئے۔ پھر بھی نئی نئی تصنیفوں کی ضرورت دن بدن نکلتی چلی آتی ہے اور قرآن کی علمی شعاع روزانہ نئی آب و تاب سے پرتو فگن ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَلَوْ اَنَّ مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمَاتُ اللّٰهِ

اگر روئے زمین کے سارے درخت قلم بنجائیں اور سمندر روشنائی ہو جائے۔ پھر اس کے بعد سات سمندر اور اس کی مدد کو آئیں جب بھی اللہ کی باتیں ختم ہونگی

۳۱ / ۲۶

ان سب کے ساتھ اس کو بھی ملاؤ کہ یہ کتاب اس شخص نے پیش کی جو ناخواندہ تھا، نہ اس کے ملک میں کوئی مدرسہ تھا، نہ اس کی زبان میں کوئی کتاب تھی، نہ اس کی قوم میں کوئی تعلیم یافتہ تھا، کیا اب بھی تم کو شک ہے کہ یہ معجزہ اور کلام الٰہی نہیں ہے؟

وَهٰذَا ذِكْرٌ مُّبَارَكٌ اَنْزَلْنٰهُ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ

یہ قرآن متبرک کتاب ہے، ہم نے اس کو اتارا ہے، کیا تم اس کا انکار کرتے ہو؟

۲۱ / ۵

حقیقتِ عریاں

تیری رسوائی کا باعث ہے ترا ذوقِ نمود — نگہِ شوق ترے حسن کی غماز نہ تھی
تجھ کو بے پردہ کیا جلوہ فروشی نے تری — ورنہ یاں کوئی نگہ پردہ دررازنہ تھی
خود ترے حسن میں تھا ذوقِ تجلی مضمر — حیلہ جو کیا ترے انکار کی آواز نہ تھی
تجھ پہ کچھ فرض نہ تھا پاسِ صدائے ارنی — لبِ موسیٰ میں کوئی شوخیٔ اعجاز نہ تھی
تجھ کو معلوم بھی تھا طور نوازی کا مآل — نگہِ حسن تری بے خبرِ راز نہ تھی
پھر ہے کیوں موردِ الزام تمنائے کلیم — کیا تجلی تری خود شعبدہ پرواز نہ تھی
لن ترانی بھی بس اک حسن کا افسانہ ہے — جو اسے راز سمجھتا ہے وہ دیوانہ ہے

اور عبادات و اخلاق و آداب معاشرت کے اصول اور تمدن اور جہاں بانی کے قواعد و ضوابط نیز ہر قسم کی انفرادی اور اجتماعی تعلیمات اور شخصی و قومی عروج و زوال کے اسباب پر حاوی اور محیط ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے اس سے نصیحت لینا، اس کا سمجھنا اور یاد رکھنا نہایت آسان کر دیا ہے اور فرمایا ہے:

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ — ہم نے سمجھنے کے لئے قرآن کو آسان کر دیا ہے۔ کیا کوئی سمجھنے والا ہے؟

۵۴/۱۷

چنانچہ عرب جیسی اَن پڑھ قوم نے اس کو آسانی سے سمجھ لیا اور اس پر عمل کر کے معقول ہو گئے اور آج بھی اگر عامی سے عامی اور جاہل سے جاہل کو بھی اس کے مضامین سمجھائے جاتے ہیں تو وہ بے تکلف سمجھ لیتا ہے۔

یاد رکھنے کی تو یہ کیفیت ہے کہ چھوٹے چھوٹے بچے بھی اس کو از بر کر لیتے ہیں۔

(۷) احتواء علوم:

قرآن میں علوم الٰہیہ، اصولِ دین اور حکمت و دانائی کی باتیں اس قدر ہیں کہ کسی آسمانی کتاب میں ان کا عشر عشیر بھی نہیں ہے۔ حالانکہ اس کا حجم کم اور نسبتاً مختصر ہے۔

کوئی ایسی تعلیم جو انسان کی روحانیت کے لئے مفید ہو اور دنیا کی کسی کتاب سے نکالی جا سکتی ہو یہ ناممکن ہے کہ وہ قرآن میں نہ ہو۔ مشہور مورخ گبن لکھتا ہے۔

"قرآن کو مسلمانوں کا ایک عام مذہبی، تمدنی، ملکی، تجارتی، قومی، دیوانی اور فوجداری وغیرہ کا ضابطہ کہہ سکتے ہیں وہ ہر ایک امر پر حاوی ہے۔ مذہبی عبادت سے لے کر رات دن کے کاروبار۔ روحانی نجات سے لے کر صحت جسمانی۔ جماعت کے حقوق سے لے کر حقوق افراد۔ اخلاق سے لے کر جرائم اور دنیاوی سزا سے لے کر دینی سزا و جزا وغیرہ تک کے تمام احکام قرآن میں موجود ہیں۔ اسی سبب سے قرآن اور بائیبل دو مختلف چیزیں ہیں۔ کیونکہ گوتب لکھتا ہے کہ بائیبل میں دینیات کا کوئی قاعدہ اور ضابطہ نہیں ہے بلکہ اس میں قصص ہیں جن سے عبادت اور پرہیزگاری کے جذبات برانگیختہ ہوتے ہیں۔ نہ قرآن اناجیل سے ملتا ہے کہ اس کو ہم صرف مذہبی رایوں اور افعال کی اصلاح ہی کا معیار قرار دیں۔ بلکہ بخلاف اس کے قرآن میں سیاسی اصول

یہ قرآن ہی کا اثر تھا کہ اس نے ان ہی میں ایسی بزرگی اور اخلاقی عظمت پیدا کر دی کہ فارس اور روم کی زبردست سلطنتیں جن کی سطوت اور شوکت سے دنیا لرزتی تھی، ان کی ایک ٹکر میں پاش پاش ہو گئیں۔

یہ قرآن ہی کا اثر تھا کہ اسلام جس میں تصریح کے ساتھ یہ حکم دیا گیا ہے:

لَآ اِکْرَاہَ فِی الدِّیْنِ — دین کے معاملہ میں کوئی زبردستی روا نہیں ہے

۲/۲۵۶

بہت قلیل عرصہ میں دنیا کی قوموں میں پھیل گیا اور تمام مذاہب اور ملل پر غالب آگیا۔

(۵) عدم اختلاف معنوی:

باوجود اس کے کہ قرآن ہر قسم کے علوم دینیہ اور اصول روحانیہ کا مجموعہ اور مخزن ہے لیکن کہیں اس کی تعلیمات میں تناقض اور اختلاف نہیں پایا جاتا۔ امام غزالی لکھتے ہیں

"انسان کا کلام اختلاف سے خالی نہیں ہو سکتا کیوں کہ اس کے احوال اور اغراض بدلا کرتے ہیں کبھی اس کا میلان کسی شے کی طرف ہوتا ہے اور کبھی کسی شے کی طرف۔ لہٰذا اس کے خیالات میں بھی اختلافات ہو جاتے ہیں۔ پھر سوچو کہ ایسی حالت میں جب کہ ایک انسان تیئس سال تک جو نزول قرآن کی مدت ہے ایک ہی غرض کے مطابق کلام کرے اور اس کے بیان کا ایک ہی انداز اور ایک ہی اسلوب ہو اور باوجود اس کے کہ کثرت سے اس پر مختلف احوال اور اغراض طاری ہوتے رہیں پھر بھی اس کے کلام میں اختلاف نہ واقع ہو تو یہ یقیناً اس امر کی دلیل ہے کہ وہ خود اس کا یا کسی غیر آدمی کا کلام نہیں ہے بلکہ وحی آسمانی ہے۔"

قرآن میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

اَفَلَا یَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ وَلَوْ کَانَ مِنْ عِنْدِ غَیْرِ اللّٰہِ لَوَجَدُوْا فِیْہِ اخْتِلَافًا کَثِیْرًا — کیا وہ قرآن میں غور نہیں کرتے اگر وہ اللہ کے سوا کسی اور کی طرف سے ہوتا تو اس میں بہت سے اختلافات پاتے۔

۴/۸۲

(۶) سہولت حفظ:

یہ خصوصیت بھی قرآن ہی کو حاصل ہے کہ باوجود اس کے کہ وہ ایمان اور تزکیۂ قلب کے حقائق و معارف

رجوع پڑتا ہے کہ دل رقت سے پانی پانی ہو جاتا ہے۔

تاریخ شہادت دیتی ہے کہ بہت سے اہلِ عرب اور ان کے رؤسا جو اسلام کے سخت دشمن تھے، قرآن کو سن کر ایسے متاثر ہوئے کہ مسلمان ہوگئے۔ حضرت عمرؓ کے اسلام لانے کا واقعہ بھی اسی قسم کا ہے، وہ پہلے اسلام کے سخت دشمن تھے، یہاں تک کہ ایک دن تلوار لے کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کرنے کے لئے گھر سے چلے۔ راستے میں معلوم ہوا کہ ان کی بہن مسلمان ہوگئی ہیں، اس لئے پہلے انھیں کے گھر میں چلے گئے وہاں قرآن کے چند ورقے ان کو ملے، ان کو پڑھنے کے ساتھ ہی دل پر ایسا اثر ہوا کہ آں حضرتؐ کی خدمت میں جاکر اسلام لائے۔

حضرت جبیر بن مطعم نے جو رؤسائے قریش میں سے تھے، اپنے اسلام لانے کا حال بیان کیا ہے کہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مغرب کی نماز میں سورۂ والطور پڑھ رہے تھے، میں ادھر سے گزرا اور سننے لگا، جب آپ اس آیت پر پہنچے

أَمْ خُلِقُوا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ أَمْ هُمُ الْخَالِقُونَ	کیا وہ بدون کسی خالق کے پیدا ہوگئے ہیں یا خود ہی خالق ہیں

$\frac{۵۲}{۳۵}$

تو میرا دل دہل گیا اور مجھ پر ایک کیفیت طاری ہوگئی۔ آخر میں جاکر مسلمان ہوگیا۔

نجاشی نے اپنے یہاں کے علماء کی ایک جماعت آں حضرتؐ کی خدمت میں بھیجی تھی۔ جب ان لوگوں نے قرآن کی آیتیں سنیں تو ان کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے۔ اس کا ذکر خود قرآن میں ہے۔

وَإِذَا سَمِعُوا مَا أُنْزِلَ إِلَى الرَّسُولِ تَرَىٰ أَعْيُنَهُمْ تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوا مِنَ الْحَقِّ	جب وہ کلام سنتے ہیں جو رسول پر اترا ہے تو دیکھتا ہے کہ ان کی آنکھوں سے آنسو بہتے ہیں اس لئے کہ وہ حق کو پہچان گئے۔

$\frac{۵}{۸۶}$

علمائے اہلِ کتاب جو اسلام لائے تھے ان کو قرآن کے ساتھ اور بھی عشق ہو جاتا تھا چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کی مدح میں فرمایا۔

مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ أُمَّةٌ قَائِمَةٌ يَتْلُونَ آيَاتِ اللَّهِ آنَاءَ اللَّيْلِ وَهُمْ يَسْجُدُونَ	اہل کتاب میں سے کچھ لوگ ایسے ہیں جو راتوں کو کھڑے ہو کر قرآن پڑھتے ہیں اور سجدے کرتے ہیں۔

$\frac{۳}{۱۰۹}$

یہ قرآن ہی کا اثر تھا کہ عرب جیسی جاہل اور وحشی قوم کو اعلیٰ انسانی صفات کے لحاظ سے اس نے ایسے بلند مرتبہ پر پہنچا یا کہ دنیا کی تاریخ اس کی نظیر پیش کرنے سے قاصر ہے۔

رکھا جاسکتا ہی مگر قرآن کی عبارت ایسی ہو کہ جو لفظ جہاں ہو اگر وہاں سے اس کو اٹھالو تو ساری عربی زبان میں بھی تلاش کرکے کوئی ایسا لفظ نہیں لا سکتے جو اس جگہ پرویسا ہی موزوں ہو جیسا کہ وہ لفظ تھا۔

یہ ظاہر ہو کہ آں حضرتؐ عرب میں پیدا ہوئے، وہیں پرورش پائی اور ہمیشہ وہیں رہے، اس لئے آپکے کلام کا انداز وہی تھا جو بالعموم شرفائے عرب کا تھا جیسا کہ حدیثوں سے ظاہر ہو کیوں کہ ان میں بیشتر الفاظ وہی ہیں جو آپ کی زبان سے نکلے تھے۔ لیکن قرآن کا اسلوب عجیب و غریب ہی جو اس ملک کے طرز بیان سے بالکل جدا اور انوکھا ہی۔ اس کی ترکیب کی نزاکت، کلمات کی لطافت اور فصاحت و بلاغت فطرت عرب سے کہیں بالاتر ہی۔ چنانچہ قریش نے جب اس کو سُنا تو حیرت میں پڑگئے۔ کسی نے اس کو کاہنوں کا قول کہا، کسی نے جادو بتایا، کسی نے شعر کا لقب دیا۔

ولید بن مغیرہ سردار قریش نے جب اس کی آیتیں سُنیں تو بے ساختہ کہہ اُٹھا کہ اس کلام میں عجیب حلاوت اور لطافت ہو یہ انسان کا قول نہیں ہو۔ اس کے بھتیجے ابو جہل نے قرآن کی طرف اس کے رجحان کو دیکھ کر کہا کہ یہ تو شاعری ہو۔ ولید نے کہا کہ کیا ہم نے شعر سُنے نہیں ہیں کجا یہ کلام اور کجا شعر۔

مجھے ایک پاگل کی صورت عرصہ تک نہ بھولیگی، جو کھیت میں ایک طرف چھپا بیٹھا تھا اور ہم لوگوں

کا حکم لگایا جا سکتا تھا۔ دل تو یہ خود ہر وقت متحرک رہتے تھے وہ نہ پھر اس کمی کو ان کی زبان پوری کر تی رہتی تھی۔ ایک لمحہ بھی ایسا خالی نہ گیا جس میں یہ کچھ نہ کچھ نہ فرماتے رہے ہوں اور ایک لفظ بھی ایسا نہ تھا جو ہماری سمجھ میں آیا ہو۔ ان کی رعایا اُن سے اتنی ہی مستغنی تھی جتنی کسی پاگل حکمراں کی ہو سکتی ہے۔

وہ پاگل جن کے متعلق ذی ہوش لوگوں کا یہ خیال تھا کہ یہ خطرناک ہیں۔ چھوٹے چھوٹے کمروں میں مقید تھے۔ اس میں ایک صاحب ایسے نظر آئے جن کا خیال ہے کہ دو حیات کی کشاکش انسان کی محض ایک اجتہادی غلطی سے رونما ہوئی ہے یعنی بجائے اس کے کہ اس نے پاؤں کے بل کھڑا ہونا سیکھا اُسے سر کے بل کھڑا ہونا چاہئے تھا اور چونکہ بعض لوگوں نے اس ترکیب کے غلط معنی پہنائے اور بجائے اس کے کہ وہ اپنے جسم کا بار اپنے سر پر رکھتے دوسروں کے سر کو اپنے پاؤں سے گرا نبار کیا اس لئے اس کا نمونہ وہ بنفس نفیس پیش کر رہے تھے۔ دروازہ کی آہنی سلاخوں سے لگے ہوئے اُلٹے کھڑے تھے میرے ساتھی اُن کی اس ہیئت کذائی کو دیکھکر بے اختیار ہنس پڑے لیکن میرا خیال ہے اور ممکن ہے کہ یہ وہاں کی آب و ہوا کا اثر ہو۔ عالم حیات کی متعدد ناکامیوں کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ ہم جس راستہ کو صحیح اور جس معیار کو کامل سمجھتے ہیں وہ دراصل ایسے نہیں ہوتے حقیقت اُن کے عکس میں مضمر ہوتی ہے اگر انسان ہمارے مجنوں دوست کے فلسفہ پر خالی الذہن ہو کر غور کرے تو وہ اس نتیجہ پر پہونچیگا کہ بعض اوقات وہ جن تدابیر اور وسائل کو تکمیل مقصد کے لئے اختیار کرتا ہے بعد میں انھیں کو اپنی مایوسیوں کا سبب پاتا ہے۔

ابھی میں اسی اُدھیڑبن میں تھا کہ ہم لوگوں کا گذر ایک ایسے کمرہ کے پاس سے ہوا جس میں ایک کہن سال بزرگ محبوس تھے۔ بشرہ سے ذہانت کے آثار ہویدا تھے۔ دل میں خیال آیا کہ ان سے گفت و شنید کا موقع ملجائے تو خوب ہو، ہماری صورت سوال دیکھکر انہوں نے فارسی کا ایک اور اس کے بعد اسی مضمون کا ایک سنسکرت اشلوک پڑھا۔ اس کے بعد فلسفۂ مذہب و اخلاق پر اس خوش اسلوبی اور شد و مد کے ساتھ بحث کی کہ ہم سب دنگ رہ گئے۔ ہم لوگوں نے سوال کیا کہ آخر وہ کس بنا پر اور کب سے زندان کی کڑیاں جھیل رہے ہیں، فرمایا چھ سال سے یہاں ہوں اور میرا قصور صرف یہ ہے کہ لوگ مجھے اور میں دوسروں کو مجنوں سمجھتا ہوں، تھوڑی ہی دیر میں پھر اُنھوں کچھ اشعار اور دوہے پڑھنے شروع کئے اور نصائح اور پند کا آغاز کیا۔ ہم لوگ اس کے کہاں متحمل ہو سکتے تھے۔ شاید اُسے انھوں نے محسوس کیا فرمانے لگے اچھا کچھ اشعار ہی اور سن لیجئے۔ غرضکہ دس منٹ میں انھوں نے سینکڑوں اشعار سنا دئے۔ اک طوفان تکلم تھا کہ ختم ہی نہیں ہوتا تھا، بالآخر ہم لوگ چل کھڑے ہوئے لیکن جوں جوں ہم بڑھتے گئے اُن کی آواز بھی

ہر وفادار رعایا کا "قبلہ نما" دِل ' بقول آغا حیدر صاحب بتاسے کی طرح بیٹھنے لگتا ہے۔ خصوصاً ایسی حالت میں جبکہ ہر اسٹیشن پر ماکولات کے بجائے بے ٹکٹ مسافروں کے یلغار سے عہدہ برا ہونا پڑتا ہے۔ اعظم گڑھ میں مولانا سہیل صاحب کا مہمان بنا۔ بے فصل کے آم اور فصلی شاعری سے لطف اندوز ہوا دار المصنفین کی زیارت کی آرزو ساتھ لے گیا تھا لیکن علی گڑھ کی دیرینہ صحبتیں کچھ اس طور پر یاد آئیں کہ پورے چوبیس گھنٹے تک ذہن کسی اور طرف منتقل ہی نہ ہوا۔ بالآخر مولانا کے ساتھ ساتھ یہ آرزو بھی ہمراہ ہی واپس لایا دوسرے دن ہم لوگ اس ارض پاک پر پہونچے جہاں حزیں کا "سرِ شوریدہ" بالین آسائش تک پہونچا تھا[۱]

کعبہ ہندوستان بنارس کا تذکرہ ان لوگوں کے سامنے کیسے کیا جائے جو

خوش باش دمے کہ زندگانی اینست

کے منکر ہیں۔ ایک دن حسن اتفاق سے ایک ایسے مقام پر گذر ہوا جس کا نام سن کر ہمارے بہت سے کرم فرما اچھل پڑیں گے یعنی

" بیت المجانین "!

پاگل خانہ کا دروازہ کھلا اور ہم لوگوں نے اندر قدم رکھا ہی تھا کہ ایک عجیب نقشہ آنکھوں کے سامنے پھر گیا۔ چند بزرگوار دروازہ پر پذیرائی کے لئے موجود تھے۔ ایک صاحب نے نہایت تپاک سے خوشی سلام کیا لیکن معاً دو قدم پیچھے ہٹکر اس طور پر دیکھنے لگے گویا بجائے سلام کے ہم کسی دوسرے سلوک کے مستحق تھے چہرہ پر خوشنیت کے آثار تھے، زیر لب کچھ فرماتے بھی جاتے تھے کہ اتنے میں ایک زقند بھری اور کیاریوں پر سے پھلانگیں مارتے ہوئے دور نکل گئے۔ ایک دوسرے حضرت نے جو ہمیں عرصہ سے ملاحظہ فرما رہے تھے یکایک قہقہہ لگایا اور چور! چور! کہتے ہوئے اس طور پر بھاگے گویا پاگل خانہ پہونچکر بھی ہم اپنی حرکت سے باز آنے والے نہ تھے۔ جدہر نظر اُٹھ جاتی تھی یہ معلوم ہوتا تھا گویا ہم لوگ اُس زمانہ میں پہونچ گئے ہیں جب نوعِ انسان نے دنیائے آب و گل میں پہلے آنکھیں کھولی تھیں۔ کسی کے جسم پر لباس کا ایک تار بھی نہ تھا۔ ایک صاحب ایسے بھی ملے جو وہاں کے بادشاہ مشہور تھے۔ ہاتھ میں پپیتے کا ایک خشک ڈنٹھل تھا۔ لباس ایسا صاف اور ستھرا تھا کہ اگر ان سے دوسری حرکات نہ بھی سرزد ہوتیں تو محض ان کی پاکیزگی دیکھکر "جنوں"

---

[۱] زبانداں محبت بودہ ام دیگر نمی دانم ۔ ہمی دانم کہ گوش از دوست پیغامی شنید اینجا
حزیں از پائے رہپیما بسے سرگشتگی دیدم ۔ سرِ شوریدہ بر بالین آسائش رسید اینجا
(کتبۂ لوحِ مزار)

پاگل خانہ

"دلا دیوانہ شو دیوانگی ہم عالمی دارد"

سُنا ہے مصیبت میں انسان فلسفیت پر اُتر آتا ہے کچھ "اللہ ہی بہتر جانتا ہے" اس حالت میں خود فلسفی کیا کر گذرتا ہوگا ۔ علی گڑھ کے عافیت سوز گرمیاں ایسی نہیں ہوتیں کہ کالج بند ہونے پر انسان کبھی "نشیب" پر غور کر سکتا ہو ۔ سوا اس حالت کے جب گھر تک پہونچ جانے کے لئے جیبوں کی آبادی محض اپنے دونوں ہاتھوں پر مشتمل ہو یا پھر ایسے دوست نہ موجود ہوں جو قرض دیں اور تین ماہ تک خط نہ لکھیں ۔ بالفاظ دیگر نیکی کریں اور بھول جائیں !

حرارت پاکر "شے لطیف" اور سیال بنجاتی ہے ایسی حالت میں "فراز" پر غور کرنا عین فطرت ہے نینی تال، کشمیر، منصوری اور دارجلنگ وغیرہ ان خوش قسمت ہستیوں کی جولان گاہ ہے (باستثناء ان بزرگوں کے جن کو میرے اس خیال سے اختلاف ہے!) جن کو فطرت کی جانب سے جو چیز سب سے زیادہ بے بہا حاصل ہوئی ہے وہ صرف اُن کی "خوش قسمتی" ہے !!

۱۶ر جولائی کو کالج بند ہوا اور اُسی روز ہم اپنی سطح تلاش کرنے کے لئے "نشیب" کی طرف مائل ہوئے راستہ میں دو مقامات پر گاڑیوں نے ہماری رفاقت گوارا نہیں کی تاہم بغیر کسی "ماجرا" یا "حادثہ" کے ۱۷ر کو مکان پہونچ گیا ۔ ہمارے ایک دوست عزیز کے نزدیک لفظ "ماجرا" تمام داستان حسن و عشق کا ایک "لطیف ملخص" ہے ۔ مرشد (یادش بخیر) "حادثہ" کو صرف مرگ ناگہانی یا تعزیرات ہند کی ان دفعات سے متعلق سمجھتے تھے جو قابل دست اندازی پولیس ہیں ۔ کچھ دنوں تک مکان پر رہا ۔ اس سال باد باراں نا جیسی کچھ یورش رہی ہے وہ ظاہر ہے ۔ لیکن بایں ہمہ دماغ اب بھی علی گڑھ کے تابستانی فضا کا ایک نمونہ تھا در و دیوار کی قید کب گوارا کی جا سکتی تھی ۔ یہاں عمل کو ارادہ کی ضرورت کبھی محسوس نہیں ہوئی اور حقیقت یہ ہے کہ وہ جنون ہی کیا جس میں عمل کو ارادہ پر تقدم نہ حاصل ہو ۔ سب سے پہلے اعظم گڈھ کی طرف رخ کیا اس جگہ کا میں ذکر کر رہا ہوں اُن چھوٹی لائن پر کم خرچ بالا نشین کا فلسفہ اس دلیری سے برتا جاتا ہے کہ تاج برطانیہ کے

محبّت

چھاتی جلا کرے ہے، سوزِ دروں بلا ہے — اک آگ سی رہے ہے کیا جانئے کہ کیا ہے!
ہم طورِ عشق سے تو واقف نہیں ہیں لیکن — سینے میں جیسے کوئی دل کو ملا کرے ہے
کس طرح سے مانئے یارو، اکہ یہ عاشق نہیں — رنگ اُڑا جاتا ہے ٹک چہرہ تو دیکھو میر کا!
گر عشق نہیں ہے تو یہ کیا ہے بھلا مجھ کو؟ — جی خود بخود اے ہمدم! کاہے کو کھپا جاتا؟
پھرتے ہو، میر صاحب، سب سے جدا جدا تم — شاید کہیں تمہارا جی ان دنوں لگا ہے
کہتا تھا کسو سے کچھ، تکتا تھا کسو کا مونھ — کل میر کھڑا تھا یاں، سچ ہے کہ دِوانا تھا

(میر)

روئے ہے بات بات یہ جرأت — ہے گرفتار یہ کہیں نہ کہیں
عشق کی سوزش سے اے ہمدم جلا جاتا ہوں میں — دمبدم سینے میں غم اک آگ سی بھڑکائے ہے
دل کو تھامے ہوئے، چپکا سا ہے کیوں؟ کہہ منہ سے — جرأت، اب بات بھی کرنا تجھے دشوار ہے کیا؟
دل کے لگ جانے سے جی تن سے ہمارے نکلا — دل لگانے کا تھا ارمان، سو بارے نکلا!

(جرأت)

دل لگایا ہے کہیں انشا نے شاید دوستو! — ان دنوں آتا نظر ہے سخت گھبرایا ہوا

(انشا)

عشق سنتے تھے جسے ہم، وہ یہی ہے شاید — خود بخود دل میں ہے اک شخص سمایا جاتا

(حالی)

بھولے بھولے سے جو رہتے ہو کہو خیر تو ہے — یہ تو کچھ عشق کا انداز ہے پایا جاتا

(مجروح)

شاید اسی کا نام محبت ہے شیفتہ — اک آگ سی ہے سینے کے اندر لگی ہوئی

(شیفتہ)

ہے ؟ اسلام کی قدسیت پر ایمان رکھنے والے کا دنیا سے ازالہ آج کل واجب شمار کیا جا رہا ہے ایک شخص جو ہم سب کو زندگی بخشنے والے خدائے تعالیٰ و برتر کے پیدا کردہ ذلیل ترین طبقہ میں سے ہے۔ نعوذ باللہ اپنے تئیں مقام الوہیت پر پہنچانا چاہتا ہے۔ اور خدا کے تمام بندوں کے ساتھ وہی معاملہ کرنا چاہتا ہے۔ جو وہ اپنی قوم کے ساتھ کر رہا ہے۔ تو ان میں سے کسی بات سے متاثر نہیں ہوتا حکومتِ اسلامیہ کو، اپنی اس موہوم حیثیت سے ٹکرا رہا ہے۔ اس سے زیادہ تو سوچ نہیں سکتا۔ گھوڑا تیرا معبود، نخوت تیرا دین، انتقام تیری عبادت ہے۔ تو اسلام کے لئے تاتاریوں سے بھی زیادہ مضر ہے۔

سیف الدین۔ اس کے بعد اے میرے بادشاہ! میں جو کچھ کروں، اس میں معذور سمجھا جاؤں مجھے حضور سے یہ امید تھی کہ میرے حق میں رعایت کی جائیگی۔

جلال الدین۔ رعایت انسان کی کی جاتی ہے تو بھی اپنے تئیں انسان سمجھتا ہے؟ سبحان اللہ

سیف الدین۔ بہت خوب! اب چوں کہ ہم انسان نہیں ہیں۔ جاتے ہیں (سیف الدین جاتا ہے)

اوزبک۔ حضور حکم دیں تو ابھی اس غدار کا سر تن سے جدا کردوں۔ اگر یہ دشمن سے جا ملا تو ہمارے لئے ایک دوسرا چنگیز ہوجائے گا۔

جلال الدین۔ قوتِ اسلام کا انحصار اس فوج پر تھا۔ اب کیا اس میں آپس میں ہی تلوار چل جائے۔ تاکہ ہم ایک دوسرے کو تلف کرکے چنگیز کو موقع دیں کہ وہ دور سے بیٹھا بیٹھا سیر دیکھے اور بے ہاتھ پاؤں ہلائے فتح حاصل کرے۔ سیف الدین جائے۔ خدا کی مدد ہمارے ساتھ ہے۔ اس غدار کو خدا پر ترجیح دینے والا اس کے ساتھ جائے۔ کیا ہمارا مقصد غزا و شہادت نہیں ہے۔ الحمد للہ ہم غازی تو ہو چکے۔ انشاء اللہ شہادت بھی نصیب ہوگی۔ یا الٰہی تیرا استغنا بھی تیری حکمت کی کیا دلیل عظیم ہے۔ اگر تیرے ارادہ کا عمل میں آنا۔ تیرے بندوں کی رائے پر معلق ہوتا۔ تو تیرے مقدس نام کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ یہ ملعون، ذات الوہیت کو خلقت آدم سے پشیمان کرنے کی کوشش کرتے۔

(پردہ گرتا ہے)

کہ میں تمہارے گھوڑے کو گوسالۂ سامری بنا کر اس آدمی کو محو کر دوں۔ جس نے اسے قمچی ماری۔ گھوڑے کو قمچی مارے جانے پر فوج میں بغاوت ہو رہی ہے۔ لیکن ادھر اسلام خطرہ میں ہے۔ خدا کا پاک نام پاؤں تلے روندا جاتا ہے۔ یہ کہہ کر کہ ہمارے چنگیز کو سجدہ کریں۔ مسجدیں گرائی جا رہی ہیں۔ تاتاریوں کے خوف سے لوگ یہ کہتے ہوئے ڈرتے ہیں کہ ہم مسلمان ہیں۔ یہ سب کچھ نہیں۔ ہاں تمہارا گھوڑا اب کچھ ہے۔ وہ دین، وطن، انسانیت سے بھی زیادہ مقدس ہے۔ تاتاری اک کتے کی پرستش کر رہے ہیں۔ مسلمان بھی تمہاری خاطر ایک گھوڑے کو پوجنا شروع کر دیں۔ نکل باہر کافر۔ جا اور چنگیز کا معین و مددگار بن۔ تجھ جیسے کمینہ مخلوق کے لئے اسی جیسے دنی پادشاہ کی ضرورت ہے۔ جا اور جو کچھ میرے خلاف کر سکتا ہے، کر

سیف الدین۔ میرے بادشاہ!

جلال الدین۔ جواب دیئے جاتا ہے نکل باہر۔

سیف الدین۔ میرے بادشاہ۔ میں اپنی عزت کو ہاتھ سے نہیں دینا چاہتا۔ میرے گھوڑے کو کوئی قمچی نہیں مار سکتا۔ میں بھی دوسرے درجہ کا ایک بادشاہ ... ...

نورالدین۔ اوہ! چیونٹی نے بھی کہا تھا کہ میں اپنے ملک کی بادشاہ ہوں۔ سلطانِ مسلمین کے فرمان کی اطاعت اس طرح کی جاتی ہے؟ سلطانِ اسلام، احکامِ الٰہیہ سے تیرے سامنے بحث کرتا ہے۔ اور تو یہی رٹ لگائے جاتا ہے۔ کہ میرے گھوڑے کو قمچی مارنے کا کسی کو اختیار حاصل نہیں ہے۔ وہ تجھے اللہ و دین و اسلامیت و انسانیت کے قائم کردہ حکم دے رہا ہے۔ تو جواب میں حیثیت، عزت، حیوان اور اس قبیل کی چیزوں کا ذکر کر رہا ہے۔ تجھے شرم نہیں آتی بے دین۔ بے عقل۔ تو بھی کیا عجیب مخلوق ہے۔

سیف الدین۔ میرے بادشاہ! حضور غالباً اس مجنون کے خیالات سے متاثر ہو گئے ہیں۔ حضور غور فرمائیں۔ کہ حضور کے اجداد عظام نے ان معاملات کی رعایت کی ہے۔ مجھ جیسے سردار کے گھوڑے کو اگر کوئی قمچی مارے۔ اور اس طرح میری توہین کرے تو کیا اس کو سزا نہ دی جائے گی؟

جلال الدین۔ تمہارے ان قاعدوں پر، اور تم پر اور تمہارے گھوڑوں پر خدا کی پھٹکار۔ یہ جو دنیا اس وقت جہنم سے بدتر حالت میں ہے۔ وہ کیا سب شیطان کے ایجاد کردہ انہیں قاعدوں، اور تجھ جیسے دشمنِ خدا مخلوق کی باعث نہیں ہے۔ خبیث! وہ اسلام جس پر تجھے بھی اعتقاد ہے کہ تا قیامت باقی رہے گا۔ اور جس کے ذریعے آخرت میں نجات کا تو بھی طلب گار ہے۔ کس حالت میں

جلال الدین۔ کون؟ سیف الدین؟ وہ اپنے ہمراہیوں کے ساتھ، ابھی ابھی پہاڑوں کی طرف جا رہا تھا۔ شاید ایک گھنٹہ ہوا وہ پکار رہا تھا: "جو مجھ سے محبت رکھتا ہو۔ میرے ساتھ آئے جو بادشاہ سے محبت رکھتا ہو۔ وہ یہاں رہے۔" میں نے یہ سنا تو خیال کیا کہ شہید ہونے جا رہا ہے۔ اپنے تئیں اپنی قوم پر فدا کرنا چاہتا ہے۔

اوزبک۔ حضور کا کیا خیال ہے۔ اصل یہ ہے فوج میں بغاوت پھیل گئی ہے۔ حقیقت حال کو شہزادہ مجھ سے زیادہ صاف صاف بیان کر سکتے ہیں۔

نور الدین۔ جی ہاں، دو ایک نمک حراموں نے آخرت میں ابوجہل اور یزید کے ساتھ محشور ہونے کا ارادہ کر لیا ہے۔

جلال الدین۔ ان کے لئے جہنم تک راستہ صاف ہے مجھے اور تمہیں رتبہ شہادت نصیب ہوگا۔ فرار میں خدمتگاروں اور تابعین کے ساتھ نہیں جایا جاتا۔ میری قسمت میں جو کچھ ہے۔ اس کے لئے میں کسی کی مدد کا محتاج نہیں ہوں۔ یہ شور و شغب کیسا؟

مجلس پنجم

اشخاص سابق سیف الدین

سیف الدین (اندر داخل ہو کر) میرے بادشاہ! بارگاہ سلطنت سے ہر شخص اپنا نصیبہ لینا چاہتا ہے۔ حضور سے جو میری التجا ہے۔ وہ صرف اتنی ہے کہ میرے ساتھ حسن سلوک کیا جائے اور میری بے عزتی نہ کی جائے۔ دو گھنٹہ قبل میں نے ایک خاص آدمی کے ہاتھ حضور کی خدمت میں یہ عرض کی تھی کہ۔ میری تحقیر کی گئی۔ جو لوگ میرے زیر حکم ہو کر حضور پر جان فدا کرنے کے لئے آئے ہیں۔ وہ اپنے سردار کی ذلت دیکھنی گوارا نہیں کرتے۔ کسی کو یہ حق حاصل نہیں ہے کہ میرے گھوڑے کو قمچی مارے۔

جلال الدین۔ جو شخص تمہارے گھوڑے کو قمچی مارے۔ کیا میں اسے یہ سزا دوں۔ کہ اس کا سر تلوار سے اڑا دیا جائے۔ میں تمہاری خاطر احکام شرعیہ کو چھوڑ کر، سیاست چنگیزی کو اختیار کروں تاتاریوں نے ایک خنزیر کو درجہ الوہیت دینے کے لئے جو انسان تلف کئے۔ گویا وہ کافی نہ تھے

وہ خوارزم کی اور فوج کی سلامتی کی خبر تو نہ لاسکا، مگران مدعیوں کا حال جو میرے بھائی کہلاتے

اوزبک۔ مجھے سنا چکا ہے۔ بدعہد، بدسگال، خائن بھائی۔ ہاں وہ نوشتگین اور خاقان خان والی کیا ہوئے۔ وہ لوگ چنگیز کی طرف چلے گئے ہونگے۔ اس کا حال ذرا مجھے سنایئے۔

نورالدین ۔ نہیں میرے بادشاہ۔ شکر ہے خدا کا کہ انھیں اس مذلّت تک بھی دسترس نہ ہوئی۔ تاتاریوں کے سامنے ان کا ایمان پاس، شرک یا وسوسہ قرار دیا گیا اور ان سب کے قتل کا حکم دیا گیا۔ معلوم نہیں کیا وجہ ہوئی۔ بہرحال جس طرح کسی گھر میں آگ لگے۔ تو گھر میں سانپ وغیرہ جو موذی جانور ہوں وہ بھی جل جاتا ہے۔ اس طرح تاتاریوں نے مملکت اسلام کے جہاں لاکھوں انسان شہید کئے۔ وہاں کچھ بچھو اور سانپ بھی مار ڈالے۔ کم سے کم انھوں نے اسلام کی اتنی خدمت تو کی۔ ان میں سے صرف براق حاجب بچ نکلا۔ یہ خبیث شاید سب سے زیادہ چالاک اور مجبور تھا۔ میرے بادشاہ آپ کا یہ دعا گو ابھی زخمی بھی نہیں ہوا تھا۔ کہ اس کے ساتھ جس قدر حشرات تھی۔ سب چنگیز کے جھنڈے کے نیچے جا جمع ہوئے۔ یہ سب واقعات میں نے اپنی آنکھ سے دیکھے۔ کیونکہ جہاں میں تھا۔ وہاں سے قریب ہی ہو رہے تھے۔ براق حاجب تنہا رہ گیا تھا۔ یہاں تک کہ اس کا گھوڑا بھی زخمی ہوگیا۔ جس طرح اژدہا گھاس کے جنگل میں سے نکل جاتا ہے۔ اس طرح تاتاری فوج میں سے جو اسے گھیرے ہوئے تھی وہ ایک پُر دہشت نمائش کے ساتھ بیدھڑک نکلا چلا گیا۔ اگر اپنی شجاعت کا سواں ایک حصّہ بھی وہ دین کی راہ، اور اطاعتِ الٰہی میں دکھاتا تو وہ نادر المثال فداکاری شمار کی جاتی، اور حقیقت میں وہ حضور کی خدمتِ ہمایوں میں رہنے کے قابل آدمی ہوتا۔

اوزبک ۔ یہاں اس سے بھی زیادہ شایانِ تاسف آدمی موجود ہیں سیف الدین عراقی سے تو آپ واقف ہی ہونگے۔

جلال الدین ۔ پچھلی لڑائی میں اس نے بہت کارِ نمایاں دکھلائے۔ مگر یہ فرض کرکے کہ فتح کا سہرہ اسی کے سر تھا۔ تمھارا مطلب کیا ہے؟ میں اس کی ہر آرزو کا غلام ہو جاؤں۔ اس کے گھوڑے کو، تاج زرّیں کی طرح سر پر اُٹھائے پھروں۔

اوزبک ۔ نہیں میرے بادشاہ۔ غلام کا یہ مقصد نہیں۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا تھا۔ کہ وہ حضور کے سلوک کی شکایت کرتا تھا۔ مجھے معلوم ہوتا ہے۔ کہ وہ کورنگی کرنا چاہتا ہے۔ کیا عجب کہ وہ دشمن سے جا ملے اور یہ کمینہ پن بھی کر دکھائے۔ بہرحال یہ تو صاف معلوم ہو رہا ہے کہ خدمت ہمایوں سے ہٹنا چاہتا ہے۔

اور خیوا کی طرح ویران کر دیا۔

جلال الدین ۔ آہ خوارزم! جہاں میں پیدا ہوا اور جوان ہوا۔ کیا تجھے بھی دشمنوں نے محو کر دیا۔ اُف انسان کتنی ہی اصلاحِ نفس کی کوشش کرے۔ ایسی اچانک مصیبت کے وقت فرض کے احساس میں فوراتی جاودلی جذبات ضرور شامل ہو جاتے ہیں۔ اس قدر مملکت اسلام خراب و ویران ہوئی میں کیوں اتنا متاثر نہ ہوا۔ جتنا کہ خوارزم کی ویرانی سے۔ اگر خدا نے فرصت دی تو انشاء اللہ جب خوارزم کو دوبارہ آباد کروں گا۔ اس وقت اینٹوں کی بجائے تاتاریوں کی ہڈیاں استعمال کرونگا۔

اوزبک ۔ آہ کتنے لوگ ہلاک ہوگئے۔

جلال الدین ۔ خدا رحمت کرے۔ شہید ہوئے۔

اوزبک ۔ میرے بادشاہ! اگر اپنے ملک کے جھنڈے کے نیچے ان لوگوں نے اپنی جانیں دی ہوتیں تو بے شک وہ شہید ہوتے۔ مگر انہوں نے تو خود اپنے ملک کو تباہ و مضمحل کیا۔ اور اس طرح خوار ہوگئے۔ جو شمشیر کہ اسلام کی خدمت کے لئے میان سے باہر لائی جاتی ہے وہ صرف دین کے دشمنوں کو ٹکڑے کرتی ہے۔ موحد شور و عصیاں کا آلہ نہیں بنتے۔ اگر یہ لوگ اپنے فرض کو بجا لاتے تو آج کے دن مملکت خوارزم خواہ آدھی ہی رہ جاتی، مگر رہ تو جاتی۔ میری جان اپنے بادشاہ پر قربان حضور اپنے غلام کو ایسی نظر سے نہ دیکھیں جس سے یہ ٹپکے کہ میں نے حضور کے ضمیر کی حسیات کے خلاف کوئی بات کہی۔ اگر میری زبان سے کوئی لفظ خلافِ ادب نکل گیا ہو تو حضور سے التجا ہے کہ مجھے معاف کریں اپنے دین و ملت سے جو مجھے محبت ہے۔ اور اپنے بادشاہ و مملکت کے حق میں جو وفاداری کا جذبہ دل میں رکھتا ہوں وہ میری زبان سے یہ باتیں کہوا رہا ہے۔

مجلسِ چہارم

اشخاص سابق ۔ نورالدین

نورالدین ۔ (داخل ہو کر) میرے بادشاہ!

جلال الدین ۔ آئیے مولانا۔ خدا آپ کی ہمت سے خوشنود و راضی ہو۔ یوں آئیے میرے پاس بیٹھئے آپس میں آداب و تکلفات کی ضرورت نہیں۔

جلال الدین (نیرہ سے) ذرا ہٹ جاؤ میری جان۔
نیّرہ۔ جو حکم۔ جاتی ہوں۔ لیکن اگر کوئی اہم بات ہو تو مجھے بھی بتلا دیجئے گا ؟
جلال الدین۔ کیا ابھی چند دقیقہ پہلے کی حدت۔ لطف وعنایت میں مبدل ہوگئی ؟ خدا نے تمھیں آفتاب کی مانند پیدا کیا ہو۔ کبھی تو اپنی تپش سے انسان کو جھلسا دیتی ہو اور پھر چند لمحوں بعد اپنی شعاع مہر سے اس کے گرد پھولوں اور گلوں کا چمن کھلا دیتی ہو کوئی اہم بات ہوئی تو تمھیں نہ بتاؤں گا تو اور کسے بتاؤں گا۔ تمھارے سوا میں اور کسی روح کا مالک ہوں کہ اپنے راز اپنے دردِ دل اس سے کہوں (قطب الدین سے) جاؤ۔ میرے شیر بیٹے! اس سے کہو آجائے۔

(نیرہ خیمہ سے جاتی ہے)

مجلس سوم

جلال الدین۔ قطب الدین۔ اوزبک

جلال الدین۔ خیریت تو ہے۔
اوزبک۔ خیریت کہاں ہے میرے بادشاہ! میرے طالع منحوس نے مجھے بوم صفت کرکے اس بات پر معین کیا ہے کہ اپنے بادشاہ کو (گویا میں نعوذ باللہ چنگیز کا آدمی ہوں) ہمیشہ غم انگیز خبریں پہنچاؤں۔ نورالدین آیا۔ اور ہم بھی اس طرف کو آئے۔ اس کے بعد وہ فوج جو خوارزم میں تھی۔ بالکل منتشر و پریشان ہوگئی۔ حضور کے سرداروں میں سے ایک اپنے تئیں بچالے گیا۔ لیکن اس غریب کو بھی اتنے زخم لگے تھے۔ کہ وہ بیہوش ہو کر گر پڑا اور مردہ خیال کیا گیا۔ تاتاریوں کو لوٹ مار کی اس قدر حرص تھی۔ کہ شکست خوردہ فوج کی طرف انھوں نے زیادہ توجہ نہ کی۔ اس سردار کو جو کمیت گھوڑا حضور نے بخشا تھا وہ اس کی طرح وفادار تھا۔ اپنے دانتوں سے پکڑ کر وہ اپنے بیہوش مالک کو باہر ایک طرف کو نکال لے گیا۔
جلال الدین۔ ان تمام تفصیلات کی ضرورت نہیں۔ کیا خوارزم ہاتھ سے نکل گیا ؟ بھائی کیا ہوئے اور وہ لوگ ۔۔۔
اوزبک (بات کاٹ کر) ملک ہاتھ سے نکل گیا حضور ملعونوں نے اسے بھی بخارا اور

جلال الدین - میرا فرض یہ نہیں ہو کہ میں چنگیز کے مقابلہ میں بجلی کا کام دوں - میرا کام یہ ہو کہ مملکتِ اسلام کو تاتاریوں کے پنجے سے چھڑاؤں - جب تک ان ممالک کو جن میں اذان کی آواز گونج چکی ہو - تاتاریوں کے تسلط سے کلیتاً آزاد نہ کردوں - میرا سارا کیا دھرا بے فائدہ ہو - جب تک کہ انسان کے لئے کرنے کو کام باقی ہو - کئے ہوئے کام پر قناعت کس طرح جائز ہو سکتی ہو - تم ہی خیال کرو - اس وجود کے لئے جو اشرف مخلوقات کی جنس میں سے ہو - شیر کستر شمار کیا جانا کیسی ذلت ہو -

نیتّرہ - میرے بادشاہ ! جو چاہے کیجے - کیوں کہ آپ جو چاہیں کر سکتے ہیں - آپ ہر کام کے کرنے پر مقتدر ہیں - آپ کی جس ہمت نے تاتاریوں کے وجود کو یہاں سے دفع کیا ہو - وہ ہی انشاء اللہ ان کے تسلط کو دنیا سے بھی اُٹھا دیگی - مگر اسے نہ بھولئے کہ اپنی نسبت سے، آپ کو اپنے کام کتنے ہی چھوٹے نظر آئیں - مگر اوروں کی نسبت سے وہ اتنے ہی بڑے ہیں - ہر شخص دنیا میں آپ کی طرح نہیں ہو سکتا - کیا نقصان ہو اگر آپ بھی کبھی کبھی اوروں کی طرح ہو جائیں ؟

جلال الدین - کیا ہوگا ؟ میں اس علم کے ساتھ کہ مرد ہوں، بادشاہ ہوں، جفاکشی میں تمھارے، تحمل میں قطب الدین کے، ہمت میں خیمے کے دروازے پر کھڑے ہونے والے نوکر کے برابر ہو جاؤں -

نیتّرہ - یہ آپ سے کون کہتا ہو ؟

جلال الدین - تمھاری باتوں سے تو یہی نتیجہ نکلتا ہو - اچھی طرح جان لو کہ میرے دل کو اطمینان نہیں - میں دیکھ رہا ہوں کہ تمھاری محبت، میرے مفتونیت فرض پر غالب آتی جارہی ہو -

نیتّرہ - آپ میرے ساتھ جو چاہیں کریں - میں اپنی صداقت وقت پر دکھاؤنگی -

مجلس دوم

اشخاص سابق قطب الدین

نیترہ - کیا ہو ؟

قطب الدین - کچھ نہیں - اوزبک آیا ہو - کہتا ہو بادشاہ کی قدمبوسی کرنا چاہتا ہوں نہایت ضروری کام ہو -

نجات دی!! اور کس طرح نجات دی کہ ہمارے ایک شہید کے مقابلہ میں دشمن کے سولاشے زمین پر پڑے ہوئے تھے۔ الحمد للہ صحیح وسالم یہاں تک پہنچے۔ اور فتح بھی ہماری ہی ہے۔

جلال الدین۔ کاش کہ عالم کی اذیت اور لوگوں کی زبان سے بھی ایسی ہی آسانی سے چھٹکارا حاصل کرتے۔

نیّرہ۔ دنیا کی کیا اذیت رہ گئی؟ خلق آپ کو کیا کہہ سکتی ہے؟ آپکے والد کا حال معلوم ہے۔ خدا غریق رحمت کرے آپ کے بھائی اور اُمراء ان کی کیفیت ان کے کاموں سے خوارزم میں ثابت ہوگئی۔ ملت اور انسانیت کی خدمت کرنے والا سوائے آپکے دنیا میں کوئی دوسرا باقی نہیں ہے کیا اس مجنوں کی طرح جو اپنے مرض کی دوا سے کراہیت کرے خلق آپ کی ہی شکایت کرے گی۔ آپ اس سے زیادہ کیا کرسکتے تھے۔ اس چنگیز کے مقابلہ میں جس نے اپنی دہشت سے ساری دنیا کو تھرا رکھا ہے۔ آپ تنہا استادہ ہوئے۔ اس کی فوجوں کو منقلب کردیا۔ اور اس کے ہاتھوں سے ملک چھین لئے۔ لوگ کہتے ہیں کہ "تاتاری یاجوج ہیں" اگر وہ یاجوج ہیں۔ تو آپ ان کے مقابلہ میں سدِ سکندری بن گئے۔ ایسی کوشش اور ایسی کامیابی کے بعد آپکے خلاف کون ایک لفظ کہہ سکتا ہے۔

جلال الدین۔ میں نے حتی الامکان اپنے فرض کو ادا کرنے کی کوشش کی۔ مگر تنہا غیرت احتیاج کا مقابلہ نہیں کرسکتی۔ ہم دشمن کے خون کے دریا بہادیں۔ مگر وہ بھی ہماری مملکت کو خراب کررہا ہے۔ میں اپنے کئی ٹکڑے تو نہیں کرسکتا کہ ہر دستۂ فوج کی ہر جگہ سرداری کرسکوں۔ اور ہر موقع کی محافظت خود کروں ہم یہاں دشمن کی ایک فوج کو غارت کررہے ہیں، مگر تاتاری وہاں ایک بادشاہت ایک سلطنت کو محو کررہے ہیں۔ ہم یہاں ایک لڑائی سر کررہے ہیں۔ مگر اسلام کے ہاتھ سے وہاں ایک کشور جارہی ہے۔ ہم یہاں چند ہزار مردوں کی خوشی کا باعث ہورہے ہیں۔ مگر فلک وہاں چند لاکھ عورتوں اور یتیم بچّوں کو رُلا رہا ہے ان سب کی ذمہ داری مجھ پر ہے۔ خدائے برتر ان کے متعلق مجھ سے بازپُرس کرے گا۔ آہ! کاش کہ والد مرحوم زندہ ہوتے۔ تو میں ان کے زیر فرمان ایک نفر سپاہی ہوتا۔ تاکہ میری ذاتی کارکردگی کی ذمہ داری مجھ پر ہوتی۔ جو کام میں نے نہیں کئے ان کی مسئولیت مجھ پر عائد نہ ہوتی۔

نیّرہ۔ سبحان اللہ! آپکے سوا کوئی اور ہوتا۔ تو جو کچھ آپنے کیا ہے۔ اگر وہ اس کا آدھا بھی کرتا تو مارے فخر کے جامہ میں نہ سماتا۔ آپ اپنی کامیابیوں کو کچھ سمجھتے ہی نہیں، آپ کو خبر بھی ہے۔ آپنے چنگیز کو بسم کردیا ہے۔ جیسے بچے بجلی کی چمک سے ڈرتے ہیں۔ وہ آپ کے فتوحات کی چمک سے تھر تھر کانپ رہا ہے۔

عقل سے ہی اس بات کا ادراک کرتے تھے۔ کہ دنیا کا ہر گوشہ ایک قبرستان ہوگیا ہے۔ لیکن اب تو اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں۔ یقین مانو۔ کہ زندگی میں بالا و پست کوئی معنی نہیں رکھتا۔ اور دنیا میں ایک ذی ہوش بادشاہ ایک بے عقل فقیر سے زیادہ کامراں اور خوش بخت نہیں۔ آؤ ہم اپنے تئیں مرا ہوا سمجھ لیں۔ مرا ہوا سمجھا نہیں۔ بلکہ مرد کی طرح مرنا اس طرح کے جینے سے ہزار درجہ بہتر ہے۔ اسے اپنے ذہن میں اچھی طرح بٹھا کر دشمن کے مقابلہ کے لئے موت کو طلب کرتے ہوئے اور تلاش کرتے ہوئے نکلیں۔ تم ان رذیلوں کی طرف نظر مت ڈالو۔ یہ موت سے ڈرنے والے طبقہ میں سے ہیں۔ ہاں آؤ غزا کے لئے، ہاں آؤ بقاء نام کے میدان کی طرف، ہاں آؤ جنت کے سب سے سیدھے راستے پر۔ اللہ ہمارا مددگار ہو۔

(پردہ گرتا ہے)

پردہ تیسرا

مجلسِ اوّل

ایک فوجی کیمپ میں ایک شاہانہ خیمہ

جلال الدین - تیرہ

تیرہ۔ میرے بادشاہ! ہم لوگ اک بڑے خطرے میں سے گزرے۔ خوارزم میں تاتاریوں نے جو حملے ہم پر کئے اُن سے نجات پانا کیا بقایائے معجزات میں سے نہیں ہے؟ خدائے تعالیٰ نے آپ کو ایسی ہی فوق العادۃ کاموں کے لئے پیدا کیا ہے۔ اٹھارہ سو آدمیوں کے ساتھ، نوے ہزار دشمنوں میں سے سالم نکل آئے۔ جن دستہ ہائے فوج نے ہم کو گھیرا۔ انھیں برق و صاعقہ کی طرح ہم نے خیرہ کردیا ہم پر بارانِ آب کی طرح تیروں کی بارش ہوئی، سیلاب کی طرح خون بہے، پھر بھی خدا نے ہمیں

شہزادہ خیال کرتا ہے۔ حال آں کہ ایک بے غیرت بھکاری کے بچے سے بھی بدتر ہے۔

تیرہ (آرق سلطان کی طرف اشارہ کرکے) یہ بادشاہ زادہ ہے۔ قطب الدین ذرا سا بچہ ہے اس کا بھی کبھی خوف سے ایسا رنگ نہیں اُڑا جیسا اس کا اُڑا ہوا ہے۔

ملک نصرت۔ کہاں گئے وہ دعوے کہ سلطنتِ خوارزم ہماری تلوار سے قائم ہے۔ اب کیوں ہر ایک کے پاؤں تھر تھر کانپ رہے ہیں۔ مارے خوف کے، تھوڑی دیر میں کھڑے بھی نہیں رہ سکو گے۔ تمھاری کمریں تمھاری تلواروں کا بھی بوجھ نہیں سہار سکیں۔

نوشتگین۔ میں یہ ذلت و حقارت گوارا نہیں کرسکتا۔ اے میرے بادشاہ! یا تو مجھے معاف کیجے یا مجھے قتل کیجے۔ مگر اس اذیت سے نجات دیجے۔

مجلس سوم

اشخاص سابق اور ایک سپاہی

سپاہی۔ حضور! تاتاریوں کی فوج بڑھی چلی آرہی ہے۔ اس کا ہراوّل قریب پہنچ گیا۔

جلال الدین (کمال سکون کے ساتھ اپنے ہمراہیوں کی طرف مخاطب ہوکر) تم یہی چاہتے تھے نا کہ ان نمک حراموں کو ہلاک کرو، سو ان سب کے اک اک روئیں کے لئے ایک ایک تیر، ایک ایک گرز آرہا ہے (آرق سلطان سے مخاطب ہوکر) اگر تم بھی میری طرح شاہزادے ہو۔ تو لو آؤ میدانِ امتحان میں تاکہ ہر کس تمھاری قدر سے واقف ہو (نوشتگین سے مخاطب ہوکر) میں بادشاہ ہوں۔ میں نے معاف کیا۔ لیکن موت جلاّد بن کر اور تاتاریوں کی صورت اختیار کرکے تجھے ڈھونڈتی آرہی ہے۔ چاہے آسمان پر چڑھ جا۔ چاہے زمین میں دھنس جا۔ ان کے پنجے سے چھٹکارا مشکل ہے۔ (تند اور تیز آواز کے ساتھ) دوست دشمن سے جدا ہوجائے۔ ملکہ، اوزبک، اورخاں، نورالدین اچھی طرح جان لو کہ اس کا نتیجہ موت ہے۔ جو دشمن کے مقابلہ میں اپنی جان دینا چاہے۔ وہ آئے انشاءاللہ دنیا میں باعزت، نام آور، آخرت میں باسعادت زندگی حاصل کریگا۔ ہم میں سے جو کوئی یہ فیصلہ نہ کرسکے کہ ابدالآباد کی یہ سعادت بہتر ہے یا اس فانی زندگی ہی میں جہنم کا عذاب، وہ بے شک جہنم کا انتخاب کرے گا اور سعادتِ اُخروی اور ناموسِ انسانیت کو خیرباد کہے گا۔ پہلے تو ہم محض اپنے تصور اور

تم تے تو کتے لیکن چینیوں کی تقلید کرنے کھڑے ہوئے۔ تم خود خدا کے بندوں پر ایک ایسی بلا ہو گئے جس کے سامنے تا تاری بھی کچھ نہیں۔ تمھارے دانتوں سے، تمھارے ناخنوں سے، شہیدوں کے خون کے قطرے گر رہے ہیں۔ تم نے اس پر بھی قناعت نہ کی۔ اب لیئے بادشاہ کو بادشاہ ہی نہیں اپنے بادشاہ کے ناموس کو دشمن کے حوالہ کرنا چاہتے تھے۔ کیوں؟ جینئو! جب ایسا ہی اپنے دین وملت کو برباد کرنے کا ارادہ تھا۔ اور ایک ملعون کو رشوت دے کر دنیا اور آخرت میں لعنت کا طوق اپنی گردنوں میں ڈالنے ہی کی تمنا تھی تو اس قدر تکلف کی کیا ضرورت تھی۔ اپنی عورتوں اپنی لڑکیوں کو پیش کیا ہوتا۔ چنگیز انھیں پسند کر لیتا۔

ملک نصرت - دین حق کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ اگر ان ملعونوں کا اختیار رہوتا تو یہ لوگ چند روزہ دولت کے لئے خدا کو بھی چنگیز کے حوالہ کر دیتے۔

اورخاں - حضور اس وقت ایک بچھوؤں کے بِل میں ہیں۔ خدا کے بندوں کی سلامتی کی خاطر آپ ان سب کو فوراً مار ڈالیں۔

اوزبک - ہر شخص حضور کے فرمان کا منتظر ہے اگر حکم ہو تو یہ سب کے سب ایک منٹ میں آپ کے قدموں میں تڑپتے نظر آئیں۔

نیّرہ - میرے جلال! واللہ یہ غزوہ چنگیز کی لڑائی سے افضل ہوگا۔

جلال الدین (ہنس کر) آسمان ابھی انھیں اس قابل نہیں سمجھتا کہ ان کے کرتوتوں کی انھیں سزا دے۔ میں کیا اپنے تیئں اتنا ذلیل کروں گا کہ ان کو سزا دوں؟ میں اپنی تلوار خنزیروں کے خون سے رنگنا نہیں چاہتا (تند ہو کر اپنے بھائی اور اس کے طرفدار سرداروں کی طرف مخاطب ہو کر) جاؤ یہاں سے جہنم واصل ہو۔ مجھے اس پر مجبور نہ کرو کہ میں اس زمین کو تمھارے لاشوں سے ناپاک کروں۔

آرق سلطان - میرے بادشاہ، یہ غلام تو ۔ ۔ ۔

جلال الدین - دور ہو میرے سامنے سے خدا کی شان یہ بھی اپنے تیئں انسان سمجھتا ہے۔ چلا دخل در معقولات کرنے۔

آرق سلطان - یہ کیا انداز گفتگو ہے۔ میں بھی اک شہزادہ ہوں۔

جلال الدین - ہاں تو شہزادہ ہے۔ لیکن میری طرح نہیں۔ اگر میری طرح شہزادہ ہوتا۔ تو جس وقت تیرے بھائی کو، تیرے بادشاہ کی ناموس کو دشمن کے حوالہ کرنا چاہتے تھے۔ اس وقت کچھ تو تیری رگ حمیت و غیرت جوش میں آتی۔ تیرے منہ سے ایک بات تو نکلتی۔ دفع ہو میرے سامنے سے اپنے تئیں

از اُمرائے خوارزم) نیرہ کو چنگیز خاں کے حوالہ کرکے اُس کی خوشنودی اور مرحمت کا طلبگار ہونے پر آمادہ ہی۔ جلال الدین کا جاں فروش مصاحب اور امیرِ سلطنت ملک نصرت۔ نوشتگیں کو اُس کے ارادہ پر لعنت ملامت کر چکا ہی۔

آرق سلطان، جلال الدین کا حقیقی لیکن دنیا پرست اور غدار بھائی ہی۔ مجلس دوم میں (جہاں سے آج سلسلہ شروع ہوتا ہی) جلال الدین اور نیرہ آتے ہیں۔ سیف الدین بھی "یکے از سگان زرد" (اُمرائے خوارزم) ہی:-

---

(جلال الدین ایک دروازہ سے داخل ہوتا ہی ملکہ کی فریاد پر اوزبک ایک دستہ فوج لے کر دوسرے دروازے سے اندر آتا ہی)

نیرہ - آمیرے بادشاہ آ - اللہ نے تجھے یہاں بھیجا۔ ان ملعونوں، ان خائنوں کو دیکھ۔ ملک نصرت کو چھوڑ دے ان میں سے اگر کوئی وفادار اور صادق آدمی ہی تو یہی ہی باقی یہ کتے۔ تو تجھے پکڑ کر چنگیز کو تسلیم کرنے والے تھے۔

جلال الدین (امراسے مخاطب ہوکر) خدا تمھاری سعی مشکور کرے۔

نیرہ - آہ! باللہ العظیم۔ شیطان بھی ان سے زیادہ دنی نہیں ہی۔ ان کے جسموں کا ہر ایک ذرہ تیرے خاندان کے نمک سے پلا ہی۔ اُس پر بھی یہ خبیث تیرے نفس ہی پر نہیں تیرے عزت و ناموس پر بھی حملہ کرنا چاہتے تھے۔ مجھے، تیری نیرہ کو اس ملعون تاتاری کے پاس لے جانا چاہتے تھے۔

جلال الدین - آہ! تم لوگوں نے ارواحِ خبیثہ کی طرح میرے والد کی رگوں میں نفوذ کر لیا تھا خود تاتاریوں سے لڑائی چھڑوائی اور پھر قوتِ واہمہ کی طرح اس کے دماغ میں گھس گئے۔ اس کی طبیعت پر غالب ہو گئے۔ اور اس بادشاہ کو جس نے بیس بائیس برس تک شان اور شہرت کے ساتھ ملک کی سرداری کی۔ ایک ایسے گوشۂ خفا میں لا چھپایا۔ جہاں قضا بھی آسانی سے نہیں پہنچ سکتی۔ آدمی دنیا کی خرابی آدھے جہان کے انسانوں کی بربادی کا تم لوگ سبب ہو۔ شہر آگ کے شعلوں سے جہنم کے گڑھے۔ صحرا لاشوں سے حشر کے میدان بن رہے ہیں بچے ماؤں کے رحموں میں، مُردے قبروں کے گڑھوں میں بھی تاتاریوں کی تلواروں اور گرزوں سے نہیں بچتے۔ ان تمام بلاؤں کا تم سبب ہوئے۔ اور پھر ان کتوں کے پلّوں کی طرح جو اپنی ماں کے لاشہ کے مُنہ سے ٹکڑے کرڈالتے ہیں۔ تم میں سے ہر ایک نے ملک کے ٹکڑے کر ڈالے اس پر بھی تمھیں اس کے سوا اور کچھ نصیب نہ ہوا کہ تم میں سے ہر ایک چنگیز کے لئے قاسم کا کام دے

جلال الدین خوارزم شاہ

ایک ڈراما

مصنفہ نامی تمثال نگار جناب سید [illegible] صاحب بی۔ اے

(گذشتہ سے پیوستہ)

مجلسِ دوم

اشخاصِ سابق اور جلال الدین

ہم بزرگ محترم سید صاحب اور اپنے ناظرین سے عذرخواہ ہیں کہ مسودہ کے اجزا منتشر ہو جانے کے باعث اس ڈراما کی کوئی قسط میگزین کی پچھلی اشاعت میں نہ پیش کی جاسکی۔ اب یہ انشاء اللہ باقاعدہ شائع ہوتا رہے گا۔

آج چوتھی قسط نذرِ ناظرین ہوتی ہے۔ گزشتہ تین حصوں میں حسب ذیل حالات وسانحات شائع ہو چکے ہیں:

تاتاری ملت اسلامی کے پرزے کر چکے ہیں۔ سلطنت خوارزم کا تاجدار اپنی دل نواز ملکہ نیرۃ الاقبال، اپنے خردسال جگرگوشہ قطب الدین اور محرم راز و امیر سلطنت اوزبک اور دیگر عائدین و مصاحبین سلطنت کے ساتھ خانہ بدوش اور خانماں برباد ہے۔ نیرہ کے خاندانِ شاہی کا شیرازہ تاتاری بکھیر چکے ہیں۔ جلال الدین اور نیرہ کی روداد محبت اور داستانِ جدال و قتال کا تذکرہ پچھلے نمبروں میں آچکا ہے۔ جلال الدین کا باپ علاء الدین بھی اپنا بارِ بے کسی موت کے حوالہ کر چکا ہے۔ ایوان شاہی خوارزم میں نیرہ جلوہ افگن ہے۔ امیر نوشتگیں دیکھے از

کلام اسعد

(جناب محمد صدیق احمد صاحب اسعد شاہجہاں پوری)

جو نظریں تھیں وہ اب نظریں نہیں یارانِ محفل کی

زباں پر لا نہیں سکتے شکایت جورِ قاتل کی
ٹپکتی ہے مگر ہر اشک سے واماندگی دل کی

مگر شوخی نے جنبش دی نقابِ روئے روشن کو
یکایک بڑھ گئی سایہ تجلی شمع محفل کی!

بنا ہے محتسب متوالا چشمِ مست ساقی کا
جزاک اللہ کیا سوجھی شکستِ شیشۂ دل کی!

لگی ٹھوکر جو سنگِ راہ سے بالا ہوئی ہمت
شرر بنکر یہاں پہنچیں شعاعیں شمعِ منزل کی

اِدھر وہ بے نقاب آئے اُدھر اک انقلاب آیا
جو نظریں تھیں وہ اب نظریں نہیں یارانِ محفل کی

بدشواری قدم اُٹھتا ہے راہِ عشق میں اسعد
چلو کچھ شمع سے تدبیر پوچھیں قطعِ منزل کی

متاعِ عشق ہے سرمایہ دو جہاں کے لئے

آٹھواں شعر کتنا "چبھتا ہوا" اور حُسن (سوز؟) تعلیل کی کیسی اچھی مثال ہے!

وہ چشمِ ناز ہے گردش میں امتحاں کے لئے
یہی سکون کا موقع ہے آسماں کے لئے

اثر ہے اور غضب کا اثر، فغاں کے لئے
جھکا رہا ہے سر اپنا فلک اماں کے لئے

و فورِ غم سے ترس جائیں گے فغاں کے لئے
یہی ستم ہیں اگر جانِ ناتواں کے لئے

نہ کچھ یہاں کے لئے ہے نہ کچھ وہاں کے لئے
متاعِ عشق ہے سرمایہ دو جہاں کے لئے

جنونِ عشق نے کیا مرتبہ بلند کیا
مرے لئے ہے، جو گردش تھی آسماں کے لئے!

مجال میری رسائی تھی اُن کے قدموں تک
ہزار یاس ہے بوسے اُس آستاں کے لئے

کہو کہ تذکرۂ چشمِ مست کیوں نہ کریں
سرورِ دل کے لئے ہے، مزہ زباں کے لئے

ستم ظریف نے نشتر بچھائے ہیں ورنہ
وہ آستین مری چشمِ خوں فشاں کے لئے!

بیان خاک ہو سوزِ غمِ نہاں اسعد
شرارِ برق ہیں دو حرف داستاں کے لئے

جو لوگ عام طور پر انشا پرداز مانے جاتے ہیں، وہ حقیقت میں کس حد تک اس لقب کے مستحق ہیں؛ سرسید، آزاد وغیرہ کی ادبی نقش آرائیوں سے کس کو انکار ہو سکتا ہے لیکن انصاف یہ ہے کہ مولا نے اس زمین کو آسمان تک پہونچا دیا ہے۔ میں دیگر ارباب قلم کے کمال سے منکر نہیں ہوں، لیکن میرے نزدیک مولانا کا انداز تحریر اردو انشا پردازی کا اعلیٰ ترین نمونہ ہے جس کی تقلید ہر انشا پرداز کے لئے ضروری ہے۔

ان تصریحات سے تم کو محسوس ہو گیا ہو گیا، کہ تصنیف و تالیف کا فن اس قدر آسان نہیں جتنا عام طور پر لوگ خیال کرتے ہیں۔ بلکہ اس کا ایک خاص معیار تمہارے پیش نظر ہے، جس پر مصنف پورا نہیں اتر سکتا، میرے نزدیک موجودہ دور میں اگر کوئی شخص کامل الفن مصنف کہلائے جانے کا مستحق ہے تو وہ صرف علامہ شبلی کی ذات گرامی ہے۔ یہ محض شاعرانہ تعلّی نہیں ہے بلکہ ایک روشن حقیقت ہے جس کا ثبوت مولانا کی ہر تصنیف سے مل سکتا ہے، اس بنا پر ہم ہر اس شخص کو جس میں تصنیف تالیف کی صلاحیت ہے، مشورہ دیں گے کہ وہ اس میدان میں صرف مولانا کی تصانیف کو اپنا رہبر بنائے، کیوں کہ اس سے زیادہ تصنیف کا اور کوئی مکمل نمونہ نہیں مل سکتا۔

مرزا احسان احمد بی۔ اے (علیگ)

فرمودۂ اقبال

صد صبح بلا خیزے، صد آہِ شرر ریزے — صد نالۂ شبگیرے، یک شعرِ دلاویزے
آں صلح فراموشے، آں عربدہ انگیزے — آں پردہ نشیں شوخے، آں شوخ کم آمیزے
در عشق و ہوسناکی، دانی کہ تفاوت چیست؟ — ایں تیشۂ فرہادے، آں حیلۂ پرویزے
از خاکِ سمرقندے، ترسم کہ دگر خیزد — آشوبِ ہلاکوئے، ہنگامۂ چنگیزے

(علامہ اقبال)

نگاہوں کی گود میں پرورش پائی ہے اور اب باپ ہی کا مہر پدر ہاتھ اس کا
قاتل نظر آتا ہے۔ ملائکہ قدسی، فضائے آسمانی، عالم کائنات یہ حیرت انگیز
تماشا دیکھ رہے ہیں اور انگشت بدندان ہیں کہ دفعتہً عالم قدس سے آواز
آتی ہے، یا ابراھیم قد صدقت الرؤیا انا کذلک نجزی المحسنین
طفیان نازبین کہ جگر گوشۂ خلیل ۔۔۔ درزیر تیغ رفت و شہیدش نمی کنند
بیٹے نے جس استقلال، جس عزم اور جس حیرت خیز ایثار سے اپنے آپ کو
قربانی کے لئے پیش کیا، اس کا صلہ یہی تھا کہ یہ رسم قربانی قیامت تک
دنیا میں اس کی یادگار رہ جائے۔[1]"

اس موقع پر ناظرین ان اشعار کو دوبارہ ملاحظہ کریں جو ڈپٹی نذیر احمد نے آنحضرتؐ کی شان میں لکھے ہیں اور انصاف کریں کہ صحت مذاق کے لحاظ سے ان کو مولانا کے مقابلہ میں کیا وقعت حاصل تھی۔

خانۂ کعبہ کی تعمیر کا بیان اس شاندار تمہید کے ساتھ شروع کرتے ہیں۔
"دنیا میں ہر طرف تاریکی چھائی ہوئی تھی، ایران، ہند، مصر، یورپ میں
عالمگیر اندھیرا تھا، قبول حق ایک طرف، اس وسیع خطہ خاک میں گز بھر زمین
نہیں ملتی تھی، جہاں کوئی شخص خالص خدائے واحد کا نام لے سکتا، حضرت
ابراہیم علیہ السلام نے جب کلدان میں یہ صدا بلند کرنی چاہی تو آگ کے
شعلوں سے کام پڑا، مصر آئے ناموس کو خطرے کا سامنا ہوا، فلسطین پہنچے
کسی نے بات تک نہ پوچھی، خدا کا جہاں نام لیتے تھے، شرک اور بت پرستی
کے غلغلہ میں آواز دب دب کر رہ جاتی تھی، معمورۂ عالم کے صفحے نقش ہائے
باطل سے ڈھک چکے تھے، اب ایک سادہ، بے رنگ، ہر قسم کے نقش و نگار
سے معرا ورق درکار تھا، جس پر طغرائے حق لکھا جائے، یہ صرف حجاز کا
صحرائے ویران تھا، جو تمدن اور عمران کے داغ سے کبھی داغدار نہیں
ہوا تھا۔[2]"

ان مثالوں سے تم کافی طور پر اندازہ کر سکتے ہو کہ انشا پردازی کا حقیقی مفہوم کیا ہے اور اس وقت

---

[1] سیرۃ نبوی جلد اوّل صفحہ ۱۱۵ ۔۔۔ [2] سیرۃ نبوی جلد اوّل صفحہ ۱۱۱

"حضرت عمر کے حالات اور ان کی مختلف حیثیتوں پر نظر ڈالو، صاف نظر
آئے گا، کہ وہ سکندر بھی تھے اور ارسطو بھی مسیح بھی تھے اور سلیمان بھی تیمور
بھی تھے اور نوشیرواں بھی، امام ابوحنیفہ بھی تھے اور ابراہیم ادہم بھی"[1]

اس موقع پر ایک خاص نکتہ لحاظ کے قابل ہے، غور کرو، دونوں عبارتوں میں ایک خاص فرق محسوس ہوتا ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ مولانا الفاظ کے انتخاب میں فرق مراتب کا لحاظ رکھتے ہیں، یعنی جس شخص کی جو حیثیت ہوتی ہے اسی کے مطابق انداز تحریر بھی بدل جاتا ہے پیغمبر اور خلیفہ کے مراتب میں زمین آسمان کا فرق ہے، اس لئے مقتضائے بلاغت یہ ہے کہ جو الفاظ پیغمبر کی شان میں استعمال کئے جائیں، وہ نسبتاً زیادہ پرشکوہ اور شاندار ہوں۔ یہ مولانا کی خاص خصوصیت ہے جو اوروں میں بہت کم پائی جاتی ہے۔

فاروق اعظم کی سطوت اور جبروت و اقتدار کے متعلق مولانا کا صرف یہ ایک فقرہ ایک دفتر کے برابر ہے۔

"عمر فاروق کے سفر شام میں سواری کے ایک اونٹ کے سوا اور کچھ نہ تھا
لیکن چاروں طرف غل پڑا ہوا تھا کہ مرکز عالم جنبش میں آگیا ہے"[2]

لیکن جب سرور عالم کی تشریف آوری کا موقع آتا ہے تو الفاظ میں انوار نبوت کی جھلک نظر آنے لگتی ہے، چنانچہ فتح مکہ کے سلسلہ میں لکھتے ہیں۔

"سب سے اخیر کوکبۂ نبوی نمایاں ہوا، جس کے پرتو سے سطح خاک پر نور کا
فرش بچھتا جاتا تھا"[3]

دیکھو ان دونوں فقروں میں بھی وہی فرق نمایاں ہے جس کا تذکرہ اوپر گزر چکا ہے۔

حضرت اسمٰعیل کی قربانی کا تذکرہ ان موثر الفاظ میں کرتے ہیں۔

"اب ایک طرف نود سالہ پیر ضعیف ہے، جس کو دعا ہائے سحر کے بعد خاندان
نبوت کا چشم و چراغ عطا ہوا تھا، جس کو وہ تمام دنیا سے زیادہ محبوب
رکھتا تھا، اب اسی محبوب کے قتل کے لئے اس کی آستینیں چڑھ چکی ہیں اور
ہاتھ میں چھری ہے۔
دوسری طرف نوجوان بیٹا ہے، جس نے بچپن سے آج تک باپ کی محبت آمیز

---

[1] الفاروق صفحہ ۳۰۸ [2] الفاروق صفحہ ۳۱۰ [3] سیرۃ نبوی جلد اوّل صفحہ ۳۰۷

آب حیات میں ذوق کی تعریف میں رنگینی اور فصاحت کا دریا بہا دیا ہے۔ لیکن علامہ شبلی کے "ظہور قدسی"[1] سے کیا نسبت !!

علامہ شبلی کی خصوصیات انشا پردازی کو کامل طور پر نمایاں کرنے کے لئے اس بات کی ضرورت تھی کہ ملک کے تمام انشا پردازی سے تفصیلی موازنہ کیا جاتا، لیکن طوالت کے خوف سے ہم اس فرض کو انجام نہیں دے سکتے، اس لئے اب ہم مولانا کی عبارت کے چند اقتباسات ذیل میں درج کر دیتے ہیں جن سے ناظرین کو اندازہ ہوگا کہ انشا پردازی کا حقیقی معیار کیا ہے، اور ادبیاتی حیثیت سے مولانا اپنے معاصرین کے مقابلہ میں کیا درجہ رکھتے ہیں۔

حضور سرورِ کائنات کی جامعیت کبریٰ کی تصویر ان الفاظ میں کھینچتے ہیں۔

"لیکن اس وقت تک دنیا کی جس قدر تاریخ معلوم ہے، اس نے اس قسم کے نفوس قدسیہ جو پیش کئے ہیں وہ فضائل اخلاق کی کسی خاص صنف کے نمونے تھے، مثلاً جناب مسیح علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کتب درس میں صرف حلم و تحمل، صلح و عفو، قناعت و تواضع کی تعلیم ہوتی تھی، حکومت و فرماں روائی کے لئے جو فضائل اخلاق درکار ہیں مسیحی تعلیم کی بیاض میں ان سطروں کی جگہ سادی ہے، حضرت موسیٰ اور نوح علیہما السلام کے اوراق تعلیم میں عفو عام کے صفحے خالی ہیں، اس بنا پر ہر قدم پر نئے نئے رہنما کی ضرورت پیش آئی اور اس لئے عالم انسانی تکمیل کے لئے ہمیشہ ایسے جامع کامل کا محتاج رہا، جو صاحب شمشیر و نگین بھی ہو اور گوشہ نشین بھی، بادشاہ کشور کشا بھی اور گدا بھی، فرمانروائے جہاں بھی ہو اور سبحہ گرداں بھی، مفلس قانع بھی ہو اور غنی دریا دل بھی، یہ برزخ کامل، یہ ہستی جامع، یہ صحیفہ یزدانی عالم کون کی آخری معراج ہے"[2]

سرورِ کائنات کی عظمت و جلالت کے اظہار کے لئے کیا اس سے زیادہ بلیغ اور پُر شکوہ کوئی پیرایۂ بیان ہو سکتا ہے؟ ایک ایک حرف کو پڑھو تو یہ محسوس ہوتا ہے کہ ایک ایسے شخص کے قلم سے نکل رہا ہے جس کے دماغ کو بلند نظری نے آسمان تک پہونچا دیا ہے۔

حضرت عمر کی جامعیت کو ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں۔

---

[1] سیرۃ نبوی جلد اوّل صفحہ ۱۲۳ [2] سیرۃ نبوی جلد اوّل صفحہ ۲

جو وعظ کے وقت آنحضرت کی ایڑیوں کو لہولہان کر دیا کرتے تھے وہ بھی تھے
جن کی تشنہ لبی خون نبوت کے سوا کسی چیز سے بجھ نہیں سکتی تھی، وہ بھی تھے
جن کے حملوں کا سیلاب مدینہ کی دیواروں سے آکر ٹکراتا تھا، وہ بھی تھے
جو مسلمانوں کو جلتی ہوئی ریگ پر لٹا کر ان کے سینوں پر آتشیں مُہریں لگایا
کرتے تھے"[1]

یہی مختصر اور بلیغ فقرے درحقیقت انشا پردازی کی جان ہیں۔

مولانا اگرچہ عموماً سادہ لکھتے ہیں، تاہم کبھی کبھی جب رنگینی پر اُترتے ہیں تو مولانا آزاد بھی باوجود اپنی قادر الکلامی کے اِس حد تک نہیں پہونچ سکتے۔ چند مثالیں ملاحظہ ہوں۔

"ایران ایک قدرتی چمن زار ہے، ملک پھولوں سے بھرا پڑا ہے۔ قدم قدم پر آبِ رواں، سبزہ زار، اور آبشاریں ہیں، بہار آتی ہے اور تمام سرزمین تختۂ زمردین بن جاتی ہے۔ بادِ سحر کے جھونکے، خوشبوؤں کی لپٹ، سبزہ کی لہک، بلبلوں کی چہک، طاؤس کی جھنکار، آبشاروں کا شور، وہ سماں ہے جو ایران کے سوا اور کہیں نظر نہیں آسکتا"[2]

"لیکن یہ چیزیں اگر مٹ جائیں، تو دفعۃً سناٹا چھا جائیگا اور دُنیا قالبِ بے جان، شراب بے کف، گل بیرنگ، گوہر بے آب ہو کر رہ جائیگی"[3]

"بلبل نے اِسی عالم میں اِس سے زمزمہ سنجی کی تعلیم پائی ہے، پروانے اس کے ساتھ کے کھیلے ہوئے ہیں، شمع سے رات رات بھر وہ سوزِ دل کہتا رہا ہے نسیم سحری کو اکثر اِس نے قاصد بنا کر محبوب کے یہاں بھیجا ہے، بارہا اِس نے غنچہ کی عین اس وقت پردہ دری کی جب وہ معشوق کا تبسم چرا رہا تھا"[4]

اخیر فقرے کی لطافت خاص لحاظ کے قابل ہے۔

مولانا آزاد رنگینی کے بادشاہ ہیں، لیکن رنگینی کے ساتھ ساتھ لطافت اور شکوہ کا لحاظ رکھنا صرف علامہ شبلی کا کارنامہ فخر ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ علامہ شبلی کو جس قدر فارسیت سے ذوق تھا، اتنا آزاد کو نہ تھا، اِس لیے جس قدر پرشکوہ ترکیبیں، اور لطیف تشبیہات اور استعارے علامہ مرحوم کے یہاں ملتے ہیں، مولانا آزاد کے یہاں نہیں ملتے اور اگر ہیں تو خال خال ہیں۔ مولانا آزاد نے

[1] سیرۃ نبوی جلد اوّل صفحہ ۲۸۰ [2] شعر العجم حصہ چہارم صفحہ ۲۱۵ [3] شعر العجم حصہ چہارم صفحہ ۹۸ [4] شعر العجم حصہ چہارم صفحہ ۳۴

ایک ایک لفظ پر غور کرو، کس قدر ادیبانہ انداز میں ڈوبا ہوا ہے "رحمت عالم" اور "پیغمبر صاحب" کا بھی فرق قابل لحاظ ہے۔

قریش نے حضور سرور کائنات کے ساتھ جو برتاؤ کیا، اس کو مولانا نذیر احمد ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں۔

"وہ گرم مزاج لوگ بتوں کی تحقیر اور اپنے بزرگوں کی تحمیق کی تاب نہ لاکر بھڑوں کی طرح چھتوں سے باہر نکل پڑے، اور پیغمبر صاحب کے ساتھ گستاخی اور بے ادبی اور دشنام دہی اور موقع پاکر زد و کوب کا کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھا[1]"

ایک دوسری جگہ پر تحریر فرماتے ہیں۔

"اب تم ان حالات خفۂ صحیحہ کو حاضر فی الذہن رکھکر ٹھنڈے دل سے انصاف سے تجویز کرو کہ پیغمبر صاحب چھوٹا دعویٰ رسالت کرکے کس مفاد کی توقع کر سکتے تھے، اسی دعوے نے تو ان کی یہ گت بنوائی تھی کہ

جھڑکی تو مذتوں سہی مدارات ہوگئی ۔۔۔ گالی کبھو نہ دی تھی سو ابات ہوگئی

باقی ہے مار کھانی تو سن لو گے ایک دن ۔۔۔ اس کی گلی میں اپنی یہ اوقات ہوگئی

اسی دعوے نے ان کو شہر بدر کرایا[2]" ۔۔۔

غور کرو کہ یہ بازاری اور مبتذل اشعار کس شان میں استعمال کئے گئے ہیں! ع

گر فرق مراتب نکنی زندیقی

اب دیکھو علامہ شبلی کا حقیقت نگار قلم اس نازک فرض سے کس ادیبانہ شان کے ساتھ عہدہ برآ ہوتا ہے۔

"خطبہ کے بعد آپ نے مجمع کی طرف دیکھا تو جباران قریش سامنے تھے ان میں وہ حوصلہ مند بھی تھے جو اسلام کے مٹانے میں سب سے پیش رو تھے وہ بھی تھے جن کی زبانیں رسول اللہ پر گالیوں کے بادل برسایا کرتی تھیں وہ بھی تھے جن کی تیغ و سناں نے پیکر قدسی کے ساتھ گستاخیاں کیں تھیں وہ بھی تھے جنھوں نے آنحضرت صلعم کے راستہ میں کانٹے بچھائے تھے وہ بھی

---

[1] اجتہاد صفحہ ۲۹ [2] اجتہاد صفحہ ۸۳

"آخر دعوتِ اسلام کے چودھویں برس پیغمبر صاحب کو جان لے کر مدینہ بھاگ جانا پڑا"[1]

ان الفاظ کو پڑھکر میرا دل خوف اور عبرت سے کانپ اُٹھتا ہے !!

اب دیکھو علامہ شبلی اس واقعہ کو کس طرح لکھتے ہیں۔

"کفار نے جب آپ کے گھر کا محاصرہ کیا، اور رات زیادہ گزر گئی، تو قدرت نے ان کو بے خبر کر دیا، آنحضرت ان کو سوتا چھوڑ کر باہر آئے، کعبہ کو دیکھا اور فرمایا "مکہ! تو مجھکو تمام دنیا سے زیادہ عزیز ہے، لیکن تیرے فرزند مجھکو رہنے نہیں دیتے"[2]

"قدرت نے ان کو بے خبر کر دیا" اس فقرے کی بلاغت پر غور کرو۔ یعنی چوں کہ ہجرت کا حکم خود خدا نے دیا تھا، اِس لئے کفار کا بے خبر ہو جانا محض اتفاقی امر نہ تھا، بلکہ یہ صرف تائیدِ غیبی تھی، لیکن ڈپٹی نذیر احمد کے فقروں سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ نعوذ باللہ حضور نے ہجرت صرف بُزدلی کی بنا پر کی تھی!

ہجرت حبش کا تذکرہ ڈپٹی نذیر احمد ان الفاظ میں فرماتے ہیں۔

"پیغمبر صاحب نے اپنے خاندانی وجاہت کے بھروسہ پر جہاں تک ہو سکا ان نومسلموں کی حمایت کی، لیکن نری وجاہت ایسے لوگوں کی عام شورش کے مقابلہ کیا کام آئے جو ہر وقت مارکٹائی اور بے حرمتی پر تلے رہتے تھے آخر پیغمبر صاحب نے اِن نومسلوں کے تحفظ کے لئے ان کو نجاشی بادشاہ حبشہ کے یہاں چلتا کیا"[3]

"مارکٹائی" "چلتا کیا" "بے حرمتی" کیا اس قسم کے الفاظ ایک پیغمبر کے لئے موزوں ہو سکتے ہیں؟ علاوہ اِس کے خود "پیغمبر صاحب" کے لفظ پر غور کرو کس قدر عامیانہ اندازِ بیان ہے !!

علامہ شبلی اسی واقعہ کو ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں۔

"قریش کے ظلم و تعدی کا بادل جب پیہم برس کر نہ کھلا، تو رحمتِ عالم نے جاں نثارانِ اسلام کو ہدایت کی کہ حبش کو ہجرت کر جائیں"[4]

---

[1] اجتہاد صفحہ ۳۸ — [2] سیرۃ نبوی جلد اوّل صفحہ ۱۹۸ — [3] اجتہاد صفحہ ۳۹

[4] سیرۃ نبوی جلد اول صفحہ ۱۷۱

سادگی ہے، لیکن بہت زیادہ خشک ہے اور کہیں کہیں مبتذل الفاظ اور محاورے استعمال کر جاتے ہیں، جو انشا پردازی کے ہرگز شایان شان نہیں، آزاد کی قدرت زبان اور رنگینی مسلم ہے لیکن زور اور بلندی کا کہیں پتہ نہیں کبھی کبھی عامیانہ محاورے قلم سے نکل جاتے ہیں، جس سے عبارت میں پستی آجاتی ہے، حالی کا طرز تحریر بھی سرسید کی طرح سادہ اور صاف ہے، لیکن عام طور پر خشک اور کمزور ہے، نذیر احمد صرف ایک قادر الکلام اہل زبان ہیں، لیکن ان کا کمال صرف افسانہ نگاری تک محدود ہے، سنجیدہ اور لطیف انشا پردازی سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ غرض کسی صاحب قلم کی عبارت اٹھا کر پڑھو کوئی نہ کوئی کمزوری تم کو محسوس ہوگی۔ لیکن مجموعی حیثیت سے اگر کسی کو کامل الفن انشا پرداز یا ادیب کہا جا سکتا ہے تو وہ صرف علامہ شبلی کی ذات واحد ہے سادگی، سلاست، زور بلندی، اختصار، رنگینی، لطافت، الفاظ کی بندش، فقروں کا دروبست موقع شناسی، غرض مولانا کا طرز تحریر انشا پردازی کی ان تمام خصوصیات کا جامع ہے، مولانا کے بعد انشا پردازانہ حیثیت سے موجودہ زمانہ میں اگر کسی کا نام لیا جا سکتا ہے تو وہ مولانا عبد السلام ندوی رفیق دار المصنفین کی ذات گرامی ہے۔

علامہ شبلی کا انداز تحریر اردو انشا پردازی کا اعلیٰ ترین نمونہ ہے، مولانا کو قدرت کی طرف سے صحیح ترین ذوق عطا کیا ہے، اس لئے وہ ہمیشہ اس بات کا لحاظ رکھتے ہیں کہ کس موقع پر کس قسم کی عبارت لکھنی چاہیئے، اس کا اندازہ مثالوں سے ہو سکتا ہے۔

ڈپٹی نذیر احمد اپنی کتاب اجتہاد میں حضور سرور کائنات کی ہجرت کا تذکرہ ان الفاظ میں فرماتے ہیں۔

> "خدا کا کرنا پیغمبر صاحب کو عین وقت پر معلوم ہو گیا، اندھیرے میں چپکے سے سٹک گئے۔"[1]

نذیر احمد کے معتقدین ان کو جو چاہیں سمجھیں، لیکن ان کی انشا پردازانہ قابلیت اور نکتہ سنجی کا یہ حال ہے کہ ان کو اتنا بھی احساس نہیں کہ کس شخص کے متعلق کس قسم کے الفاظ استعمال کرنے چاہئیں۔ "چپکے سے سٹک گئے" یہ عامیانہ اور بازاری الفاظ ایک معمولی شخص کے متعلق بھی کوئی صحیح المذاق انشا پرداز استعمال نہیں کر سکتا، لیکن ڈپٹی نذیر احمد کی بدمذاقی کو اس کی کیا پروا ہو سکتی ہے، ان کے نزدیک ان کا فرض صرف مفہوم کا کسی طرح ادا کر دینا ہے، خواہ الفاظ کسی قدر پست اور مبتذل ہوں۔

ایک دوسری جگہ تحریر فرماتے ہیں۔

۱؎ صفحہ ۱۴۱

غرض کوئی کامل الفن مصنف کتب بینی کی اہمیت کو نظر انداز نہیں کرسکتا۔

انشا پردازی صاحب دماغ ہونے کے علاوہ مصنف کے لئے صاحب قلم ہونا بھی نہایت ضروری اگر وہ ادیب نہیں ہی تو اس کی تمام جدت طرازیاں بیکار رہیں کیوں کہ نادر بات اگر کمزور اور عامیانہ الفاظ میں بیان کیجائے تو اس کا کوئی اثر نہیں ہوتا، چنانچہ جو مصنفین ادیب یا انشا پرداز نہیں ہوتے وہ اپنے خیالات اور استدلالات کا موثر اور صحیح طور پر اظہار نہیں کرسکتے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہی کہ پڑھنے والے کا دماغ اکثر حقیقی مفہوم تک پہونچنے سے قاصر رہتا ہی اور پوری تصنیف کمزور غیر دلچسپ اور بے مزہ ہو جاتی ہی اسی بنا پر جو مصنفین نکتہ سنج اور بلاغت شناس ہوتے ہیں وہ ہمیشہ انشا پردازی کا خاص طور پر لحاظ رکھتے ہیں تاکہ سلسلہ بیان میں کوئی پراگندگی پیدا نہ ہونے پائے، لارڈ مکالے کی تصانیف کی دلاویزی کا سب سے بڑا رازیہی ہے کہ وہ انشا پردازی کو کبھی نظر انداز نہیں کرتا، چنانچہ وہ معمولی خیال کو اس طرح بیان کرتا ہی کہ پڑھنے والا وجد کرنے لگتا ہی۔

موجودہ زمانہ میں اخبارات ورسائل کی کثرت نے ہر مضمون نگار کو انشا پرداز بنا دیا ہی، چنانچہ ہر شخص جو دو چار سطریں لکھ دیتا ہی اپنے کو ادیب سمجھنے لگتا ہی، لیکن حقیقت یہ ہی کہ ہر صاحب قلم ادیب نہیں ہوسکتا۔

انشا پردازی ایک مستقل فن ہی جس میں کمال حاصل کرنے کے لئے مختلف خصوصیات کی ضرورت ہی یعنی پر زور ہو، لطیف ہو، بلند ہو، الفاظ مختصر اور جامع ہوں، فقروں کے دروبست میں کوئی سستی نہ ہو، ابتذال اور حشو و زوائد سے بالکل پاک ہو، ہر لفظ ہر فقرہ اپنی اپنی جگہ پر موزوں اور مناسب ہو، جس قسم کا خیال ہو، اسی کے مطابق الفاظ بھی ہوں اگر کوئی علمی یا فلسفیانہ مبحث پر لکھنا ہی تو الفاظ سادہ علمی اور فلسفیانہ ہونے چاہئیں، ایسے موقع پر رنگینی سے کام لینا بالکل اصول بلاغت کے خلاف ہی اگر کسی شخص کے حالات زندگی لکھنے ہیں تو اس کی حیثیت کے مطابق الفاظ کا بھی انتخاب ضروری ہی، غرض جیسا موقع ہو اسی کے لحاظ سے طرز تحریر میں بھی تغیر و تبدل ہوتا رہنا چاہیئے، سادگی زور، بلندی، رنگینی وغیرہ ان سب کا خاص موقع اور محل ہوتا ہی جس کا لحاظ ہر بلاغت شناس ادیب کا سب سے بڑا فرض ہی۔

موجودہ دور میں جو لوگ انشا پرداز تسلیم کئے جاتے ہیں ان میں سب سے زیادہ نمایاں سرسید آزاد، حالی، نذیر احمد، وغیرہ ہیں، ان بزرگوں کے کمال سے کس کو انکار ہوسکتا ہی؟ لیکن انصاف یہ ہی کہ ان میں سے ہر شخص کے طرز تحریر میں کچھ نہ کچھ کمی یا نقص موجود ہی۔ سرسید تحریر میں زور اور

وہ اپنے خیالات کو ایک مُرتّب شکل میں پیش نہیں کر سکتے تھے۔

بخلاف اس کے الکلام کو اُٹھا کر دیکھو تو ترتیب خیال کا ایک طلسم کدہ معلوم ہوتا ہے چنانچہ ہر مسئلہ اپنی گوناگوں خصوصیات کے ساتھ ذہن نشین ہوجاتا ہے اور پڑھنے والے کو قطعاً اُلجھن محسوس نہیں ہوتی وجود باری، توحید، نبوت، حقوق انسانی، ملاحدہ کے اعتراضات وغیرہ، غرض اسلام کے تمام اہم اور نازک مسائل پر ایک خاص فلسفیانہ تسلسل کے ساتھ جامع طریقہ پر بحث کی گئی ہے، جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ حسن ترتیب اور قوت انتخاب ایک کامل الفن مصنف کے لئے کس حد تک ضروری ہے۔

وسعت معلومات | تصنیف و تالیف کا مذاق بالکل فطری ہے جس طرح ایک شخص جو فطرۃً شاعرانہ مذاق سے بے بہرہ ہے محض فن عروض پڑھکر شاعر نہیں بن سکتا۔ اسی طرح ایک صاحب علم محض کتابوں کے مطالعہ سے مصنف نہیں ہوسکتا تاہم اس سے انکار نہیں ہوسکتا کہ وسیع المطالعہ ہونا مصنف کے لئے ضروری ہے کیوں کہ بغیر اس کے نظر میں وسعت نہیں پیدا ہوسکتی اور نہ کسی مسئلہ یا واقعہ پر جامع حیثیت سے بحث کی جاسکتی ہے، مطالعہ کتب سے ایک بڑا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ ایک خاص مسئلہ کی متعلق مختلف قسم کے موافق اور مخالف خیالات کا ایک معتد بہ ذخیرہ پیش نظر ہوجاتا ہے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بحث و تحقیق کے وقت مصنف کی نظر سے کوئی پہلو فروگذاشت ہونے نہیں پاتا، جو لوگ محض اپنی فطری ذکاوت پر اعتماد کرکے کسی موضوع پر قلم اُٹھاتے ہیں ممکن ہے کہ ان کی تصانیف میں طرز استدلال کی لطافت، خیالات کی ندرت وغیرہ موجود ہو، لیکن جامعیت کا وصف پیدا نہیں ہوسکتا، علامہ شبلی کی تصانیف میں یہ وصف ہمیشہ نمایاں رہتا ہے اس کی وجہ یہی ہے کہ مولانا ایک واقعہ یا مسئلہ کے لئے سینکڑوں ورق اُلٹتے تھے، چنانچہ یہ کہنا مبالغہ نہ ہوگا کہ مولانا نے جس چیز پر جو کچھ لکھدیا ہے اس سے زیادہ لکھنا تقریباً ناممکن ہے، الفاروق میں مولانا نے جس جامعیت کے ساتھ حضرت عمرؓ کے حالات زندگی لکھے ہیں، کیا اس پر ایک حرف بھی اضافہ ہوسکتا ہے؟ میرے نزدیک وہ تصنیف تصنیف نہیں جس سے پڑھنے والے کی معلومات میں کوئی خاص اضافہ نہ ہو۔ لیکن یہ اسی وقت ہوسکتا ہے جب کہ مصنف خود وسیع المعلومات ہو۔

کتب بینی سے خیالات میں ایک خاص وسعت پیدا ہوجاتی ہے جس سے بحث و تنقید میں بہت زیادہ مدد ملتی ہے۔ چنانچہ یہ صرف کتب بینی کا فیض ہے کہ لارڈ مکالے جس موضوع پر چاہتا ہے، نہایت آسانی کے ساتھ معلومات کا ایک انبار لگا دیتا ہے اور کوئی پہلو نظر انداز ہونے نہیں پاتا۔

صفحے کے صفحے رنگ ڈالے اور میر انیس کے متعلق چند سطریں لکھکر رہ گئے، حالاں کہ شاعرانہ حیثیت سے اِن بزرگوں کو میر انیس سے کیا نسبت!

ڈپٹی نذیر احمد کی مشہور مذہبی تصنیف، اجتہاد کا بھی ایک بڑا نقص یہی ہے یعنی مسائل کی بحث و تنقید میں کوئی تسلسل اور ترکیب نہیں ہے، بلکہ اکثر پریشان گوئی سے کام لیا گیا ہے، ڈپٹی صاحب نے مختلف عنوانات کی تحت میں اپنے خیالات کا اظہار فرمایا ہے۔ جو بالکل پراگندہ، منتشر اور غیر مربوط ہیں، پہلا مستقل عنوان "خدا شناسی" ہے جس میں انھوں نے یہ دکھلایا ہے کہ وجود باری کا احساس انسان کی فطرت میں داخل ہے اور مختلف دلائل کے ذریعہ سے اس کو ثابت کیا ہے اس کے بعد توحید و شرک کے عنوانات قایم کرکے پھر "وجود باری" کا عنوان قایم کیا ہے۔ حالاں کہ پہلے عنوان کا موضوع سخن یہی تھا، لیکن چوں کہ سلسلۂ خیال غیر منضبط تھا، اس لئے پہلے عنوان میں اپنے کل خیالات کا مرتب صورت میں اظہار نہ کرسکے، جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ سلسلۂ کلام میں نظام باقی نہ رہ سکا چنانچہ شرک کے عنوان میں اس مسئلہ کو دوبارہ لکھ گئے ہیں اور کچھ دور چل کر ایک علٰحدہ عنوان قایم کیا ہے یعنی "حسن و قبح کا احساس فطری ہے" حالاں کہ اِس کا تذکرہ عنوان اوّل میں کردینا چاہیئے تھا اس کے لئے کسی مستقل عنوان کی ضرورت نہ تھی، اگر تھی تو اس قسم کے اصولی مسائل کا تذکرہ شروع میں ہونا چاہیئے، لیکن ڈپٹی صاحب نے اسلامی معتقدات کے دَوران بحث میں اس مسئلہ کو چھیڑ دیا ہے جس سے ترتیب میں غیر معمولی انتشار پیدا ہوگیا ہے "وجود باری" کے بعد اسلام کے مخصوص عقاید مثلاً توحید رسالت وغیرہ پر بحث ہونی چاہیئے تھی، لیکن مولانا نے "دین اسلام کی سہولتوں" کا تذکرہ چھیڑ دیا ہے اور اِس عنوان کے تحت میں اکثر غیر متعلق باتیں لکھ گئے ہیں، مثلاً ہجرت، معرکۂ بدر اسلامی فتوحات، اقسام طب وغیرہ ان چیزوں کو اس عنوان سے کیا تعلق؟ اسی عنوان کے تحت میں اسلام کا دیگر مذاہب سے مقابلہ بھی ہونا چاہیئے تھا۔ اس کے لئے علٰحدہ عنوان کی ضرورت نہ تھی۔ لیکن مولانا نے اسلامی عقائد پر بحث کے بعد اس مسئلہ کو پھر چھیڑ دیا ہے "رسالت" کے سلسلہ میں مولانا نے ایک عنوان "پیغمبر اسلام کی صداقت" کے نام سے قایم کیا ہے، جس کو اصل موضوع سے بہت کم تعلق ہے، چنانچہ کہیں علم قیافہ پر بحث کی گئی ہے۔ کہیں ابوطالب کے اشعار نقل کئے گئے ہیں کہیں تعمیر کعبہ کا تذکرہ کیا گیا ہے، کہیں یزید کی فوج کشی کا حال ہے۔ کہیں حضرت خدیجہ کی شادی کا بیان ہے، غرض اسی قسم کے غیر متعلق واقعات کے ذریعہ سے پیغمبر اسلام کی صداقت پر روشنی کی کوشش کی گئی ہے۔ اِس پریشان گوئی کی حقیقی علت صرف یہ ہے کہ ڈپٹی نذیر احمد کا دماغ فلسفیانہ نہ تھا، اس لئے

علم کلام وغیرہ ان تمام فنون میں وہی کامل الفن ہو سکتے ہیں، جن کا دماغ فلسفیانہ ہوتا ہے کیونکہ ایک غیر فلسفی نہ واقعات ومسائل کی صحیح طور پر ترتیب دیکھتا ہے اور نہ ان سے استنباط نتائج کر سکتا ہے، مثلاً تاریخ کو لو، عام خیال ہے کہ تاریخ محض افسانہ نگاری کا نام ہے یعنی چند واقعات یکجا جمع کر دیئے جائیں، لیکن حقیقت یہ ہے کہ ایک کامل الفن مورخ کی شان اس سے بہت زیادہ بلند ہے، اِس کا اصلی کمال واقعات کی ترتیب نتائج کا استنباط اور تحقیق وتنقید ہے لیکن یہ اوصاف ہمیشہ انھیں مؤرخین کی تصانیف میں نظر آتے ہیں، جو فلسفۂ تاریخی سے واقف ہوتے ہیں، الفاروق میں علامہ شبلی نے جو حالات و واقعات قلمبند کیے ہیں، ان سے ممکن ہے کہ اور ارباب علم بھی واقف ہوں، لیکن جس طرح واقعات وحالات کی ترتیب وتحقیق میں مولانا نے اصول درایت سے کام لیا ہے، وہ صرف اسی شخص کا کام ہو سکتا ہے، جو علاوہ وسیع المطالعہ ہونے کے فلسفی بھی ہو، مولوی حبیب الرحمٰن خاں شروانی نے حضرت ابو بکر صدیق کی سیرۃ میں مولانا کی تقلید کی کوشش کی ہے، لیکن الفاروق سے کیا نسبت! آزاد مرحوم کی دربار اکبری ایک تاریخی تصنیف خیال کی جاتی ہے، لیکن فلسفۂ تاریخی کے نکتہ شناس جانتے ہیں کہ اس کو تاریخی حیثیت سے کیا وقعت حاصل ہے؟ کتب خانہ اسکندریہ اور مضامین عالمگیر میں علامہ مرحوم نے جس پر زور طرز استدلال کے ساتھ مخالفین کی تردید کی ہے، کیا ایک ایسے مؤرخ سے جو فلسفۂ تاریخی سے ناآشنا ہے، اس کی توقع کیجا سکتی ہے؟

ترتیب و انتخاب | ایک مصنف کی بڑی خصوصیت قوت انتخاب ہے یعنی کس چیز کو لکھنا چاہیئے اور کیا چھوڑ دینا چاہیئے؟ اسی کے ساتھ ترتیب کا لحاظ بھی نہایت ضروری ہے یعنی کون سی بات کہاں لکھنی چاہیئے؟ لیکن اس کا احساس بہت کم لوگوں کو ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ اکثر حضرات غیر ضروری باتیں لکھ جاتے ہیں اور ضروری باتوں کو چھوڑ دیتے ہیں جس سے کتاب وقعت بہت زیادہ گھٹ جاتی ہے، موجودہ دَور کے مصنفین میں یہ خصوصیت علامہ شبلی کی تصانیف میں خاص طور پر نمایاں رہتی ہے، مثلاً شعر العجم کو لو، اکثر لوگوں کا اعتراض ہے کہ مولانا نے اکثر نامور شعرا مثلاً قاآنی، ظہیر، خاقانی وغیرہ کے تذکرے قلم انداز کر دئے، لیکن یہ لوگوں کو معلوم نہیں کہ شعر العجم ایک خاص اصول پر مبنی ہے۔ یعنی مولانا نے صرف انھیں شعرا کو لیا ہے، جو کسی خاص طرز کے موجد تھے یا کسی صنف شاعری میں کوئی مخصوص جدت پیدا کی اس لئے ان شعرا کا تذکرہ جو محض مقلد تھے، اصولی حیثیت سے بالکل فضول تھا، بخلاف اس کے مولانا نے آب حیات میں جرأت اور انشا وغیرہ کے حالات میں

موجودہ زمانہ میں حضور سرور کائنات کی متعدد سیرتیں لکھی گئی ہیں لیکن سب نے غزوہ بدر کے محض سادہ واقعات پر اکتفا کیا ہے، اس نکتہ کی طرف کسی مصنف کا ذہن منتقل نہیں ہوا، اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ یہ لوگ فلسفی نہ تھے، اس لئے یہ مسئلہ نظرانداز ہوگیا، لیکن علامہ شبلی کی دقیقہ رس نگاہ سے یہ نکتہ کیوں کر بچ سکتا تھا؟ چنانچہ سیرۃ نبوی جلد اوّل میں مولانا نے ایک مستقل عنوان کی حیثیت سے اس مسئلہ پر بحث وتنقید کی ہے، اور فلسفیانہ دلائل سے یہ ثابت کیا ہے کہ غزوۂ بدر کا مقصد کاروان تجارت کی غارت گری نہیں، بلکہ قریش کے حملہ کا دفاع تھا، یہی وہ نازک مواقع ہیں جہاں ایک عالی دماغ مصنف کا اصلی جوہر کمال نمایاں ہوتا ہے۔

شمس العلما ڈپٹی نذیر احمدؒ کی ایک مشہور علمی تصنیف اجتہاد ہے۔ جس میں انھوں نے اسلام کے اہم مسائل مثلاً وجود باری، توحید، رسالت، عبادات وغیرہ پر بحث کی ہے اور یہ دکھایا ہے کہ اسلام دنیا کے تمام ادیان ومذاہب سے افضل اور برتر ہے، علامہ شبلی مرحوم نے بھی الکلام کے دوسرے حصہ میں انھیں مسائل کو اپنا موضوع سخن قرار دیا ہے۔ دونوں کا موازنہ کرو تو فلسفی اور غیر فلسفی کا فرق صاف نمایاں ہوجاتا ہے۔ ڈپٹی نذیر احمدؒ نے ان مسائل کو صرف سادہ طریقہ پر بیان کردیا ہے۔ اور کہیں کہیں فلسفیانہ دلائل سے کام لیا ہے، جو بہت زیادہ دقت نظر پر مبنی نہیں ہیں، حالاں کہ مصنفانہ حیثیت سے انکا یہ فرض تھا کہ ملاحدہ اور دیگر مخالفین اسلام نے جو اعتراضات کئے ہیں، ان کو نقل کرکے ان کی تردید کرتے، علامہ مرحوم نے اس فرض کو نہایت خوبی کے ساتھ انجام دیا ہے، چنانچہ مخالفین کے علاوہ اسلام کے مختلف فرقوں کے خیالات ومعتقدات پر نہایت تفصیلی بحث کی ہے جس سے مسئلہ کا ہر ممکن پہلو پیش نظر ہوجاتا ہے، علاوہ اس کے اجتہاد کا دوسرا نقص یہ ہے کہ اکثر ضروری مسائل چھوڑ دیئے گئے ہیں، مثلاً حقوق انسانی، حقوق الذمیین، عورت کی حیثیت، اصول تمدن، طلاق وغیرہ یہی وہ مسائل ہیں، جن کی بنا پر اسلام کا دعویٰ ہے کہ وہ دُنیا کا مکمل ترین مذہب ہے۔ ڈپٹی نذیر احمدؒ نے ان مسائل سے بہت کم اعتنا کیا ہے، حالاں کہ یہی مسائل مخصوص طور پر توضیح وتشریح کے محتاج تھے، بخلاف اس کے مولانا نے الکلام میں انھیں مسائل کو بہت زیادہ پھیلا کر لکھا ہے جس سے ایک طرف اسلام کی حقیقی عظمت وفضیلت ظاہر ہوتی ہے اور دوسری طرف مولانا کی دقت رسی اور نکتہ پروری کا اندازہ ہوتا ہے۔

غرض کسی فن کو لو، مصنف کے لئے فلسفی ہونا نہایت ضروری ہے، تفسیر، حدیث، تاریخ،

شعرا کے لطائف وظرائف کو ہرشخص بجا کر سکتا تھا، لیکن چوں کہ آزاد کا دماغ فلسفیانہ نہ تھا، اس لئے یہ اہم اور نازک مسائل ملحوظ خاطر نہ رہ سکے، بخلاف اس کے شعرالعجم کو دیکھو، تو صاف نظر آتا ہی کہ یہ کسی دقیق النظر مصنف کی لطافت آفرینیوں کا مرقع ہے، چنانچہ شعرالعجم کے پڑھنے سے فارسی شاعری کے ارتقائے تدریجی کا ہر ضروری پہلو نمایاں ہو جاتا ہی اور جوں جوں اوراق اُلٹتے جاتے ہیں، شاعری کا ہر دورمعہ اپنی گوناگوں خصوصیات کے آنکھوں کے سامنے آجاتا ہی، غرض شعرالعجم ایک مکمل آئینہ ہی، جس میں ایرانی شاعری کے حلیۂ وجود کا ایک ایک خط وخال نظر آتا ہی۔

شاہنامہ اب تک زال ورستم کی معرکہ آرائیوں کا ایک افسانہ سمجھا جاتا تھا، لیکن انھیں معرکہ آرائیوں سے اس زمانہ کی تہذیب وتمدن کا پتہ لگانا صرف علامہ مرحوم کی دقیقہ رس اور ژرف بیں نگاہ کا کام ہو سکتا تھا، چنانچہ علامہ مرحوم نے حصۂ اوّل میں مثالوں کے ذریعہ سے اس کی تفصیل کی ہی اور یہ دکھلا دیا ہے کہ صرف شاہنامہ کی مدد سے اس زمانہ کی تہذیب وتمدن کا پورا پتہ لگایا جا سکتا ہی۔ علاوہ اس کے شاہنامہ اور دیگر شعرا ایران کے کلام پر علامہ مرحوم نے جس لطافت اور دقت نظر کے ساتھ تنقید کی ہی، کیا اس کی ایک مثال بھی آبِ حیات میں مل سکتی ہی؟

مثنوی مولوی روم بظاہر چند فرضی افسانوں کا مجموعہ معلوم ہوتی ہے، چنانچہ عام طور پر واعظین اور علما محض گرمیِ محفل کے لئے اس کے اشعار پڑھتے ہیں، لیکن یہ کس کو معلوم تھا کہ انھیں افسانوں میں علم کلام کے اسرار ومعارف بھی پنہاں ہیں، یہ صرف علامہ شبلی کا فلسفیانہ دماغ تھا، جس نے ان فرضی حکایتوں سے ایک مستقل علم کلام مرتب کر دیا، چنانچہ سوانح مولوی روم میں مولانا نے مثنوی کی معنوی حیثیت وعظمت کو جس لطیف پیرایہ میں نمایاں کیا ہی، اس سے اندازہ ہوتا ہی کہ مولانا کے دماغ میں بلاغت شناسی اور حقیقت سنجی کی صلاحیت کس حد تک موجود تھی!

غزوات نبوی میں سب سے زیادہ اہم غزوہ بدر ہی جس کے متعلق علاوہ مخالفین کے اکثر اسلامی مؤرخین نے بھی اس خیال کے اظہار کی جرأت کی ہی کہ اس کا مقصد کارواں تجارت کا لوٹنا تھا، یہ ایک نہایت اہم اور نازک مسئلہ ہی، جس کا حل کرنا ہر سیرت نگار کا بہت بڑا فرض ہی

خصوصیاتِ مصنّف

عام خیال ہی کہ چند مسائل یا واقعات کا کتابی صورت میں پیش کر دینا ایک مصنف کے لئے کافی ہی، لیکن حقیقت یہ ہی کہ اس سے زیادہ مشکل کوئی فن نہیں، ہر صاحب قلم تصنیف و تالیف کا فرض انجام نہیں دیسکتا۔ ع

نہ ہر کہ آئینہ سازد سکندری داند

تصنیف ایک مستقل فن ہی جس کے لئے مخصوص اوصاف درکار ہیں، ان اوصاف کی تفصیل حسب ذیل عنوانات میں کی جاسکتی ہی۔

مصنّف کا فلسفی ہونا ضروری ہی | ایک کامل الفن مصنف کے لئے سب سے پہلی شرط یہ ہے کہ وہ فلسفی ہو۔ اس سے یہ مُراد نہیں کہ اس نے فلسفہ من حیث الفن پڑھا ہو، کیوں کہ اکثر ایسے فلسفہ داں گزرے ہیں جو مصنف نہ تھے بلکہ مطلب یہ ہی کہ فطری طور پر اس کا دماغ فلسفیانہ ہو تاکہ واقعات و مسائل کی بحث و تحقیق میں نکتہ رسی اور ژرف نگاہی سے کام لے سکے۔ اگر مصنف کا فرض صرف اسی قدر ہی کہ ایک خاص موضوع یا مبحث پر جس قدر معلومات مل سکے فراہم کر دے، تو ہر صاحب علم مصنف ہونے کا دعویٰ کر سکتا ہی۔ لیکن حقیقی مصنف کی شان اس سے بہت زیادہ بلند ہی۔ اس کا اصلی طغرائے کمال تحقیق و تنقید ہی، یعنی کیا لکھنا چاہیئے اور کس ترتیب کے ساتھ لکھنا چاہیئے، کون سا واقعہ یا مسئلہ ضروری ہی اور کون سا غیر ضروری ان سب باتوں کا احساس صرف اسی شخص کو ہو سکتا ہی جو فلسفی اور حقیقت شناس ہوتا ہی، ایک غیر فلسفی تصنیف کے ان نازک فرایض سے عہدہ برآ نہیں ہو سکتا، مثلاً مولانا محمد حسین آزاد کو لو، آب حیات، ان کی سب سے زیادہ مشہور اور قابل فخر تصنیف ہی، لیکن چوں کہ آزاد مرحوم فلسفی نہ تھے اس لئے اردو شاعری پر صحیح معنوں میں تنقید نہ کر سکے، چنانچہ آب حیات کو پڑھکر قطعاً اس کا اندازہ نہیں ہوتا کہ اردو شاعری کی ابتدا کیوں کر ہوئی؟ کیا کیا دور قایم ہوئے؟ عہد بعہد کیا کیا ترقیاں ہوئیں؟ کیا کیا انقلاب بدلے؟ ملک اور قوم کے حالات نے شاعری پر کیا اثر ڈالا؟ خود شاعری سے قوم کس طرح متاثر ہوئی؟ اور نہ کس طرح متاثر کیا؟ انھیں سوالات کا جواب حقیقت میں آب حیات

فانوسِ حیات یا زندانِ وجود

(نتیجہ فکر مسٹر آصف علی بیرسٹر ایٹ لاء بی۔ اے سنٹرل جیل دہلی)

فانوسِ حیات ہے وہ زنداں
ہے شمع وجود جس میں عریاں

گل میں ہی ازل سے رنگ محبوس
ہے شعلۂ بو کا غنچہ فانوس

پیکر میں بشر کے خوں ہے محصور
ہو چنگ میں جیسے نغمہ مستور

پابند سلاسلِ روانی
خود قطروں کی قید میں ہی پانی

صہبا کا قفس بنا ہی مینا
ہیں تجلیاں رز کی صیدِ صہبا

ہے دُرج صدف میں قید گوہر
شعلہ ہے اسیرِ دامِ اخگر

کہسار، وہ ہمجلیس دَوراں
وادی میں کھڑے ہیں پا بجولاں

اِک دام ہے خامشی، سراسر
ہے مُرغ کلام جس میں مضطر

ظلمات، قفس ہے، روشنی کا
اور سایہ ہی صید چاندنی کا

ہو طیرِ سخن ہزار عنقا
کب فکر کے دام سے ہے بچتا

ہی دَورِ حیات ایک زنداں
ہیں جس میں تمام پا بجولاں

(منقول)

انفاسِ مسیح

گلِ تازہ تر زچمن مجو، بتِ گلعذار بہ من درآ
اگرت بسر ہوس ہست ازو، در سینہ زن بچمن درآ

بگذار اے ہوسِ جہاں، کہ کنم نداش بگوشِ جاں
چو دہد سروش زآسماں، کہ تو اے فلاں بہ وطن درآ

تو اے زلفِ از رخِ یار ما، دم خواب ناز مشو جدا
چو از وجد اگند عتبہ صبا، تو زبہر ہی شکن درآ

نظرے بمن بتِ چین من، بدر رت رسید جبین من
بلب است جانِ حزین من، لب خود کشا بسخن درآ

تو ز درد عشق فغاں مکن، تو ز دیدہ اشک رواں مکن
تو نہانِ خویش عیاں مکن، تو چو عاشقی بہ رسن درآ

بکشا ز زہد خود گرہ، چو رسد پیام ز میکدہ
کہ ز کہنہ حجرۂ خانقہ، بخم شراب کہن درآ

بتو گفتم اے لب مشتری، کہ تراست حاجتِ رہبری
چو تو خواہی لعل و گہر خری، زرہِ سخن بعدن درآ

(ہزار داستان) (حکیم اجمل خاں صاحب)

جس میں سال بسال تبدیلی نہیں ہوتی۔

کیوں صاحب آپ کے ہاں کوئی ماہواری رسالہ بھی نکلتا ہے؟

پروفیسر طیش میں آکر بولا، مریخ کی دُنیا میں اخبار رسالے کتابیں وغیرہ نہیں کیوں کہ اِن سے سوائے اِس کے کچھ فائدہ نہیں ہے کہ ذہن کے جواہر جھوٹ کے تیزاب سے اُجلے کئے جائیں۔

یہ تو فرمایئے آپ کی یونیورسٹی کو حکومت کی مداخلت سے فائدہ ہوتا ہے یا نقصان۔

پروفیسر نے کہا یہاں کوئی حکومت نہیں ہے ہر شخص آزاد و خود مختار ہے۔

آپ کے ہاں کرکٹ ٹینس، فٹ بال وغیرہ کھیل بھی ہوتے ہیں یا نہیں؟

ہمارے ہاں یہ کھیل نہیں ہیں، بلکہ کوئی کھیل بھی نہیں ہے۔ کیوں کہ ہم لوگ اپنے لڑکوں کو باریک حرف کی کتابیں نہیں پڑھاتے، نل کا پانی نہیں پلاتے، راتوں کو نہیں جگاتے، پابندی کا مشترکہ اور غیر مرغوب کھانا نہیں کھلاتے، اِس واسطے اُن کو ورزش کی ضرورت نہیں ہوتی۔ وہ سیکڑوں میل روزانہ چلتے ہیں، کیوں کہ یہی اُن کا پڑھنا ہے کہ مریخ کی دُنیا کو دیکھیں اور سمجھیں اور اسی کو ہم علم سمجھتے ہیں۔

تو پھر آپ کے ہاں کالج کی عمارتیں بھی نہ ہوں گی؟

نہیں وہ تو ہیں، کیوں کہ ہم سو برس کی عمر تک لڑکوں کو آبادی سے علیحدہ رکھتے ہیں سو برس کے بعد اُن کی شادی ہوتی ہے اور وہ عموماً تین سو برس کی عمر میں مرجاتے ہیں۔ ہمارے ہاں کوئی بیمار نہیں ہوتا، اِس لئے حکیم ڈاکٹر بھی کوئی نہیں ہے۔

آپ کے ہاں کسی کا نام حسن نظامی بھی ہے؟

نہیں، ہم لوگ کسی کا نام نہیں رکھتے، کیوں کہ ہماری آنکھوں میں ایسی قوت ہے کہ جب کسی کو پکارنا یا مخاطب کرنا چاہتے ہیں تو اُس کو غور سے دیکھتے ہیں، وہ خود ہماری طرف متوجہ ہو جاتا ہے۔

آپ کو ہماری زمین کا کچھ حال معلوم ہے؟

ہاں، ہم سب کچھ جانتے ہیں، تم لوگ آدمی کا فوٹو ہو، زندہ آدمی نہیں ہو۔ یہ کہا اور چلا گیا۔ میں بھی اندر سے باہر آگیا۔

(حسن نظامی)

اندر دیکھ۔ میں نے گھبرا کو سوچا، اندر کیوں کر دیکھوں، مجھے تو سب باہر ہی نظر آتا ہے، حکم ہوا مریخ تیری پیشانی کی اندرونی تہ میں ہے۔ آنکھوں کو اوپر اٹھا، بھووں کو دیکھ، نظر جما، تھوڑی دیر میں اندر پہونچ جائے گا۔ میں نے ایسا کیا۔ لگا، دُکھنے لگی، آنکھوں میں درد ہونے لگا۔ چاہتا تھا کہ بھاگ کر واپس آ جاؤں اور اس تکلیف سے چھٹکارا پاؤں کہ یکایک دروازہ کھُل گیا اور میں مریخ کو دیکھنے لگا، جو دائیں طرف پیشانی کے چمک رہا تھا۔

وہاں تو پوری دُنیا آباد تھی۔ ایک شہر علی گڑھ کے نمونہ کا دکھائی دیا۔ خیال آیا یہاں کالج اور یونیورسٹی بھی ہو گی۔ دیکھا تو سب کچھ موجود تھا۔

پروفیسر صاحب مسجد کے دروازے میں کھڑے تھے۔ میں نے کہا، جناب مریخ کی یونیورسٹی اور زمین کی مسلم یونیورسٹی میں کیا فرق ہے؟ انھوں نے کہا مسلم غیر مسلم کی یہاں بحث نہیں ہے مریخی باشندے مذہب، ذات اور ملک کے پابند نہیں ہیں، وہ تو علم حاصل کرتے ہیں، ذات پات کے جنجال کو چھوڑ کر یہاں آتے ہیں۔

یہاں بادشاہوں اور امیروں کے خوشامدی مصاحبوں کی طرح جھوٹ اور سچ ملا کر نہیں بولا جاتا، کہ بادشاہ نے کہا مُلی بہت اچھی ہوتی ہے تو سب مصاحب مُلی کی تعریف میں آسمان زمین کے قلابے ملانے لگے اور اسی وقت بادشاہ نے کہا کہ مُلی بہت بُری چیز ہے تو فوراً مُلی کی بُرائیاں ہونے لگیں۔

میں نے کہا، آپ میری زمین کی یونیورسٹی کو بدنام نہ کیجئے یہ اُس پر بہتان ہے۔ انھوں نے کہا، یونین کے مباحثات کو نہیں سُنا کہ ایک فریق مسئلہ کی موافقت میں تقریر کرتا ہے اور دوسرا مخالفت میں۔ جو مخالف ہوتا ہے وہ دل میں جانتا ہے کہ جس چیز کے میں خلاف ہوں وہ در حقیقت مخالفت کے قابل نہیں ہے، مگر قوّت تقریر ظاہر کرنے کو دو طرح طرح کی دلیلیں مخالفت کی پیدا کرتا ہے۔ یہی حال بادشاہ کے مصاحبوں کا ہوتا ہے۔ وہ بھی بادشاہ کے خوش کرنے کو اصلیت کے خلاف دلیلیں پیدا کیا کرتے ہیں اور اس سے اُن کی قوّت ایمانیہ سلب ہو جاتی ہے۔

میں نے کہا، آپ تو مذہبی بحث لے بیٹھے، میں کسی اور غرض سے یہاں آیا تھا۔ اچھا بتائیے آپ کے ہاں کیا پڑھایا جاتا ہے۔ پروفیسر نے کہا، مریخ کی ہستی پڑھائی جاتی ہے یہاں کتاب کوئی نہیں پڑھتا، مریخ کی موجودات کا مشاہدہ کرایا جاتا ہے، اور یہ ایسا کورس ہے،

مریخ کی یونیورسٹی

سُنا تھا آج کل ستارہ مریخ زمین کے بہت قریب آجائے گا یورپ و امریکہ کے باشندے آلات دُوربین کے ذریعہ اُس کے حالات معلوم کریں گے۔ مَیں ہندوستانی میرے پاس وہ چیزیں کہاں جن سے مریخ کو دیکھ سکتا! مگر شوق دیکھنے کا بہت زیادہ۔ آخر مُرشد سے اپنی مُراد عرض کی، اُنھوں نے ارشاد کیا تو کون سے مریخ کو دیکھنا چاہتا ہے؟

کون سا مریخ! یہ سرکار کیا فرماتے ہیں، مریخ تو ایک ہی ہے جو آسمان پر چمکتا نظر آتا ہے۔ نہیں سُورج بے شمار ہیں، چاند لاتعداد ہیں، زمینیں اَن گنت ہیں اور مریخ بھی بہت سے ہیں۔

جس طرح گورکھ دھندے کی ڈبیا ہوتی ہے کہ ایک بڑی ڈبیا، اِس کے اندر اِس سے ذرا چھوٹی، پھر اِس کے اندر اِس سے ذرا کم، اِس طرح دس بارہ ڈبیاں ایک سُورج کے اندر لاکھوں سُورج ایک چاند کے اندر لاکھوں چاند، ایک مریخ کے اندر لاکھوں مریخ اور ایک زمین کے اندر لاکھوں زمینیں۔

اور تعجب کی بات یہ ہے کہ ہر سُورج کے اندر چاند ہے اور ہر چاند کے اندر سُورج ہے اور ہر مریخ کے اندر زمین ہے اور ہر زمین کے اندر مریخ اور وہ چھوٹی ڈبیا کی طرح زمین کی بڑی ڈبیا میں بند ہے۔ اِس چھوٹی ڈبیا یعنی انسانی جسم کے اندر چھوٹے چھوٹے سُورج۔ چھوٹے چھوٹے چاند اور چھوٹے چھوٹے مریخ اور تمام کائنات کے سب چھوٹے چھوٹے نمونے موجود ہیں۔

پس اگر تو آسمان کے مریخ کو دیکھنا چاہتا ہے تو اپنے اندر کے چھوٹے مریخ کو دیکھ لے۔ میں خوردبین تجھکو دیئے دیتا ہوں اِس سے تجھکو مریخ بڑا نظر آئے گا اور تو بغیر کسی دشواری کے مریخ کی سیر کر لے گا۔

مجھے مرشد پاک کے اِس بیان سے حیرت تو بہت ہوئی، مگر میں اُن کو نائب رب العٰلمین مان چکا ہوں۔ اِس واسطے اُن کے ارشاد پر شک کرنا کفر تھا۔

عرض کیا، تو حضور مجھکو اپنے فضل سے میرے باطنی مریخ تک پہونچا دیجیے۔ فرمایا،

کلامِ بے خود

"ذیل کی دو غزلیں اشفاق حسین صاحب بے خود متعلم انٹرمیڈیٹ کالج کے نتائج افکار سے ہیں، ناظرین پہلی غزل کا لطیف سوز و گداز اور دوسری کی روانی اور نشتریت ملاحظہ فرمائیں اور بے خود صاحب کے صحتِ ذوق کی داد دیں۔"

اللہ رے یہ جوشِ فراوانِ تمنا! — ہر اشک کے قطرے میں ہے طوفانِ تمنا
مایوس نہ ہو، چھوڑ نہ دامانِ تمنا — بیتابیِ دل: جانِ جگر، جانِ تمنا!
سمجھائے اسے کوئی، مرے دل کو ہوا کیا — کس دُھن میں ہے یہ سوختہ سامانِ تمنا
پھر کشتیِ اُمید کی ہو خیر الٰہی! — اُٹھا ہے دلِ زار میں طوفانِ تمنا
آباد ہے اک گوشۂ دل یاس کے دم سے — دل ورنہ ہے اک گورِ غریبانِ تمنا
بجھتا ہے چراغِ دلِ ناکام کسی کا — اے سوزِ جگر: شمعِ شبستانِ تمنا!
اللہ رے رتبہ یہ گدایانِ جنوں کا! — لیتے ہیں قدم خارِ بیابانِ تمنا
ہاں ہاں یہ ہمیں پاس ستم ساز بتائیے — یہ کس نے کیا خونِ شہیدانِ تمنا
کیا پوچھتے ہو گریۂ سیلاب رواں کو — آنسو کی طرح بہ گیا ایوانِ تمنا
منہ اُٹھ کے نہ دیکھا کبھی اُمید سحر کا — گزری ہی نہیں شامِ غریبانِ تمنا
طولِ شبِ ہجراں ہو کہ ہو عرصۂ محشر — بڑھ کر ہے کہیں وسعتِ دامانِ تمنا

بے خود یہ ہے سب فیض مرے جوشِ جنوں کا
باقی نہ رہا تارِ گریبانِ تمنا

کرتا ہے یہ کیا دیوانے، تو کیوں جان کو اپنی کھوتا ہے — کیا یہ بھی نہیں معلوم تجھے، کب کوئی کسی کا ہوتا ہے؟
تو دیکھ بتوں سے عشق نہ کر، کہتے تھے یہی ہم دل سے مگر — کچھ اس نے نہ مانا اپنا کہا، کمبخت پڑا اب روتا ہے
جب ضبط کیا تو دھوکا ہوا، پھر درد گھٹا تسکین ہوئی — تسکین ہوئی تو شوق بڑھا، پھر شوق میں کیا کیا ہوتا ہے!
کیا حال بتاؤں دل کا تمہیں کمبخت یہ کیا کیا کرتا ہے — جب یاد تمہاری آتی ہے، سر دھنتا ہے اور روتا ہے
سویا ہے مریضِ ہجر ابھی، ہاں ہاں نہ جگاؤ اس کو کوئی — کیا جانے تجھے کیا جاگ کے وہ، اچھا ہے جو فتنہ سوتا ہے

بیکار یہ تیرے شکوے ہیں، ناکام سب تدبیریں ہیں
ہوتا ہے وہی بس اے بے خود تقدیر میں جو کچھ ہوتا ہے

(بیخود)

متین و سنجیدہ غور و فکر کے بارگاہ میں بصیرت کی زندگی گزارنے والوں کو وہ
ترحم و نفریں کی نگاہ سے دیکھتے ہیں مگر اس سے یہ نہیں کہ وہ سوچنے کی صلاحیت سے
بالکل بے بہرہ ہیں۔ اُن کے جستجو و گریز کا تعلق محض ذہنیات تک محدود ہے۔ جذبات کی رقیق
وحشیانہ معاملات میں وہ سیماب وشی پر آخری لفظ ہیں۔ اس بابِ خاص میں اُن میں
پارے کا سا وزن اور پارے کی سی تڑپ بدرجۂ اتم موجود ہے۔ ایک خاص قسم کی روانی
اُن کی روح و رواں ہے۔ اِس مخصوص شعریت کی تلاش میں "اُن کی زندگی ایک تپش پیہم اور
اُن کا سازِ حیات ایک مسلسل ارتعاش ہے"۔ اِس کے حصول کے لئے اُن کے پاؤں میں ایک
چکر ہے، زنجیر نہیں جس کی مسلسل گردشوں میں وہ زمین آسمان ثریٰ ثریا کو ایک کر دیتے ہیں
وہ تو شکر ہے اُن کا جوش و خروش اکثر دودھ کا اُبال ہوتا ہے ورنہ
"محوِ حیرت ہوں کہ دُنیا کیا سے کیا" ہو جاتی!

(منظور)

غزل

فانی کفِ قاتل میں شمشیر نظر آئی — ہے خوابِ محبت کی تعبیر نظر آئی!
پھر ابر میں وحشت کی تصویر نظر آئی — لہرائی ہوئی بجلی زنجیر نظر آئی
جب میں نے دعاؤں کا رُخ سوئے فلک دیکھا — تدبیر کے پہلو میں تقدیر نظر آئی
جو دل سے نکل آئی وہ آہِ رسا نکلی — جو ڈوب گئی دل میں وہ تیر نظر آئی
ہر عیش کی محفل میں پروانہ کا ماتم تھا — جو شمع نظر آئی دلگیر نظر آئی
کعبہ میں کلیسا میں ہم نے تو جہاں دیکھا — اے قصرِ وفا تیری تعمیر نظر آئی
کایا غمِ دُنیا کی وحشت نے پلٹ دی ہے — خاکِ رہِ ویرانہ اکسیر نظر آئی
دل اُن کے نہ آنے تک لبریزِ شکایت تھا — وہ آئے تو اپنی ہی تقصیر نظر آئی
جب خون ہوا دل کا، وہ آنکھوں میں آ بیٹھے — آہوں کا حجاب اُٹھا، تاثیر نظر آئی

فانی غمِ ہستی نے زندہ ہی مجھے سمجھا
جب تک مرے مرنے میں تاخیر نظر آئی

فانی

آجاتی ہے اور آزاد خیالی اور خیال پرستی کے مجرم، کا قلب و دماغ ایک روحانی ساز بن جاتا ہے جس کے اعماق میں سے یہ بے نیازانہ و فاتحانہ نغمہ نکل نکل کے جابروں اور جفاکاروں کو لاچار اور خود مظلوم و مجبور کو سرمست و سرشار کئے دیتا ہے ؎

رُوح آزاد ہے، خیال آزاد

جسمِ حسرت کی قید ہے بیکار

اِس اندرونی حرّیت کا احساس اِن پرستارانِ آزادی کے آخری سانس میں اٹھا ہوتا ہے۔ لیکن ہمارے مصلحین کا عقیدہ ہے کہ کوئی طاقت ایسی نہیں جو سوسائٹی کے دستِ تطاول سے عہدہ برآ ہوسکے۔ وہ سوسائٹی کو زمین پر قضا و قدر کا قایم مقام سمجھتے ہیں پھر بھلا اُن کے عالمگیر حیطۂ اقتدار سے کون بچ کے نکل سکتا ہے؟ روحانی قوت کے ناقابلِ تسخیر ہونے کی قیاسی دشواری اُن کی اہمیت کو پست نہیں کرسکتی۔ اگر آپ چاہیں کہ "جہاں نادانی نعمت ہے وہاں دانائی نادانی ہے" کے زرّیں اصول پر صرف اِس حد تک کاربند ہوں کہ نادانوں کی صحبت میں اپنی دانائی کا اظہار نہ کریں تو اس طرح اُن کے معصیت سوز لتفات سے آپ گلو خلاصی نہیں پاسکتے۔ اگر آپ نے کمترین مدافعت کے اصول کی پیروی میں اخفا کی آڑ پکڑنی چاہی تو آپ منافق ہیں اور آپ کو عالم بے دینی میں نہیں چھوڑا جاسکتا غرض جب تک ہر قسم کی ارفع تخصیصی احساسات کے جراثیم، ایک ایک کرکے ہلاک نہ کردیئے جائیں آپ متواتر اُن کی توجہ جذب کرتے رہیں۔

جماعتِ مصلحین کے فلسفۂ حیات کی نسبت چند باتیں کہہ کے میں اس مضمون کو جو میرے قصد کے خلاف بے حد طویل ہوگیا فی الحال ختم کردوں گا۔ سنجیدہ قسم کے معاملات کی متعلق اِس جماعت کا نقطۂ نظر ایک فلسفیانہ استغنا ہوتا ہے، جس سے دشواریاں اِسی طرح ٹکرا ٹکرا کے پیچھے ہٹ جاتی ہیں جس طرح بقول اقبال ع

دلِ شاہ لرزہ گیر دز گدائے بے نیازے

بہترین مسلکِ حیات اُن کے نزدیک تعیش تاثیر تساہل، اور بے اعتنائی ہے اور اُن کا فلسفۂ زندگی اکبر کا یہ شعر ؎

نہ دماغ صرفِ رہِ نظر، نہ دلیل باعثِ دردِ سر

وہی جوشِ لذتِ دید ہے نہ قیاس ہے نہ گمان ہے

کیوں کہ جہاں ہمارے حریت دوست مصلحین جمہور کے دماغی تعصبات ورجحانات سے (بہبودِ عامہ کی غرض سے) پورا پورا فائدہ اُٹھانا جانتے ہیں اور اُٹھاتے ہیں، وہاں وہ یہ نہیں برداشت کرسکتے کہ کوئی اور شخص جمہور کی ان کمزوریوں کی استعانت سے نام پیدا کرے۔ اس قسم کی نام آوریوں کی نوعیت کے متعلق کچھ کہنے کی ہمت نہیں پڑتی، کیوں کہ اوّل تو یہ ایک امرِ معلومہ ہے، دوسرے میں اصولاً ناخوشگوار باتوں کو نظرانداز کردینے کا عادی ہوں۔ میرا خیال ہے کہ اٹل صداقتیں، ناگزیر حادثات تلخ سانحات ہماری رنگ آمیزی اور غلو کے محتاج نہیں۔ وہ پہلے ہی کون کم ناگوار اور طمانیت شکن ہوتے ہیں کہ درشت و تند حاشیہ آرائیوں اور تفسیروں سے اُنھیں ناخوشگوار سے ناقابلِ برداشت بنا یا جائے خیر یہ تو ایک جملہ معترضہ تھا، میں یہ کہنا چاہتا تھا کہ آپ اُسی صورت میں فراغ و سکون کی زندگی بسر کرسکتے ہیں کہ اشارۃً یا کنایۃً قولاً یا فعلاً آپ سے کوئی ایسی حرکت سرزد نہ ہو، جو تخیل کی انتہائی لچک کی مدد سے، علمی یا ذہنی یا کسی اور قسم کی برتری کا اظہار سمجھی جاسکے۔ رائے عامہ کے اس (بزعمِ خود) نفسِ ناطقہ کے نزدیک ذہنی تفوق کا احساس اور اظہار گناہِ کبیرہ میں داخل ہے۔ مخصوص الذہنی کے مرض کو یہ طبقہ متعدی اور مہلک سمجھتا ہے اور اس کا علاج اُس کے نزدیک ایک ایسا اپریشن ہے جو فنِ طب اور علم النفس کے باریک نظریوں پر مبنی ہے۔ اس میں خاص بات قابلِ لحاظ یہ ہے کہ چنگیزی بربریت کے اُس اہم طرح، طبی اصول پر وضع نہیں کیا گیا، جو مرض رہے نہ مریض کو بہترین علاج تصور کرتا ہے، بلکہ اس کی ایجاد میں تمام نمو یافتہ نفسیاتی و طبی دریافتوں سے استفادہ کیا گیا ہے، جس کا نتیجہ یہ ہے کہ اِس کے ذریعہ علاج اُسی سہولت اور اطمینانِ قلب سے کیا جاسکتا ہے جس سے تہذیب و شائستگی کی علم بردار اقوام محکوم و کمزور قوموں کا خون چوستی ہیں کہ معلوم تو ہوتا ہے فاسد مادّہ خارج ہو رہا ہے، لیکن حقیقت میں یہ زیردست کی زیست کا بہترین لہو ہے، جو لمحہ بہ لمحہ رِس رِس کے زبردست کے وجود کو صحتور اور قوی بنا رہا ہے!!!

تفوق کا اظہار تو تضحیک، توہین، بے التفاتی کے ذریعہ کہ سوسائٹی کی قوتِ اجتہاد کے معمولی کرشمے ہیں ممنوعہ بنا دیا جاتا ہے، البتہ اُس کے وجود و احساس کی ہلاکت کوئی معمولی بات نہیں۔ اِس بارے میں دُنیا کی قوی ترین سلطنتیں اپنی جبروتیت و قہاری کے مخترعات اذیت و ہلاکت کے باوجود عاجز ہیں۔ یہی وہ نقطہ ہے جہاں قوتِ روح زورِ مشت پر غالب

ہوگی جو بہت سوں کو تلخ کام اور بعضوں کو تلخ زبان بنا دے گی، اور دوسرے گروہ میں اس خوف سے
کہ تقریر کے اصلی مفہوم کو سمجھنے سے اُن کے رفیع الشان اصول زمین پر آرہتے ہیں۔ ایسے زمانہ میں
کس طرح کہا جا سکتا ہے کہ ایک آئینہ مشرب کی صاف گوئی اختیاری یا بے اختیار غلط فہمی کے
باعث اُسے کیسی کچھ دقتوں اور اذیتوں سے بالمقابل کر کے چھوڑے گی۔ اس کے علاوہ اس
روشن حقیقت کا بھی لحاظ ضرور ہے کہ بعض حقوق صرف نظری شکل میں تسلیم کئے جا سکتے ہیں کیونکہ
اُن کے عملی اعتراف سے موجودہ صورتِ احوال کے شیرازہ کے بکھرنے علاوہ اور بہت سی
دشواریوں اور پیچیدگیوں کا احتمال ہے۔ دست بدست تخریب و تعمیر بے حد دقت طلب کام
ہے اور ایک متعین نظام عمل اور طریقۂ کار طلب کرتا ہے۔ ہاں اگر بقول رشید صاحب صدقِ
مقال عزیز ہے تو زبان کے تالو سے کھنچ لئے جانے کا کیا غم۔ اگر آزادی کی ہوس ہے تو زندان
کی تاریک خموشی کیوں ڈراؤنی معلوم ہو اور اگر موت ناگزیر ہے تو ننگِ حیات بننے سے کیا حاصل!
مگر کتنے ہیں جو اصول، حق، صداقت کے لئے جان پر کھیل جانے کو اپنے مذہب کا جز سمجھیں!
سلسلۂ کلام میں یہیں سے کہیں نکل گیا۔ اصول و حق کے اظہار کی بحث سے پہلے میں کہہ رہا
تھا کہ ہمارے ہاں کے محافظینِ روایات مساوات و حریت کے اصول کے محدود معنی میں
شیدائی ہیں۔ یہی نہیں کہ وہ اپنے تئیں ان پاکیزہ اصولوں کے عملی اثر سے بالاتر سمجھتے ہیں
بلکہ اُن کی لغت میں یہ درخشاں اصول اپنی محدود صورت میں بھی انوکھے معنی رکھتے ہیں۔ وہ
صرف شعبۂ معاشرت ہی میں ان اصولوں کو جاری نہیں دیکھنا چاہتے بلکہ دنیائے ذہن میں بھی
اُن کی کارفرمائی کے خواہاں ہیں میں اُن کی اس ذہنی حریت کی ذرا وضاحت سے تفسیر کروں گا۔
اُن کے لئے اپنے فرایض کی انجام دہی میں ایک مرتفع رویہ اختیار کرنا لازمی ہے۔ کیونکہ
اِس اشتہاری دور میں، جب ادعا اہلیت کا مرادف سمجھا جانے لگا ہے اور کامیابی کا راز اس میں
نہیں کہ آپ نیک دل، پاک نفس یا با اصول ہیں جب آپ اخلاقیات کو طاقِ نسیاں کے حوالے
کر کے کامیابی حاصل کر سکتے ہیں، شرطیہ ہے کہ جو کچھ آپ کہیں وہ تیقن کے ساتھ اور جو کچھ آپ کریں
وہ خود اعتمادی کے ساتھ ہو اور ضمیر پرستی اور اسی قسم کے فرسودہ معتقدات کو آپ دل سے
نکال دیں تو ایسی حالت میں وہ اپنے کو لئے دیئے رکھنے میں بالکل حق بجانب ہیں۔ بیان کیا
جاتا ہے کہ نپولین صحافت نورتھ کلف نے انھیں اوصاف کی مدد سے قلعۂ شہرت و اثر تسخیر کیا
لیکن آپ بھول نہیں نہیں آپ کو وہ آسانیاں میسر نہیں جو اس صحافتی سپہ سالار کو میسر تھیں،

کہ وہ اپنے مطالبہ کے حصول کے لئے صرف مقاومت مجہول کو اپنے طرزِ عمل کا رہنمائی اصول بنانے سے انکار کرتے ہیں، اور یہ فطرتی امر ہے۔ وہ کس طرح گوارا کر سکتے ہیں کہ نادان لوگ بے سوچے سمجھے اُن کے مطالبہ کو رد کر کے انتشار، تاریکی اور بربریت میں۔ جہاں تک معاشری نظام کا تعلق ہے۔ مبتلا ہو جائیں۔ یہ اُن کا انتہائی ایثار و محبت ہے کہ وہ کسی صورت میں اُن لوگوں کو اپنے سرپرستانہ اثر سے محروم نہیں کرنا چاہتے، جن کے متعلق وہ ایمانداری سے سمجھتے ہیں کہ اُن کی ہدایت کے بغیر شائستگی کی شمع کو فروزاں نہ رکھ سکیں گے۔ یہ شبہ کرنا کہ اُن کے اس ایماندارانہ عقیدے میں خود غرضی کی تھوڑی بہت آلائش ہے سخت بد تہذیبی ہوگی اور کوئی شخص جسے سوسائٹی میں پُرامن و با عزت زندگی بسر کرنی ہو، اس قسم کا شبہ دل میں لانے سے پہلے کئی مرتبہ سوچنے پر مجبور ہوگا۔ جو شخص آزادی رائے کے حق کے استعمال کے طور پر اس شبہ کا اظہار کرے گا، اُس کا وہی حشر ہوگا جو روحانیین کے اُس گروہ کا ہوتا ہے جنھوں نے مسئلہ طاقت وحق کے اصول کو اس پنجۂ فولادی کے ڈر میں نظر انداز کر دیا ہے اور یا تثلیثین کے چکنے چپڑے لفظوں کے فریب میں آکر تصور کرنے لگے ہیں کہ مسیحی تعلیمات دنیائے سیاست میں دن بہ دن اقتدار حاصل کر رہی ہیں اور وہ دن دور نہیں جب اُن کے اتباع سے انحراف اسی قدر شدید جرم ہوگا جتنا اِن دنوں اُن کا اتباع نفئ ہستی اور کھل ڈلے جانیکا پیغام ہے۔ کاش ایسے سادہ لوح، رویائی مزاج حضرات سمجھ سکتے کہ وہ سراب رنگ و بو کو گلستاں سمجھتے ہیں، کیوں کہ جن لوگوں کے لفظوں کو وہ حیات موعودہ کی انجیل سمجھتے ہیں وہ اپنے نفسیات کے اعتبار سے ایک ایسی انجیل کے ارضی مخترع ہیں جس کے الفاظ سے اثباتی و منفیانہ، احکامی و امتناعی غرض ہر قسم کے معنی حسبِ ضرورت نکالے جا سکتے ہیں۔ اقبال اسی قبیلہ کے ایک ممتاز فرد کے مخفی رُخ پر ان الفاظ میں روشنی ڈالتے ہیں ؎

برونِ او ہمہ بزم و درونِ او ہمہ رزم
زبانِ او ز مسیح و دلش ز چنگیز ست

یہ سب تو بطریق جملۂ معترضہ تھا۔ اِس زمانہ میں جب قول و فعل میں اسی قدر بُعد ہو گیا ہے جتنا پہلے ساغر و لب میں بتایا جاتا تھا۔ جب معمولی الفاظ نئے معنی اور نئی اہمیت اختیار کر رہے ہیں، جب ایک مشہور مدبّر کی اغلاق و ژولیدگی سے پاک صاف تقریر کو ایک سے زیادہ معنی پہنائے جا سکتے ہیں، ایک طبقے میں اس غرض سے کہ ان معنوں کی اصلی حقیقت ایک ایسی تلخ صداقت

بے ریا کام کرنے والے، محبان نوعِ بشر کو سراسر غیر متعلق اور پُرحسد اتہامات اور افترا پردازیوں کا نشانہ بنایا جائے اور اصلاحی شعبوں سے منحرف کرکے اِن بیش بہا وقت اور قوتِ کار کو بے معنی گستاخ اور شر آمیز سوالوں کے جواب دینے پر مجبور کرکے برباد کیا جائے! میرا خون اونٹنے لگتا ہے، جب میں مخلصانہ خدمات کی ایسی ناقدری اور ناشکری کے دلخراش نظارے دیکھتا ہوں۔ کسی نے سچ کہا ہے "نیکی کر، کوئیں میں ڈال"۔ آہ! دنیا میں احسان ناشناسی کا فقدان کس قدر عبرت ناک ہے! میرے دوستو! اپنے مقصد کے شاندار مستقبل اور اپنے اعجازِ خلوص پر اعتماد کے ساتھ خفیف الحرکتوں کی کوتہ بینیوں کو نظر انداز کرکے اپنے پر فیض کام میں بدستور منہمک رہو۔ تمہاری خیر اندیشیاں نامساعدتوں کے باوجود ضرور کبھی نہ کبھی پھل لاکر رہیں گی اور آج جو تمہارے مقاصد کو شک کی نگاہوں سے دیکھ رہے ہیں۔ تمہارے کارِ خیر کو بارآور ہوتا دیکھکر خود اپنا سا منہ لے کر رہ جائیں گے۔ کیسی ہوگی اُس وقت اُن کی خفت و خجالت اور تمہارا اطمینان و مسرت! ع

ہائے وہ آغازِ محنت جس کا یہ انجام ہے!

اِس طبقہ کی ایک نمایاں خصوصیت اور بھی ہے جس کا ذکر نہ کرنا سخت فروگزاشت ہوگی اور یہ اُن کا وہ جذبہ ہے جو مساوات و حریت کو اہمیت میں تحفظِ روایات کے پہلو بہ پہلو جگہ دیتا ہے۔ بہ سبیلِ تذکرہ عرض کر دینا ضروری ہے کہ وہ فرقہ جس کو ان کی رنگینیت سے چار چاند لگے ہوئے ہیں اُن کے نزدیک یونیورسٹی کی پُرصحت تحریکات کے لئے بمنزلہ "فولادی چوکھٹ" کے ہے اور جہاں تک اُن کی نظر کام کرتی ہے اُس کے فرائض، حقوق اور مراعات میں کسی تخفیف کی صورت ممکن نہیں، بلکہ سنجیدہ اندیشہ ہے کہ اگر یونیورسٹی کی معاشرتی زندگی اُن کی صیقلی خدمات سے محروم ہوگئی تو معاشری نظام درہم برہم ہو جائے گا اور ایک ایسی ابتری، طوائف الملوکی اور بدمذاقی راہ پالے گی جس کے خیال سے اُن کا ہمدردی اور خدمت کے شوق سے سرشار دل لرز لرز کے رہ جاتا ہے۔ وہ حریت و مساوات کے لئے اپنے خون کا آخری قطرہ بہا دینے کے لئے آمادہ ہیں، لیکن اِس حریت و مساوات کے مقاصد اِس بات کے مقتضی ہیں کہ اُن کا موجود ہ پوزیشن (Position) علیٰ حالہ قایم رکھا جائے وہ معاشرتی زندگی کے بہترین مقاصد کو مدِنظر رکھکر اپنے حقوق و مراعات کے قیام و بقا کا مطالبہ کرتے ہیں، ورنہ بے غرض مصلحین کو ان آسائشوں سے کیا واسطہ! ہاں، اِس قدر ضرور ہے

کہ اُن کا ضمیر ازبس ذکی الحس اور نامعقولیت کو جانچنے کا واحد ذریعہ ہی۔ اُنھیں کسی کی ڈکٹی منظور نہیں، اُن کو صرف اپنی تعلیم گاہ کی عظمت کا احساس ہی۔ وہ اُس کی مقدس روایات کے استحکام وبقا کے ذمہ دار ہیں۔ اگر اُنھیں یہ اہم فرض کسی کی جانب سے تفویض نہیں کیا گیا لیکن آخر کب کسی نے سقراط کو جرح وتنقیح عام معتقدات ومسلمات پر کرنے کے لئے کہا تھا ؟ روحانی واخلاقی احساس فرض ہی تو ایک چیز ہے۔ اب رہا یہ کہ اُن کی اصلاحی کوششوں سے اُن کے مقصد کو فائدہ پہونچنے کی توقع ہی یا نقصان کا احتمال، اِس مسئلہ کا فیصلہ وہ اُس وقت تک اپنے ہاتھوں میں رکھیں گے، جب تک اِن دیرینہ سینہ بہ سینہ روایات کے تحفظ کا بار اُن کے شانوں پر ہے۔ اُن میں سے بعض منکسر المزاجوں کو اس کا بھی اعتراف ہی کہ اُن کا مذاق کسی عالمگیر ضابطہ واصول کا پابند نہیں۔ وہ اپنے اہم اور دشوار فرض کو ادا کرتے وقت اپنے ذاتی مذاق کو کیا ہونا چاہیئے کا اصلی معیار خیال کرتے ہیں۔ وہ حضرت لسان العصر مرحوم کی طرح کبھی یہ دشواری نہیں محسوس کرتے کہ ع

کچھ سمجھ ہی میں نہ آیا چاہنا کیا چاہیئے

ان کا نصب العین اور مطمح نظر اِس قسم کے شکوک ومشبہات سے کہیں بلند ہے۔ ذوق اُن کے نزدیک ایک وجدانی چیز ہے، اور اس میں وہ صلاح مشورہ یا کسی انجمن کے فیصلہ کو نہیں مانتے اب یہ ایک مستقل موضوع ہی کہ اُن کا ذاتی مذاق کس حد تک بشری کمزوریوں سے پاک ہی، کس حد تک اُن کی مصلحانہ مساعی بے لوث اور شائبۂ خود نمائی وخود رائی سے بعید ہیں اور آیا اُن کا رضاکارانہ جوش گوالے کا دودھ۔ آدھا دودھ آدھا پانی ہی یا سوزِ خدمت نے اُسے جلا کر خالص بنا دیا ہی۔ ممکن ہی بعض شکی طبیعتوں کے دل میں جو سُورج میں دھبے دیکھنے کی فکر میں رہتی ہیں اِس قسم کے سوالات پیدا ہوں، لیکن میں تو ان پُر جوش مجاہدین حق کے متعلق ان سوالات کو دُہرانے سے پہلے خودکشی کرنا گوارا کر لوں گا۔ استفتائیت بعض صورتوں میں جائز ومستحسن ہوتی ہی لیکن کچھ ایسی بھی صورتیں ہیں جہاں یہ بے ادبی وتضحیک کے مرادف سمجھی جاتی ہی مصرعہ صدر استفسارات کو میں اسی آخری ضمن میں شامل سمجھتا ہوں۔ میری رائے میں کوئی شخص اس جسارت کا مجاز نہیں کہ خدا کے ان نیک اور خداترس بندوں کو حق کے اظہار سے باز رکھنے کے لیے اُن کے مقدس ادائے فرض میں دشواریاں حائل کر کے ایک دشوار اور ناخوشگوار فرض کو دشوار و ناخوشگوار تر بنائے۔ یہ کیسی احسان ناشناسی اور نادانی ہے کہ ان مخلص اور

عالمگیر نقادوں کو انفرادی اور اجتماعی معائب اور لغزشوں کو عوام کی نفرین و ملامت اور ضمناً اپنی ژرف نگاہی اور اخلاقی سریع الحسی کی آسودگی (نمایش ؟) کے لئے تختۂ مشق بناتے دیکھنا ایک ایسا نظارہ ہے جسے دیکھکر بے اختیار خیال گزرتا ہے کہ معصوم سماوی مخلوق کے معصوم ترین افراد، مشترک خالق کے فرمان کے بموجب ارضی گناہ گاروں کی خطاؤں اور کمزوریوں کا جائزہ لے کر، اس پُرعصیاں خطہ کے اہلِ ہوش و بصیرت کو شرم و غیرت اور غافلوں کو تنبیہ دلاکر، ایک کی اخلاقی بے حسی اور دوسرے کی بہیمیت پر قوتِ انفعال کو برانگیختہ کر رہے ہیں، تاکہ بھٹکے ہوئے پھر راہِ ہدایت اختیار کریں۔ اس سے زیادہ اور گھریلو مثال یہ ہوگی کہ مہذب و شایستہ دُنیا کے باخدا نیک دل نمایندے ایک بین الاقوامی بزمِ اخلاقیات میں بیٹھکر، بربری رنگین نسلوں کی رُشد و ہدایت کے لئے باہمی اخوت و مفاہمت کے اصول وضع کر رہے ہیں۔ اس سلسلہ میں ایک سوال خود بخود یہ پیدا ہوتا ہے کہ

ع توبہ فرمایاں چرا خود توبہ کمتر می کنند ؟

اس کا جواب شاید یہ ہے کہ انسان کے دل میں دوسروں کی اصلاح کا جذبہ اپنے تزکیہ باطن اور صفائے نفس کی آرزو سے زیادہ قوی ہے۔ یہ انسان کی کور باطنی ہے یا خود فراموشانہ ایثار، اس کے متعلق میں کچھ نہ کہوں گا۔ نیت کا حال تو دلوں کا جاننے والا جانتا ہے، جس پر باطن کی گہرائیاں روشن ہیں۔ کون کہہ سکتا ہے کہ یہ توبہ فرما بزرگ اپنی نفسِ ذاتی اپنی انفرادی شخصیت، اپنی خودی کو مٹاکر "نفسِ کل" میں جذب و ضم کر چکے ہیں، یہاں تک کہ اُن کا محدود و متناہی وجود اپنے تئیں وجودِ مطلق و نامتناہی میں فنا کر کے مرتبۂ انسانیت کی تکمیل کر چکا ہے۔ کون کہہ سکتا ہے ؟ میں تو یقیناً اسی بارے میں کسی قسم کا شک و شبہ کرنے کی جرأت نہیں کروں گا !

اس سلسلے میں میں بالتخصیص یونیورسٹی کی ہیئت اجتماعیہ کے ایک فرقہ کا ذکر کروں گا اس فرقہ کا مختص سرمایۂ نازیہ ہے کہ اس کے اعراض و اختیار، نفرت و رغبت کا متحرک صرف ایک جذبہ ہوتا ہے، خلق اللہ کی خدمت اور اصلاح۔ دوست دُشمن اپنا پرایا خواہ کوئی ہو، اگر اُن کا ضمیر اُنھیں یقین دلا دیتا ہے کہ اُس کی کوئی زبانی یا عملی حرکت اپنی نامعقولیت کی وجہ سے اُس کی اپنی ذات یا سوسائٹی کے لئے پُرمضرت ہے، تو وہ ایک ارفع روحانی بے تعلقی سے اپنے غم و غصہ کا اظہار بے لاگ طریقے سے کرنے پر آمادہ ہو جاتے ہیں۔ یہ کہنا تحصیل حاصل ہوگا

قطعی رائے قائم کرنے کی میسر ہوتی ہیں، پھر بھی ہماری قوتِ فیصلہ ڈانواں ڈول ہو کے رہ جاتی ہے اور ہم ایک حتمی اور آخری رائے قائم کرتے ہوئے جھجکتے اور ہچکچاتے ہیں۔ اپنی پوری استعدادِ فیصلہ کو بر سرِ کار لاتے ہیں، لیکن یہ قوت، جس کے آگے دُنیا کی حوصلہ فرسا اور کٹھن دشواریوں کا زہرۂ آب ہوتا ہے، جس کے نزدیک آسمان کے نیچے کوئی حصول، کوئی تسخیر ناممکن، کوئی عقدہ لاینحل نہیں، معمولی بشری کمزوریوں سے عہدہ برآ نہیں ہو سکتی! اس کے باوجود ہماری یہ بوالعجبی دیدنی ہے کہ جہاں اپنوں میں ہم مٹھاس اور کڑواہٹ کو ایک جگہ دیکھکر اس مرکب ذائقہ کو اچھا یا بُرا نہیں ٹھیرا سکتے۔ وہاں غیروں کے متعلق ناکافی شہادت پر نہایت تعجیل واعتماد سے آخری فیصلہ کر لینے اور اپنی پہلی جھجک اور ہچکچاہٹ میں کوئی بات متناقض نہیں پاتے۔ حالاں کہ چاہیئے تو یہ تھا کہ تصویر کے تمام ممکن رُخ دیکھ چکنے کے بعد بھی جب ایک جامع و مانع تنقیدی جملہ میں اُس کے حسن و قبح کو ضبط نہیں کر سکتے، تو اُس کی صرف اُچٹتی ہوتی جھلکیاں دیکھ چکنے کے بنا پر اظہارِ رائے میں اور زیادہ احتیاط سے کام لیتے، کیوں کہ کیرکٹر کوئی ایک چیز نہیں جس کا سرسری وسطحی جائزہ ہمیں اُس کے متعلق صحیح رائے قائم کرنے کا مستحق بنا سکے، بلکہ بذاتِ خود غیر اہم اور جزوی باتوں کا مجموعہ ہے جن کی بنا دکسی مافی الضمیر معیار پر نہیں بلکہ فطرت اور اپنی صداقت پر ہی، انتہائی بصیرت و بصارت اس کو بہمہ وجوہ سمجھنے کے لئے درکار ہے۔
تا بہ رائے چہ رسد!

بایں ہمہ، محفلوں اور مجلسوں میں جس زادی اور تیقن کے ساتھ لوگوں کے چال چلن اقوال وافعال، وضع قطع پر نفسیاتی جراحی کی جاتی ہے اُسے دیکھکر اُس کے بالمقابل طبی رُخ کے کاملین بھی لرزہ براندام ہو جائیں گے۔ لیکن کتنی ہیں ایسی نگاہیں، جو اعمال و عقائد سے قطع نظر کر کے معمولین کے نقطۂ نظر سے اس جراحی کو دیکھتے ہیں، جنھیں اس امر کا کماحقہ اندازہ ہوتا ہے کہ ان خود ساختہ جرّاحوں اور اُن کی بے رحمانہ بُرّشِ نشتر کے شکاروں کے وجود ایک ہی قسم کے عناصر سے مل کر بنے ہیں اور جن زخموں کی یہ اس بے دردی سے چیر پھاڑ کر رہے ہیں وہ کم و بیش انسانوں کے متحد طغرائے بشریت ہیں؟ لیکن اس سوال کا جواب یہی دیا جائے گا کہ نشترِ فنِ جرّاحی کی آخری ایجاد ہیں اور آپریشن حفظانِ صحت کے بہترین اصولوں پر وضع کیا گیا ہی !!!

شاذ ہی ہوتا ہے کیونکہ ہم خیالی و ہم مشربی کے بغیر حقیقی دوستی کی بنیادیں مستحکم و پائدار نہیں ہو سکتیں تب بھی ہم سے اُن کا "کارِ دیگر" پوشیدہ نہیں ہوتا۔ لیکن ہم اُن کی بُرائی بھلائی کو نیکی بدی کے عام متداولہ اصولوں سے جانچنا گوارا نہیں کرتے۔ ہم اُن کی کسی بات کا موازنہ اُن کے اپنے وجود کے علاوہ کسی اور سے کرنا شریعتِ محبت کی تضحیک اور ناقابلِ عفو بدمذاقی سمجھتے ہیں۔ اُن کے متعلق ہمارا طرزِ عمل و خیال حالی نے بے حد لطافت و خوبی سے بیان کیا ہے ؎

عالم میں تجھ سے لاکھ سہی، تو مگر کہاں!

اُن کی سادگی میں ہیں ایک ٹیڑھ، اُن کی سیدھ میں ایک بانکپن نظر آتا ہے۔ ہمارا تخیل اُن کی عمومیت میں خصوصیت، عامیانہ پن میں مخصّص انداز پیدا کرلیتا ہے۔ میں نے کہا کہ ہم ایسے واقعات کو جو ہماری توقعات و جذباتِ مونست کا خون کرتے ہوں بھول جانے کی کوشش کرتے ہیں، لیکن اس سلسلہ میں اتنا اور عرض کرنا ہے، کہ اگر ہمارے مجموعۂ الفت کے وجود سے تخیلی دلآویزیوں کا نقاب اُلٹ جاتا ہے، تو ہمارے یاس و حرماں کی کوئی حد نہیں رہ جاتی، دنیا ہماری آنکھوں میں اندھیر ہوجاتی ہے اور ہم اس تاریکی میں بھٹکتے پھرتے ہیں۔ اُن ٹھوکروں کے زخم، جو ہم اس راہ گم کردگی میں کھاتے ہیں، عمر بھر مندمل نہیں ہوتے۔ اگر بھر بھی جائیں، تو وقت بے وقت ہرے ہو ہو کر بے حد ٹیسیں اور دل گرفتگیاں پیدا کرتے ہیں، اور ہر مرتبہ اُن کے ترکۂ تلخی کے سرمایہ میں کچھ نہ کچھ اضافہ ہوتا جاتا ہے۔

قریبی رشتہ داروں کے کیرکٹر کے مطالعہ میں جس قدر آسانیاں ہیں اُتنی ہی اُن کے متعلق ایک قطعی رائے قائم کرنے میں دشواریاں بھی ہیں۔ اول تو شواہد کی مقدار اس قدر وافر ہوتی ہے، اُس پر اُن شواہد کی نوعیت کی رنگا رنگی اور تضاد مستزاد ہیں۔ ان وافر رنگا رنگ اور متضاد شواہد کے کتنے ہی سانحات ایسے ہوتے ہیں جو ہمارے وجود میں ناقابلِ تحلیل طریقے سے گتھے ہوئے ہوتے ہیں اخلاقیات کی رو سے اُن کا جائزہ لینا ہمارے لئے قطعی ناممکن ہے۔ اس کے علاوہ ہم یہ بھی اچھی طرح نہیں جانتے، کہ ان تفصیلی اور مختلف النوع مشاہدات میں کون سے پرمعنی و اہمیت ہیں اور کون سے محض فرعی و جزئی۔ کسی ایک فعل کو ہم ذرا تشدد اور غیر جانب داری سے جانچنے کا خیال کرتے ہیں، کہ ماضی کے اس سے مختلف قسم کے واقعات یاد آجاتے ہیں جو ہمارے تشدد کو بھلا کر غیر جانب داری کی جگہ رواداری کا جذبہ اپنی انتہائی صورت میں پیدا کردیتے ہیں۔ ایک غلطی اور بُرائی کی بہت سی نیکیاں شفاعت کرتی ہیں۔ غرض ہم ایک شش و پنج میں پڑجاتے ہیں اور ہماری قوتِ فیصلہ درماندہ ہوجاتی ہے اور انصاف و رحم کے درمیان ہچکولے کھانے لگتی ہے۔ اس قدر آسانیاں ہیں ایک

کی نظر فریبیوں کی آڑ میں چھپانا چاہتا ہے! اس سے مجھے خیال آتا ہے کہ ہم میں کتنے ہیں، جو ایمانداری سے کہہ سکیں کہ اپنی کمزوریوں کو اُنہوں نے اسی قسم کی سراپا پردہ داریوں سے چھپانے کی کوشش نہیں کی؟ کتنے ہیں جنھیں ایسے آلات کی ایجاد سے انتشار و اضطرار نہ ہوگا۔ جو ہر قسم کے احساسات واردات قلب کے نقوش کا وزن و پیمائش اور ذہنیات و غیر مرئیات کی مساحت کر سکیں؟ کتنے ہیں جو تنہائی کے اُن لمحوں میں، جب ماضی کی یادیں ایک ایک کر کے حافظہ کی مخفی گہرائیوں سے اُبلی پڑتی ہیں اُن میں سے بعض کو بھول جانے کے لئے بہت کچھ قربان کرنے پر آمادہ نہ ہو جائیں؟

کہا جاتا ہے کہ دوستی کسی کے متعلق صحیح رائے قائم کرنے کا بہترین ذریعہ ہے، اس "سم سم" سے دلوں کے شہ نشینوں اور تہ خانوں کے قفل کھل جاتے ہیں، پیچیدگیاں سلجھ جاتی ہیں اور باریکیاں صاف نظر آنے لگتی ہیں۔ مگر میں اس خیال سے متفق نہیں۔ دوستی کی بنیاد باہمی مفاہمت و ہمدردی پر ہوتی ہے، اور یہ مفاہمت و ہمدردی سوسائٹی کی اُن معاشرتی اختراعات میں سے ہے جن کی آڑ میں انسان اپنی باہمی کمزوریوں اور تعصبات کو چھپاتا ہے۔ دوستی کا ایک اہم (چونکہ افادی) رُخ وہ ہے جس میں ہم "تلطف و مدارا" کو "آسائش دوگیتی" کی تفسیر ظاہر کرتے ہیں اور اس تلطف و مدارا کے بہانے سے دوستی کو چشم پوشیوں اور نظر اندازیوں کا ایک مدید تسلسل بنا دیتے ہیں۔ ہم اپنے دوستوں کا وہی رُخ دیکھتے ہیں، جو اُن کے متعلق اپنے جذبۂ ہمدردی کو صدمہ پہنچائے بغیر دیکھ سکتے ہیں۔ اگر کوئی ایسی بھی جھلک دیکھ لیتے ہیں، جو ہماری رائے میں ترمیم کی ضرورت لاحق کرتی ہے، تو یا تو دیکھا اَن دیکھا کر دیتے ہیں، یا اس نئی روشنی میں اپنی ترمیم شدہ رائے کو دل کے کسی کونے میں دبا دیتے ہیں اور حتی الوسع اجازت نہیں دیتے کہ وہ ہماری پہلی رائے پر اثر ڈالے۔ میں یہ عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ میں اُس نام نہاد دوستی کا ذکر نہیں کر رہا، جو دوست کے عیبوں اور کمزوریوں کو جن جن کے ظاہر کرنا اپنا اجتماعی اور اصلاحی فرض سمجھتی ہے، جو اس بلند نظریۂ تعلق پر نازاں ہوتی ہے کہ اجتماعی فرائض کو ادا کرتے وقت انفرادی وابستگیاں اور آویزشیں اُسے مطلق متاثر نہیں کرتیں، جس کے نزدیک سوسائٹی کی کماحقہ خدمت اُسی وقت ادا ہو سکتی ہے جب اُس کی درگاہ میں عزیز و گراں مایہ قربانیاں چڑھائی جائیں۔

جن دوستوں سے ہمیں مخصوص رابطۂ موانست ہوتا ہے، اُن کی نفس شناسی سے ہم اس سے بھی زیادہ معذور ہوتے ہیں۔ اُن کی اندرونی بیرونی زندگی کے متعلق جتنی باتیں معلوم ہونے کے قابل ہوتی ہیں وہ سب کم و بیش ہمیں معلوم ہوتی ہیں۔ اگر ہم اُن کے ہم مشرب نہیں بھی ہوتے۔ اور ایسا

بعض لوگوں سے ہم ایک بے زاری سی محسوس کرتے ہیں، اُن میں کوئی نمایاں عیب نہیں پاتے لیکن پھر بھی اُن کے متعلق دل میں ایک شدید بے وجہ جذبۂ تنفر پیدا ہو جاتا ہے۔ چونکہ جذبۂ نفرت ہمیشہ جذبۂ محبت سے قوی ہوتا ہے، اُن کی خوبیاں بھی اسی جذبہ کے بوجھ میں دب جاتی ہیں، اس بظاہر بے وجہ بے زاری کی مثالیں یوں تو ہر جگہ ملیں گی، مگر تعلیمی مرکزوں میں، اور خصوصاً اُن میں جو رہائشی ہیں، عام طور پر دیکھنے میں آتا ہے کہ اس قسم کا جذبہ تعلیمی زندگی کے کم و بیش ہر شعبہ میں ایک قسم کی حدت و تلخی پیدا کئے رہتا ہے۔ اصولِ نفسیات کے ذریعہ اس قسم کے جذبہ کی توجیہ و تعلیل یا تفضیح کرنا کچھ بہت دشوار نہیں، اخلاقیات کے نقطۂ نظر سے اسے ہدفِ ملامت و نفریں بنانا اور بھی آسان ہے، لیکن دنیائے معاشرت میں جو چیز سب سے زیادہ اہم ہے وہ نفسیاتی صحت اور اخلاقی حُسن نہیں بلکہ جذبات کا وہ پر اسرار اثر و قدرت ہے جو نفسیاتی حیثیت سے غلط اور اخلاقی خیال سے قابلِ گرفت جذبوں کو بھی ایک ایسے برقی اثر سے لبریز کر دیتی ہے کہ انسانی دل مسحور ہو کر اُن کے تابع ہو جاتے ہیں۔ اس کے باوجود بھی، یہ ہرگز نہیں کہا جا سکتا کہ یہ نفرت صرف "قلبی" ہوتی ہے۔ ہم کو ان منفور افراد کی کسی خاص حرکت یا قول میں کوئی نفرت کے قابل بات نہ نظر آئے، اُن کا عام سلوک بھی شریفانہ ہو، کوئی طبعی یا طبیعی خامی بھی خاص طور پر اُن میں اُبھری ہوئی نہ ہو، مگر اُن کے مجموعی وجود، چال ڈھال، وضع قطع میں ایک ایسا انداز نکلتا ہے، جس سے اُن کے بارہ میں ہمارے دل میں ایک بے نام تسرّد راہ پا جاتا ہے۔ انسانی نظر کو فطرت نے ایک ایسا ادراک عطا کیا ہے، جو عادت و خصلت کے مرئی مظاہرات سے پہلے ہی اُنھیں نامعلوم طور پر محسوس کر لیتا ہے۔ میں جس زمانہ میں دہلی میں اسکول میں پڑھتا تھا، تو ایک اُستاد کی چھوٹی چھوٹی بھینگی آنکھوں میں سے ایک خاص قسم کی بے چین کرنے والی نگاہیں نکلتی دیکھتا تھا اور ان سے آنکھیں چار کرتے وقت خوف و نفرت کی ایک لرزشِ خفی میرے بدن میں دوڑ جاتی تھی۔ تحقیق کرنے سے معلوم ہوا کہ خفیہ پولیس سے اُن کا تعلق ہے اور اپنے خبثِ باطن، ضمیر فروشی اور بے حسی کی وجہ سے اُس محکمہ کی 'درخشاں روشنی' تصور کئے جاتے ہیں۔ مجھے ایک ایسے وجود کا بھی تجربہ ہے جس کی سادہ، دلچسپ اور رس بھری گفتگو مکاری اور منافقت پر ایک بڑی حد تک آخری لفظ ہوتی تھی۔ ظاہری شکل و شمائل سے تو یہی خیال گزرتا تھا، کہ بھیڑیے کے بچے نے تناسخی منزلیں طے کر کے انسانی صورت اختیار کر لی ہے، مگر اُس کی خصلتیں اس ارتقائی نمو کے دوران میں غیر منقلب رہی ہیں، گر یہی جھکی ہوئی نظریں، دیکھنے کا ایک غیر معمولی طور پر نظر فریب اور معصومانہ انداز، گفتگو میں لوچ اور نرماہٹ کہے دیتے تھے کہ اس پردۂ زنگاری میں "کچھ ہے" شاید ایک پیکرِ دل فریبی جو اپنی قلبی شقاوت اور تاریکیِ نفس کو بول چال

دشوار تو یہی ہے کہ دشوار بھی نہیں

کیونکہ جن لوگوں کی دشوار پسندی اور بلند ہمتی نے یہ کٹھن منزل طے کرلی ہے، وہ اس بات کے شاہد ہیں کہ یہ صاحب، جن میں بظاہر بھیگنے کی خاصیت کلیتہً مفقود نظر آتی ہے، کیسے مخلص دل، بے ریا طبیعت اور ذکاوتِ حس کے مالک ہیں۔ اُن کی رکھائیاں، بے اعتنائیاں اور بے نیازیاں ایک ٹھہرائے ہوئے دل کو چھپانے کی ناکام کوشش کرتی ہیں، ایک ایسے دل کو جو محبت کی معصیتِ لطیف کا پُرانا گنہگار ہے، جس کے وجود کی روحِ رواں ایک ایسا جرم ہے جس کے متعلق کہا گیا ہے ؎

بڑھتا ہے اور ذوقِ گناہ یاں سزا کے بعد

جو اس ایک فردوسی جذبے پر سب کچھ تج دینے کو طیار ہے اور جس کے نزدیک مسلکِ عشق اور صراطِ مستقیم باہم دگر مرادف ہیں، لیکن فطرت یہاں بھی اپنی صداقت پر پوری اُترتی ہے، اُن کے رجحانات کے تناقض وغیر یکسانیت کی آویزشوں میں ایک حقیقت اُن کے چہرے سے صاف جھلکتی ہے، اور وہ یہ ہے کہ وہ ایک چوٹ کھایا ہوا دل رکھتے ہیں، ایک دکھی ہوئی چوٹ اُن کے ایک ایک عضو سے ٹپکی پڑتی ہے۔ جب میں اُن کے نحیف وزار جسے، پُرغور، متفکر چہرے اور مغموم آنکھوں کو دیکھتا ہوں جو اُن کے اضطراب آمیز کیفیت کا آئینہ ہوتی ہیں، تو میں اپنے دل میں اس خیال سے سہم کے رہ جاتا ہوں کہ وہ اندر ہی اندر پھنکے جارہے ہیں اور کسی دن ایک آخری بھڑک کے ساتھ جل بجھیں گے۔ اُن کا خود دارانہ اور پرعظمت سکوت ومتانت زبانِ حال سے کہتی نظر آتی ہے ؎

کیجے دعا کہ اُف تو کرے دردمندِ عشق
اوّل تو چوٹ دل کی، پھر اتنی دکھی ہوئی!

ان سب باتوں سے خیال ہوتا ہے کہ ان کی سرد مہری نہ صرف اُنھیں پسیجنے ہی نہیں دیتی، بلکہ دنیاوالوں سے بے نیاز و مستغنی کئے ہوئے ہے، حالانکہ جاننے والے جانتے ہیں کہ اُن میں محبت و نفرت دونوں کا شدید مادّہ موجود ہے۔ وہ اپنی پوری قابلیتِ جوش کے ساتھ والہانہ، خود فراموشانہ بلکہ کہا جاسکتا ہے کورانہ۔ محبت کرسکتے ہیں، لیکن اُن کی نفرت بھی اسی قدر تند و تیز ہوتی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اُن کی خصلتی برودت اُن کی حرارتِ طبع کو اپنے دامن میں چھپائے رکھتی ہے۔ بعض مزاج ایسے ہوتے ہیں، کہ اپنی حرارتِ جذبات کو دور کے پہلے جھونکوں میں افسردہ نہیں ہونے دیتے، بلکہ اُن کے جذبات کی چنگاری تدریجی طور پر بھڑکتی ہے، یہاں تک کہ لبریز وقت میں، ایک دہکتا ہوا انگارہ بن جاتی ہے۔ میرے دوست کا مزاج اسی قسم کا ہے،

صادق آتا ہے ؎

بناوٹ سے نہیں خالی کوئی بات
مگر ہر بات میں اک سادہ پن ہے!

جاننے والے اُن کی اس دو رنگی پر اعتراض کرتے ہیں، تو ایک انداز محزونیت سے جس سے 'اپنی زبان' کے 'محرم' نہ ہونے پر غم و افسوس ٹپکتا ہے، وہ کہتے ہیں ؎

شورشِ باطن کے ہیں احباب منکر، ورنہ یاں
دل محیطِ گریہ و لب آشنائے خندہ ہے

جو لوگ صرف چہرہ کو انسان کے جذبات کی بولتی ہوئی تفسیر سمجھتے ہیں وہ اُن کے جامد چہرہ میں اُن کے اندرونی ہیجان و تلاطم کا، لاکھ چھان بین کے باوجود، کوئی نشان نہ پائیں گے۔ آپ کی جا بجا خودپسندیوں کی مطول داستان سنتے سنتے وہ اُکتا گئے ہونگے اور آپ کو اپنی صحبت کی بجائے کسی نامعقول جگہ جاہ رہے ہونگے، مگر بظاہر ایسی گہری دلچسپی آپ کی گفتگو میں لیں گے گویا آپ کا ایک ایک لفظ دلچسپیوں سے معمور، معنی سے لبریز اور بے حد وقیع و اہم ہے۔ اُن کا قول ہے کہ وہ اپنی چھوٹی چھوٹی برائیوں بھلائیوں پر۔ اور انسان انہی کا ایک تراشیدہ، تجلی یافتہ مظہر ہے۔ سوسائٹی کی بے محل توصیف اور مضحکہ انگیز تعریف کی بجائے وہ روحانی کلفتیں برداشت کرنے کے لئے آمادہ ہیں جو اپنے حقیقی جذبات کو چھپانے میں پیش آتی ہیں۔ لیکن فطرت اپنی تردید کبھی نہیں کرتی۔ اُن کی دوربین آنکھیں۔ وہ سیال ستارے۔ جن کی شعاعیں قلبِ انسانی کی تہ تک پہنچتی نظر آتی ہیں، ایک غیر معمولی ادراک تجسس اور نزاکتِ حس کی جیتی جاگتی تصویریں ہیں، اور غمازی کرکے بقول حسرت اُن کی پنہانیوں میں پیدائی کا نقشہ پیش کرتی ہیں۔

میرے ایک اور دوست ہیں، جن کی صاف گوئی میں بے رُخانہ رکھائی اور آئینہ مشربی میں شیشۂ آتشیں کی تاثیر پیدا ہو گئی ہے۔ پہلی نظر میں تو معلوم ہوتا ہے کہ اُن کی بدفراجی کا میرؔ کی طرح یہ عالم ہے کہ:

اُلجھاؤ ہے زمیں سے، جھگڑا ہے آسماں سے

اُن کی مرتفع و بے نیازانہ خلوت پسندی، بےلاگ اظہار رائے اور تیزاب صفتی سے لوگ اس درجہ خائف رہتے ہیں۔ بالخصوص زعم و فخاری کے پتلے۔ کہ رسمیت چھوڑ کر اُن سے بے تکلفی اختیار کرنا ایک دشوار اور ہمت آزما قدم سمجھا جاتا ہے، مگر ؎

قسم کی ہو، وہ اُس کی اثباتی بدی میں سے کسی نہ کسی طرح منفیانہ نیکی کا رُخ پیدا کرنے میں اپنی تمام کج بحثی صرف کر دے گا۔ اس بحث سے یہ ظاہر کرنا مقصود ہے کہ انسان کے اپنے متعلق اُس کے لفظ قولِ فیصل کی حیثیت سے ہرگز تسلیم نہیں کئے جا سکتے۔ رہے فعل، وہ مصنوعی و ریاکارانہ ہو سکتے ہیں خود غرض انسان اپنے مطلب برآری کے لئے محیر العقول وسائل سے کام لیتا ہے۔ کون کہہ سکتا ہے کہ ظاہرا بھلائیوں کا ایک سلسلہ کوئی اندرونی اور بالکل مختلف دگو بے حد مخفی حیثیت بھی رکھتا ہے؟ گو اس سے اُن کے نیک اور مفید ہونے میں کوئی فرق نہیں آتا، مگر خلوص نیت بھی تو ایک شے ہے، خواہ دنیائے عمل میں اس کی کوئی اہمیت نہ ہو، مگر نفسیات میں اس کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ یہ سب کچھ ہے، لیکن انسان کا بشرہ اُس کی خود فریبی یا غلط نمائی کی خواہش کے تابع نہیں۔ ایک اہلِ نظر نے انسان کی خلوت و جلوت کی دورنگی کو ژرف نگاہی سے ایک بلیغ و مضحک پیرایہ میں یوں ادا کیا ہے، کہ زبان انسان کو اپنے خیالات کے چھپانے کے لئے دی گئی تھی۔ لیکن زبان کی طرح بشرہ پر قدرت کوئی معمولی بات نہیں۔ بشرہ ہی سے انسان کے محسوسات و خیالات کا اندازہ ہو سکتا ہے۔ انسان کی مجموعی ہیئت کذائی سالہا سال کیا ایک شکل اختیار کرتی ہے۔ اُس کی پوری زندگی اس ماضی نما آئینہ میں اپنے دھبوں اور چمک سمیت صاف نظر آتی ہے۔ گزشتہ واقعات کے اثرات کی شکل میں خود فطرت چہرے پر ایک ایسا نوشتہ ثبت کر دیتی ہے، جس کو پڑھ کے اُس کے حامل کے متعلق ایک ہی صحیح نتیجہ استنباط کیا جا سکتا ہے، انسان کی ہیئت کذائی اُس کی حقیقتِ نفس پر قول و فعل سے زیادہ قوی اور پُر معنی شعاعیں ڈالتی ہے، کیونکہ ظاہری خط و خال ایک حد تک دل کے حسن و قبح کا آئینہ ہوتے ہیں، ایک مصوّر کی رائے ہے کہ گو انسان کی پوری زندگی اپنے اور دوسروں کے ساتھ ایک مہتم بالشان کذب و تنافق رہی ہو، کسی امامِ فنِ مصوّری کی کھینچی ہوئی تصویر بشرے کے شفاف نقاب کے ذریعہ، اُس منافق کا سیاہ دل قرطاس پر منتقل کر کے اُس کے چھپے ہوئے بھید کو فاش کر سکتی ہے۔

لیکن صرف بشرہ سے کسی شخص کے متعلق ایک قطعی رائے قائم کر لینا بھی سخت غلطی ہوگا۔ میرے ایک عزیز دوست کا احساس بے حد شدید ہے۔ اُن کا نرم چہرہ عالم عالم عشق و محبت، دُنیا دُنیا، آرزوؤں سے متلاطم دل کا صرف بیرونی نقاب ہے۔ اس شدّتِ احساس اور بے تابیِ محبت کو وہ غیر ذمہ دارانہ طرزِ تکلم اور بناوٹی بے حسی کے فرغل میں چھپائے رہتے ہیں۔ ناانصافی ہوگی، اگر میں ضمناً نہ عرض کروں، کہ اُن کے اس "بننے" میں خاص بات یہ ہے کہ فرغلِ اخفا کسی حالت اور صورت میں خرقۂ سالوس نہیں بن جاتا۔ اس لطیف تصنع کے مخصوص دلآویز بے ساختہ پن پر حالی کا یہ شعر

قبل اور بعد کے بعد کی زندگی کی نامتناہی فضا پھیلی ہوئی خیال کی جاتی ہے) لیکن اس سے یہ نتیجہ نہیں نکلتا کہ اُن کے وجود میں جمہوریت بشریت سے علیحدہ کچھ اور عناصر گھلے ملے ہیں۔ اور اگر وہ علم النفس کے عام نظریوں کی تردید کرتے نظر آتے ہیں، تو اس سے فطرت کے نامحدود تنوع اور بوقلمونی اور علم کی محدود وسعت پر روشنی پڑتی ہے۔ ایک اہل الرائے نقاد کا مقولہ ہے کہ اگر انسانی مخصوص الذہنی کے انتہائی معراج کا اندازہ لگانا ہو تو شکسپیر کی تحریریں پڑھو، اور اگر عام انسانی ذہن کی درماندگی کا نظارہ دیکھنا مقصود ہو تو شکسپیر کے مفسرین کی تنقیدیں دیکھو۔ میں کہتا ہوں کہ اگر فطرت کی عظمت، وسعت، رنگا رنگی کو حیطۂ تصور میں لانا ہو تو انسان کا مطالعہ کرو، اور اگر فہم انسانی کو عالم نارسائی میں پر پھڑپھڑاتے دیکھنا چاہتے ہو تو نفسیّین کی تعریفوں، تنویعوں، تحدیدوں اور ترجمانیوں پر نظر ڈالو۔

انسان کے تشریح و مطالعۂ نفس کے کئی ذریعے ہیں اقوال، افعال، بشرہ، لیکن میری رائے میں بشرہ کی زبان سے۔ خواہ پہلی نظر میں یہ زبان گہری اور باریک چیزوں کے معلوم کرنے کا انوکھا اور اوپری ذریعہ نظر آئے۔ زیادہ محفوظ اور دھوکے کے امکان سے مصئون شاید ہی اور کوئی ذریعہ اُن ذہنی و قلبی احساسات و واردات کو معلوم کرنے کا ہو جو مجموعی طور پر انسانی فطرت کہلاتے ہیں۔ اس بارے میں اقوال کی مطلق کوئی وقعت نہیں۔ انسان اپنی نظر میں نیم فرشتہ ہوتا ہے؛ یہ بھی نہ ہو تو اپنی خامیوں اور لغزشوں کے متعلق بے تعلقی اور خالی الذہنی سے وہ کوئی فیصلہ قطعیت کے ساتھ نہیں کر سکتا۔ مثلاً" ایک قاتل جب اپنے دل میں اپنے سنگین جرم کا خیال کرے گا، تو کبھی یہ تلخ خود الزامانہ حقیقت سمجھنی نہیں چاہے گا کہ اُس نے قتل کر کے ایک عریاں شقاوت و بہیمت کا ثبوت دیا ہے، بلکہ اپنے جرم کے خوف ناک سنگینی کو وقت، موقع، حالات اور اسی قسم کے غیر اہم جزئیات کو نمایاں کر کے کم، اور ہو سکے تو زائل کرنے کی کوشش کرے گا۔ جس طرح ڈوبتا آدمی تنکے کا سہارا ڈھونڈتا ہے، اُسی طرح یہ شخص بھی طرح طرح کی دلیلوں اور اُلٹی سیدھی موشگافیوں سے خود کو اپنی نظروں سے گرنے سے بچائے گا۔ یہ ناممکن ہے کہ کوئی شخص ٹھنڈے دل سے غور کرنے کے بعد اپنے تئیں کسی ایسے جرم کا مرتکب قرار دے سکے، جو صرف ایک ہی بے پناہ رُخ رکھتا ہو۔ ایک ریاکار شخص اپنے منافقانہ قول و فعل کو محض ایک ایسی حرکت کے طور پر نہیں دیکھ سکتا جو مروجہ و مسلمہ اخلاقیات کا جان بوجھ کر خون کرتی ہو وہ یقینی اور فطری طور پر اپنے قابل گرفت معاشرتی و اخلاقی جرم کو بہ لطائف الحیل مصلحت، دور اندیشی یا کسی ایسی ہی پاک نیت پر محمول کرے گا۔ اگر یہ نہیں، تو ایک بے ضرر، معصوم تفریح و تفنن ہی ٹھیرا کے اُسے حق بجانب ثابت کرنے کی کوشش کرے گا۔ خواہ اُس کی ریاکاری نہایت ہی مجرمانہ و جارحانہ

سیرت شناسی

"انسان کے لئے بہترین مضمونِ مطالعہ خود انسان ہی"

"آدمی زادہ طرفہ معجونیست"

فطرتِ انسانی کے مطالعہ سے زیادہ پرلطف وسبق آموز شاید ہی کوئی اور مشغلہ ہو، لیکن چونکہ فطرت مسلمات اور عمومیتوں کی متابعت سے ایک حدتک آزاد ہی، اس سے لئے کوئی صریح اور حتمی طریقہ اس کے مطالعہ کا مرتب نہیں کیا جا سکتا۔ فطرتِ انسانی بے حد پیچیدہ و دقیق اور بعض اوقات متناقض ومتضاد طبعی وذہنی خصوصیات کے پُرپیچ مجموعہ کا نام ہی۔ وہ تمام نظریات جو فطرت کی رہنمائی کرنے یا اُس کو اپنے زیر اقتدار لانے کے لئے معہود فی الذہن طور پر اصول وضع کرتے ہیں کبھی صداقت پر مبنی نہیں ہوسکتے تا وقتیکہ وہ انسانی جذبات واحساسات و موثرات کے متعلق رزمرح، فکر، حسیات کو اُن کے حسب حق درجہ اور اہمیت نہ دیں۔ یہی نہیں، اُن کی صداقت ان تمام جزئی عناصر کی بخوبی تشریح وتحلیل کے بعد بھی اشتباہ سے بلند نہیں خیال کی جا سکتی، ممکن ہی سالہا سال کے حزم واحتیاط کے غور ومطالعہ کے بعد ہم کسی شخص کے متعلق ایک رائے قائم کریں اور ایک دن اپنے تمام نتائج کی تردید اُس کے ایک ایک قول وفعل میں دیکھیں، میرے علم میں کئی اس قسم کے چیستان صفت بزرگ موجود ہیں، جن کی حقیقت نفس الامر دریافت کرنا اس نفسیاتی ودقیق النظری کے دور میں بھی اسی قدر سہل ہی جتنا موجودہ علمی اختراعات کے ذریعہ آسمان کو ہاتھ لگانا! (اس نسبت سے ناظرین یہ نہ سمجھیں کہ آسمان کی طرح ان بزرگ کا وجود بھی محض فریبِ نظر پر مبنی ہی کہ:

ہر چند کہیں کہ ہی، نہیں ہی

میری مراد اُس آسمان سے ہی، جس کے پردوں کے پیچھے جاہل اور دقیانوسی طبقوں میں مدت

محسوساتِ فانی

از رشحاتِ قلم مولانا شوکت علی خاں صاحب فانی بی اے ال ال بی (علیگ)

"عالم دلیلِ گمرہیٔ چشم و گوش تھا"

یوں تو پوری کی پوری غزل یکسر موثر و پُرکیف جذبات نگاری کا دلاویز مرقعہ ہی لیکن چھٹی شعر میں بے سروساماں دیے نیازانہ جنوں نوازی کی تلقین بالخصوص قابلِ التفات ہے۔

اُن کو شباب کا، نہ مجھے دل کا ہوش تھا
اک جوش تھا کہ محوِ تماشائے جوش تھا

برپا تھا دل کی لاش پہ اک محشرِ سکوت
تیرے شہیدِ ناز کا ماتم خموش تھا

اُمیدِ عفو ہے ترے انصاف سے مجھے
شاہد ہے خود گناہ کہ تو پردہ پوش تھا

فردائے حشر خیر سے آنکھوں کا تھا قصور
ہر رُخ مری نگاہ کا تصویرِ دوش تھا

ہر مژدۂ نگاہ غلط، جلوہ خود فریب
عالم دلیلِ گمرہیٔ چشم و گوش تھا

وحشت بقیدِ چاکِ گریباں روا نہیں
دیوانہ تھا جو معتقدِ اہلِ ہوش تھا

پی اور وہ پی ازل میں کہ اُتری نہ حشر تک
یادش بخیر دل بھی عجب بادہ نوش تھا

محرومیاں ذریعۂ الہام ذکر تھیں
نالوں پہ انحصارِ پیامِ سروش تھا

فانی تنک بضاعتیٔ غم کا کیا علاج
ہر قطرہ خونِ دل کا تمنا فروش تھا!

ادکرا۔ اگر ہمت کرکر جت کی تو باز بھری چھٹی۔ مالک کو بہانہ ہاتھ آیا۔ کہ میں نے تو اسی لئے حفاظت سے رکھا تھا
کوئی ظلمی کھا نہ جائے۔ پھر لیا پکڑ بند کیا، یا پشتینی قید کے ایسے عادی ہوئے کہ اگر بیزار ہو پنجرے سے نکالا
بھی تو میاں ٹو ترو پھر پنجرے ہی میں گھسے جاتے ہیں کہ کیا ہر ل تو بے فکری سے رہی ہے۔ چاہے آدھی
بھوک کیوں نہ ہو۔ قید اسے کون دیوانہ کہتا ہے۔ ہم نے تو جنم ہی اسی میں لیا۔ مو آگندگی کا کیڑا گندگی ہی میں
خوش رہتا ہے۔ اس سے باہر اس کی موت، انگریزوں نے چھوڑ دیا تو غضب ہی ہو جائیگا ایک کو ایک
کھا جائیگا۔ ہائے کیسے بیلے ہو گئے۔ نگوڑے ڈوبے مریں۔ چوڑیاں پہن گھروں میں بیٹھ رہیں پیٹتے ڈنڈ بھریں
مارتے وصول کریں کیسی تن آسانیاں بڑھ گئی ہیں۔ گاندھی مہاراج تو گاڑھے کی کہتے ہیں انھیں تو ٹاٹ کمبل
چاہئے جو زنان پن نکلے اور یہ حرام ڈیل محنت کا خوگر ہو۔ میں تو خدا لگتی کہتی ہوں۔ خاطر کی نہیں لیتی۔
انگریز یہ حرف گیری کرنے کا ہمارا منہ نہیں۔ اپنے گریبانوں میں منہ ڈالیں رائی کا پربت بنا کر لگائی بجھائی کرنے
والے۔ کرسی پہ بیٹھنے کے شوق میں کیا کچھ نہیں سنکار آتے بس ان بہتانیوں سے اللہ ہی سمجھے۔

عمدہ خانم ۔ اے بیگم مزار کی کہن پہ ایک بات یاد آئی۔ اب ان جگاہوں کا تو کوئی بال بیکا نہیں کر سکتا
ہندوؤں کا تو دل جل گیا ہے۔ مہاتما جی نے رہا سہا اور سب کو دیوانہ بنا دیا ہے۔ اُن سے نہ ہندو بچے نہ مسلمان
جانے ان میں کیا ایسی موہنی ہے اور کونسا لٹکا انھیں یاد ہے سارے ملک کو اپنے سے ملا لیا ہے۔ اب انگریز
کو دھمکی دیتے ہیں۔ سوراج دو۔ انگریز بیچارا ایک نہ دو اکٹھے سوراج تجھے کہاں سے گھڑ دے۔ بھیا دیوانے
اندر پت مانگ لے۔ کا روپ لے لے بنگال دیس لے لے مندراج کا حاطہ لے لے اور ہاں جنبل پار یا نچو
کا ملک واپس لے لے یہ سب مل ملا کر کلہم پانچ ہوئے تجھے چاہئے سو۔ تو کیا لندن پہ دانت ہے۔ چلو انگریز
نے رفع شر کیا۔ لندن بھی دیدیا۔ اور باقی کو کہاں سے لائے وہ نیک ذات فرنگیوں کی بارہ ٹوپیاں ہیں
سب مل کے بھی بھیک مانگیں۔ مانگنے کے انھیں سب ہنگ یاد ہیں تب بھی سوراج نہیں دے سکتیں۔
مہاتما جی تو سٹھیا گئے ہیں۔ نو دس برس انگریزی حکومت کو ہوئے۔

مغلانی (گھبرا کے) اے بی توبہ کرو۔ مہاتما کی شان میں ایسے گستاخی کے کلمے نہ کہو۔ منہ
سے بو آنے لگے گی۔

ملو خ زمانی ۔ (ہنسی کو ضبط کرکے) اے بی عمدہ خانم یہ انگریزی راج کو نو دس برس کیسے ؟

(باقی آیندہ)

آغا حیدر (علیگ)

ہزاروں میں روشنی۔ موئی سڑی سڑی گلیوں میں بجلی کی روشنی۔ ہائے بیگم گھروں میں ہمارے اندھیرا ہوگیا۔ دمڑی کا تیل نہیں جڑتا۔ دھڑیں ڈالیں یا چراغ میں جلائیں۔ سرکار آپکی ہزاروں پہ ہاتھ ہے سینکڑوں کو کھلاؤ۔ جس تنگی ترشی سے ہماری بسر ہوتی ہے اسکا اندازہ آپ نہیں لگا سکتیں اور نہ اللہ کرے وہ نوبت آئے جس سے ہمارے دکھ کا دشمن اندازہ کریں۔ جہاتماجی کہتے تو ہیں کہ نوکری چھوڑ دو نوکری چھوڑ دو۔ اے بیگم اول تو چھوڑتا کون مسخرا ہی اور جس کسی کا سر پھرا۔ مذہب کا خیال آیا اور نوکری سے اس نے ہاتھ اٹھایا۔ خانہ آباد دولت زیادہ، تو نہیں تو بھائی۔ تین لاکھ تیرے اور بھائی۔ بیگم فرنگی کا رونا کیا روئیں۔ اپنے آپے ہی ٹھیک نہیں۔ سارا پنجاب خفیہ میں ہی اور سب سے زیادہ یہی اپنے کلمہ کے شریک بھائی۔ اپنے دام کھوٹے پرکھنے والے کا کیا دوس۔ سارا روپیہ ولایت کھنچا چلا جارہا ہی۔ یاں نگوڑی جوار کی بھی پیٹ بھراؤ نہ ملے' واں اللہ کے قربان جاؤں۔ نان پاؤ اور مکھن اڑائیں اور یہ بیویاں اور تیار کر رہی اور سنڈ منڈ بنا رہی ہیں کہ ہاں موٹے سانڈوں کھاؤ اور پھر ہمیں ہی ٹکرانا۔ لو روپیہ ہم سے اور کر و اپنی کمر مضبوط۔ جمع جکڑی ہم سے لو اور خوب تیز تیز چھریاں بنانا۔ پھر ان سے ان بندیوں کو ذبح کرنا۔ چھریوں کے غسل ہمیں نہ دینا۔ ہماری اور بیسیوں بہنیں ہیں۔ دل کھول کے مسجدیں اور مزار ڈھانا۔ کھلے میدان نکالنا۔ پیچ پچ مکان اور پیچ در پیچ گلیاں کس جوگی۔ نہریں بہتے بخار۔ درخت روگوں کے اڈے۔ صاف صاف صفاچٹ میدان چلچلاتی دھوپ میں جو مزا ہے وہ کسو میں نہیں اور بیگم ایمان کی تو یہ ہے کہ ہم تو پیٹ کے کتے ہیں ہمیں تو جس دھندے چار پیسے جڑتے نظر آئیں گے وہی کریں گے۔

ماہ رخ زمانی۔ اے بی تم ہی پر کیا منحصر ہے۔ ہمارے توکل کے کل ہندوستانیوں پر یہی اللہ میاں کی رحمت ہی۔ دوزخ بھر دو اور چاہے تو یہ توبہ نعوذ باللہ کعبہ ڈھوا لو۔ سب سے آگے یہی کلمہ گو موئے۔ وہ تو یوں کہو کہ یہی غنیمت ہی کہ انگریز خود ہی ان نگوڑوں پہ نہیں تھوکتے اور ذلیل سمجھتے ہیں جو کہیں ذرا منہ لگائیں پھر تو جو نہ کرنی ہو یہ کر ڈالیں۔ اچھی! کوئی خطاب دیدو! جاگیر دیدو۔ کسی عہدے کی امید دلادو۔ پھر ان نامرادوں سے مزار پاک تک کے کوڑے کرالو۔ انگریز اپنے دم سے بڑے ہی شریف۔ میرا منہ نہیں جو تعریف کر سکوں۔ پر کیا کریں یہاں کی ہوا سے لاچار ہیں۔ ہنس ہنس کھائے پھوہڑ کا مال جب یہی آنکھوں کے اندھے داموں کے پورے ہوں تو آتا دھن کسے برا لگتا ہے۔ عقل کے پتلے ہیں جو بات کرتے ہیں سوچ سمجھ کر کرتے ہیں۔ ہر بات میں اپنا پہلو ضرور رکھ لیتے ہیں۔ کوئی ہندوستانیوں کی طرح بادی تو ہیں نہیں کہ اپنا سو بچانا نہ کریں۔ ہماری وہ نوبت ہے جیسے پنجرے کا قیدی۔ بانو شل اڑنے کا سکت نہیں۔ کسی کو رحم آیا سانی

ملے تو کاں سے لیاؤں۔ سیدانیوں کی گلی میں بھی دھکے کھا آئی! اپنی بنانے سی تو رہی۔ اللہ رکھو بیگم کہاں ہیں

مغلانی - اندر ہیں

عمدہ خانم - تو چلو میں بیگم کو تو سلام کر آؤں۔

عمدہ خانم مغلانی پاس گٹھری برقعہ چھوڑ۔ اندر دالان میں گئی۔ آداب کیا۔ ماہ رخ زمانی چوکیں جلدی سے ہوشیار ہو بال ٹھیک کئے اور بیٹھ گئیں۔ عمدہ خانم بھی ستوں کے برتن سے کمر لگا سامنے ادب سے بیٹھ گئی۔ ماہ رخ نے پانی مانگا۔ ابدارخانے والی نے جلدی سے تھالی جوڑ کٹورے میں آبخاصہ نکال سرپوش ڈھانک تمیز سے جھک پیش کیا۔ ماہ رخ نے اگالدان میں اگال ڈال کلی پکیدان میں کی اور ڈبیا سے گلوری چاندی کی ہنجی سے پکڑ نکال کھائی۔ داروغن سے اشارہ کیا کہ پٹاری میں سے ایک پان عمدہ خانم کو بنا دو۔ اور کہنے لگیں۔ ہاں بی تمہاری مغلانی سے جو باتیں ہوئیں میں سب سن رہی تھی آخر سالے پہ یہ کیا آفت آئی ہے کہ کوئی چیز ڈھنگ کی نہیں میسر نہیں آتی۔ اچھا! دو۔ موئی چینا بھی ہے یا وہ بھی آ رگئی!

عمدہ خانم - اے بیگم واری گئی ان چیزوں کی اب مانگ کاں رہی ہے۔ ساری کی ساری بیو یاں مسیح کی چھا یاں بن گئیں۔ سب گوڑی ولایتی سفید جھنّی دھجیوں پر ریجھی ہیں۔ ہر طرف بیل۔ فیتے اور جھنول کی پکار ہے۔ گوٹے کناری کو کون پوچھتا ہے۔ بھاگ بھرے انگریز۔ ان کا لہنا۔ ہڈیاں ہندوستانی بیلیں اور پیسہ اُدھر کھنچ جائے۔ مسالہ تارتر نگا بھی ہوتا۔ تو چار ٹکے کھرے ہو جاتے۔ موئی سوت کی دھجیاں آئیں باپ کے مولوں۔ بیچو تو کوئی دمڑی کو نہ پوچھے۔ اسی کا نتیجہ ہے کہ سارا ملک کال کا مارا اور گوٹے دیسی کنگلے۔ دو انگل کی لنگوٹی تک نہ رہی۔ ایک ہاتھ آگے اور ایک ہاتھ پیچھے۔ چاہے کسی دماڑی پہنچی۔ گھر چلے بلا سے، شیخی تو بغل میں ہے۔ ایک تو خود بیویوں کی رغبت اس طرف کم دوسرے بیگم جہاں کندلہ گلتا ہے وہاں انگریز کا پہرہ بیٹھ گیا ہے۔ اس لیئے کندلہ اب کم گلتا ہے۔ تارکش الگ حیران۔ دیکھئے جدا پریشان۔ سارا مال ولایت سے آتا ہے اور نرا کھوٹ۔ کرخندار (کارخانے دار) ہاتھ پہ ہاتھ دھرے بیٹھے ہیں۔ فاقوں کی نوبت آگئی ہے۔ جو نوکر پیشہ ہیں۔ انھوں نے ہٹی ڈالی۔ تنخواہ بڑھاؤ تنخواہ بڑھاؤ۔ انگریزوں نے تنخواہ جی کر کے بڑھا دی۔ پر بیگم نت نئے ڈنڈ اور لگان لگا دئے۔ کرایہ بڑھا دیا۔ ہوا آئی تو محصول لگا دیا بیگم کھڑکی کھولو۔ تو راج ڈنڈ بھگتو۔ تنخواہیں بڑھیں تو کیا، میاں کی جوتی میاں کا سر رہا۔ پیسے میں چار سودے آتے تھے۔ اب آنے میں بھی جسم جلی چیز آتی ہے۔ پہلے پیسہ کا یہ ڈھکن ساگھی آتا کہ تین تر تراتے پراٹھے اتار لو۔ اور اب گھی کھانا تو کیا گھی کا غم کھاؤ۔ دو آنے کا بھی منگاؤ تو اللہ رکھے راج کی بدولت وہ برکت کا آوے کہ دیکھ کے جی ہی خوش ہو جائے اور دل سے دعا نکلے کہ جگ جگ رہے فرنگی راج۔"

کہ سارا گھر پڑھا لکھا ہے۔ پیٹ کی خاطر انگریزی اب سے نہیں بلکہ شہر آبادی سے پڑھنی شروع کردی تھی۔ اور دوسری پشت ولایت جاتے ہوگئی ہے۔ اللہ رکھے گھر والی خود پڑھی گنی اور للموئیوں کی سنگت اٹھائے ہے۔ پر اپنی وضع کو نہ جانے دیا۔ چھوکریوں کو گھر کی وہی نگوڑے سائے تنا تین تین کلی کے پجامے پہناتی ہے۔ ناچ کو جب جی چاہتا ہے تو یہی چھوکریاں باندیاں سایہ پہن ٹوپی اوڑھ اس فرزے انگریزی ناچ کی نقل اتارتی ہیں کہ ہنسی کے مارے پیٹ میں بل پڑ جائیں۔ سوزنی پر ذرا ایک طرف ہٹ کے گاؤ تکیے پر سر رکھے ایک ہاتھ گال کے نیچے اور دوسرا کولھے پر پڑا۔ کروٹ لئے آدھا دھڑ سوزنی پر آدھا سوزنی سے باہر۔ ذرا پیر سکیڑے آب رواں کا روپٹہ سر اور پیروں کے نیچے دبائے سارے جسم کو خوبصورتی سے چھپائے کچھ ترچھی سی ماہ رخ زمانی بیگم لیٹی تھیں۔ مہین مہین روپٹے میں لپٹی جیسے جالے میں تیتری یا سفید صافی میں گلاب۔ گھٹنے کے پاس رادھا نگری کا کسنا چڑھی پانوں کی ڈبیا رکھی۔ لیٹے لیٹے ذرا غنودگی سی آگئی۔ اتنے میں عمدہ خانم گوٹے والی آئیں۔ یہ شہر آبادی میں اچھی سیانی تھیں۔ باوا اُن کے قلعے میں آبدار خانے کے داروغہ تھے۔ شہر میں گدھوں کا ہل چلا۔ آدمیوں پہ بیلن پھرے۔ شہزادیوں کی چٹیاں پکڑ کے سر بازار گھسیٹا گیا تو یہ بیچاری کس شمار و قطار میں تھیں۔ انگریز کے نام سے دم نکلتا تھا۔ میاں محمد علی اور میاں شوکت علی کے لئے دعا کرتیں کہ الٰہی انھیں عقل دے انگریز بجڑوں کا چھتہ ہیں کہیں ایسا نہ ہو ناراض ہوجائیں اور جانے کس کس کو پھانسی پر چڑھائیں۔ کاغذی محلہ میں ان کا گھر خانقاہ کے پاس تھا جب محلہ کھدا اور خانقاہ توڑ کر گرجا بنا تو اسی کھدلی میں ان کا بھی گھر آیا۔ اب بیچاری گوٹہ کناری بیچتی گھر گھر پڑی پھرتی ہیں اور اسی طرح گذر کرتی ہیں۔ اندر آئیں سامنے سہ دری میں بی مغلانی بیکار بیٹھی اونگھ رہی تھیں۔ پاس کھٹولے پر ایک چھوکری بیٹھی کاج بٹن کا گریبان تیار کر رہی تھی۔ عمدہ خانم نے سلام کیا۔ بی مغلانی چونکیں اور دیکھتے ہی للکاریں۔ واہ بی واہ آج لا رہی ہو۔ چھپا کی تو پی۔ تم نے خوب راہ دکھائی۔ توئی بنا روپٹہ یوں ہی پڑا ہے۔ آخر جل کے خواصی میں مغلئی ہمیک ٹانکنے کی میں نے تو ٹھان لی تھی۔ عمدہ خانم بولیں۔ بی صد (صد) رحمت ہے صورت دیکھتے ہی سر ہوگئیں۔ پہلے سن تو لو پھر کچھ کہنا۔ تین دن سارے بازار میں ٹکر ٹکر کرتی پھری کہ کہیں اچھی بنت کی توئی یا نخمی جان ملجائے یا تو دھوئیں کی رنگی ملتی ہے یا وہی نگوڑی ولایتی تار کی کہ چار دن میں مال ماند ہوجائے۔ ٹانکو تو آنچل پھڑکنے سے کھڑے رہیں۔ اب شہر کی نہ

پسِ پردہ

"پس پردہ" کا حسب ذیل حصّہ رسالہ "صبح امید" میں شائع ہو چکا ہے چونکہ "صبح اُمید" بند ہو گیا، یہ مضمون اس میں پورا نہ چھپ سکا۔ اب ہم پورا مضمون آغا صاحب سے حاصل کر کے شکریہ کے ساتھ میگزین میں درج کرتے ہیں۔

(اڈیٹر)

سارے دالان میں نین سکھ کی سفید چاندنی کا فرش تھا۔ آنکھ میں میل چاندنی میں میل کا نام نہ تھا۔ دوہرے دالان اندر کے دالان میں شہ نشین کے بیچ کے در کے پیچھے سفید براق سا غلاف چڑھا ایک بڑا سا گاؤ تکیہ رکھا تھا۔ چنبیلی کے جال کی سفید دودھ سی سوزنی بچھی۔ قرینے سے گلناری تراش کے میر فرش رکھے۔ سلوٹ کہیں دیکھنے کو نہ تھی۔ دیواریں سفید جھک۔ روشن روشن کھلا کھلا گھر کہ دیکھنے والے کی آنکھیں کھلیں۔ جی روشن ہو۔ چاروں طرف دیواروں میں قاعدے سے دلیاں۔ بنگڑیدار محرابوں کے طاق۔ ایک کا ایک جواب۔ نگوڑے اگلے زمانے والے ہر بات میں شاعری دکھاتے تھے۔ مکان بناتے تو جیسے شعر میں ردیف قافیہ بحر ہم وزن۔ ایسی خوبی اور صنعت مکان میں رکھتے تھے اور کمال یہ تھا کہ اگر کوئی نکتہ چیں بد بیں کسی بات میں زیادتی کرنی چاہے اصلاح دے تو اچھی بھلی چیز کا ناس کر بھونڈا بنا دے۔ غرض جو چیز جہاں بن گئی وہیں خوب بجی۔ طاقوں میں غلطے کے طاق پوش بچھے۔ چینی اور چانچی کے خوبصورت خوبصورت گلدان اور برتن سجے۔ قطعے، رباعیاں اچھے اچھے قول چوکھٹوں میں جڑے۔ میر پنجہ کش اور یاقوت رقم کے ہاتھ کے لکھے۔ قاعدے سے دیواروں میں لگے۔ گلدانوں میں گھر کے بنے گلدستے۔ جن میں گلاب کی زیادتی آس پاس چنبیلی کی لڑیاں پڑیں ہر چیز سلیقہ سے اپنی جگہ دھری غرض سارا مکان مشرقی مذاق اور دلّی پیاری کی تہذیب کا اعلیٰ نمونہ تھا اور کسی بات میں فرنگیوں کی ریس کا اثر یا نگوڑا کرستان پنا نہ تھا۔ اور لطف یہ ہے

روحِ طرب بھی وجد میں، دورِ شراب ناب تھا
عشق کا سر جھکا ہوا، سر سے کفن بندھا ہوا
خنجرِ ناز بے نیام، تیغ بکف شباب تھا
معرکۂ عظیم تھا ناز میں اور نیاز میں
زلف میں بھی تھی برہمی، دل کو بھی پیچ و تاب تھا
موجِ ہوا میں عطر تھا، چٹکی ہوئی تھی چاندنی
پھول کھلے تھے باغ میں چرخ پہ ماہتاب تھا
درد سے قلب چور تھے، نغموں سے روح مست تھی
سوز بھی بے نظیر تھا، ساز بھی لاجواب تھا
ہونٹوں کو وقتِ گفتگو چوستی تھی شگفتگی
بات جو تھی سو پھول تھی، پھول جو تھا گلاب تھا
دل کی رگوں میں عشق کی دوڑ رہی تھیں بجلیاں
حسن کے دست ناز میں شعلہ فشاں رباب تھا

اور جو دیکھا صبح کو جا کے تو دل لرز گیا
پھول پڑے تھے منتشر، سازِ طرب خراب تھا
زلف کی تھی نہ وہ شکن، رقص میں تھی نہ وہ صبا
تھا تو چراغِ کشتہ کے دود کا پیچ و تاب تھا
اڑتی تھی خاک ہر طرف، نغمۂ حسن رات کا
بھولا سا اک فسانہ تھا، دھندلا سا ایک خواب تھا
الٹی ہوئی صراحیاں فرش پہ چور چور تھیں
جام شراب خاک پہ شرم سے آب آب تھا
میں نے جو کچھ کنایۃً تجھ سے کہا، اسی طرح
بزمِ جہاں میں ایک دن جوشؔ بھی کامیاب تھا

پرزور قوت ہے جس کے آگے کوئی ممکن رکاوٹ سدِّراہ نہیں ہوسکتی، بلکہ یہ وہ وادی ہے
جہاں ارادہ اور اس کی تکمیل تقریباً ہم معنی افعال ہیں۔

غلام السیدین

(چکیدۂ قلم جناب شبیر حسن خاں صاحب جوش ملیح آبادی)

ہم جوش صاحب کے بدل ممنون ہیں کہ انہوں نے ذیل کی شگفتہ و دلنشین نظم میگزین میں اشاعت کے لئے عنایت فرمائی "سوز و ساز" کا یہ کیف پرور چھلکتا ہوا ساغر پیش کرتے وقت ہماری زبان پہ بے اختیار سہیل کا یہ شعر رواں ہوجاتا ہے۔

الفاظ کی شیرینی، انداز کی رنگینی
اک کیف ہے پنہانی، اک ذوق ہے وجدانی

ناظرین کرام اندازہ فرمائیں اس کی لطافت و شیرینی سے اُن کا کام و دہن کس قدر شکریں، اُس کی پرآہنگ موسیقی سے اُن کا سامعہ اس درجہ مسرور اور اس کی کیفیت آفرینی سے اُن کا قلب کس حد تک متاثر ہوتا ہے۔

اڈیٹر

شب کہ حریم ناز میں شور صد اضطراب تھا
عشق بھی تھا برہنہ سر، حسن بھی بے نقاب تھا
آنکھوں میں روئے یار تھا، آنکھیں تھیں روئے یار پر
ذرّہ تھا آفتاب میں ذرّہ میں آفتاب تھا
خشک تکلفات کی ٹوٹ چکی تھیں سب حدیں
چشمکِ بے دریغ تھی، خندۂ بے حجاب تھا
سر پہ صراحیاں دھرے کرتے تھے رقص مغبچے

کو بھی قبلہ نما کہتے ہیں ! طلب معاش انسان کی جسمانی ضروریات کی کفیل ہوسکتی ہے اور اس کے فرض ہونے سے صرف یہ فائدہ متصور ہے کہ انسان صحت بدنی اور فراغ دماغی کے ساتھ زیادہ بلند اور حقیقی مقاصد کی جانب اپنی اندرونی قوتوں کو مبذول کرسکے - یہ زیادہ بلند اور حقیقی مقاصد، جو ہر انسان پر حاوی رہنے چاہئیں، خدمت خلق اور ہم جنسوں کی منفعت رسانی ہیں - بے شک ہر شخص اپنے لئے، تقسیم کار کے اصول پر کوئی شعبہ مصروفیت مختص کرے - لیکن اس کی حیات و ممات، تنفس کی درآمد برآمد سب اس مقصد حقیقی کی تکمیل کے ماتحت ہوں -

زیستن در لبت قوم و مُردن اندر لبت قوم

بلکہ اس مقصد کا معراج لبت ہم جنس ہو، وہ خلوص نیت سے یہ خواہش رکھے کہ دنیا اس کی ہستی سے محسوس یا غیر محسوس طور پر مستفید ہو - اگر وہ ایک محکوم قوم کی ذلت غلامی سے فضائے آزادی میں رہنمائی نہ کرسکے، تو اس کو اتنی تسکین ضمیر تو ضرور ہو کہ اس نے فلاکت و غربت کی پیشانی پر سے چین فکر کو کبھی صاف کیا، کسی مظلوم کی دادرسی کی، کسی شکستہ دل کی ڈھارس بندھائی، کسی بھٹکے ہوئے مسافر کو زندگی کی سیدھی راہ دکھائی اور اس کے وجود سے بحیثیت مجموعی ہستی کا بحر ذخار مفید طریقے سے متاثر ہوا - ممکن ہے اس کی نیک نیتی کی کوششوں کا جلوہ غیر مرئی ہو - لیکن جب دل میں جذبۂ انسانیت خود غرضی کی آمدش آمیزش سے پاک ہوتا ہے اس کو بادیہ پیمائی کے لئے ظاہری نام و نمود کی ایڑ کی ضرورت نہیں ہوتی بلکہ اس کے بہترین رفیق اور داد دینے والے اس کے آبلۂ پا ہوتے ہیں!

اس نصب العین کو آرزوؤں اور اُمید کی دھندلی دنیا سے واقعیت کی تیز روشنی میں لانے کے لئے ہر مصلح کو اپنی کوششیں اصلاح نفس کے مرکز سے شروع کرنی پڑتی ہیں اور پھر یہ دائرہ رفتہ رفتہ وسیع ہوتا ہوا، اپنے کشادہ بازوؤں میں قریبی متعلقین، اہل شہر، ہم قوم، ہم وطن اور آخرالامر تمام بنی نوع کو لے لیتا ہے - اس رفعت و وسعت نظر کے درجہ پر پہنچکر انسان خدا کے قریب ترین ہوجاتا ہے اور خدا کی عالمگیر اور ہمہ تسخیر خصوصیات کو ظاہر کرنے لگتا ہے -

اگر ہم آج ہی سے اس مہتم بالشان و متبرک نصب العین کے حصول کو اپنی حیات کا رہنمائی اور محرک اصول بنانے کا خلوص قلب سے عزم کرلیں، تو آج ہی کی تاریخ دنیا کی تاریخ کے زرّین ترین صفحہ کا عنوان بن سکتی ہے - قوموں کا پُرخلوص عمل ارادہ ایک ایسی

کو فیض رسانی یا اپنے بہترین مقاصدِ حیات کی خدمت کئے مرجھا کے سپردِ خاک ہو جاتے ہیں - ایسی خس و خاشاک کی سی زندگی سے کیا فائدہ ! زندگی ایک متبرک امانت ہی جو ہمارے سپرد کی گئی ہے - لیکن ہم خیال کرتے ہیں کہ ہمارے مقبوضات میں اگر کوئی شے ناقابلِ توجہ ہے تو وہ یہی بارِ عظیم ہے ! علی گڑھ کا ایک معمولی طالب علم بتائے کہ اس کا مقصدِ زندگی ہوا سوائے اس کے کیا ہوتا ہے کہ کوئی پیشہ اختیار کر کے یا ملازمت کر کے عزت و آبرو کے ساتھ ایک معقول آمدنی یا مشاہرہ پر اپنی زندگی کے دن کاٹ دے اور ممکن ہو تو کچھ ترکہ اپنے پس ماندگان کے لئے چھوڑ جائے - عزت و آبرو کے ساتھ ! خدارا انصاف کیجئے کیا ایسی زندگی جو دنیوی مصائب و خطرات اور خدمت خلق کے فرض سے جی چرائے - عزت و آبرو کے الفاظ کے ساتھ منسوب کی جا سکتی ہے ! میں اگرچہ اپنے دماغ میں بہت کچھ طوفانِ تخیل بپا کر سکتا ہوں، لیکن اگر مجھ سے سوال کیا جائے کہ میری آئندہ زندگی کا نصب العین کیا ہے، تو سوائے خاموشی اور خجالت کے مجھ سے کچھ جواب نہیں بن پڑے گا، اور اگر بالفرض میں نے یہ فیصلہ بھی کر لیا کہ انجینیر بنوں گا یا وکیل یا بیرسٹر یا پروفیسر تاکہ اپنی زندگی آرام و آسایش سے گذار سکوں تو یہ فیصلہ اتنی ہی وقعت رکھتا ہی جس قدر ایک چوپائے کا یہ ارادہ کہ وہ آج کرکٹ لان پر گھاس چرے گا یا ہاکی فیلڈ میں ! میں پھر کہتا ہوں کہ آج اگر ہر طالب علم کے سامنے یہ مسئلہ پیش کر دیا جائے کہ تم اپنی عملی زندگی کے دوران میں اپنی خفتہ بخت قوم کو (جو دردمندوں کے لئے تشنۂ انتظار اور چشم براہ ہے) جگانے اور ابھارنے کے لئے کیا ذرا ئع عمل میں لاؤ گے تو میں نہیں جانتا کون خوش قسمت طالب علم ہوگا جو اس سوال کی آزمائش سے بحسن و خوبی عہدہ برآ ہو سکے گا زبانی درد ہر ایک کے دل میں ہی لیکن آج تک اس درد نے، سوائے شاذ و نادر مستثنیات کے وہ انتہائی صورت اختیار نہیں کی جو اظہارِ لسانی سے متنفر ہوتی ہی اور اپنی شدت کو اعمال اور جد و جہد کے قالب میں پیش کرتی ہی،

ایسے رونے پہ مجھے آئے نہ رونا کیونکر!
پارۂ دل کوئی زیبِ سرِ مژگاں ہوتا !

بے شک حلال و جائز و سائل سے طلب معاش کرنا ایک لازم اور مستحسن فعل ہے، لیکن اس وسیلۂ مطلب کو مطلب سمجھنا حجرِ اسود کو معبودِ حقیقی سمجھنا ہے، اور اہل نظر تو قبلہ

کلارک محکمہ اور پڑا نے طالب علموں سے فرسٹ ایر کے "ٹو گرفتار ربلا" سک کو کاوش کی جگر
سوزی کی ضرورت ہے، اور یہی مفقود ہے۔ علی گڑھ اس وقت تک اپنی ہستی کو موجودہ زمانے
میں حق بجانب تسلیم نہیں کرا سکتا جب تک اس کے ہر فرد میں کیرکٹر کا اتنا استحکام نہ ہو جائے
کہ وہ ایثار اور قربانی کو اپنا معمولی شعار سمجھے۔ اس دعوے کے اہمیت اور بھی زیادہ ہو جاتی ہے
جب ہم یہ یاد کرتے ہیں کہ دوسری تعلیم گاہیں جن کے منتہائے نظر جداگانہ ہیں مقابلہ اور مسابقت
کے میدان میں کود پڑی ہیں۔ کامیابی صرف فوقیت کی صلاحیت پر منحصر ہے۔ سمندر کی سطح
پر جو غیر مفید جھاگ عبث تلاطم بپا کرتا ہے۔ ایک لمحی زندگی کو گمنامی کی موت پر ختم کر دیتا ہے
لیکن انسان کو حقیقی منفعت بخشنے والی چیزیں دنیا میں قائم رہتی ہیں اور مبدء فیض بن جاتی
ہیں۔ دیکھنا یہ ہے کہ آیا ہماری تعلیم گاہ اس دوستانہ رقابت میں اپنے اس قدیم اقتدار
کو قائم رکھ سکتی ہے جو ایک قدامت پرست قوم نے اس کو گزشتہ خدمات کے معاوضے
میں بخش رکھا ہے۔ مجھے تو صرف اتنی خواہش ہے کہ یا تو اپنی قسمت میں عمر جاوداں آئے
یا مرگ ناگہاں، کہ اس میں میرے نزدیک یکسانیت و تعطل کی زندگی سے زیادہ دلآویزیاں
ہیں۔ ایک انگریزی مصنف کا قول ہے کہ عظمت و شان کے ہنگاموں سے لبریز ایک ساعت گمنامی
اور کس مپرسی کی حیات طویل سے بدرجہا بہتر ہے۔!

یہاں تک تعلیم گاہ کا تذکرہ تھا، جس کی اچھی یا بری حالت کے لئے ہمارے موجودہ اور
گزشتہ بزرگوں کو ذمہ دار ٹھیرایا جا سکتا ہے، لیکن اپنے مقصد کی تکمیل کے لیے میں ضروری
سمجھتا ہوں کہ ایک اچٹتی ہوئی نظر خود طالب علموں پر بھی ڈالوں، جن کی ذات پر مستقبل کی
آرزوں کا انحصار ہے اور جن کی امانت میں اب قوم کی تقدیر ودیعت کی جانے والی ہے
میں کہہ چکا ہوں کہ ہر کام میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے نصب العین کے تعین کی
ضرورت ہے۔ طالب علموں کو اپنی آنے والی زندگی کی جدوجہد میں ثمر کامرانی اسی صورت
میں حاصل ہو سکتا ہے جب وہ ابھی سے کسی مقصد کو منتہائے نظر بنا کر اپنی مقید اور محفوظ
قوتِ عمل کو اس ترکیب سے اور ایسی سمت میں صرف کریں جو اُن کے متعینہ مقصد کے حصول میں
معین ہو۔ لیکن ہماری زندگی کا یہ عالم ہے کہ اُن پتھروں کی طرح اِدھر اُدھر لڑھکتے پھرتے
ہیں جن پر کائی نہیں جمنے پاتی۔ صبح سے شام ہو جاتی ہے اور شام سے صبح نمودار ہو جاتی
ہے اور ہم اس دور لیل و نہار میں نباتات کی طرح نشو و نما پاتے ہیں۔ اور بغیر خلقِ خدا

کے سامنے عزم اور اس کی تکمیل مرادف ہیں۔ صعوبات راہ اُن کے شوق اور جوش کے سمند ناز پر تازیانہ کا کام کرتی ہیں، اور ہم تو اپنی پچاس سال کی سست رفتار اور ہچکچاتی ہوئی کوششوں کی بدولت یونی ورسٹی ایکٹ کا طغرائے کامیابی (!) حاصل کر چکے ہیں اب کونسی مخالف قوت ہے جو ہمارے دست و پا کو شل کئے ہوئے عمل کو ناممکن بنا رہی ہے؟ اگر آپ کا خیال ہے کہ یونی ورسٹی کا نصاب کالج کے نصاب سے زیادہ مفید ہوگا اور طالب علموں کو آن کے فرایض حیات کی ادائیگی کے زیادہ قابل بنائے گا، تو یاد رکھئے کہ ہر سال جو میدان حال سے گذرتا ہوا آغوش ماضی میں غائب ہو رہا ہے، طلبا کی ایک نسل کو اُن متوقعہ فوائد سے محروم کر رہا ہے۔ اس زیاں کاری کے لئے دنیا کس کو ذمہ دار ٹھیرائے گی؟ آپ کی نیت اس تاخیر سے خدا نخواستہ، مسلمان طالب علموں کو نقصان پہونچانا نہیں، لیکن کیا آپ نے نہیں سنا کہ جہنم کا راستہ نیک نیتی کی اینٹوں سے بنایا گیا ہے!

یونی ورسٹی کے لئے لازم ہے کہ ایک صحیح علمی ذوق اور عملی قوت اپنے اراکین میں پیدا کرے۔ اس کی فضا میں داخل ہو کر ہر نو وارد خود کو ایک خود غرض بے تعلق اور اپنے نفس کے اندر محدود ہستی تصور نہ کرے۔ بلکہ ایک متفق جماعت کا فرد، ایک ہم مقصد و ہم امید قوم کا نمایندہ، ایک بہتے ہوئے دریا کا قطرہ، ایک اٹھتے چمکتے ہوئے شعلہ کی لو سمجھے! کیا ہم اپنے گریبان میں منہ ڈال کر خلوص اور صداقت کے ساتھ زمانہ کے سامنے اعلان کر سکتے ہیں کہ ہم نے یہ روح مادر علمی کے ہر فرزند میں پھونک دی ہے؟ زبانی دعاوی کا ذکر نہیں، میرا سوال عملی طور پر خدمت قوم کو مطمح نظر بنا کر میدان وغا میں ذاتی قربانیوں سے متعلق ہے۔

رگوں میں دوڑتے پھرنے کے ہم نہیں قائل
جو آنکھ ہی سے نہ ٹپکا تو پھر لہو کیا ہے!

ذمہ دار جماعت اس بات کو اچھی طرح ذہن نشین کر لے کہ تاریخ یورپ کے خشک واقعات لو لفظ یاد کرا دینا یا شکسپیر کے ڈراموں میں مشکل الفاظ کی جگہ آسان الفاظ رکھ دینا نہیں بلکہ دینیات کے لکچروں میں طریقۂ تقسیم وراثت اور اخلاق اسلام کا زبانی بیان بھی قوم کے تار حیات میں تھرتھری نہیں پیدا کر سکتا، اس کے لئے یونی ورسٹی کے ہر رکن کو اعلیٰ افسر سے معمولی

فرض کرنے کی کوشش کی ہے کہ متعاقبین کا گروہ ہی اُن کے درپے نہیں ! بلکہ ہم کو لازم ہے کہ بدلی ہوئی حالتوں کے ماتحت اپنے نصب العین اور محاسن کو جانچیں اور پرکھیں اور اگر ضرورت آپڑے تو نیا نصب العین اور نئے محاسن پیدا کریں اس لئے کہ بقول نیٹشا کسی قوم کے بقا کا دار و مدار محاسن کی مسلسل و غیر منقسم تولید پر ہے" (اقبال) میں منتظر ہوں کہ کوئی صاحب مجھے بتائیں کہ جو نصاب تعلیم یا اصول عمل مثلاً سرسید کی وفات کے وقت ہمارے لئے بنیاد کار تھے ان میں کیا ترمیم ہوئی، کون سی مفید مطلب اور حسب اقتضائے وقت تبدیلیاں ان میں کی گئیں، قوم میں جو احساس قومیت یا سیاسی نمو کا پیدا ہو رہا ہے اُس کے لئے ہمارے وسیع نظر بزرگوں نے کیا مراعات دیں؟ میں تبدیلیوں کو محض اس لئے پسند نہیں کرتا کہ وہ تبدیلیاں ہیں، بلکہ اس وجہ سے کہ ضرورت ان کی مقتضی ہو۔ سرسید جب بقید حیات تھے تو مسلمانوں میں احساس ملی کا جذبہ مشتعل کرنے کے لئے مغربی تعلیم کی ضرورت تھی، تاکہ اُن کو معلوم ہو جائے کہ سمندر پار قومیں کس رفتار سے گامزن ہیں اور ان کی اپنی بین الاقوامی حیثیت درجہ صفر سے کس قدر نزدیک ہے لیکن اب کہ اس احساس کے وجود کا صرف وہی لوگ انکار کر سکتے ہیں جن کے کانوں، جن کی آنکھوں اور جن کے دلوں پر خود ساختہ پردے پڑے ہوئے ہیں، پرانی لکیر کے کم ہمت فقیر بنے رہنا کہاں تک جائز ہے؟

یونی ورسٹی جس کے خواب کالج کے قائم ہونے کے وقت سے دیکھے جا رہے تھے آخر الامر مراحل زائیدگی کو طے کرنے میں کامیاب ہو گئی ہے۔ لیکن اس کاغذی فعل سے کیا عملی نتیجہ ظہور میں آیا؟ میں خدانخواستہ اپنی تاریک نظری سے اس کے نظام یا کام میں خلل ڈالنا نہیں چاہتا اور نہ اصلاح اور بہتری کی اُمید میرے دل سے مطلقاً مفقود ہو گئی ہے۔ لیکن امید محض اپنی ذات کے بھروسہ پر قائم نہیں رہ سکتی، جب تک کوئی درخشاں نقطہ مستقبل کی فضا میں اس کے لئے آماج گاہ نہ بنے۔ نصاب تعلیم میں آج تک کوئی ایسا تسلی بخش تغیر نہیں ہوا جو اس بات کی توقع دلائے کہ ہمارا آج کا کامیاب طالب علم کل اپنی سیاسی اور عملی ذمہ داریوں کا صحیح احساس کر کے اُن سے باحسن وجوہ سبکدوش ہو سکے گا۔ اس کا جواب مجھے ملے گا کہ یونی ورسٹی کا نصاب تعلیم ابھی تیار نہیں ہوا۔ لیکن میں پوچھتا ہوں کہ اس تاخیر اور تعویق کے کیا معنی؟ زندہ جماعتیں پیش بہا لموں کو فضول پس و پیش میں صرف نہیں کرتیں۔ ان کی بلند ارادگی

زیادہ اصلح قومیں، جن کی رگوں میں جوشیلا خون دوڑتا پھرتا ہے، ضعیف قوموں کو مسند صدر نشینی سے معزول کر کے خود اس پر متمکن ہو جاتی ہیں۔ ارشاد الٰہی ہے اِنَّ الارض یرثھا عبادی الصٰلحون یعنی زمین کے وارث وہ لوگ ہوتے ہیں جو اپنے میں فرماں روائی کی صلاحیت پیدا کر لیتے ہیں اور اس صلاحیت کو عملی کامیابی کے ذریعہ ثابت کر دکھاتے ہیں۔ چنانچہ کشمکش حیات کی تگ و دو میں معیار بقا محض صلاحیت بقا ہے۔ مانا کہ ہماری تعلیم گاہ نے سرسید کے زمانہ میں اور اس کے بعد بھی کچھ عرصہ تک لوائے ترقی کو اٹھائے رکھا، لیکن کیا یہ حقیقت اس بات کی مدعی ہو سکتی ہے کہ اگر اُس کا وجود "آثار قدیمہ" سے ہو جائے تو زمانہ کی دست و بُرد در و دیوار شکستہ کے اُن نقوش کو منہدم کرنے سے تعظیماً باز رہیگی!

زمانہ بے شمار قوتوں اور اثرات کے ماتحت اپنی کارروائیوں میں مشغول رہتا ہے۔ خواہ ہم ان اثرات سے واقف ہوں یا نہ ہوں، تبدیلیوں کو تسلیم کریں یا نہ کریں، وہ کمال استغنا کے ساتھ واقعات کی نیرنگیاں قرطاس تاریخ پر منعکس کرتا اور مٹاتا رہتا ہے۔ ظاہرا یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کی طبیعت میں ہرجائیت اس درجہ سرایت کر گئی ہے کہ ایشیائی شاعری کے معشوق کی طرح آج ایک قوم پر نظر عنایت ڈالتا ہے، کل اپنی متلون مزاجی کی وجہ سے بغیر کوئی وجہ دئے اپنا تلطف اس سے اٹھا لیتا ہے، لیکن حقیقت امر، جیسا کہ ہم نے مضمون کے شروع میں بیان کیا ہے یہ ہے کہ لیلائے زمانہ کے اس جنون میں ایک اصول مضمر اور اس کی سیماب طبعی میں ایک نظم و ترتیب پنہاں ہے۔ جو قومیں اپنے نظام حیات کو حالات حاضرہ کی تبدیلیوں سے ہم آہنگ نہیں بناتیں اور معاشرتی اور سیاسی زندگی کو خواب خرگوش کے گہوارہ میں رقابت اور مسابقت کی سرگرمی سے محفوظ رکھتی ہیں، ان کے لئے وارثان ارض کے دسترخوان پر کوئی جگہ نہیں ہوتی، یا تو بقول حالی گھڑیال اور مگرمچھ ان کمزور اور ناتوان مچھلیوں کو نگل جاتے ہیں، یا وہ موری کے کیڑے کی طرح اپنی ہر حالت میں مگن رہتی ہیں، ترقی پسند زمانہ کی منظور نظر نہیں بن سکتیں

اپنی تعلیم گاہ کے حالات کا مطالعہ اور امتحان کرتے وقت ہم اس عریاں حقیقت سے دوچار ہوتے ہیں کہ اُس نے اپنی پالیسی کو رفتار زمانہ کے دوش بدوش نہیں رکھا، اور اس کے گرد ملک میں جو تبدیلیاں ہوئی ہیں اُن کی جدت انگیزی سے خود کو متاثر نہیں بنایا، برخلاف اس کے ارباب حل و عقد نے کہاوتی شترمرغ کی طرح اپنی قوت بصارت کو معطل کر کے، یہ بات

اندازہ لگانے کے لئے اُس کی تعلیم گاہوں سے بہتر اور کون سی جگہ ہو سکتی ہے؟ کیونکہ خود تعلیم گاہ کی حالت موجودہ نسل کی دماغی ترقی اور انتظامی قوت کا پتہ دیتی ہے اور طالب علموں کی زندگی آیندہ نسلوں کے حالات پر روشنی ڈالتی ہے۔ آج کا طالب علم کل کا علمی شہری ہوتا ہے، اور ملکی اور ملی سیاست کی عنان اُس کے سپرد کر دی جاتی ہے۔ مسلمانانِ ہند کی دماغی اور اخلاقی حالت کا اندازہ لگانے کے لئے غالباً ہماری یونیورسٹی سے بہتر موقع نہیں مل سکتا۔ کیونکہ یہ ایک مذہبی درسگاہ ہے، جہاں تمام اطرافِ ہند کے وہ مسلم نوجوان مجتمع ہوتے ہیں جن کو جائز طور پر مقامی دماغیت کا صحیح آئینہ تصور کیا جا سکتا ہے۔

موجودہ حالت کیا ہے؟ کیا نصاب و طریقۂ تعلیم میں ہم نے کسی خاص غایت کو پیشِ نظر رکھا ہے یا استقبال کی طرف سے مطلقاً خالی الذہن ہو کر محض حال کی فوری اغراض کا لحاظ کیا ہے؟ ہم نے کس قسم کے تعلیم یافتہ اشخاص تیار کئے ہیں: آیا اُن اشخاص کا ذہنی اصول اور زندگی اہمیات کے متعلق زاویۂ نظر ایسا ہے کہ مسلمانوں کی سی مختص الہیت جماعت کی عمرانی ہستی کی تسلسل کا کفیل ہو سکے؟ مختصراً، واقعاتِ حاضرہ اور طلباء کی حال پر نظر کرتے ہوئے مستقبل قریب کے متعلق کیا امیدیں پیدا ہو سکتی ہیں؟

تعلیم گاہ کے قیام کو اب نصف صدی ہونے کو آئی۔ اس کا سنگِ بنیاد اس زمانہ میں رکھا گیا جب مسلمانوں کی ملکی حکومت کے ساتھ اُن کے علمی اور دماغی چراغ بھی انگریزوں کی گردرفتار اور تلاطم استیلا کی وجہ سے گل ہو چکے تھے۔ ناساعد ماحول کے باوجود اس نے اپنی زندگی کے اولین دور میں جو کچھ خدمات انجام دیں وہ بلاشبہ قابلِ قدر ہیں، اور قومی زندگی کی جو ہلچل انیسویں صدی کے ربعِ آخر میں پیدا ہوئی اس کی محرک قوت کا سرچشمہ بڑی حد تک علی گڑھ ہی کو کہا جا سکتا ہے۔ بدقسمتی سے ہمارے دماغ جو عصرِ حال کی تلخ کامیوں سے عصرِ ماضی کے تخیلی طلسمات میں پناہ لینے کے عادی ہو گئے ہیں اس جنتِ (فریب!) نظر پر ایمان رکھتے ہیں کہ اُن کے گزشتہ کارنامے اُن کی حیاتِ دائمی کے کفیل بن سکتے ہیں۔ ان کو یہ معلوم نہیں کہ اس عالمِ جنگ و جدل میں اپنی ہستی کے قیام کو ہر ہر لحہ حق بجانب ثابت کرنے کی ضرورت ہے۔ روایاتِ قدیمہ کا قابلِ احترام انبار سیلابِ زمانہ کے سامنے ریت کے ٹیلوں سے زیادہ وقعت نہیں رکھتا۔ اگر آپ کے آبا و اجداد نے آپ کے لئے اپنے جنگی معرکوں، ملکی مہمات اور علمی و دماغی فتوحات کا دفتر بطور ترکہ کے چھوڑا ہے۔ تو آپ کا فرض ہے کہ اس میں ہر روز اضافہ کرتے رہیں۔ ورنہ بجائے خود تاریخ قدیم کی داستانیں جو آپ کے اسلاف کے گُن گاتی ہیں ترقی کے اُن اصولوں کو فسخ نہیں کر سکتیں، جن کی بدولت

لکھدیا ہے، تو ان سب میں ایک مشترک صفت پائی جائے گی، یعنی یہ کہ اُنھوں نے علم اور تجربہ انسانی کی روشنی میں ایک مطمح نظر بنالیا تھا، جس کو اُنھوں نے ہر وقت اپنے پیش نظر رکھا، اور اپنی قوت ارادی کی وجہ سے استقلال اور ثابت قدمی کے ساتھ اُس مقصد کی تکمیل اور اس منزل پر رسائی کے لئے کوشاں رہی۔ اس سے بحث نہیں کہ وہ منتہائے نظر مستحسن تھا یا مذموم، مقصود صرف یہ ہے کہ نگاہ کے سامنے کسی ایک نصب العین کا ہونا انسانی قوت عمل کو غیر متعلق راستوں میں منتشر اور ضائع ہونے سے بچاتا ہے اور کوششوں کے لئے ایک مخصوص سمت کا تعین کر دیتا ہے۔

مدعا مضراب سازِ ہمت است　　　مرکز کو جاذبِ ہر قوت است
دست و پائے قوم را جنباند او　　　یک نظر صد چشم را گرداند او

اس پر تصمیم عزم کا ہونا کامیابی کی ایک دوسری شرط ہی۔ کیونکہ کسی بات پر خلوص کے ساتھ اعتقاد کرنا اور اس کے حصول کے لئے خلوص اور یکسوئی سے کوشاں ہونا اتنی ناقابل مزاحمت قوت ہے جس کے سامنے صعوبات منزل کے پہاڑ کائی بن کر اڑ جاتے ہیں۔ دنیا کے ہر کامیاب مصلح کو اپنے پیغام پر انتہائی وثوق ہوتا ہے، اس کی تمام زندگی محض اپنے پیغام پر عمل پیرائی کا مظہر ہوتی ہے، اور چونکہ اُس کا عقیدہ راسخ ہی کہ اس کے پیغام کے قبول کرنے اور اس پر عمل کرنے سے بنی نوع انسان کی بہبودی اور مفاد میں اضافہ ہوگا، وہ ہر قسم کی سختیاں جھیلنے کے لئے برضا و رغبت آمادہ رہتا ہے۔ اگر یہ استحکام عقیدت نہ ہو تو وہ کیوں اپنی جان کو جوکھوں میں ڈالے، کیوں اپنی زندگی کو اپنے پیغام کی اشاعت و تبلیغ کے لئے وقف کر دے! یہی حال ایسے نصب العین کا ہوتا ہے جو کسی شخص کی ذات تک محدود ہو۔ نپولین اعظم کی زندگی کو حرکت دینے والی قوت اس کی زبردست قوت ارادی تھی۔ اُس کو اپنی قسمت کے ستارے پر اعتقاد کامل تھا، اور صرف اس اعتقاد کے بھروسے اور اپنی نا محدود خواہش قوت اور شہرت کی مدد سے وہ اپنی جان کو بلا خطر خطرات میں ڈالدیتا تھا۔ لیکن ہر ہنگامہ سے مظفر و منصور برآمد ہوتا تھا۔

مختصر یہ کہ مقصد زندگی کی تخصیص اور نظام عمل کی ترتیب افراد اور قوم دونوں کی زندگی کے لئے اس قدر ضروری ہے جتنا تنفس کے لئے ہوا۔ لیکن آج جب ہم اپنی حالت پر اس نقطہ نگاہ سے غور کرتے ہیں تو خیال نا امیدی کی تاریکی میں غرق ہو جاتا ہے۔ کسی قوم کی عام حالت کا

حالات کی ناگوار واقعیت سے منہ موڑ کے ماضی کے عصر زریں کو اپنے پُرحسرت تخیل کی خوراک بنالیں۔ بنی نوع انسانی کی اجتماعی ترقی کے شاندار آئڈیل پر فطرت آج تک بے شمار قوموں کو بھینٹ چڑھا چکی ہی اور اس قربان گاہ پر الیٰ یوم القرار نااہل اقوام کے خون کے فوارے چھٹتے رہیں گے زمانہ بآواز بلند دیر سے جامد اور ساکن قوموں کو تنبیہ کر رہا ہے۔

یا قدم آگے بڑھاؤ ورنہ لو راہ عدم

یہ دریافت کرنا بے سود نہ ہوگا کہ ہم نے زمانہ کے اس چیلنج کو کس حد تک قبول کیا ہی اور کہاں تک اپنی اجتماعی زندگی کو اس سے متابعت و مطابقت دینے کی کوشش کی ہے۔ روشن حقیقتوں کو نہ صرف چھپانا بے سود ہے بلکہ چھپایا نہیں جاسکتا خواہ وہ کسی قدر ناگوار اور تلخ ہوں۔ کیا یہ روشن حقیقت نہیں ہے کہ ہم میں سے بعض کے جمود و بے حسی کا یہ عالم ہے کہ اپنی جگہ پر بدستور قائم ہیں جس کے معنی عملی سیاسیات میں سریع تنزل کے ہیں، اور بعض، اگر قدم اٹھاتے بھی ہیں، تو لڑکھڑاتے ہوئے اور منزل مقصود سے کلیۃً ناآشنا؟

خبرم نیست کہ منزل گہ مقصود کجا ست

ایں قدر ہست کہ بانگ جرسے می آید!

کیا یہ روشن حقیقت نہیں ہے کہ نیند سے چونکی ہوئی، نیم بیدار قوم کبھی ایک سراب کا تعاقب کرتی ہے اور کبھی دوسرے افق گریزاں کا؟ کیا ہماری اجتماعی زندگی کا کوئی واحد اور متفقہ مطمح نظر اور نصب العین ڈھونڈھنے سے بھی مل سکتا ہے؟ پھر اگر قوم کے قوائے حیات میں ضعف، اضمحلال اور انتشار راہ پاگیا ہی تو کونسی تعجب کی بات ہے۔

قیس ہوں پیدا تری محفل میں یہ ممکن نہیں

تنگ ہے صحرا ترا، محمل ہے بے لیلی ترا

لیکن یہاں تنگی صحرا سے زیادہ اس بات کی شکایت ہی کہ ایک شاہراہ عمل سے اس قدر شاخیں اور پگڈنڈیاں پھوٹ نکلی ہیں کہ قوم کے قافلہ نے ٹکڑیوں میں بٹ بٹ کر من مانی راہ اختیار کر لی ہی اور کارروان کی ایک ٹکڑی نے دوسری سے بچھڑ کر ایک مشترک منزل مقصود کا خیال دل سے بھلا دیا ہے، گویا محض ذوق جنون رہروی اُن کو کسی منزل تک پہونچا سکتا ہی!

اگر تاریخ عالم کی اُن سربفلک شخصیتوں کا بہ امعان نظر مطالعہ کیا جائے جنھوں نے کسی شعبۂ حیات میں انقلاب عظیم پیدا کیا ہے اور بقائے دوام کے جریدہ پر اپنا نام انمٹ روشنائی سے

ذرائع ہیں" (مٹنی سن) قوموں کے ترقی و تنزل، مذاہب کے نفوذ اور شکست، اصولوں کی قبولیت و انکار، ان سب پیچیدہ مشاہدات کی تفسیر اسی قانونِ فطرت کے ماتحت ہو سکتی ہے
زمانہ کے چکروں اور زمین کی گردشوں میں انفرادی یا اجتماعی ہستی کا سلسلہ بلا انقطاع قائم رکھنے کے لئے متواتر و مسلسل ترقی کی ضرورت ہے تاکہ فرد یا قوم
کل سے بہتر آج ہو اور آج سے بہتر ہو کل

یہ مسلسل ترقی نہ سبحہ گردانی سے حاصل ہو سکتی ہے نہ حجرۂ ریاضت میں معتکف ہو کر مفلوج کن قناعت کے ساتھ زبانی دعا و التجا کرنے سے۔ اس کے لئے ضرورت ہے کہ قوائے اندرونی کو خارجی اسباب اور حالات کی معیت میں، اپنے معین مقاصد کی تکمیل کے لئے، پوری قابلیت عمل کے ساتھ متحرک کیا جائے۔ اس سلسلہ میں اتنا اور کہہ دینا ضروری ہے کہ ہر چند انسان واقعات زمانہ اور اپنے ماحول کی کیفیتوں سے متاثر ہوتا ہے مگر اس کو ایک معقول حد تک اپنی شاہراہ عمل کو ذاتی میلان اور آزادی رائے کے ساتھ اختیار کرنے کا حق اور قوت حاصل ہے وہ عرصۂ زندگی میں اس درجہ مجبور اور محصور نہیں کہ اپنے اعمال و حرکات کو حسب منشا صورت اور ترتیب نہ دے سکے۔ بدبختی کی صرف دو صورتیں ہو سکتی ہیں اول علم کا نہ ہونا جس کی وجہ سے صحیح راستہ معلوم نہ ہو۔ دوسرے قوت ارادی کا غلط استعمال یعنی وہ انسانی کج فہمی جو جان بوجھ کر ضلالت کو ہدایت پر ترجیح دے اور قوانین قدرت کے خلاف جاہلانہ جنگ کرکے خود اپنی ہلاکت کا باعث ہو۔

یہ خیال کہ ازمنۂ ماضیہ میں بزرگ اسلاف کے کارنامے اُن کے ناخلف اخلاف کے بقا اور ترقی کے ضامن ہو سکتے ہیں۔ ایک ضعیف جذبہ نوازی پر دلالت کرتا ہے۔ فطرت ایسی قدامت پرست اور کمزور دل نہیں واقع ہوئی کہ اپنے ابدی قوانین کو اس لئے معطل یا منسوخ کر دے کہ نامور بزرگوں کے استخواں فروش اور نااہل ننگ جانشین عیش و آرام، سکون و جمود کی زندگی گزار سکیں۔ وہ اپنے انقلاب پسند ہاتھوں سے اس قسم کے توہمات باطلہ کو اسی آسانی سے منہدم کر دیتی ہے۔ جس طرح ایک جاروب کش اپنی خفیف سی حرکت بازو سے مکڑی کے کمزور جالے کو غارت کر دیتا ہے۔ بنی اسرائیل کو فخر تھا نحن ابناء اللہ واحباء (ہم خدا کے بیٹے اور اس کے دوست ہیں) لیکن فطرت کے مقررہ قوانین نے اس بیجا غرور کو توڑ کے اس حقیقت کا انکشاف کر دیا کہ کسی قوم کو خدائے تعالیٰ کی گزشتہ نعمتوں اور عنایتوں پر اس قدر نازاں اور مطمئن نہیں ہونا چاہیئے کہ موجودہ

دعوتِ عمل

یہ گھڑی محشر کی ہے تو عرصہ محشر میں ہے
پیش کر غافل عمل کوئی اگر دفتر میں ہے

(اقبال)

آفرینش انسان سے فطرت کا اقتضائے حقیقی مدارج ارتقار کی تکمیل ہی۔ تمام موجوداتِ عالم کا اس کے زیر تصرف و تسخیر ہونا اس بات پر شاہد ہے کہ زندگی کی غائت الغایات یہی ہے کہ انسان اپنی تمام مضمر باطنی قوتوں کو دائم الجدت آرزوؤں ، نت نئے مقاصد کی شکل میں جلوہ گر کرتا رہی۔ کیونکہ مقاصد کی غیر منقطع تولید کے بغیر منتہائے ارتقار یعنی شانِ اکملیت کا حصول محال ہی۔ اس کے لئے لازمی ہے کہ انسان کی آرزوئیں لا متناہی ہوں اور ہر نیا حصول مقصد اُن کو ایک نئے مقصد سے ہم آغوش دیکھے ، تا اینکہ زندگی ایک پیہم عمل تصرف بن جائے ۔ اس مہتم بالشان مقصد کو فطرت نے ہمیشہ مدنظر رکھا ہے۔ اور وہ اسی درخشاں آفتاب منزل کی جانب ٹکٹکی باندھے ہوئے ایک قادر مطلق ساحر کی مانند ، عالم کون ومکان میں انقلابات بپا کرتی رہی ہے۔ تاریخ انسانی کے پارینہ اوراق کو لوٹتے وقت ، ہم چشم ذہن میں قوموں اور تمدنوں کو ابھرتے ، پھیلتے ، پھولتے اور پھر پردۂ عدم میں چھپ جاتے دیکھتے ہیں۔ ہم دیکھتے ہیں کہ بابلی اپنے تمدّن سے دنیائے معلومہ کے ذرّہ ذرّہ کو جگمگا دیتے ہیں ، فنیقی سطحِ سمندر کو اپنی بحری قوت کا بازی گاہ بنا دیتے ہیں ۔ یونانی دنیا کو علوم وفنون سے مالا مال کر دیتے ہیں ۔ لیکن ان میں سے کسی کا وجود اس قدر قوی اور پائدار نہیں ثابت ہوتا کہ زمانہ کی دست بُرد اور انقلاب کے ریلوں کی روک تھام کر سکے ۔ عروج و زوال ، تغیر و انقلاب کے ان حوادث کو پُر اسرار ، غیر منتظم یا فوق الادراک نہیں کہا جاسکتا۔ ان سب کی تہ میں فطرت کا ایک اٹل قانون کارفرما ہے اور وہ یہ ہے ۔ " نظم قدیم تبدیل ہو رہا ہے تاکہ نظم جدید کے لئے جگہ خالی کرے ، اور خدائے قدیر کے پاس اپنے مقاصد کو تکمیل تک پہونچانے کے بے شمار

کون تعجب کی بات ہے اگر ہم اس امر کا احساس و اظہار کریں کہ رشید صاحب کی جانشینی (باوجود اُن کے اس برمحل ادعا کے کہ ع بہت کانٹے نکل آئے مرے ہمراہ منزل سے) ایک ایسی ازمایش ہی جس سے حسب دل خواہ اور بقدر لذت دل و دماغ عہدہ برآ ہونے کے لئے ہم سے زیادہ دماغی تحصیل اور تجربۂ صحافت کی حاجت ہی؟ ہمیں اطمینان و مسرت ہی کہ ہمیں رشید صاحب کے قیمتی صلاح و مشورہ سے مستفید و مستفیض ہونے کا موقعہ ملتا رہے گا۔ رشید صاحب میگزین کی مستقل قلمی اعانت کا بھی وعدہ فرما چکے ہیں۔

آخر میں ہم اپنی اور ناظرین کی جانب سے صمیم قلب سے رشید صاحب کی گراں بہا خدمات کے عوض تشکر و امتنان کا ہدیہ محضر پیش کرتے ہیں اور متوقع ہیں کہ وہ میگزین کو ایک "ابتدائی شعلہ" سمجھکر نظر انداز نہ فرمائیں گے۔

ادبی رسائل کی سنت دیرینہ کا اقتضا یہ ہی کہ ہم کچھ اپنے دستور العمل اور نصب العین کے متعلق بھی عرض کریں۔ ہمارا خیال ہے کہ میگزین کا نصب العین رشید صاحب نے اس قدر کافی طور پر بلند کر دیا ہے کہ اُن کے معیار کا قیام ہی ہمارا نصب العین ہوگا۔ کیا ہم عرض کریں کہ ہمارے مطمح نظر کا معراج اس سے بلند تر ہے؟ لیکن کیا کریں ہم سے پہلے ہم سے زیادہ بلند ارادہ بزرگوں کے

عزم اتنے ہوئے ہیں فسخ، کہ اب
دل ارادے سے کانپ جاتا ہے!

ہمارے پیش رووں کے تلخ تجربات نے ہمیں ایک ایسے فلسفہ ناکامی کا معتقد بنا دیا ہی جس میں آتشیں شعلوں سے زیادہ (رشید صاحب معاف فرمائیں) دبی ہوئی چنگاریوں کی اہمیت ہی، چنگاری ممکنات فروغ سے لبریز ہے' اور شعلہ اُن ممکنات کی نتریہ شکست! ہم نہیں چاہتے کہ ہمارے عزم و توقعات خاک شدہ ارمانوں کے زمرہ میں محسوب ہو کر موجب حرماں ہوں۔

دستور العمل کے سلسلہ میں جو دشواریاں وقتاً فوقتاً رشید صاحب کو پیش آتی رہیں اُن سے ہمارے ناظرین اچھی طرح واقف ہیں۔ ہمیں خدشہ ہے کہ ہم بھی اُن سے مامون نہ رہ سکیں گے۔ ہم فی الحال اس بارے میں نہ کوئی معین نظام عمل پیش کر سکتے ہیں اور نہ کوئی جامد اصول۔ ہمارے دستور العمل کا اصول عامہ آپ عُرفی کے اس شعر میں منضبط پائیں گے۔

نوا را تلخ تر می زن چو ذوق نغمہ کم یابی　　　حُدی را تیز تر می خواں چو محمل را گراں بینی

اس سے زیادہ کچھ عرض کرنا ابھی قبل از وقت ہوگا۔

خواجہ منظور حسین

یہ باہمی پیوستگی تکمیل محبت کا آخری عروج ارتقا ہی۔ ارباب نظر شاہد ہیں کہ رشید صاحب نے اپنا ادبی وجود اس تکمیل وخوش اسلوبی کے ساتھ میگزین کے وجود میں ضم کیا تھا۔ اپنا پیارا تشخص اس دل خوش کن انداز سے اس میں پھونکا تھا کہ میگزین اُن کی صحتِ ذوق وسلامت مذاق کا انعکاسی مرقعہ ہو کر رہ گیا تھا یہاں تک کہ اُن کی ذات کے بغیر میگزین کا تخیل ادھورا اور نامانوس نظر آتا ہے۔

ہم چاہتے ہیں کہ ہماری ان سطور کو محض اوپری اظہارِ رسمیت پر محمول نہ کیا جائے۔ ہمیں رشید صاحب کی میگزین سے جدائی نہایت شاق ہے۔ ہمیں بے حد قلق ہے کہ میگزین اُن کی وسعت حسن نظر سے بہرہ ور نہ ہو سکے گا۔ پرانی خوش گوار یادوں کو تازہ کرنے سے اُن کی تلخی کی یاد بھی اُبھر آتی ہے ورنہ ہم ناظرین کو یاد دلاتے کہ رشید صاحب نے کس طرح عام ادبی جمود و بے رُخی کے عالم میں محض اپنے شغف و وارفتگی کی بنا پر تن تنہا میگزین کو اپنے خونِ دماغ سے سیراب کیا ہی۔ بے یار ومعین کالج کی زندگی کے پرآشوب طوفانی زمانہ میں کس جگر سوزی سے اُسے سنبھالا ہی۔ ناظرین ناواقف نہیں کہ رشید صاحب کو میگزین کی آبیاری میں خون جگر بھی پینا پڑا ہے۔ خودداری وغیرت اور رائے فروشی کے درمیان اُنھیں اظہار پسندیدگی دیا گیا۔ اُنھیں کا دل ودماغ تھا کہ بہزار حسن تدبیر اُنھوں نے خودداری کا رشتہ بھی ہاتھ سے نہ جانے دیا، آزادی رائے کا حق بھی محفوظ رکھا اور میگزین کی خدمت بھی اُسی یکدل جانفشانی سے انجام دیتے رہے۔ ہمیں یقین ہے کہ حق پرستی اور صاف گوئی کے بارے میں جہاں تک میگزین کا تعلق ہے۔ رشید صاحب اپنے جانشینوں کے لئے ایک قابلِ تقلید سرمایۂ روایات چھوڑے جاتے ہیں اب دیکھنا یہ ہے کہ اُن کے بعد

کون ہوتا ہے حریفِ مئے مرد افگنِ عشق؟

ہم ضروری نہیں سمجھتے کہ اُس کاوش وجستجو، لطفِ نظر اور حسن انتخاب کا تذکرہ کریں جو رشید صاحب میگزین کی ترتیب اور تہذیب میں دخل فرماتے تھے۔ یہ اُن کی مساعی جمیل ہی کا ثمر ہے کہ میگزین نے اپنے معاصرین میں ایک خاص درجہ حاصل کر لیا ہے۔ رشید صاحب کا مخصوص اسلوب وطرزِ تحریر پاکیزہ اور چبھتا ہوا ذوق ضحک بقول ایک اہل الرائے ادیب "نثرِ اردو کے ارتقا میں ایک نئے عنصر کا حکم رکھتا ہے" مضحک نگاری۔ سنجیدہ فلسفہ طرازی اور نفسیاتی وقائق کی ہم آہنگ آمیزش وہ مختص خصوصیت ہے جو رشید صاحب کو دورِ حاضر کے انشاپردازوں میں ایک امتیازی حیثیت کا مالک بناتی ہے۔ ہم میں سے کون نہیں محسوس کرتا کہ اُن کے مضامین ایک ایسے کیف و تاثر سے بھرے ہوتے ہیں جس کی یاد دیر تک حافظہ میں محفوظ رہتی ہے۔؟

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

علی گڑھ میگزین

نمبر ۶ تا ۹ / جلد ۱	بابت جولائی تا اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء	قیمت سالانہ معہ محصول ڈاک صہ / قیمت فی رسالہ مرادی ۸ سہ

ماضی و مستقبل

غنیؔ روز سیاہِ پیرِ کنعاں را تماشا کن
که نور دیدہ اش روشن کند چشم زلیخا را

نیازؔ صاحب نے اپنے رسالہ "نگار" میں میگزین کے متعلق اظہار رائے کرتے وقت اندیشہ ظاہر کیا تھا کہ زمرہِ اسٹاف میں داخل ہوجانے پر جناب رشید احمد صاحب صدیقی ایم اے میگزین سے اپنا پہلا سا قریبی رشتہ قائم نہ رکھ سکینگے، آخر نیازؔ صاحب کی پیشین گوئی پوری ہو کر رہی۔ یونیورسٹی کی مجلس علمی کے فیصلہ پر کہ میگزین طلبار کا ہے اور طلبار ہی کے ہاتھوں میں رہنا چاہیئے۔ رشید صاحب کم و بیش چار سال کی مدت ادارت کے بعد میگزین کی اڈیٹری سے دستکش ہو گئے۔

مغنیٔ حسن و عشق نظیریؔ نیشاپوری ایک جگہ یوں نغمہ ریز ہے

نہ چناں گرفتہ جاں بمیان جان شیریں — کہ تواں ترا و جاں را زہم امتیاز کردن

نرخنامہ اشتہارات

مقدار جگہ	ایک بار	تین ماہ	چھ ماہ	نو ماہ
ایک صفحہ	معہ ر	صعہ	صعہ	سے
نصف صفحہ	صہ ر	لعہ ر	صعہ	عـہ
چوتھائی صفحہ	عہ ۱۲ر	صہ ر	سلے ر	عـعہ

(نوٹ) تقسیم کرئی ضمیمہ ایک روپیہ سیکڑہ

۲ - پیشگی اُجرت وصول ہوئے بغیر کوئی اشتہار شائع نہیں کیا جائے گا۔

۳ - معینہ مدّت کے اندر بند کرانے پر بقیہ اُجرت واپس نہ کی جائے گی۔

۴ - اشتہار دہندگان کو مدّت معینہ کے اندر اشتہار تبدیل کرنے کا حق حاصل ہے۔

۵ - مختصر اشتہارات بشرح ۶ ر فی سطر درج کئے جائیں گے۔

۶ - اشتہارات کی عبارت ایسی ہو جو مذاق سلیم پر بار نہ ہو۔

منیجر

جلد (۱) نمبر ۶ تا ۹	بابت ماہ جولائی تا اکتوبر ۱۹۲۲ء	قیمت سالانہ پانچ روپیہ مع محصول ڈاک / قیمت فی رسالہ للعہ/ ادنیٰ ۸ر

فہرست مضامین حصّہ اُردو